جزء القراءة
جزء رفع اليدين

مترجم

للامام ابی عبداللہ محمد بن اسماعیل البخاری علیہ الرحمۃ

ترجمہ وتشریح

مناظرِ اسلام ترجمانِ اہلسنت وکیلِ احناف

حضرت مولانا محمد امین صفدر اوکاڑوی رح

عنوانات وترتیب وتصحیح

مولانا نعیم احمد

مدرس: جامعہ خیر المدارس ملتان شہر

مکتبہ امدادیہ

ملتان۔ پاکستان۔ فون: ۵۴۴۹۶۵

جزء القراءۃ مترجم
و
جزء رفع الیدین مترجم

للامام ابی عبداللہ محمد بن اسماعیل البخاری رحمہ اللہ

ترجمہ و تشریح

از مناظر اسلام ترجمان اہل السنت والجماعت
مولانا محمد امین صفدر اکاڑوی رحمہ اللہ

عنوانات و ترتیب و تصحیح

مولانا نعیم احمد استاذ جامعہ خیر المدارس ملتان

ناشر
مکتبہ امدادیہ، ملتان۔ پاکستان

تفصیلی فہرست جزء القراءۃ

حالات امام بخاریؒ ۱۱

مقدمہ ۱۷

خیر الکلام فی القرأۃ خلف الامام ۲۱

حدیث علیؓ ۲۱

احادیث عبادہ بن صامتؓ ۲۲

احادیث ابو ہریرہؓ ۲۸

حدیث خداج (عن عائشہ) ۳۲

حدیث خداج (عن ابی ہریرہ) ۳۳

حدیث ابو سعیدؓ (فاتحۃ الکتاب وما تیسر) ۳۶

حدیث ابو ہریرہؓ (فی کل صلوٰۃ یقرأ) ۳۶

حدیث خداج (عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ) ۳۷

حدیث ابو ہریرہؓ (فی کل صلوٰۃ قراءۃ) ۳۷

احادیث ابو درداءؓ (أفی کل صلوٰۃ قراءۃ؟) ۳۷

باب وجوب القراءۃ للامام والمأموم وادنی ما یجزی من القراءۃ ۴۰

مدرک رکوع ۴۵

قیاس ہی قیاس ۵۰

کچھ اور بے سند اقوال ۵۱

فوائد ۵۵

حضرت عبداللہ بن عمرؓ ۶۴

حضرت عمرؓ ۶۵
احادیث ابی بن کعبؓ ۶۶
حدیث عمران بن حصینؓ (لاتزکوا صلوٰۃ مسلم) ۷۰
حدیث خداج (عن عائشہ) ۷۱
احادیث خداج (عن ابی ہریرہؓ) ۷۸
قول ابو ہریرہؓ ۸۶
حدیث عبادہؓ (لاصلوٰۃ ..... الخ) ۸۷
حدیث عمران بن حصینؓ (ایکم قرأ ..... الخ) ۸۷
حدیث ابو ہریرہؓ (فاتحۃ الکتاب فمازاد) ۸۸
حدیث خداج (عن ابی ہریرہؓ) ۸۹
کیا امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ سے زیادہ پڑھنا چاہئے؟ ۹۱
حدیث منازعت ۹۷
مولانا عبدالحیٔ لکھنویؒ ۱۰۵
حدیث مسیٔ الصلوٰۃ ۱۰۷
فاتحہ قرأت ہے ۱۱۶
عبدالرحمٰن بن اسحاق ۱۲۴
محمد بن اسحاق ۱۲۶
جرح میں تشدد ۱۲۷
فاتحہ قرآن ہے ۱۳۰
حدیث عبادہؓ ۱۳۰
الزامی جوابات ۱۳۶
حقیقت حال ۱۳۷

ایک اور قیاس (نماز جمعہ کے خطبہ میں دو نفل) ۱۳۸
دور صدیقی ۱۴۲
دور فاروقی و عثمانی ۱۴۲
دور مرتضوی ۱۴۲
ابن عباسؓ ۱۴۳
ایک اور قیاس ۱۴۳
ایک اور تفرد ۱۴۴
لطیفہ ۱۵۰
لقمہ پر قیاس ۱۵۱
مدرک رکوع کی بحث ۱۵۲
رکعت پالی، نماز پالی ۱۵۸
رکعت کب تک ملے گی؟ ۱۵۹
جرح اول ۱۵۹
جرح دوم ۱۵۹
مخالفت یا زیادت ۱۶۰
اصول ۱۶۳
معنی خداج ۱۶۶
نماز وتر ۱۶۸
آمین کا بیان ۱۷۰
لطیفہ ۱۷۰
قرأت ہر رکعت میں ۱۷۳
ضروری تنبیہ ۱۷۳

نماز تسبیح ۱۷۵
پہلی رکعت کو لمبا کرنا ۱۷۸
جماعت فجر ۱۷۹
امام کے پیچھے اونچی آواز سے قرأت نہیں کرنی چاہئے ۱۸۱
حضرت عبداللہ بن مسعودؓ ۱۸۱
حدیث انسؓ ۱۸۲
حدیث ابو قلابہؓ ۱۸۳
حدیث عبادہ بن صامتؓ ۱۸۴
حدیث عمران بن حصینؓ ۱۸۶
حدیث خداج ۱۸۷
جس نے جہری نماز میں امام کی قرأت کے ساتھ منازعت کی اسے بھی نماز
لوٹانے کا حکم نہیں دیا ۱۸۸
حدیث منازعت ۱۸۸
حدیث انصات (ابو موسیٰؓ) ۱۸۹
اعتراضات ۱۹۰
حدیث انصات (ابو ہریرہؓ) ۱۹۳
ایک اعجوبہ ۱۹۶
جو شخص امام کے سکتات کے وقت قرأت کرے جب امام تکبیر تحریمہ کے بعد
سکتہ کرے اور جب رکوع سے پہلے سکتہ کرے ۱۹۷
ظہر کی چار رکعت میں قرأت کرنی چاہئے ۲۰۳
راویان احادیث ۲۱۰

تفصیلی فہرست جزء رفع الیدین

آغاز رسالہ ۲۳۶
آغاز احادیث ۲۴۰
ایک اور کمال ۲۴۵
تحریف کا کمال ۲۴۵
امام ترمذی کا کمال ۲۴۵
رکعتین یا سجدتین ۲۴۵
لفظ بدل ڈالا ۲۴۶
رکعتین اور سجدتین ۲۴۶
جرح مفسر ۲۴۶
تعامل اہل مدینہ ۲۴۷
عمل علی المرتضیٰ ۲۴۷
اصحاب علیؓ ۲۴۷
امام طحاویؒ کا جواب ۲۴۸
اجماع اہل کوفہ ۲۴۸
دور صحابہؓ ۲۴۸
دور تابعینؒ ۲۴۹
دور تبع تابعینؒ ۲۴۹
حدیث علیؓ ۲۴۹
صحابہ کرام اور رفع یدین ۲۵۲

طریق سفیان بن عیینہ مکی ۲۵۵
حدیث ابن عمرؓ = طریق سفیان ۲۵۵
تعامل اھل مکہ مکرمہ ۲۵۶
اذا قام من الرکعتین کے بارے میں ضروری وضاحت ۲۵۷
حدیث ابو حمیدؓ ۲۵۷
ایک غلط فہمی ۲۶۶
بحث حدیث علیؓ ۲۶۸
فرمان امام مالکؒ ۲۷۱
کنکر مارنا ۲۷۲
عمر بن عبد العزیزؒ ۲۷۶
چار صحابہؓ ۲۷۷
حضرت ابو ہریرہؓ ۲۷۸
حضرت انسؓ ۲۷۹
حضرت ابن عباسؓ ۲۷۹
حضرت وائلؓ ۲۸۰
حضرت ام درداءؓ ۲۸۱
محارب بن دثارؒ ۲۸۳
بے سند مردم شماری ۲۸۴
عاصم بن کلیبؒ ۲۸۵
حضرت طاؤس ۲۸۶
حضرت ابن عمرؓ ۲۸۷
تحریف ۲۸۸

صحابہ کرامؓ اور رفع یدین ۲۸۹
حدیث عبد اللہ بن مسعودؓ ۲۹۱
حدیث براء بن عازبؓ ۲۹۴
حدیث جابر بن سمرہؓ ۲۹۹
اسماء صحابہ کرامؓ ۳۰۲
زینت ۳۰۳
عجیب بے سند مردم شماری ۳۰۴
حسن اور ابن سیرین ۳۰۵
اصول ۳۱۲
مالک بن حویرثؓ ۳۱۷
اعتراف حق ۳۳۱

http://mujahid.xtgem.com

☆☆☆☆☆☆☆☆

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

حضرت امام بخاری رحمہ اللہ

آپ کا اسم گرامی محمد اور آپ کے والد گرامی کا نام اسماعیل بن ابراہیم تھا' آپ کی کنیت ابو عبداللہ اور ریحان جعفی کی طرف نسبت ولاء کی وجہ سے جعفی کہلاتے تھے۔آپ شوال ۱۹۴ھ میں پیدا ہوئے آپ کے والد اسماعیل حضرت عبداللہ بن مبارکؒ کے اصحاب میں سے تھے۔اور امام عبداللہ بن مبارکؒ حضرت امام اعظم کے خواص اصحاب میں سے تھے آپکے والد اسماعیل امام ابو حفص کبیر بخاری کے گہرے دوست تھے۔ چنانچہ باپ کی وفات کے بعد امام بخاری امام ابو حفص کبیر کی سرپرستی میں ہی پرورش پاتے رہے۔ یہ امام ابو حفص کبیر امام محمد رحمہ اللہ کے خصوصی شاگرد تھے۔

سماع حدیث :۔

امام بخاری رحمہ اللہ نے گیارہ سال کی عمر میں حدیث کا سماع شروع فرمایا' آپ کے پہلے استاذ حدیث امام ابو حفص کبیر رحمہ اللہ ہی تھے۔(تاریخ بغداد ج ۲/ص ۱۱) پھر جب امام بخاری رحمہ اللہ حج اور طلب علم کے سفر پر روانہ ہوئے تو شفیق استاد اور سرپرست امام ابو حفص رحمہ اللہ نے انہیں دس ہزار درہم کا سامان دیا۔(تاریخ غجار) ان اسفار میں امام بخاری رحمہ اللہ کی مجلس امام حمیدی' نعیم بن حماد خزاعی اور اسماعیل بن عرعرہ وغیرہ کے ساتھ رہی' یہ لوگ فتنۂ خلق قرآن سے بہت متاثر تھے۔فتنۂ خلق قرآن میں جن قاضیوں نے محدثین کو سزائیں دیں وہ اگرچہ عقیدۃً معتزلی تھے لیکن معتزلہ کے پاس کوئی مرتب قانون نہیں تھا اس لیے وہ فقہ حنفی پر فیصلے کرتے تھے' اسی لئے ان محدثین کے دلوں میں حنفیت کے خلاف بھی تعصب

http://mujahid.xtgem.com

پیدا ہو گیا اور دلیل اس تأثر کی یہ ہے کہ امام بخاری رحمہ اللہ نے بعض اصحاب امام اور بہت سے اصحاب صاحبین سے ملاقات فرمائی لیکن جب تاریخ میں ائمہ احناف کا ذکر فرمایا تو ان سے کوئی روایت نہیں لی' انہی متعصبین کی روایات بیان کی ہیں۔

پہلا خروج :۔

امام بخاری رحمہ اللہ جب علمی سفر سے واپس آئے تو اپنا حلقہ درس قائم فرمایا۔ آپ درس حدیث بھی دیتے تھے اور فتویٰ بھی دینے لگے۔ امام بخاریؒ کے سرپرست اور استاد امام ابو حفص کبیرؒ نے پیغام بھیجا کہ آپ صرف درس حدیث دیا کریں اور فتویٰ نہ دیا کریں۔ شاید امام بخاری رحمہ اللہ کو امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ کا یہ قول پہنچا ہو کہ جو پانچ لاکھ حدیث کا حافظ ہو وہ فتویٰ دے سکتا ہے۔ امام بخاریؒ نے فتویٰ نویسی ترک نہ فرمائی حالانکہ حقیقت وہی تھی جو استاد نے بتائی کیونکہ امام شیرازی رحمہ اللہ نے بھی طبقات الفقہاء میں امام بخاری رحمہ اللہ کا بالکل ذکر نہیں فرمایا' خود امام بخاری کے چہیتے شاگرد امام ترمذیؒ کی عادت ہے کہ وہ حدیث ذکر کر کے فقہاء کے مذاہب نقل کرتے ہیں لیکن کسی جگہ امام بخاریؒ کا فقہی مسلک نقل نہیں کرتے اور صحیح بخاری کے مطالعہ سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے چنانچہ کتنی احادیث ہیں جن پر آپ ترجمۃ الباب قائم نہیں کر سکے اور کتنے ترجمۃ الباب ہیں جن کے نیچے ان کے موافق حدیث نہیں لا سکے اور اکثر تراجم میں احکام فرائض' واجبات' سنن' مستحبات' مباحات' مکروہات اور حرام کا استنباط نہیں کر سکے۔ اس میں شک نہیں کہ آپ کی پوری کتاب پڑھ کر کوئی شخص ایک رکعت نماز کے بھی پورے مسائل سے واقفیت حاصل نہیں کر سکتا' چنانچہ آپ نے فتویٰ دیا کہ دو بچے ایک بکری کا دودھ پی لیں تو ان کا آپس میں نکاح حرام ہے (المبسوط للسرخسی ج ۳۰/ص ۲۹۷) اس واقعہ کو البحر الرائق' فتح الکبیر اور الکشف الکبیر میں بھی نقل کیا گیا ہے۔ امام محی الدین عبد القادر القرشی نے بھی الجواہر المضیئہ میں نقل کیا ہے اور

http://mujahid.xtgem.com

اس قصہ کو قاضی حسین بن محمد بن الحسن الدیار البکری المالکی نے بھی تاریخ خمیس ج ۲/ص ۲۸۳ پر ذکر کیا ہے اور ابن حجر مکی الشافعی نے بھی الخیرات الحسان ص ۱۷ پر اس واقعہ کی طرف اشارہ فرمایا ہے چنانچہ فتویٰ کی وجہ سے امام بخاریؒ کو بخارا سے نکال دیا گیا۔ (مبسوط، بحر) مولانا عبدالحیٔ لکھنویؒ کا اس واقعہ سے انکار کرنا محض بے دلیل ہے حالانکہ محدثین سے یہ بعید نہیں کہ امام بخاری کے استاد امام یحییٰ بن معین اور ان کے ساتھ کتنے محدثین تھے جو غاسلہ کو فقہی مسئلہ نہ بتا سکے (تاریخ بغداد ج ۱۶/ص ۶۶) شیخ بخاری امام عبدالرحمٰن بن مہدی کو یہ مسئلہ معلوم نہ تھا کہ سنگی لگوانے سے وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں؟ چنانچہ جب بصرہ میں ان پر انکار ہوا تو آپ نے امام شافعیؒ کو خط لکھ کر یہ مسئلہ پوچھا۔ (ابن الجوزی ص ۷۲)

دوسرا خروج :۔

امام بخاریؒ پھر بخارا تشریف لائے تو یہاں ایمان کے مخلوق اور غیر مخلوق ہونے کی بحث چھڑ گئی، اس پر امام ابو بکر بن حامد، امام ابو حفص الزاہد اور امام ابو بکر اسماعیل نے فتویٰ دیا کہ ایمان غیر مخلوق ہے جو اسے مخلوق کہے وہ کافر ہے، امام بخاریؒ اور ان کے بعض ساتھیوں نے فتویٰ دیا کہ ایمان مخلوق ہے اس پر انہیں دوبارہ تادیباً بخارا سے نکال دیا گیا۔ یہ دونوں خروج امام ابو حفص کبیرؒ کی زندگی میں ہوئے اس وقت امام بخاری کی عمر ۲۳ سال کی تھی۔ امام ابو حفص کبیرؒ کا شمار ان جلیل القدر محدثین میں تھا جن پر علم فقہ اور علم حدیث میں علو اسناد کا مدار تھا، یہ بات علامہ ذہبی نے کتاب الامصار و ذوات الآثار میں تحریر فرمائی ہے اور امام سخاویؒ نے الاعلان بالتوبیخ لمن ذم التاریخ صفحہ ۳۲ پر بھی لکھی ہے۔

تیسرا خروج :۔

پھر امام بخاری بخارا تشریف لائے تو مسئلہ چھڑ گیا کہ قرآن مخلوق ہے یا غیر

http://mujahid.xtgem.com

مخلوق ؟ تو امام بخاری کے استاذ حدیث علامہ یحییٰ ذھلی نے اعلان کروادیا کہ جو امام بخاریؒ کے پاس جائے وہ ہمارے پاس نہ آئے اور امام ذھلی نے امیر بخارا کو لکھا کہ بخاریؒ کو شہر بدر کیا جائے ' چنانچہ امام بخاریؒ کو شہر سے نکال دیا گیا۔ (سیر اعلام النبلاء) اسی مسئلہ کی وجہ سے آپ کے اساتذہ امام ذھلی ، امام ابو زرعہ ' ابو حاتم اور آپ کے ہم عصر ابن ابی حاتم نے امام بخاری کو متروک الحدیث قرار دے دیا۔ (کتاب الجرح والتعدیل ج ۷ / ص ۱۹۱) امام مسلم ' امام ابو داؤد اور امام ابن ماجہ اپنی سنن میں ایک بھی حدیث امام بخاریؒ کی سند سے نہیں لائے امام ابو حاتمؒ نے امام بخاریؒ کی تاریخ کی غلطیاں نکالیں اور پوری کتاب (خطاء البخاری فی تاریخه) لکھ دی۔

چوتھا خروج :۔

پھر جب امام بخاریؒ بخارا تشریف لائے تو امیر بخارا جو خود بھی محدث تھا ' جس کا نام خالد بن احمد بن خالد تھا ' تاریخ خطیب میں اس کا مبسوط ترجمہ ہے ' اس نے امام بخاریؒ کو بخارا سے نکال دیا ' پھر امام بخاری واپس بخارا نہیں آئے بلکہ اللہ تعالیٰ سے دعائیں مانگیں کہ اے اللہ مجھے موت دے دے ' چنانچہ آپ کا موضع خرتنگ میں وصال ہو گیا ' آپ کا وصال ۲۵۶ھ میں ہوا ' آپ کی قبر مبارک سے کئی دن تک خوشبو آتی رہی جیسا کہ سلطان العارفین شیخ التفسیر امام الاولیاء حضرت اقدس مولانا احمد علی صاحب لاہوری قدس سرہ کے مزار مبارک سے بھی آتی رہی۔

دونوں رسالے :۔

آپ کی کتاب صحیح بخاری تو ہزاروں لوگوں نے آپ سے پڑھی اور امت میں متواتر پھیل گئی مگر رسالہ جزء القراءۃ جس کا دوسرا نام خیر الکلام ہے اس کا ایک ہی راوی ہے جس کا نام محمود بن اسحاق الخزاعی ہے ' اس کی توثیق بطریق محدثین آج تک ثابت نہیں ہو سکی ' پیر بدیع الدین شاہ راشدی المعروف پیر جھنڈا اور ان کے بڑے بھائی پیر محب اللہ شاہ راشدی بھی اس کی توثیق ثابت نہ کر سکے پھر فیصل آباد

http://mujahid.xtgem.com

عدالت میں جب ان سے اس راوی کی توثیق پوچھی گئی تو ان کے تقریباً ۱۲ علماء جو وہاں موجود تھے جن میں مولوی اشرف سلیم اور مولوی صدیق سرگودھوی بھی تھے وہ بھی ثابت نہ کر سکے ' دنیا پور کے مناظرے میں طالب زیدی نے اس راوی کی توثیق پر مناظرے کی فتح وشکست کا مدار رکھا مگر وہ اس کو ثابت نہ کر سکا اور ذلت آمیز شکست کے ساتھ وہاں سے بھاگا زبیر علی زئی سب کے پاس پھرا مگر اس کی توثیق نہ مل سکی 'آخر بے چارا اس بات پر گرا کہ اس سے دو ثقہ راوی روایت کرتے ہیں اس لیے وہ مجہول العین نہیں ' نہ ان روایتوں کا پتہ دیا کہ وہ کون سی ہیں اور نہ ہی اس کی وجہ بتائی کہ میں نے جمہور محدثین کا مسلک چھوڑ کر ایک مقلد شافعی دار قطنی کی تقلید شخصی کیوں کی ہے

آنچہ شیراں را کند روباہ مزاج　　احتیاج است احتیاج است احتیاج

اس کے باوجود خالد گرجاکھی کا یہ لکھ دینا کہ محمود بن اسحاق مشہور و معروف ائمہ حدیث میں سے ہے کتنی بڑی غلط بیانی ہے۔

نوٹ..... امام بخاری کے رسالہ جزء رفع یدین کا بھی یہی راوی محمود بن اسحاق الخزاعی ہے۔

لطیفہ..... پروفیسر عبداللہ بہاولپوری نے ایک گریجویٹ کو اپنا رسالہ "اصلی اہل سنت" دیا جس میں حدیث کی کتابوں کے طبقات لکھے ہیں 'اس نے وہ رسالہ پڑھ کر پروفیسر صاحب سے کہا کہ مجھے کوئی حدیث کی مترجم کتاب مطالعہ کیلئے دیں۔ پروفیسر صاحب نے جزء القراءۃ اور جزء رفع یدین مترجم اس کو دیئے ' وہ دوسرے دن پروفیسر کے پاس آیا 'اس نے کہا کہ آپ نے حدیث کی کتابوں کے جو طبقات لکھے ہیں ان میں تو کسی آخری اور گھٹیا سے گھٹیا طبقے میں بھی ان رسالوں کا نام نہیں تو ان کے پڑھنے سے کیا فائدہ ہوگا ؟ پروفیسر بے چارا کوئی جواب نہ دے سکا 'اس نے پھر پوچھا کہ ان رسالوں کا معیار صحت بخاری شریف کے برابر ہے تو کسی مستند محدث کا حوالہ

http://mujahid.xtgem.com

دیں' وہ اس سے بھی عاجز آگیا۔ پھر اس نے پوچھا کہ رسالہ جزء القراءۃ میں سے بخاری نے کتنی حدیثیں صحیح بخاری میں لکھی ہیں؟ اس نے کہا کہ ایک لا صلاۃ والی اور دوسری ابو بکرہ والی جس میں مدرک رکوع کا ذکر ہے، اس نے کہا کہ ابو بکرہ کی حدیث سے واضح ہو گیا کہ جس مقتدی نے نہ فاتحہ پڑھی' نہ امام کی سنی اور رکوع میں مل گیا تو رکعت ہو گئی خواہ نماز جہری ہو خواہ سری اور اسی پر ائمہ اربعہ کا اجماع ہے۔ پروفیسر نے کہا' بخاری نے اس رسالہ میں ثابت کیا ہے کہ ابو بکرہ کی حدیث بخاری میں نامکمل ہے' یہاں زائد عبارت ثابت کی ہے اس نے کہا کہ اب تک تو آپ ہمیں یہی بتاتے رہے کہ جو صحیح بخاری کی کسی حدیث پر انگلی اٹھائے وہ بد عتی اور بے دین ہے' اب آپ بتا رہے ہیں کہ امام بخاریؒ خود ہی صحیح بخاری کی حدیثوں کی پرواہ نہیں کرتے بلکہ بعض اوقات ائمہ اربعہؒ کی مخالفت پر ڈٹ جاتے ہیں پھر اس نے پوچھا کہ جزء رفع یدین میں سے کتنی حدیثیں بخاری نے صحیح میں لی ہیں؟ کہنے لگا دو تین۔ اس نے کہا اس کا مطلب یہ ہوا کہ باقی اس معیار صحت پر نہ تھیں لیکن یہاں بھی بخاری نے صحیح بخاری کی خود ہی مخالفت کی' بخاری میں ہے کہ آپ ﷺ سجدوں میں رفع یدین نہیں کرتے تھے۔ اور اس رسالہ میں اپنے شیخ عبد الرحمٰن بن مہدی سے لکھ دیا کہ سجدوں کے وقت رفع یدین سنت ہے' گویا صحیح بخاری میں درج حدیث خلاف سنت نماز کی ہے۔ پروفیسر صاحب کا یہ حال تھا کہ زمین جنبد نہ جنبد گل محمد۔

الغرض ان دونوں رسالوں میں صحیح بخاری کے خلاف مسائل ہیں' پہلے یہ فیصلہ کرو کہ دونوں میں سے کس کو چھوڑو گے؟

http://mujahid.xtgem.com

مقدمہ

یہ رسالہ جزء القراءۃ امام بخاری کی طرف منسوب ہے' اس میں مؤلف نے مسئلہ قراءۃ خلف الامام پر قلم اٹھایا ہے مؤلف نے اپنا دعویٰ بھی صاف الفاظ میں بیان نہیں فرمایا۔ ائمہ اربعہ کا اس پر اتفاق ہے کہ جو مقتدی جماعت کے رکوع میں مل جائے اس نے نہ امام کی فاتحہ سنی نہ اپنی پڑھی اس کی وہ رکعت پوری شمار ہوتی ہے نماز سری ہو یا جہری سب کا ایک ہی حکم ہے۔ مؤلف نے اس رسالہ میں چاروں ائمہ کی مخالفت کی ہے' چنانچہ امام بخاریؒ کے استاد امام احمدؒ فرماتے ہیں کہ "اس میں کوئی اختلاف نہیں سنا گیا کہ رکوع میں ملنے والے کی رکعت ہو جاتی ہے اگرچہ اس نے خود قرأت نہ کی ہو۔" (مسائل احمد ص ۷۸) نیز امام بخاریؒ امام شافعیؒ کے مقلد ہیں جیسا کہ طبقات الشافعیہ اور الخطہ سے ثابت ہے اور امام شافعیؒ کا قول قدیم اور قول جدید اس مسئلہ میں مختلف ہے۔ مؤلف نے یہ ظاہر تک نہیں فرمایا کہ وہ قول قدیم کی حمایت میں لکھ رہے ہیں یا قول جدید کی حمایت میں' پھر خود اس بات میں بھی شوافع کا اختلاف ہے کہ دونوں اقوال میں سے قول قدیم کون سا ہے اور قول جدید کون سا؟ مؤلف نے بھی کوئی فیصلہ نہیں کیا؟

نمازیوں کی اقسام :۔

نمازیوں کی تین ہی قسمیں ہیں :

(۱).....یا تو اکیلا نماز پڑھے گا' قرآن پاک سورۂ مزمل میں اللہ تعالےٰ کا حکم ہے کہ فاقرءوا ما تیسر من القرآن پڑھو جتنا آسانی سے پڑھ سکو قرآن سے۔ رسول اقدس ﷺ نے جب اکیلے نمازی کو نماز کا طریقہ سکھایا تو یہی حکم دیا جو اس آیت میں ہے :ثم اقرأ بما تیسر معك من القرآن اور امت کا متواتر عمل ہے کہ منفرد فاتحہ اور اس کے

http://mujahid.xtgem.com

بعد بھی کچھ قرآن پڑھتا ہے یہی اس کی قرأت ہے۔

(۲).....یا امام ہوگا اس کیلئے بھی قرآن پاک میں مستقل آیت نازل ہوئی : **لاتجهر بصلاتك ولا تخافت بها وابتغ بين ذلك سبيلا** ۔(بخاری ج ۲/ص ۶۸۶)

رسول اقدس ﷺ مکہ مکرمہ میں جب جماعت کراتے تو قرآن پاک اتنی بلند آواز سے تلاوت فرماتے کہ کافر سن کر گالیاں بکنا شروع کر دیتے تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا : نہ تو اتنا بلند آواز سے پڑھو کہ کافر سن کر گالیاں بکیں اور نہ ہی اتنا آہستہ پڑھو کہ آپ کے مقتدی صحابہ بھی آپ کی قرأت نہ سن سکیں بلکہ درمیانہ انداز رکھیں اور امت کا متواتر عمل اسی پر ہے کہ امام فاتحہ سے قرأت شروع کرتا ہے اور پہلی دو رکعتوں میں فاتحہ کے بعد کچھ اور قرآن بھی پڑھتا ہے یہی امام کی قرأت ہے۔

(۳)..... یا مقتدی ہوگا ' اس کو امام کی قرأت کے وقت انصات کا حکم ہے ' جن رکعتوں میں امام کی قرأت فاتحہ اور سورۃ دونوں ہیں دونوں میں انصات کرے گا اور جن رکعتوں میں امام صرف فاتحہ پڑھے گا مقتدی اس میں انصات کرے گا۔ امام بخاریؒ نے اپنے اس رسالہ میں اکیلے نمازی کے لیے آیت اور حدیث پیش فرمائی آیت :**فاقرء وامانیسر من القرآن**'۔ اور حدیث **مسیئ الصلاۃ**۔ امام کے لیے بھی آیت اور حدیث پیش فرمائی اور خاص طور پر احادیث سے ثابت فرمایا کہ امام فاتحہ سے قرأت شروع کرتا ہے اور مقتدی کے انصات کے لیے بھی آیت اور حدیث انصات پیش فرمائی مگر اس مسلک کے لیے کہ مقتدی پر امام کے پیچھے ۱۱۳ سورتیں پڑھنا جہری نمازوں میں حرام ہے اور ایک فاتحہ پڑھنا فرض ہے ' خود پڑھے بغیر مقتدی کی نماز نہ ہوگی اس پر کوئی قرآنی آیت پیش نہ فرما سکے اور نہ ہی کوئی ایک ہی صحیح صریح حدیث جو آیت انصات کے بعد کی ہو پیش کر سکے '' اسی طرح امام بخاریؒ کسی ایک صحابی سے بھی یہ ثابت نہ کر سکے کہ امام کے مقتدی کو ۱۱۳ سورتیں پڑھنی منع اور حرام ہیں اور فاتحہ فرض ہے جو مقتدی فاتحہ نہ پڑھے اس کی نماز باطل اور بے کار

http://mujahid.xtgem.com

ہے۔آیت انصات کی مخالفت سے بچنے کے لیے امام بخاری نے سکتات امام کو آڑ بنانے کی کوشش فرمائی ہے مگر امام کے لیے اتنے بڑے بڑے سکتات کی فرضیت جن میں مقتدی فاتحہ پڑھ سکے نہ کسی آیت سے ثابت کر سکے اور نہ ہی کسی صحیح صریح غیر معارض حدیث سے۔

حضرت امام بخاری نے دعویٰ تو یہ فرمایا کہ نماز کی ہر ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ پڑھنی فرض ہے مگر کوئی ایک بھی صحیح صریح غیر معارض حدیث کہ لا رکعۃ الا بفاتحۃ الکتاب نہ لا سکے بلکہ ان کا یہ دعویٰ متفق علیہ حدیث مسیئ الصلاۃ کے خلاف ہے

امام بخاری نے دعویٰ فرمایا کہ فاتحہ کے بعد کچھ اور قرآن پڑھنا ضروری نہیں 'اس کے پڑھے بغیر نماز بالکل کامل ہے' امام صاحب کا یہ مسلک احادیث صحیحہ کے بالکل خلاف ہے اور اس کے پڑھے بغیر نماز بالکل صحیح ہے' اس پر امام بخاریؒ کوئی آیت یا حدیث پیش نہیں کر سکے۔

امام بخاریؒ نے اس رسالہ میں دعویٰ فرمایا ہے کہ مدرک رکوع کی رکعت شمار نہیں ہوگی اسے دوبارہ پڑھنی فرض ہے' وہ اس دعویٰ پر کوئی آیت یا صحیح حدیث پیش نہیں کر سکے بلکہ ان کا یہ مسئلہ احادیث صحیحہ اور ائمہ اربعہ کے اجماع کے خلاف ہے، امام بخاریؒ کا مسلک یہ ہے کہ جہری نمازوں میں امام مقتدیوں کی فاتحہ کے لیے لمبے لمبے سکتے کرے' مقتدی امام کے ساتھ فاتحہ نہ پڑھیں یا امام سے پہلے فاتحہ سے فارغ ہو جائیں یا امام کے بعد والے سکتے میں پڑھیں مگر اس پر وہ کوئی آیت یا صحیح حدیث پیش نہیں کر سکے اور گیارہ سری رکعتوں میں مقتدی پر سورۃ فاتحہ پڑھنی فرض اور بعد میں سورۃ پڑھنی مستحب ہے اس پر بھی وہ کوئی آیت یا صحیح حدیث پیش نہیں کر سکے البتہ اپنے قیاسات سے احادیث صحیحہ کی مخالفت کی ہے جس کی تفصیل حواشی میں کر دی گئی ہے۔

http://mujahid.xtgem.com

الحمد للہ اس رسالہ کے مطالعہ کے بعد حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے مبارک مسلک کی شان و عظمت ہمارے دلوں میں اور دوبالا ہو گئی کہ جب اتنے بڑے عظیم محدث اس مسلک پر کوئی صحیح نقلی یا عقلی اعتراض سے عاجز رہے ہیں تو آج کل کے علمی بونے امام صاحب رحمہ اللہ کا کیا منہ چڑا سکیں گے :۔

http://mujahid.xtgem.com

خیر الکلام فی القراءۃ خلف الامام

(۱) .....حدثنا محمود قال محمد بن اسماعیل بن ابراھیم بن المغیرۃ الجعفی البخاری قال : حدثنا عثمان بن سعید سمع عبید اللہ ابن عمرو عن اسحاق بن راشد عن الزھری عن عبد اللہ بن أبی رافع مولی بنی ھاشم ۔ حدثہ عن علی بن أبی طالب رضی اللہ عنہ : اذالم یجھر الامام فی الصلوات فاقرأ بأم الکتاب و سورۃ أخری فی الاولیین من الظھر والعصر وبفاتحۃ الکتاب فی الأخریین من الظھر و العصر وفی الآخرۃ من المغرب وفی الأخریین من العشاء ۔

ترجمہ ..... حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ جن نمازوں میں امام بلند آواز سے قرأت نہ کرے تو ظہر اور عصر کی پہلی دو رکعتوں میں فاتحہ اور سورۃ پڑھ اور ظہر اور عصر اور عشاء کی پچھلی دو رکعتوں میں اور مغرب کی تیسری رکعت میں فاتحہ پڑھ۔

امام بخاریؒ نے حضرت علیؓ کے قول سے اپنا رسالہ شروع فرمایا ہے کیونکہ حضرت ابو بکر صدیقؓ ' حضرت عمرؓ اور حضرت عثمانؓ کا امام کے پیچھے فاتحہ پڑھنے کا کوئی قول ان کے پاس نہیں ' اس لیے حضرت علیؓ سے بھی جہری نمازوں میں قرأت خلف الامام کا قول نہ مل سکا تو سری رکعتوں کا قول نقل کر دیا اور یہ بھی صحیح نہیں کیونکہ اول تو اس میں زہری کا عنعنہ ہے اور عبد الرحمٰن مبارک پوری فرماتے ہیں کہ جب زہری عنعنہ سے روایت کرے فکیف یکون اسنادہ صحیحا (ابکار المنن ص ۳۵ ' ۵۶) دوسرے اس کی سند میں اسحاق بن راشد ہے اور امام بخاریؒ کے استاد امام یحییٰ بن معینؒ فرماتے ہیں کہ زہری کی روایت میں یہ ضعیف ہے۔ (تہذیب ج ۱ ص ۳۳۰) پھر اس قول میں فاتحہ اور سورۃ دونوں پڑھنے کا ذکر ہے۔ اگر فاتحہ

http://mujahid.xtgem.com

سری نمازوں میں امام کے پیچھے پڑھنی فرض ہے تو سورۃ پڑھنی بھی فرض ہے اور اگر سورۃ صرف جائز ہے تو فاتحہ بھی صرف جائز ہو گی۔ یہ عجیب بات ہے کہ امام بخاری نے اس ضعیف قول سے اس رسالے کی ابتداء کی ' جب امام بخاری کے سامنے ان کے استاد امام عبدالرزاقؒ کی کتاب تھی جس میں حضرت عبداللہ بن ابی لیلی اور محمد بن عجلان روایت کرتے ہیں کہ حضرت علیؓ نے فرمایا : جس نے امام کے پیچھے قرأت کی وہ فطرت پر نہیں۔ (ج ۲/ص ۱۳۸) اور کئی شیوخ نے حضرت علی سے یہ بھی روایت کیا ہے کہ آپ نے فرمایا : من قرأ خلف الامام فلاصلاة له (ج ۲/ص ۱۳۹) کہ جس نے بھی امام کے پیچھے قرأت کی اس کی نماز ہی نہیں ہوتی اور امام بخاریؒ کے استاد امام عبدالرزاقؒ حضرت علیؓ کی یہ روایت بھی نقل کرتے ہیں : من لم یدرك الرکعة الاولی فلا یعتد بالسجدة ۔ کہ جو جماعت کے ساتھ رکوع میں شریک نہ ہو اور سجدہ میں شریک ہو تو اس کی رکعت شمار نہ ہو گی۔ (ج ۲/ص ۲۸۱) یعنی حضرت علیؓ کے نزدیک رکوع میں امام کے ساتھ شامل ہونے والے کی رکعت شمار ہو جاتی ہے حالانکہ اس نے نہ اپنی فاتحہ و سورۃ پڑھی ' نہ امام کی فاتحہ و سورۃ سنی اور امام کے پیچھے قرأت کرنے والے کو خلاف فطرت کہنا اور بے نماز کہنا غیر مدرک بالقیاس ہونے کی وجہ سے حکماً مرفوع ہے اور حضرت علیؓ سے حقیقتاً مرفوع حدیث بھی ہے کہ ایک شخص نے حضرت رسول اقدس ﷺ سے پوچھا کیا میں امام کے پیچھے قرأت کروں یا خاموش رہوں ؟ فرمایا : قرأت نہ کرو بلکہ خاموش رہو ' کیونکہ امام کی قرأت ہی تیرے لیے کافی ہے حضرت علیؓ آخر میں کوفہ میں رہے مگر امام بخاریؒ نے حضرت علیؓ کے ان اقوال کو ترک فرمایا جو حکماً مرفوع تھے اور حقیقی مرفوع حدیث اور اہل کوفہ کے متواتر تعامل کے موافق تھے اور ان کے برعکس ایک ضعیف بلکہ منکر قول سے رسالہ کو شروع فرمایا۔

(۲)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری أنبأنا سفیان قال حدثنا

http://mujahid.xtgem.com

الزهری عن محمود بن الربیع عن عبادة بن الصامتؓ ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال : لا صلاة لمن لم یقرأ بفاتحة الکتاب .

(۳).....حدثنا محمود قال : حدثنا البخاری حدثنا اسحاق قال حدثنا یعقوب بن ابراهیم قال حدثناابوصالح عن الزهری أن محمود بن الربیع . وکان مج رسول الله صلی الله علیه وسلم فی وجهه من بئرلهم أخبره أن عبادة بن الصامتؓ أخبره أن رسول الله صلی الله علیه وسلم قال : لا صلاة لمن لم یقرأ بفاتحة الکتاب.

(۴)..... أنبأنا الملاحمی قال ان الهیثم بن کلیب قال حدثنا العباس بن محمد الداوری قال حدثنا یعقوب قال حدثنا أبی عن صالح ابن شهاب عن محمود بن الربیع الذی مج رسول الله صلی الله علیه وسلم فی وجهه من بئرلهم اخبرهٗ أن عبادة بن الصامتؓ أخبره أن رسول الله صلی الله علیه وسلم قال : لا صلاة لمن لم یقرأ بأم القرآن

ترجمہ (۲، ۳، ۴):..... حضرت عبادہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: نہیں نماز ہوتی اس کی جو فاتحہ نہ پڑھے، (حقیقتاً یا حکماً)

حدیث نمبر ۲ کی سند میں البخاری أنبأنا سفیان ہے۔ امام بخاری کی پیدائش ۱۹۴ھ میں ہے اور آپ بخارا میں ہی رہے۔ پہلا سفر حج آپ نے ۲۱۰ھ میں فرمایا' جب کہ امام سفیان اس سے ۱۲ سال قبل ۱۹۸ھ میں وصال فرما چکے تھے' پھر یہ حدثنا کہنا کیسے صحیح ہو سکتا ہے؟ نمبر ۲ میں بخاری سے عبادہ تک چار واسطے ہیں' نمبر ۳ میں سات اور نمبر ۴ میں ۹' عجیب اضطراب ہے۔ سند نمبر ۴ کا پہلا راوی أنبأنا الملاحمی اگر محمد بن احمد ہے تو اس کی پیدائش ۳۱۳ھ ہے یعنی بخاری کی وفات سے ۶۷ سال بعد پیدا ہوا تو بخاری أنبأنا "ہمیں خبر دی" کیسے فرما رہے ہیں؟ اور اگر یہ ملاحمی صاحب کتاب الشجرہ ہے تو وہ امام بخاری سے تقریباً اڑھائی سو سال

http://mujahid.xtgem.com

بعد پیدا ہوا ہے تو امام بخاری کا انبانا کہنا بڑا تعجب خیز ہے اور اس سے بڑا تعجب اس پر ہے کہ جن سے ملاقات نہیں ان کی روایت سے فاتحہ کی فرضیت ثابت کی جارہی ہے اور معمر جو اثبت الناس فی الزھری ہے 'اس کی حدیث میں فصاعداً سے انکار ہو رہا ہے یہ پوری حدیث یوں ہے کہ نہیں نماز ہوتی اس شخص کی جو فاتحہ اور کچھ اور قرآن نہ پڑھے۔ نماز میں فاتحہ کے بعد سورۃ کا پڑھنا صرف صحاح ستہ میں اکیس صحابہؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ فاتحہ کے بعد سورۃ پڑھتے تھے جس طرح یہ سورۃ کا پڑھنا سنداً متواتر ہے 'اسی طرح امت میں عملاً بھی متواتر ہے۔ ہر امام اور منفرد فاتحہ اور اس کے بعد سورۃ پڑھتا ہے اور مقتدی کی طرف سے حکماً فاتحہ و سورۃ ادا ہو جاتی ہے 'جیسے مؤذن کی اذان اور اقامت کہنے والے کی اقامت 'امام کا سترہ 'خطیب کا خطبہ اور امام کی سورۃ سب کی طرف سے حکماً ادا ہو جاتے ہیں۔ کوئی یہ نہیں کہتا کہ میں آج جمعہ بغیر اذان 'بغیر اقامت 'بغیر خطبہ 'بغیر قرأت کے پڑھ کر آیا ہوں۔ اس پوری حدیث کو مان لینے کے بعد کوئی مشکل پیش نہیں آتی 'اس میں فاتحہ اور مازاد فاتحہ دونوں کا ذکر ہے۔ ہم فاتحہ کو واجب معین اور مازاد کو واجب مخیّر مانتے ہیں اور پوری امت کا اتفاق ہے کہ امام کی پڑھی ہوئی سورۃ سب مقتدیوں کی طرف سے حکماً ادا ہو جاتی ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ اس حدیث میں جب فاتحہ اور سورۃ دونوں کا ایک ساتھ ذکر ہے تو امام کی فاتحہ و سورۃ دونوں مقتدی کی طرف سے حکماً ادا ہو جاتی ہیں۔ مقتدی کی نماز بھی فاتحہ و سورۃ والی ہے اس حدیث رسول ﷺ میں صراحۃً مقتدی کا کوئی ذکر نہیں 'بقول بعض یہ حضرت عبادہ کی تاویل ہے جس کی تقلید امام بخاریؒ نے کی ہے۔ چنانچہ امام بخاریؒ کے شاگرد امام ترمذیؒ تاویل عبادہؓ ہی فرمارہے ہیں (ص ۷۱) امام بخاریؒ اگر اس حدیث میں مقتدی کو شامل مانتے ہیں تو اس بات میں نہ ان کے شاگرد امام ترمذیؒ ان کا ساتھ دیتے ہیں اور نہ ہی بخاریؒ کے استاد امام احمدؒ۔ چنانچہ وہ فرماتے ہیں: اذا کان وحدہ۔ یہ حدیث اکیلے نمازی کے لیے ہے 'نہ ہی

http://mujahid.xtgem.com

امام بخاریؒ کے دادا استاد امام سفیان بن عیینہ المکی مانتے ہیں' وہ بھی فرماتے ہیں: لمن یصلی وحدہ (ابو داؤد ج ۱/ص ۱۲۶) اور امام بخاری کے دوسرے دوداد استاد امام مالک مدنیؒ' امام محمد کوفیؒ حضرت جابرؓ سے صراحۃً ثابت کر چکے ہیں کہ یہ حدیث مقتدی کے لیے نہیں ہے اور اس کو امام ترمذیؒ بھی نقل کر کے فرماتے ہیں: هذا حديث حسن صحيح ۔ یعنی یہ حضرت جابرؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔ امام بخاریؒ اپنے مکہ' مدینہ' کوفہ' بغداد کے سب استاتذہ سے الگ ہو گئے ہیں اور چاروں امام فرماتے ہیں کہ رکوع میں ملنے والے مقتدی کی رکعت پوری شمار ہوتی ہے مگر امام بخاریؒ سب سے الگ ہیں۔ جس طرح چاروں امام فرماتے ہیں کہ اگر عورت سے صحبت کرے تو انزال نہ بھی ہو تو غسل فرض ہے مگر امام بخاریؒ فرماتے ہیں صرف احوط ہے یعنی احتیاطاً کرے۔ (بخاری ج ۱/ص ۳۷) یہ حدیث فصاعداً کی زیادتی کے ساتھ (۱) معمر سے مسلم ج ۱/ص ۱۶۹' (۲) سفیان بن عیینہ سے ابو داؤد ص ۱۲۶ (۳) امام اوزاعی' (۴) امام شعیب بن ابی حمزہ سے کتاب القراءۃ بیہقی ص ۱۴' (۵) عبد الرحمٰن بن اسحاق مدنی کتاب القراءۃ بیہقی ص ۱۳ اور (۶) صالح بن کیسان عمدۃ القاری ج ۱۳/ص ۶۹ میں موجود ہے۔ یہ پانچ ثقہ راوی امام معمر کے متابع ہیں اور زیادت ثقہ خود امام بخاری کے ہاں مقبول ہے۔ (بخاری ج ۱/ص ۲۰۲) خاص معمر اکیلے کی زیادت بھی مقبول ہے (بخاری ج ۲/ص ۶۰۰)

قال البخاری : وقال معمر عن الزهری : لا صلاة لمن لم يقرأ بأم الكتاب فصاعدًا وعامة الثقات لم يتابع معمراً فی قوله فصاعداً مع أنه قد أثبت فاتحة الكتاب' وقوله فصاعداً غير معروف ما أردته حرفاً أو أكثر من ذلك؟ إلا أن يكون كقوله : لا يقطع اليد إلا فی ربع دينارٍ فصاعدًا فقد يقطع اليد فی دينار او فی اكثر من دينار۔

ترجمہ ..... کہا بخاری نے اور معمر نے (بلکہ پانچ اور راویوں نے بھی)

http://mujahid.xtgem.com

زہری سے اسی سند کے ساتھ یہ حدیث رسول نقل کی ہے کہ "نہیں نماز ہوتی اس شخص کی جس نے سورۃ فاتحہ اور اس کے ساتھ کچھ اور قرآن نہ پڑھا' فاتحہ کے ساتھ زائد قرآن کے نہ پڑھنے سے نماز نہ ہونا معمر نے بیان کیا ہے اور اس کی کسی نے متابعت نہیں کی۔ (یہ بات صحیح نہیں' معمر کے پانچ متابع اور تقریباً دس شاہد ہیں اس کے باوجود) امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ قول فصاعداً غیر معروف ہے' اس سے میری یہ مراد نہیں کہ فاتحہ سے زائد کوئی ایک حرف یا اس سے زیادہ پڑھ نہیں سکتا (بلکہ اس حدیث لاصلوٰۃ کو اس حدیث پر قیاس کر لیا جائے گا جو آپ ﷺ نے فرمایا) چور کا ہاتھ نہ کاٹا جائے مگر چوتھائی دینار کی چوری اور اس سے زائد پر اب دینار یا اس سے زائد کی چوری پر ہاتھ کاٹنا لازم ہو گیا۔

حضرت امام بخاریؒ اس قیاس سے حدیث صحیح کی مخالفت فرما رہے ہیں۔ ان کا قیاس یہ ہے کہ جس طرح چور کا ہاتھ کاٹنے کیلئے چوتھائی دینار تو ضروری ہے مگر اس سے زائد ضروری نہیں' اسی طرح نماز میں فاتحہ پڑھنا تو ضروری ہے اس سے زائد واجب نہیں مگر امام بخاریؒ کا یہ قیاس درست نہیں کیونکہ سرے سے ہاتھ کاٹنے کیلئے چوتھائی دینار بھی ضروری نہیں بلکہ اتنی مالیت ضروری ہے۔ تو اب امام بخاریؒ کے ہاں نماز میں فاتحہ بھی ضروری نہ رہے گی بلکہ اس کی مقدار ضروری ہو گی۔ دیکھو اس قیاس سے پوری حدیث جس کو امام بخاریؒ متواتر کہتے ہیں کا انکار لازم آگیا۔

قال البخاری : ویقال ان عبد الرحمن بن إسحاق تابع معمراً ، وأن عبد الرحمن ربما روی عن الزهری' ثم أدخل بینه وبین الزهری غیره' ولا نعلم أن هذا من صحیح حدیثه أم لا.

ترجمہ ..... بخاری نے کہا: اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ عبدالرحمٰن بن اسحاق معمر کا متابع ہے حالانکہ وہ کبھی تو زہری سے روایت کرتا ہے کبھی درمیان میں کسی دوسرے واسطے سے اور ہم نہیں جانتے کہ یہ حدیث صحیح ہے یا نہیں۔

http://mujahid.xtgem.com

یہ کوئی اعتراض نہیں۔ دیکھو خود امام بخاریؒ اسی حدیث لاصلوٰۃ کو کبھی براہ راست سفیان سے روایت کرتے ہیں (جزء القراءۃ نمبر ۲) اور کبھی درمیان میں واسطہ لاتے ہیں۔ (صحیح بخاری ج ۱ ص ۱۰۴ جزء القراءۃ نمبر ۸)

(۵)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا الحجاج قال حدثنا ابن عیینة عن الزهری عن محمود بن الربیع عن عبادة بن الصامتؓ قال قال النبی صلی اللہ علیه وسلم لا صلاة لمن لم یقرأ بفاتحة الکتاب

ترجمہ..... حضرت عبادہ بن صامتؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: نماز نہیں ہوتی اس کی جس کی قرأت میں فاتحہ نہ ہو۔

یہ روایت، روایت نمبر ۲ کے خلاف ہے یہاں امام بخاریؒ اور ابن عیینہ کے درمیان واسطہ حجاج کا ذکر کیا ہے اور یہ سند بھی ضعیف ہے کیونکہ زہری مدلس ہے اور عن سے روایت کر رہا ہے امام سفیانؒ اس میں فصاعدا بھی روایت کرتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ یہ اکیلے نمازی کے لیے ہے۔

(۶)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا عبد اللہ قال حدثنی اللیث قال: حدثنی یونس عن ابن شهاب قال حدثنی محمود بن الربیع عن عبادة بن الصامتؓ قال: قال رسول اللہ ﷺ لا صلاة لمن لم یقرأ بام القرآن وسألته عن رجل نسی القراءة قال: أری یعود لصلاته و ان ذکر ذلك وهو فی الرکعة الثانیة ولا أری الا أن یعود لصلاته.

ترجمہ..... حضرت عبادہ بن صامتؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: نماز نہیں ہوتی اس کی جس کی قرأت میں فاتحہ نہ ہو۔ (محمود بن ربیع) کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبادہؓ سے پوچھا اگر کوئی فاتحہ پڑھنا بھول جائے تو کیا کرے؟ حضرت عبادہؓ نے فرمایا: میری رائے میں نماز دہرانی چاہیئے اگرچہ اسے دوسری رکعت میں یاد آئے۔ محمود بن ربیع فرماتے ہیں کہ میری رائے ہے کہ نہ دہرائی جائے۔ (نسخہ مکہ مکرمہ) اور ایک نسخہ میں ہے کہ دہرائی جائے۔ (نسخہ مدینہ

http://mujahid.xtgem.com

منورہ) اس حدیث کی سند میں محمود راوی مجہول ہے۔

(۷) ..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا مسدد قال حدثنا یحییٰ بن سعید قال حدثنا جعفر قال حدثنا أبو عثمان النهدی عن أبی هریرة رضی الله عنه أن النبی صلی الله علیه وسلم أمر فنادی : أن لا صلاة إلا بفاتحة الکتاب ومازاد.

ترجمہ ..... حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے حکم دیا کہ منادی کردے کہ نماز نہیں ہوتی جو سورۃ فاتحہ اور اس سے زائد نہ پڑھے۔

اس کی سند میں محمود کی توثیق ثابت نہیں ' البتہ یہ حدیث صحیح سند سے مسند احمد ج ۲/ص ۴۲۸، ابو داؤد ج ۱/ص ۱۱۸، دار قطنی ج ۱/ص ۱۲۲، حاکم ج ۱/ص ۲۳۹، بیہقی ج ۲/ص ۷۳ پر موجود ہے۔ اس حدیث سے جس طرح فاتحہ کا وجوب ثابت ہوا اسی طرح مازاد علی الفاتحہ کا بھی وجوب ثابت ہوا ' یہ حدیث نمبر ۲۹۳ پر بھی آرہی ہے :۔

(۸) ..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا محمد بن یوسف قال حدثنا سفیان عن ابن جریج عن عطاء عن أبی هریرة رضی الله عنه قال یجزئ بفاتحة الکتاب و إن زادفهو خیر.

ترجمہ ..... حضرت ابو ہریرہؓ (اپنی رائے) بیان فرماتے ہیں کہ فاتحہ پڑھنے سے نماز جائز ہو جاتی ہے ' اگر فاتحہ سے زائد پڑھے تو بہتر ہے۔

اس کی سند میں محمود مجہول ہے اور ابن جریج مدلس ہے جو عن سے روایت کر رہا ہے ' اس لیے ضعیف ہے۔

رسول اقدس ﷺ جس طرح نماز میں سورۃ فاتحہ تلاوت فرماتے ' اس کے بعد کچھ اور قرآن پاک بھی تلاوت فرماتے ' یہ آپ ﷺ سے بطور تواتر قدر مشترک سے ثابت ہے اور آج تک امت کا متواتر عمل بھی اسی پر چلا آرہا ہے۔ ذرا ان

http://mujahid.xtgem.com

حضرات کی مختصر فہرست ملاحظہ فرمائیں جو فاتحہ کے بعد سورۃ پڑھنا بھی روایت کرتے ہیں۔

(۱)..... حضرت عمرو بن حریثؓ (مسلم ج ۱/ص ۱۸۶)

(۲)..... حضرت جابر بن سمرہؓ (مسلم ج ۱/ص ۱۸۷)

(۳)..... حضرت عبداللہ سائبؓ (بخاری معلقاً ج ۱/ص ۱۰۶، مسلم ج ۱/ص ۱۸۶)

(۴)..... حضرت ابی بزہؓ (بخاری ج ۱/ص ۱۰۶، مسلم ج ۱/ص ۱۸۷)

(۵)..... حضرت ام سلمہؓ (بخاری ج ۱/ص ۲۱۹)

(۶)..... حضرت قطبہؓ (مسلم ج ۱/ص ۱۸۶)

(۷)..... حضرت عبداللہ بن عباسؓ (مسلم ج ۱/ص ۲۸۸)

(۸)..... حضرت ابوالاحوصؓ (احمد ج ۱/ص ۲۷۲)

(۹)..... حضرت ابوہریرہؓ (بخاری ج ۱/ص ۱۲۲، مسلم ج ۱/ص ۲۸۸)

(۱۰)..... حضرت عبداللہ بن مسعودؓ (ابن ماجہ ص ۵۹)

(۱۱)..... حضرت انسؓ (مسند احمد ج ۲/ص ۳۳۰)

(۱۲)..... حضرت ابوقتادہؓ (بخاری ج ۱/ص ۱۰۵، مسلم ج ۱/ص ۱۸۵)

(۱۳)..... حضرت ام ہشامؓ (نسائی ج ۱/ص ۱۵۱)

(۱۴)..... حضرت سعدؓ (ابن ماجہ ص ۵۹)

(۱۵)..... حضرت عقبہ بن عامرؓ (ابوداؤد ج ۱/ص ۲۰۶)

(۱۶)..... حضرت عبداللہ بن عمرؓ (نسائی ج ۱/ص ۱۳۲)

(۱۷)..... حضرت الاغر المزنیؓ (مجمع الزوائد ج ۲/ص ۱۱۹)

(۱۸)..... حضرت رفاعہ انصاریؓ (مجمع الزوائد ج ۲/ص ۱۱۹)

(۱۹)..... حضرت علیؓ (مجمع الزوائد ج ۲/ص ۱۶۹)

(۲۰)..... حضرت ابوایوبؓ (کنز العمال ج ۴/ص ۴۰۷)

http://mujahid.xtgem.com

(۲۱)..... حضرت خبابؓ (بخاری ج ۱/ص ۱۰۳)

(۲۲)..... حضرت ابو سعید خدریؓ (نسائی ج ۱/ص ۱۵۳)

(۲۳)..... حضرت زید بن ثابتؓ (مسند احمد ج ۵/ص ۱۸۲)

(۲۴)..... حضرت براء بن عازبؓ (بخاری ج ۱/ص ۱۰۶ مسلم ج ۱/ص ۱۸۷)

(۲۵)..... حضرت ابو مالک اشعریؓ (مسند احمد ج ۵/ص ۳۴۳)

(۲۶)..... حضرت عبداللہ بن ابی اوفیؓ (ابو داؤد ج ۱/ص ۱۱۶)

(۲۷)..... حضرت جبیر بن مطعمؓ (بخاری ج ۱/ص ۱۰۵، مسلم ج ۱/ص ۱۸۷)

(۲۸)..... حضرت ام فضلؓ (بخاری ج ۱/ص ۱۰۵، مسلم ج ۱/ص ۱۸۷)

(۲۹)..... حضرت جابر بن عبداللہؓ (نسائی ج ۱/ص ۱۵۴)

(۳۰)..... حضرت عائشہؓ (نسائی ج ۱/ص ۱۵۴)

(۳۱)..... بریدہؓ (نسائی ج ۱/ص ۱۵۵)

(۳۲)..... حضرت عبادہ بن صامتؓ (المطالب العالیہ ج ۱/ص ۱۱۳)

(۳۳)..... حضرت حزم بن ابی بن کعبؓ (کنز العمال ج ۴/ص ۲۵۱)

(۳۴)..... حضرت عبداللہ بن حارثؓ (مجمع الزوائد ج ۲/ص ۱۱۸)

(۳۵)..... حضرت عبداللہ بن یزیدؓ (مجمع الزوائد ج ۲/ص ۱۱۸)

(۳۶)..... حضرت عدی بن حاتمؓ (مجمع الزوائد ج ۲/ص ۱۱۷)

(۳۷)..... ثلاثون من الصحابۃ (ابن ماجہ ص ۵۹)

(۳۸)..... حضرت عمرو بن عبسہؓ (المطالب العالیہ ج ۱/ص ۱۱۹)

(۳۹)..... حضرت اسامہؓ (کنز العمال ج ۴/ص ۲۵۱)

(۴۰)..... رجل من اهل المدينه (مسند احمد ج ۴/ص ۳۴)

(۴۱)..... رجل من أصحاب محمد (نسائی ج ۱/ص ۱۵۱)

(۴۲)..... رجل من جهينة (ابو داؤد ج ۱/ص ۱۱۸)

http://mujahid.xtgem.com

(۴۳).....بعض أصحاب النبی ﷺ (مسند احمد ج ۵/ص ۳۷۱)

(۴۴).....مرسل ابی اسحاق (عبدالرزاق ج ۱/ص ۱۱۷)

(۴۵).....مرسل عبدالملک بن عمیر (عبدالرزاق ج ۱/ص ۱۱۷)

(۴۶).....مرسل ابی العالیہ (عبدالرزاق ج ۲/ص ۱۰۵)

(۴۷).....مرسل ابی مجلز (عبدالرزاق ج ۲/ص ۱۰۵)

(۴۸).....مرسل عبداللہ بن عتبہ بن مسعودؓ (نسائی ج ۱/ص ۱۵۴)

(۴۹).....مرسل عن معبد بن خالد (کنزالعمال ج ۴/ص ۲۵۱)

(۵۰).....حضرت عبداللہ بن عمروؓ (مجمع الزوائد ج ۲/ص ۱۱۴)

(۵۱).....حضرت اسماء بنت ابی بکرؓ (مجمع الزوائد ج ۲/ص ۱۱۵)

(۵۲).....حضرت عثمان بن ابی العاصؓ (المطالب العالیہ ج ۱/ص ۱۲۲)

(۵۳).....حضرت عمرو بن العاصؓ (موطا/ص.....)

(۵۴).....حضرت ابوذر غفاریؓ (نسائی/ص.....)

یہ احادیث یقیناً درجہ تواتر کو پہنچ گئی ہیں کہ سرکار دو عالم ﷺ کا یہ دائمی عمل تھا کہ فاتحہ کی قرأت سے فارغ ہو کر قرآن پاک کی دوسری سورتوں میں سے کسی سورہ کی قرأت بھی فرماتے تھے اور یہی آج تک امت کا متواتر عمل ہے۔

حضرت معاذؓ کے بارے میں لمبی قرأت پڑھنے کی شکایت جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں ہوئی تو آپ ﷺ نے مناسب سرزنش کے بعد فرمایا: معاذ! جب امام بن کر نماز پڑھاؤ تو سورۃ شمس، سورۃ اعلیٰ، سورۃ علق اور سورۃ لیل جیسی سورتیں پڑھا کرو (متفق علیہ) دیکھئے اگر جماعت کی نماز میں سورۃ چھوڑنے کی گنجائش ہوتی تو ازالہ شکایت کے اس موقع پر نبی اقدس ﷺ سورۃ کی عدم ضرورت کی طرف ضرور اشارہ فرماتے، مگر آپ ﷺ بصیغہ امر اِقرأ کے ساتھ فرما رہے ہیں کہ معاذ یہ سورتیں پڑھا کرو۔ معلوم ہوا کہ فاتحہ کے بعد سورۃ

http://mujahid.xtgem.com

پڑھنا واجب ہے۔

(۹)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا محمد بن عبد الله الرقاشی قال حدثنا یزید بن زریع قال حدثنا محمد بن اسحاق قال حدثنا یحییٰ بن عماد عن أبیه عن عائشة رضی الله عنها قالت : سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول : کل صلاة لا یقرأ فیها فهی خداج (قال البخاری) وزاد یزید بن هارون بفاتحة الکتاب۔

ترجمہ ..... حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا' فرماتے تھے جس نے نماز میں قرأت نہ کی اس کی نماز ناقص ہے اور یزید بن ہارون کی روایت میں فاتحۃ الکتاب کا لفظ ہے۔

اس کی سند میں محمود مجہول ہے' البتہ محمود کے واسطہ کے بغیر یہ حدیث ابن ابی شیبہ ج ۱/ص ۳۶۰' مسند احمد ج ۶/ص ۱۴۲' ابن ماجہ ص ۶۰ پر ہے' مگر اس حدیث کا مدار محمد بن اسحاق پر ہے اور وہ اس روایت میں منفرد ہے اور جس روایت میں وہ منفرد ہو وہ منکر ہوتی ہے پھر اس میں مقتدی کی کوئی صراحت نہیں۔

(۱۰)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا موسیٰ بن اسماعیل قال حدثنا أبان قال حدثنا عامر الأحول عن عمرو ابن شعیب عن أبیه عن جده أن النبی صلی الله علیه وسلم قال : کل صلاة لم یقرأ فیها بأم الکتاب فهی مخدجة

ترجمہ ..... عمرو بن شعیب اپنے باپ سے' وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ہر وہ نماز جس میں فاتحہ نہ پڑھی جائے وہ ناقص ہے۔

اس کی سند میں محمود مجہول ہے اور عامر الاحول کو امام احمدؒ ضعیف کہتے ہیں اور نسائیؒ فرماتے ہیں۔ قوی نہیں۔ (میزان الاعتدال) امام ابو حاتمؒ فرماتے ہیں یہ حدیث منکر ہے (توجیہ النظر ص ۲۷۵)

http://mujahid.xtgem.com

(۱۱)..... حدثنا محمود قال : حدثنا البخاری قال حدثنا أمية بن خالد قال حدثنا يزيد بن زريع عن روح بن القاسم عن العلاء عن أبيه عن أبی هريرة رضی الله عنه عن النبی صلی الله عليه وسلم قال : من صلی ولم يقرأ بام القرآن فهی خداج ثلاثا غير تمام قلت يا أبا هريرة إنی أكون وراء الامام فقال أبوهريرة : يا ابن الفارسی أقرأ بها فی نفسك سمعت النبی صلی الله عليه وسلم يقول : قال الله تعالی قسمت الصلاة بينی وبين عبدی نصفين فنصفها لی ونصفها لعبدی و لعبدی ماسأل قال النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم : اقرؤا يقول العبد : الحمد لله رب العالمين يقول الله حمدنی عبدی يقول العبد : الرحمن الرحيم يقول الله أثنی علی عبدی يقول العبد : مالك يوم الدين يقول الله مجدنی عبدی هذا لی يقول العبد : اياك نعبد و اياك نستعين يقول الله فهذه الآية بينی وبين عبدی نصفين وإذا قال العبد : اهدنا الصراط إلی آخر السورة يقول فهذه لعبدی ولعبدی ماسأل.

ترجمہ ..... حضرت ابو ہریرہؓ جناب نبی اقدس ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ جس نے نماز میں سورۃ فاتحہ نہ پڑھی اس کی نماز ناقص ہے۔آپ ﷺ نے تین مرتبہ یہ ارشاد فرمایا(اس ارشاد نبوی ﷺ میں چونکہ مقتدی کا ذکر نہ تھا اور نہ ہی کوئی عربی دان اس میں مقتدی کو شامل سمجھتا ہے اس لیے حضرت ابو ہریرہؓ کے شاگرد)ابو سائبؒ نے سوال کیا کہ میں (کبھی)امام کے پیچھے ہوتا ہوں تو کیا کروں؟ حضرت ابو ہریرہؓ نے (ہاتھ دباتے ہوئے)فرمایا:دل میں سوچ لیا کرو،کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا،آپ ﷺ فرمایا کرتے تھے کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں : میں نے نماز(فاتحہ)اپنے اور اپنے بندے کے درمیان نصف نصف تقسیم کرلی ہے۔ نصف میرے لیے اور نصف میرے بندے کے لیے اور میرے بندے کے لیے وہ

http://mujahid.xtgem.com

ہے جو اس نے مانگا (یعنی نبیوں ' صدیقوں ' شہداء اور صالحین کی تقلید میں صراط مستقیم پر قائم رہنا)۔ رسول پاک ﷺ نے فرمایا : بندہ جب کہتا ہے : الحمد للہ رب العالمین اللہ تعالےٰ فرماتے ہیں میرے بندے نے میری تعریف کی۔ جب بندہ الرحمن الرحیم کہتا ہے۔ اللہ تعالےٰ فرماتے ہیں میرے بندے نے میری ثناء بیان کی جب بندہ کہتا ہے : مالك يوم الدين اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں میرے بندے نے میری بزرگی بیان کی اور یہ میرے لیے ہے پھر بندہ کہتا ہے : ایاك نعبد وایاك نستعین تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ یہ آیت نصف میرے لیے ہے اور نصف میرے بندے کے لیے ہے پھر بندہ کہتا ہے : اهدنا الصراط المستقیم آخر تک تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں یہ میرے بندے کا حصہ ہے اور میرے بندے کے لیے وہ ہے جو اس نے مانگا۔

اس میں صراط مستقیم کو دو باتوں میں منحصر کر دیا گیا کہ ایک فریق تو صراط مستقیم کا رہبر و رہنما ہے ' یہ ائمہ مجتہدین ہیں ' دوسرے ان کی رہنمائی میں راستہ طے کرنے والے ' ان کو مقلد کہتے ہیں ' ہاں صراط مستقیم کے راہزنوں سے بچ کر راستہ طے کرنے کی دعاء ہے جو نہ رہبر یعنی مجتہد ہوں ' نہ رہبر و یعنی مقلد ہوں بلکہ رہزن یعنی غیر مقلد ہوں۔ یاد رہے صراط مستقیم ایک عظیم شاہراہ ہے جس پر حضرات انبیاء علیہم السلام کے بعد صدیقین ' شہداء اور صالحین رہبری کرتے آرہے ہیں ' یہ سارے طبقے اہل سنت والجماعت میں ہی ہوئے فقہ کے چاروں امام ہوں یا تصوف کے چاروں سلسلے ' ان کا ذکر طبقات حنفیہ ' طبقات مالکیہ ' طبقات شافعیہ ' اور طبقات حنابلہ ہی میں ملتا ہے۔ آج تک کسی محدث یا مؤرخ نے ایسی کتاب نہیں لکھی جس کا نام طبقات غیر مقلدین ہو اور اس میں صدیقین ، شہداء یا صالحین کے حالات ہوں۔ حنفی ' شافعی ' حنبلی اور مالکی یہ اسی صراط مستقیم کے لوکل روٹ ہیں جو اسی صراط مستقیم میں مل کر منزل محمدی تک پہنچتے ہیں۔

http://mujahid.xtgem.com

یہ روایت امام بخاریؒ صحیح بخاری میں تو نہیں لائے مگر اس رسالہ میں مکمل یا مختصر ۱۵ جگہ لائے ہیں (دیکھو نمبر ۱۵، ۳۹، ۹۸، ۹۹، ۱۰۰، ۱۰۱، ۱۰۲، ۱۰۳، ۱۰۴، ۱۰۵، ۱۰۶، ۱۰۷، ۱۱۲، ۱۱۳، ۲۶۶) اس کے علاوہ موطا مالک ص ۲۸، موطا محمد ص ۹۳، طیالسی ص ۳۴، عبد الرزاق ج ۲/ص ۱۲۱، ابن ابی شیبہ ص ۲۶۰، مسند احمد ج ۲/ص ۲۵۰، مسلم ج ۱/ص ۱۷۰، ابن ماجہ ص ۶۰، ابو داؤد ج ۱/ص ۱۱۹، نسائی ج ۱/ص ۱۴۴، ابن خزیمہ ج ۱/ص ۲۴۷، ابو عوانہ ج ۲/ص ۱۲۶، طحاوی ج ۱/ص ۱۰۶، بیہقی ج ۲/ص ۳۹، ترمذی اور ابن جبان وغیرہ میں ہے۔ اس مرفوع حدیث میں تو مقتدی کا ذکر نہیں۔ اس کی سند کا مدار العلاء بن عبدالرحمٰن پر ہے جو صدوق ربما وھم سچا تھا اکثر وہم کا شکار ہو جاتا (تقریب ص ۲۶۸) امام بخاریؒ نے صحیح میں اس کی سند سے ایک حدیث بھی نہیں لی۔ حضرت ابو ہریرہؓ نے قیاس سے اس حدیث میں مقتدی کو شامل کرنے کی کوشش کی ہے مگر قیاس کی علت خود بیان نہیں کی۔ بعد والوں کا قیاس ہے کہ تقسیم والی حدیث میں بندہ اور خدا کی گفتگو ہے تو مقتدی بھی خود فاتحہ پڑھ لے مگر سورۃ فاتحہ مین امام جمع متکلم مع الغیر کے صیغوں کے ساتھ تلاوت کرتا ہے جو سب کی طرف سے ادا ہو جاتے ہیں 'گویا ایک مجموعی درخواست ہے جو سب کی طرف سے ہو گئی مقتدیوں نے آمین کہہ کر اس مجموعی درخواست پر مہریں لگا دیں' اس لیے یقیناً امام کی فاتحہ سب کی طرف سے ہو گئی۔ بعض بعد والوں کا قیاس ہے کہ اس حدیث قسمت میں فاتحہ کو نماز کہا ہے جس سے فاتحہ کی رکنیت سمجھی جا سکتی ہے مگر یہ حدیث تو خبر واحد ہے' قرآن پاک کی متواتر آیت میں پوری قرأت کو صلوٰۃ کہا ہے لاتجھر بصلاتك یہاں باجماع قطعی صلوٰۃ سے مراد قرأت ہے' تو جب قرأت رکن نماز ہونے کے باوجود امام کے پڑھنے سے سب مقتدیوں کی طرف سے ادا ہو گئی تو فاتحہ بھی ادا ہو جاتی ہے پس یہ قیاس صحیح نہ رہا۔

http://mujahid.xtgem.com

(۱۲)..... حدثنا محمود حدثنا البخاری قال حدثنا أبو الولید هشام عن قتادة عن ابی نضرة عن أبی سعید رضی الله عنه قال : أمرنا نبینا أن نقرأ بفاتحة الکتاب وماتیسر۔

ترجمہ ..... حضرت ابو سعید خدریؓ فرماتے ہیں کہ ہمیں حضور ﷺ نے حکم دیا کہ ہم نماز میں سورۃ فاتحہ اور اس کے علاوہ جو میسر ہو قرآن پڑھیں۔

(مسند احمد ج ۳/ص ۴۵، ابو داؤد ج ۱/ص ۱۱۸، ترمذی ج ۱/ص ۳۲، ابن ماجہ ص ۶۰) یہ حدیث مختلف الفاظ سے مروی ہے لاصلوة لمن لم یقرأ فی کل رکعة بالحمد وسورة فی الفریضة وغیرها (ابن ابی شیبہ ج ۱/ص ۳۶۱، مسند احمد ج ۳/ص ۳) لاصلوة إلا بفاتحة الکتاب أو غیرها (مسند امام اعظم) اس سے معلوم ہوا کہ نماز میں فاتحہ کے ساتھ کچھ اور قرآن پڑھنا بھی واجب ہے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ اس حدیث کا مقتدی کے ساتھ کوئی تعلق نہیں کیونکہ اس پر اجماع ہے کہ مقتدی پر مازاد واجب نہیں تو اس حدیث کے مخاطب وہی ہوں گے جن پر فاتحہ اور ماتیسر دونوں واجب ہیں اور وہ منفرد اور امام ہیں۔

(۱۳)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا موسیٰ قال حدثنا حماد عن قیس وعمارة بن میمون و حبیب بن الشهید عن عطاء عن أبی هریرة رضی الله عنه قال : فی کل صلاة یقرأ فما أسمعنا النبی صلی الله علیه وسلم أسمعنا کم وما أخفی علینا أخفینا علیکم:

ترجمہ ..... حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ ہر نماز میں قرأت ہے' جو رسول اللہ ﷺ نے ہم کو سنائی وہ ہم نے تم کو سنائی یعنی جہراً پڑھی، اور جو آپ ﷺ نے ہم سے چھپائی وہ ہم نے تم سے چھپائی یعنی آہستہ پڑھی۔

یہ حدیث عبد الرزاق ج ۲/ص ۱۲۰، مسند احمد ج ۱/ص ۲۷۳، مسلم ج ۱/ص ۱۷۰، نسائی ج ۱/ص ۱۵۳، ابن خزیمہ ج ۱/ص ۲۷۵، ابو عوانہ

http://mujahid.xtgem.com

ج ۲/ص ۱۵۲، طحاوی ج ۱/ص ۱۰۲، بیہقی ج ۲/ص ۴۰ پر بھی آئی ہے۔ اس حدیث کے آخر میں حضور ﷺ کا فرمان ہے: لا صلوۃ الایقراء ۃ نامعلوم امام بخاریؒ نے اس کو کیوں حذف کر دیا؟

(۱۴)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا هلال بن بشر قال حدثنا یوسف بن یعقوب السلعبی قال حدثنا حسین المعلم عن عمرو ابن شعیب عن ابیه عن جده قال : قال رسول الله صلی الله علیه وسلم : کل صلاۃ لایقرأ فیها بفاتحة الکتاب فهی خداج۔

ترجمہ ..... فرمایا رسول اللہ ﷺ نے ہر وہ نماز جس میں فاتحہ نہ پڑھی جائے وہ ناقص ہے۔

یہ روایت نمبر ۱۰ پر گزر چکی ہے۔

(۱۵)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا موسیٰ قال حدثنا داود ابن أبی الفرات عن ابراهیم الصائغ عن عطاء عن أبی هریرة رضی الله عنه : فی کل صلاۃ قراء ۃ ولو بفاتحة الکتاب فما أعلن النبی صلی الله علیه وسلم فنحن نعلنه وما أسر فنحن نسره

ترجمہ ..... حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں ہر نماز میں قرأت ہے اگرچہ فاتحہ ہو، جس قرأت کو حضور ﷺ نے بلند آواز سے پڑھا ہم بھی بلند آواز سے پڑھتے ہیں اور جس کو آہستہ آواز سے پڑھا ہم بھی آہستہ پڑھتے ہیں۔

اس کے ہم معنی روایت نمبر ۱۳ پر گزر چکی۔

نوٹ ..... اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مطلق قرأت رکن نماز ہے، فاتحہ رکن نماز نہیں۔

(۱۶)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا عبد الله بن محمد قال حدثنا بشربن السری قال حدثنا معاویة عن أبی الزاهریة عن

http://mujahid.xtgem.com

كثير بن مرة الحضرمي قال سمعت أبا الدرداء رضي الله عنه يقول : سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم أفي كل صلاة قراءة ؟ قال : نعم فقال رجل من الانصار : وجبت هذه۔

ترجمہ ..... حضرت ابو درداءؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا کیا ہر نماز میں قرأت ہے ؟آپ ﷺ نے فرمایا : ہاں ' پس ایک انصاری مرد نے کہا یہ واجب ہو گئی :۔

(۱۷)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاري قال حدثنا علي قال حدثنا يزيد قال حدثنا معاوية قال حدثنا أبو الزاهرية قال حدثنا كثير بن مرة سمع أبا الدرداء سئل النبي صلى الله عليه وسلم أفي كل صلاة قراءة ؟ قال : نعم۔

ترجمہ ..... حضرت ابو درداءؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سوال کئے گئے کیا ہر نماز میں قرأت ہے ؟آپ ﷺ نے فرمایا : ہاں۔

نوٹ ..... یہ حدیث نمبر ۱۸، ۸۳، ۲۹۴ پر بھی آرہی ہے امام بخاریؒ نے پانچ جگہ نقل کی ہے مگر متن اتنا ہی ہے جب کہ امام بخاریؒ کے استاد امام احمدؒ مسند احمد ج ۲/ص ۴۴۸ پر اس کے ساتھ حضرت ابو درداءؓ سے نقل فرماتے ہیں " نہیں دیکھتا میں مگر یہ کہ جب امام قرأت کرے تو وہ سب کے لئے کافی ہے۔ "اس حدیث کا مدار معاویہ بن صالح پر ہے۔ عبدالرحمٰن بن مہدی ، عبد اللہ بن وہب (طحاوی ج ۱/ص ۱۵۸) اور حماد بن خالد (کتاب القراءۃ ص ۱۴۹) اس کو ابو درداءؓ کا فتویٰ قرار دیتے ہیں (جو غیر مدرک بالقیاس ہونے کی وجہ سے حکماً مرفوع ہے) ابو صالح اس کو نبی ﷺ کی طرف مرفوع کرتے ہیں۔ (سنن کبریٰ بیہقی ج ۲/ص ۱۶۲) اور زید بن حباب ان دونوں باتوں میں گویا یوں تطبیق دیتے ہیں کہ یہ مرفوع بھی ہے اور موقوف فتویٰ بھی۔ چنانچہ یہ اس کو دونوں طرح روایت کرتے ہیں مرفوع بھی

http://mujahid.xtgem.com

(نسائی ج ۱/ص ۱۴۶، دار قطنی ج ۱/ص ۲۳۲، بیہقی ج ۲/ص ۱۶۲) اور موقوف بھی روایت کرتے ہیں (مسند احمد ج ۶/ص ۴۴۸) جس سے معلوم ہوا کہ حدیث دونوں طرح ثابت ہے مرفوع حقیقی بھی ہے اور مرفوع حکمی بھی ' بلکہ حضرت ابو درداءؓ نے جب فرمایا تو مجلس نبوی ﷺ میں وہ بالکل آپ کے قریب تشریف فرما تھے گویا آپ ﷺ کے سننے کی وجہ سے مرفوع تقریری بھی ہے اسی لیے علامہ ہیثمیؒ نے مرفوع نبوی ﷺ کے بارے میں فرمایا : اسنادہٗ حسن (مجمع الزوائد ج ۲/ص ۱۱۰) امام بخاریؒ نماز میں صرف فاتحہ کی قرأت کو ہی واجب قرار دیتے ہیں اور نبی ﷺ کے اس ارشاد گرامی اور حضرت ابو درداءؓ کے فتویٰ میں اس واجب قرأت کو ہی مقتدیوں کے لئے کافی قرار دیا ہے امام بخاریؒ کا اس کو نہ مرفوعاً نقل کرنا نہ موقوفاً یہ آپ کی محدثانہ شان سے بہت فروتر ہے ایک ہی حدیث کے نصف حصہ کو پانچ دفعہ دہرانا اور آخری حصہ کو ہر دفعہ نظر انداز فرما جانا کوئی اچھا تأثر نہیں چھوڑتا۔ جب یہ رفع زیادت ہے اور زیادت ثقہ کی مقبول ہے تو رفع کو وہم قرار دینا اصول شکنی ہے۔ حق یہ ہے کہ مرفوع حسن ہے موقوف صحیح۔

http://mujahid.xtgem.com

باب وجوب القراءۃ للامام و المأموم وأدنٰی ما یجزئ من القراءۃ

(۱۸)..... قال البخاری قال اللہ عزوجل : فاقرؤا ما تیسر منه

ترجمہ ..... کہا بخاری نے فرمایا اللہ عزوجل نے پڑھو جو آسان ہو تم پر اس قرآن سے۔

جس طرح پانی کے ہر قطرہ کو پانی کہتے ہیں اسی طرح قرآن پاک کی ہر آیت کو قرآن کہتے ہیں۔ قرآن کی آیت کے قرآن ہونے کا انکار قطعاً اجماع امت کے خلاف ہے پس کوئی آیت بھی قرآن کی پڑھ لی جائے تو اس حکم پر عمل ہو گیا اور فرض ادا ہو گیا۔ ہاں آگے واجب درجے کی آیات واجب ' سنت درجے کی سنت اور مستحب درجے کی مستحب رہے گی۔ رسول اللہ اقدس ﷺ نے یہ حکم اکیلے نمازی کو دیا جیسا کہ حدیث مسیئ الصلاۃ میں ہے اور وہ حدیث نمبر ۱۰۱' ۱۱۵ پر آرہی ہے۔ غیر مقلدین کا یہ کہنا کہ فاتحہ ہی آسان ہے جس کی سات آیات ہیں ' سورۃ الناس کی چھ آیات ' سورۃ القدر ' سورۃ الفیل ' سورۃ اللہب ' سورۃ الفلق کی پانچ پانچ آیات ، سورۃ القریش ' سورۃ الاخلاص کی چار چار آیات سورۃ الکوثر اور سورۃ العصر کی تین تین آیات کیوں آسان نہیں اور ایک آیت کی تلاوت کیوں آسان نہیں ؟

قال : و قرآن الفجر. ان قرآن الفجر کان مشهودا .

ترجمہ ..... اللہ تعالیٰ نے فرمایا فجر کا قرآن ' کیونکہ فجر کے قرآن میں (فرشتے) حاضر ہوتے ہیں۔ (بخاری ' مسلم ' ترمذی ' نسائی)

ظاہر ہے کہ فرشتے فجر کی نماز میں حاضر ہو کر مقتدی بنتے ہیں اور ان کو

http://mujahid.xtgem.com

قرآن یاد نہیں اسلئے بوقت قرأت خاموش رہتے ہیں آہستہ آمین کہہ لیتے ہیں۔

واذا قرئ القرآن فاستمعوا له وانصتوا ۔ وقال ابن عباس رضی الله عنه : هذه في المكتوبة والخطبة۔

ترجمہ .....اور (نماز میں) جب قرآن پڑھا جائے (امام پڑھے) تو اس کی طرف توجہ کرو اور خاموش رہو۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں کہ یہ آیت فرض نماز اور خطبہ کے بارے میں ہے۔

یعنی جس طرح جمعہ کا خطبہ جو خطیب پڑھتا ہے وہ سب کی طرف سے ہو جاتا ہے، خواہ کسی کو خطیب کا خطبہ سنائی دے یا نہ دے، خطیب خطبہ پڑھتا دکھائی دے یا نہ دے یا کوئی خطبہ کے ختم ہونے کے بعد جماعت میں ہی آکر ملے سب کی طرف سے خطبہ ہو گیا۔ اسی طرح فرض نماز باجماعت میں امام جو قرأت کرتا ہے وہ سب کی طرف سے ہو گئی خواہ کسی مقتدی کو امام کی قرأت سنائی دے یا نہ دے، امام قرأت کرتا دکھائی دے یا نہ دے اور امام کی قرأت ختم ہونے کے بعد کوئی مقتدی رکوع میں ہی آکر ملا اس کی طرف سے بھی قرأت ہو گئی۔ امام بخاریؒ کے استاد امام احمدؒ بھی فرماتے ہیں۔ **جمع الناس على أن هذه الآية في الصلاة۔** (مغنی ابن قدامہ ج ۱/ص ۶۰۵) امت کا اجماع ہے کہ یہ آیت نماز کے بارے میں ہے تو یہ مسئلہ قرآن پاک سے ہی حل ہو گیا۔

وقال أبو الدرداءؓ سأل رجل رسول الله صلى الله عليه وسلم أفي كل صلاة قراءة قال : نعم : قال رجل من الأنصار : وجبت.

ترجمہ ..... حضرت ابو درداءؓ کہتے ہیں کہ ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا کیا ہر نماز میں قرأت کرنی چاہیئے ؟ فرمایا : ہاں۔ ایک انصاری نے کہا : واجب ہو گئی۔

اس پر بحث گزر چکی ہے۔

http://mujahid.xtgem.com

(۱۹) .....قال البخاری وتواتر الخبر عن رسول الله صلى الله عليه وسلم لا صلاة الا بقراء ة ام القرآن وقال بعض الناس : يجزيه آية آية فى الركعتين الأوليين بالفارسية ولا يقرأ فى الأخريين - وقال أبو قتادةؓ : كان النبى صلى الله عليه وسلم يقرأ فى الأربع - وقال بعضهم : ان لم يقرأ فى الأربع جازت صلاته وهذا خلاف قول النبى صلى الله عليه وسلم لا صلاة إلا بفاتحة الكتاب -

ترجمہ ..... امام بخاریؒ نے کہا یہ خبر رسول اللہ ﷺ سے متواتر ہے کہ قرأت فاتحہ کے بغیر نماز نہیں (فاتحہ کے بعد سورۃ کا پڑھنا بھی روایتاً اور عملاً متواتر ہے)۔ بعض لوگوں نے کہا کہ پہلی دو رکعتوں میں ایک ایک آیت فارسی میں پڑھنا جائز ہے۔ (اس سے معلوم ہوا کہ امام بخاریؒ کو مذہب حنفی سے پوری واقفیت نہیں، فارسی میں قرأت کے جواز سے امام صاحبؒ نے رجوع فرمالیا تھا۔ اس پر اعتراض کا کیا معنی ؟) اور یہ کہ آخری دو رکعتوں میں قرأت نہ کرے۔ (حالانکہ سب حنفی قرأت کرتے ہیں مگر آخری دو رکعتوں میں فرائض میں فاتحہ کو سنت کہتے ہیں)۔ معلوم ہوتا ہے کہ امام بخاریؒ کو مذہب حنفی کا صحیح علم نہیں ہے۔ امام بخاریؒ کے استاد امام ابو بکر بن ابی شیبہؒ حضرت علیؓ، حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ، حضرت علقمہؒ اور حضرت امام ابراہیم نخعیؒ سے روایات لائے ہیں کہ وہ آخری دو رکعتوں میں قرأت نہیں کرتے تھے۔ (ابن ابی شیبہ ج ۱/ص ۳۷۲، عبد الرزاق ج ۲/ص ۱۰۱) ان کے بارے میں کیا حکم ہے ؟ حضرت ابو قتادہؓ فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ چاروں رکعات میں (فاتحہ) پڑھتے تھے (الحمد للہ حنفی بھی چاروں میں پڑھتے ہیں) اور ان میں سے بعض نے کہا کہ چار رکعات میں سے اگر ایک میں قرأت نہ کرے تو نماز جائز ہے (یہ ہرگز مذہب حنفی نہیں ہے) اور یہ رسول پاک ﷺ کی حدیث کے خلاف ہے کہ فاتحہ کے بغیر نماز نہیں ہوتی۔

http://mujahid.xtgem.com

(۲۰)..... فان احتج وقال :قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا صلاۃ ولم یقل لا یجزئ قیل لہٗ ان الخبر اذا جاء عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فحکمہ علی اسمہ وعلی الجملۃ حتی یجیئ بیانہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قالی جابر بن عبد اللہ : لا یجزیہ إلا بأم القرآن۔

ترجمہ ..... اگر کوئی دلیل دے کہ نبی ﷺ نے لا صلاۃ فرمایا لا یجزی تو نہیں فرمایا تو کہا جائے گا کہ جب نبی پاک ﷺ سے کوئی خبر آئے تو حکم اس کے اسم پر ہوتا ہے اور جملہ پر یہاں تک کہ خود نبی پاک ﷺ سے کوئی وضاحت آئے۔ کہا جابر بن عبداللہؓ نے بغیر فاتحہ کے جائز نہیں۔

یہ بات امام بخاریؒ نے محض بے سند حضرت جابرؓ کی طرف منسوب کر دی ہے حالانکہ مدینہ منورہ کی کتاب موطا امام مالک میں نہایت صحیح سند کے ساتھ ہے "حضرت جابرؓ" فرماتے ہیں کہ جس شخص نے ایک رکعت بھی فاتحہ کے بغیر پڑھی تو اس کی نماز نہیں ہوئی مگر امام کے پیچھے ہو (تو بغیر فاتحہ پڑھے ہو جاتی ہے)۔ "اس کو امام بخاریؒ کے شاگرد خاص نے بھی حسن صحیح کہا ہے۔ (ترمذی) دیکھو امام بخاریؒ کے پردادا استاد امام مالکؒ کی موطا ص ۲۸ ' امام بخاریؒ کے دادا استاد امام محمدؒ کی موطا ص ۹۳ ' امام بخاریؒ کے دادا استاد عبدالرزاقؒ کی مصنف ج ۲ / ص ۱۲۱ ' امام بخاریؒ کے دوسرے استاد ابوبکر بن ابی شیبہؒ کی مصنف ج ۱ / ص ۳۶۰ ' امام بخاریؒ کے شاگرد کی کتاب ترمذی ص ۷۱۔

(۲۱)..... فان احتج فقال: إذا أدرك الركوع جازت فكما أجزأته فی الركعة كذلك تجزيه فی الركعات قيل له : أنما أجاز زيد بن ثابت وابن عمر والذين لم يروا القراءة خلف الامام فأما من رأى القراءة فقد قال أبو هريرة لا يجزيه حتى يدرك الامام قائما و قال أبو سعيد وعائشة رضی اللہ عنهما : لا يركع أحدكم حتى يقرأ بأم القرآن وإن كان ذلك

http://mujahid.xtgem.com

أجماعًا لكان هذا المدرك للركوع مستثنى من الجملة مع أنه لا إجماع فيه واجتج بعض هؤلاء فقال : لايقرأ خلف الامام لقول الله سبحانه وتعالىٰ : فاستمعوا له وانصتوا فقيل له فيثنى على الله والا مام يقرأ؟ قال نعم قيل له فلم جعلت عليه الثناء والثناء عندك تطوع تتم الصلاة بغيره؟ والقرآ ة في الأصل واجبة أسقطت الواجب بحال الأمام لقول الله تعالىٰ : فاستَمِعُوْا وأمرته أن لا يستمع عنه الثناء ولم تسقط عنه الثناء وجعلت الفريضة أهون حالاً من التطوع وزعمت أنه إذا جاء والإمام في الفجر فإنه يصلي ركعتين لا يستمع ولا ينصت لقراء ة الامام وهٰذا خلاف ما قاله النبي صلى الله عليه وسلم قال : اذا أقيمت الصلاة فلا صلاة ألا المكتوبة۔

ترجمہ ..... پھر اگر کوئی یہ اعتراض کرے کہ جب مدرک رکوع کی رکعت ہو جاتی ہے تو اس طرح اس کی باقی رکعات بھی جائز ہو جائیں گی تو کہا جائے گا کہ مدرک رکوع کی رکعت کو صرف زید بن ثابتؓ ' ابن عمرؓ اور ان لوگوں نے جائز رکھا ہے جو قرأت خلف الامام کے قائل نہیں اور جو قرأت کے قائل ہیں جیسے ابو ہریرہؓ نے کہا جو قیام میں نہ ملے اس کی رکعت جائز نہیں اور حضرت ابو سعیدؓ اور حضرت عائشہؓ نے کہا کہ کوئی فاتحہ پڑھے بغیر رکوع نہ کرے۔ اگر اس مسئلے پر (کہ مدرک رکوع مدرک رکعت ہے) اجماع ہے تو اس رکعت کو مستثنیٰ قرار دیا جائے گا جب کہ اس مسئلہ پر اجماع نہیں اور بعض نے یہ اعتراض کیا ہے کہ امام کے پیچھے قرأت نہ کی جائے کیونکہ اللہ تعالےٰ کا حکم ہے کہ جب قرآن پڑھا جائے تو تم اس کی طرف توجہ کرو اور خاموش رہو ' تو اسے کہا جائے گا کہ جب امام قرأت کرے اس وقت ثناء پڑھ سکتا ہے ' وہ کہے گا پڑھ سکتا ہے ' اسے کہا جائے گا کہ ثناء تیرے نزدیک نفل ہے اس کے بغیر نماز ہو جاتی ہے اور قرأت واجب ہے ' تو نے واجب کو گرا دیا کہ اللہ نے

http://mujahid.xtgem.com

امام کی قرأت کی طرف توجہ کرنے کا حکم دیا ہے اور تو نے کہا کہ ثناء کے وقت امام کی قرأت کی طرف توجہ نہ دو اور ثناء کو تو نے مقتدی سے ساقط نہیں کیا اور فرض کا درجہ نقل سے گرا دیا اور تیرا خیال ہے کہ جب مقتدی آئے اور امام نماز فجر پڑھا رہا ہو تو وہ دو رکعات پڑھ لے 'نہ امام کی قرأت پر توجہ دے 'خاموش رہے اور یہ رسول اللہ ﷺ کے فرمان کے خلاف ہے کہ جب نماز قائم ہو جائے تو کوئی نماز نہیں مگر فرض۔

مدرک رکوع :۔

امام بخاریؒ نے مدرک رکوع کا مسئلہ چھیڑا ہے حالانکہ رکوع میں ملنے والے کی وہ رکعت شمار ہو گی ' یہ اجماعی مسئلہ ہے۔ علامہ عراقیؒ ' علامہ نوویؒ سے نقل کرتے ہیں کہ رکوع میں مل کر رکعت شمار نہ کرنے کا قول شاذ اور منکر ہے 'ائمہ اربعہ وغیرہم سے جو قول معروف ہے اور جس پر لوگ ہمیشہ ہمیشہ سے قائم ہیں وہ رکوع کی رکعت کا معتبر ہونا ہے۔ (طرح التثریب ج ۶ / ۳۶۴) اور حافظ ابن عبد البرؒ لکھتے ہیں کہ "امام مقتدی کی طرف سے قرأت کو برداشت کر لیتا ہے کیونکہ اہل علم کا اس بات پر اجماع ہے کہ مقتدی جب امام کو رکوع میں پائے تو تکبیر کہہ کر رکوع میں چلا جائے اور کسی شے کی قرأت نہ کرے۔ (الکافی لابن عبد البر ص ۴۰) لیکن امام بخاریؒ اس اجماع کا دلی زبان سے انکار کر کے شاذ اور منکر قول کو قبول کر رہے ہیں۔ حالانکہ امام بخاریؒ نہ قرآن سے نہ کسی صحیح حدیث سے نہ کسی صحابی سے نہ تابعی 'نہ تبع تابعی 'نہ ہی ائمہ اربعہ میں سے کسی ایک سے یہ نہیں دکھا سکتے کہ رکوع میں ملنے والے کو وہ رکعت دہرانا ضروری ہے۔ حضرت ابو ہریرہؓ حضرت ابو سعیدؓ اور حضرت عائشہؓ کا نام محض بے سند لکھ دیا ہے ورنہ ان میں سے کسی ایک سے بھی اس رکعت کا دہرانا ثابت نہیں۔ بہر حال امام بخاریؒ کا اجماع کو چھوڑ کر ایک شاذ اور منکر قول کو اپنانا بہت ہی بے بسی کی دلیل ہے۔

http://mujahid.xtgem.com

نوٹ..... امام بخاریؒ نے اجماع کو چھوڑنے کے بعد ہماری قرآنی دلیل پر توجہ فرمائی۔ تحقیقی طور پر وہ تسلیم فرما چکے ہیں کہ یہ آیت نماز اور خطبہ کے بارے میں نازل ہوئی ہے مگر امام بخاریؒ تحقیقی بات کو چھوڑ کر الزامی جواب کی طرف متوجہ ہوئے ہیں اور یہ بات طے شدہ ہے کہ الزامی جواب مسلمات خصم پر مبنی ہوتا ہے۔ مگر مؤلف خصم کے مذہب ہی کو نہیں جانتا اس لئے الزام قائم کرنے میں ناکام رہا ہے۔ مذہب حنفی کا مفتی بہ قول یہی ہے کہ جب امام قرأت کر رہا ہو تو لایاتی بالثناء مطلقًا (کبیری ص ۳۰۴) مؤلف نے پہلے جواب میں اجماع کو چھوڑ کر شاذ و منکر قول کو سینے سے لگایا اور یہاں مفتی بہ قول چھوڑ کر غیر مفتی بہ قول پر الزام قائم کر دیا اور اس پر یہ عجب نتیجہ نکالا کہ فرض کو نفل سے کم تر کر دیا۔ نامعلوم مؤلف نے یہ کیسے لکھ دیا۔ جب قرآن سے ثابت ہوا کہ امام پر قرأت فرض ہے اور مقتدی پر انصات، تو مقتدی نے اپنا فرض پورا کیا، ساقط کہاں کیا؟ کیا مؤلف اتنی موٹی بات بھی نہ سمجھ سکا؟ (راجع! امام الکلام ص ۲۴۷) اسی طرح خصم کا مذہب یہ ہے کہ امام کی قرأت مقتدی کے لئے کافی ہے، اس لئے مقتدی انصات کرے جیسے کشتی کی حرکت کشتی نشین کے لئے کافی ہے وہ آرام سے بھی بیٹھا رہے تو اس کا سفر طے ہو رہا ہے لیکن جو کشتی سے باہر ہے خواہ کتنا ہی قریب ہو اس کو کشتی کی حرکت سے کیا تعلق؟ اسی طرح جو الگ کھڑا سنتیں پڑھ رہا ہے اس کے لئے امام کی قرأت کب کافی ہے، وہ جب جماعت میں شامل ہو کر مقتدی بنے گا تو حکم انصات کا مخاطب ہوگا، محترم خصم نے کب کہا ہے کہ جماعت سے باہر کھڑا ہوا آدمی بھی حکم انصات کا مخاطب ہے۔ الغرض مؤلف کا کوئی الزام بھی مسلمات خصم پر مبنی نہیں ہے۔

(۴۲)..... فقال : ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال : من کان لہ امام فقراء ۃ الإمام لہ قراء ۃ فقیل لہ ھٰذا خبر لم یثبت عند أھل العلم من أھل الحجاز واھل العراق وغیرھم لارسالہ وانقطاعہ۔ رواہ ابن شداد

http://mujahid.xtgem.com

عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔

ترجمہ ..... (اگر کسی نے) کہا کہ بے شک نبی ﷺ نے فرمایا ہے کہ جو شخص امام کے پیچھے نماز پڑھے پس امام کی قرأت ہی اس کی قرأت ہے' تو اس کو کہا جائے گا کہ یہ حدیث اہل حجاز' اہل عراق اور ان کے علاوہ اہل علم کے نزدیک ارسال اور انقطاع کی وجہ سے ثابت نہیں اس کو ابن شداد نے نبی ﷺ سے روایت کیا ہے۔

امام ابن تیمیہؒ فرماتے ہیں: ''یہ حدیث مسنداً اور مرسلاً دونوں طرح مروی ہے لیکن اکثر ائمہ ثقات نے اسے عبداللہ بن شداد کے واسطہ سے آنحضرت ﷺ سے مرسلاً روایت کیا ہے اور بعض نے مسنداً بھی روایت کیا ہے۔ جیسا کہ ابن ماجہ نے روایت کیا ہے قرآن اور سنت کا ظاہر اس مرسل کی تائید کرتا ہے صحابہؓ اور تابعین میں سے جمہور اہل علم اسی کے قائل ہیں اور ایسی مرسل حدیث باتفاق ائمہ اربعہ وغیرہم حجت ہے' امام شافعیؒ نے ایسی مرسل حدیث کے ساتھ حجت پکڑنے کی تصریح کی ہے۔'' (فتاویٰ ابن تیمیہ ج ۲۳ / ص ۲۷۰) امام ابن تیمیہ کی بات بالکل صحیح ہے' اہل عراق سے موطا محمدؒ' کتاب الآثار امام محمدؒ' کتاب الآثار ابو یوسفؒ میں یہ حدیث ثابت ہے' انہوں نے اس پر اپنے مذہب کا مدار بھی رکھا ہے بلکہ اہل عراق کے ہاں اس کی اکثر سندیں مسند ہیں اور امام بخاریؒ سے پہلے اہل حجاز میں سے کسی ایک نے بھی اس حدیث کو مرسل کہہ کر رد نہیں کیا اور کر بھی کیسے سکتے تھے کیونکہ اہل حجاز اور اہل عراق کے ہاں تو مرسل کے حجت ہونے میں اتفاق ہے اور ایسی مرسل معتضد کے صحیح ہونے پر تو پوری امت کا اجماع ہے۔

(۲۳) ..... قال البخاری وروی الحسن بن صالح عن جابر عن ابی الزبیر عن النبی ﷺ ولا یدری أسمع جابر من أبی الزبیر.

ترجمہ ..... بخاریؒ نے کہا حسن بن صالح نے جابر سے' اس نے ابو الزبیر سے اس نے نبی ﷺ سے (یہ حدیث قرأۃ الامام والی) روایت کی ہے اور نہیں جانا گیا

http://mujahid.xtgem.com

کہ جابر نے ابو الزبیر سے سنا ہے۔

مؤلف نے ایک جابر جعفی والا طریق ذکر کیا ہے حالانکہ مسند امام اعظمؒ، موطا امام محمدؒ ص ۹۸، کتاب الآثار امام ابو یوسفؒ، کتاب الآثار امام محمدؒ میں کئی سندوں سے یہ حدیث ہے اور ایک سند میں بھی جابر جعفی کا واسطہ نہیں۔ مؤلف کے استاد امام احمدؒ نے (مسند ج ۳ / ص ۳۳۹) اور دوسرے استاد ابو بکر بن ابی شیبہ نے (مصنف ج ۱ / ص ۳۷۷) میں بھی یہ حدیث روایت کی ہے جس میں جابر جعفی کا واسطہ نہیں۔ ان صحیح سندوں کو چھوڑ کر مؤلف کو جابر جعفی کے پیچھے پڑنے کی کیا ضرورت پیش آئی؟ جس سندوں کو مدعی پیش کرتا ہے ان پر جرح کی ہمت نہیں پڑتی اور جن کو مدعی نے پیش نہیں کیا ان پر اعتراض کیا جاتا ہے۔

وذكر عن عبادة بن الصامت وعبد الله بن عمرؓ صلى النبى صلى الله عليه وسلم الفجر فقرأ رجل خلفه فقال له لا يقرأن أحدكم والا مام يقرأ الا بأم القرآن.

ترجمہ..... حضرت عبادہ بن صامت اور حضرت بعد اللہ عبد اللہ بن عمرو سے بیان کیا جاتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فجر کی نماز پڑھائی، کسی آدمی نے پیچھے قرأت کی تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ جب امام قرأت کر رہا ہو تو نہ پڑھو مگر فاتحہ۔

یہ وہ حدیث ہے جس کو نہ اہل عراق کے اہل علم نے قبول کیا، ان کا مذہب صراحۃً اس کے خلاف ہے، نہ ہی اہل حجاز نے اس کو قبول کیا موطا میں اس کے خلاف باب ہے اور امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ جب امام جہر کرے تو مقتدی قرأت نہ کرے (ص ۶۸) معلوم ہوا کہ مؤلف محض دوسروں کو مرعوب کرنے کیلئے اہل عراق اور اہل حجاز کا نام لیتے ہیں، خود نہ اہل حجاز کی مانتے ہیں اور نہ اہل عراق کی۔ امام ابن تیمیہ فرماتے ہیں کہ اس حدیث کو امام احمدؒ اور ائمہ حدیث نے معلول قرار دیا ہے (فتاویٰ ابن تیمیہ ص ۲۳)

http://mujahid.xtgem.com

فلو ثبت الخبر ان كلاهما لكان هٰذا مستثنى من الأول لقوله : لا يقرأن الا بام الكتاب وقوله من كان له امام فقراء ة الامام له قراء ة جملة وقوله الا بأم القرآن مستثنى من الجملة كقول النبي ﷺ جعلت لى الأرض مسجدا وطهورا ثم قال فى احاديث أخر إلا المقبرة وما استثناه من الأرض والمستثنىٰ خارج من الجملة و كذلك فاتحة الكتاب خارج من قوله من كان له امام فقراء ة الامام له قراء ة مع انقطاعه

ترجمہ.....اگر یہ دونوں حدیثیں ثابت ہو جائیں تو فاتحہ پہلی حدیث سے مستثنیٰ ہو گی یعنی امام کی قرأت سب کے لئے قرأت ہے سوائے فاتحہ کے ' جس طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے لئے تمام زمین مسجد اور پاک کر دی گئی ہے' دوسری جگہ فرمایا سوائے قبرستان اور حمام کے جس طرح حمام خارج ہو گیا اسی طرح فاتحہ من كان له امام فقراء ة الامام له قراء ة سے خارج ہو گئی اگرچہ یہ حدیث منقطع ہے۔

اولاً تو ثابت ہو چکا کہ پہلی حدیث ثابت بھی ہے 'کتاب و سنت اور تعامل صحابہؓ و تابعینؒ سے مؤید بھی ' دوسری حدیث معلول بھی ہے اور کتاب و سنت اور تعامل خیر القرون کے خلاف ہونے کی وجہ سے شاذ بلکہ منکر بھی ہے۔ تاہم مؤلف نے جو قیاس کیا ہے یہ صحیح نہیں کیونکہ نماز کی جگہ کا پاک ہونا ضروری ہے ' جب زمین کو پاک قرار دیا گیا تو نماز ہر جگہ جائز ہو گئی مگر حمام میں نجاست حقیقی اور مقبرہ میں نجاست حکمی کی وجہ سے نماز جائز نہ رہی ' یہاں وجہ فرق کیا ہے ' کیا معاذ اللہ ۱۱۳ سورتیں طاہر ہیں اور فاتحہ میں معاذ اللہ کوئی حقیقی یا حکمی نجاست ہے ' بلکہ یہاں تو یوں کہنا چاہئے تھا کہ قرآن کلام خداوندی کی صفت ہے ' وہ قیوم ہے اس لئے قیام میں اس کی تلاوت جائز لیکن رکوع اور سجدے میں تلاوت سے خدا کی صفت کو جھکانا لازم آتا ہے اور یہ خدا تعالیٰ کی صفت کی توہین ہے ' اس لئے رکوع و سجدہ میں تلاوت

http://mujahid.xtgem.com

جائز نہیں اسی طرح خدا کی صفت کو مقتدی بنانا بھی اس کی توہین ہے تو جب ۱۱۳ سورتوں کو مقتدی بنانا توہین ہے تو ام القرآن کو مقتدی بنانا تو اس کی زیادہ توہین ہو گی۔ بہر حال مؤلف قیاس تو کرتے ہیں مگر وہ اس فن کے بزرگ نہیں اسی لئے کامیاب نہیں ہوتے۔

قیاس ہی قیاس :۔

وقیل له اتفق أهل العلم وأنتم أنه لا يحتمل الامام فرضًا عن القوم ثم قلتم القرأة فريضية ويحتمل الامام هذا الفرض عن القوم فيما جهر الامام اولم يجهر ولا يحتمل الا مام شيئا من السنن نحوالثناء والتسبيح والتحميد فجعلتم الفرض أهون من التطوع و القياس عندك أن لا يقاس الفرض بالتطوع وان لا يجعل الفرض أهون من التطوع وان يقاس الفرض أو الفرع بالفرض إذا كان من نحوه فلو قست القراء ة بالر كوع والسجود والتشهد اذا كانت هٰذه كلها فرضا ثم اختلفوا في فرض منها كان أولىٰ عند من يرىٰ القياس أن يقيسوا الفرض او الفرع بالفرض۔

ترجمہ ..... یہ بھی کہا گیا کہ جب اہل علم کا اور تمہارا اتفاق ہے کہ امام قوم کی طرف سے فرض ادا نہیں کر سکتا ' ادھر تم یہ بھی کہتے ہو کہ قرأت فرض ہے اور قوم کی طرف سے امام یہ فرض ادا کر دیتا ہے ' خواہ قرأت سری ہو یا جہری لیکن امام سنن میں سے کوئی چیز قوم کی طرف سے ادا نہیں کر سکتا جیسے ثناء ' تسبیح تحمید پس تم نے فرضوں کو نفلوں سے بھی فروتر کر دیا۔ حالانکہ تمہارا قیاس یہ ہے کہ نہ تو فرائض کو نوافل پر قیاس کیا جائے اور نہ فرض کو نفل سے گرایا جائے اور نہ فرض یا فرع کو فرض پر قیاس کیا جائے جب اس کی جنس سے ہو اور اگر قرأت کو رکوع ' سجود اور تشہد پر اس لئے قیاس کیا جائے کہ یہ بھی فرض ہیں۔

اس سارے قیاس اور الزام کی بنیاد یہ بنائی ہے کہ تم مقتدی پر قرأت کو

http://mujahid.xtgem.com

فرض کہتے ہو ' پھر امام یہ فرض تو قوم کی طرف سے ادا کر دیتا ہے مگر سنن ادا نہیں کر سکتا ' حالانکہ یہ بنیاد ہی غلط ہے ہم کب کہتے ہیں کہ مقتدی پر قرأت فرض ہے ؟ ہم تو کہتے ہیں کہ امام پر قرأت فرض ہے اور مقتدی پر انصات فرض ہے ' دونوں اپنا اپنا فرض ادا کر رہے ہیں۔

(۲۴).....وقال ابو هريرة وعائشة رضى الله عنهما قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من صلى صلاة لم يقرأ فيها بأم القرآن فهى خداج

ترجمہ ..... حضرت ابو ہریرہؓ اور حضرت عائشہؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : جس نے نماز پڑھی اور اس نے فاتحہ نہ پڑھی اس کی نماز ناقص ہے۔

یہاں اسکو محض بے سند بیان کیا ہے ' اس میں مقتدی کی صراحت بھی نہیں۔

کچھ اور بے سند اقوال :۔

(۲۵)..... وقال عمر بن الخطابؓ : اقرأ خلف الأمام قلت وإن قرأت قال : نعم وإن قرأت و كذلك قال أبى بن كعب و حذيفة بن اليمان وعبادة بن الصامت رضى الله تعالىٰ العلم عنهم ويذكر عن على بن أبى طالب و عبد الله بن عمر و وأبى سعيد الخدرى و عدة من أصحاب النبى صلى الله عليه وسلم نحو ذلك.

ترجمہ ..... حضرت عمرؓ نے فرمایا : امام کے بعد قرأت کر لیا کر ' میں نے کہا اگرچہ آپ نے قرأت کی ہو ' فرمایا : ہاں اگرچہ میں نے قرأت کی ہو اور اسی طرح کہا ابی بن کعب ، حذیفہ بن الیمان اور عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہم نے اور ذکر کیا جاتا ہے حضرت علیؓ بن ابی طالب ' حضرت عبد اللہ بن عمروؓ حضرت ابو سعید خدریؓ اور کئی ایک صحابہ کرام سے اسی طرح۔

(۲۶)..... وقال القاسم بن محمد كان رجال أئمة يقرؤون خلف الإمام.

http://mujahid.xtgem.com

ترجمہ ..... اور کہا قاسم بن محمد نے کہ ائمہ لوگ قرأت خلف الامام کے قائل تھے۔

(۲۷)..... وقال أبو مريم : سمعت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنه يقرأ خلف الامام۔

ترجمہ ..... اور کہا ابو مریم نے میں نے سنا ابن مسعودؓ کو کہ امام کے پیچھے قرأت کرتے تھے

(۲۸)..... وقال أبو وائل عن ابن مسعود : أنصت للامام۔

ترجمہ ..... اور روایت کیا ابو وائل نے عبداللہ بن مسعودؓ سے کہ امام کے ساتھ خاموش رہ۔

(۲۹)..... وقال ابن المبارك : دل ان هذا فی الجهر وانما يقرأ خلف الامام فيما سكت الامام.

ترجمہ ..... ابن مبارک نے کہا : دلیل ہے کہ جب امام جہر کرتا تو خاموش رہتے سوائے اسکے نہیں کہ پڑھا جاتا ہے امام کے پیچھے جب وہ خاموش رہے۔

(۳۰) ..... وقال الحسن وسعيد بن جبير وميمون بن مهران وما لا احصی من التابعين و أ هل العلم : أنه يقرأ خلف الإمام وإن جهر وكانت عائشة رضی اللہ عنها تأمر بالقراءة خلف الأمام۔

ترجمہ ..... اور کہا حسن ، سعید بن جبیر ، میمون بن مہران اور بہت سے تابعین اور اہل علم نے کہ امام کے پیچھے قرأت کرے اگرچہ امام بلند آواز سے پڑھتا ہو اور عائشہ حکم دیتی تھیں قرأت خلف الامام کا۔

(۳۱)..... وقال خلال : حدثنا خنظلة بن أبی المغيرة قال سألت حمادًا عن القراءة خلف الأمام فی الأولی و العصر فقال : كان سعيد بن جبير يقرأ فقلت أی ذلك احب اليك ؟ فقال : أن تقرأ.

http://mujahid.xtgem.com

ترجمہ ..... خلال نے کہا : ہمیں حنظلہ بن ابی مغیرہ نے بیان کیا کہ میں نے حماد سے پوچھا کہ ظہر اور عصر میں امام کے پیچھے قرآن پڑھیں۔ اس نے کہا سعید بن جبیر قرآن پڑھتے تھے ' میں نے کہا تجھے کیا پسند ہے کیا یہ کہ تو قرآن پڑھے۔

یہ بے سند روایت ہے ' امام بخاریؒ کے استاد ابو بکر بن ابی شیبہ بواسطہ ہشیم ابو بشر سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید بن جبیرؓ سے سوال کیا : کیا امام کے پیچھے قرأت کی جاسکتی ہے ؟ فرمایا : امام کے پیچھے کسی قسم کی کوئی قرأت نہیں کی جاسکتی۔ (ابن ابی شیبہ ج ۱ / ص ۳۷۷)

(۳۲)..... وقال مجاهد : إذا لم يقرأ خلف الامام أعاد الصلوة وكذلك قال عبد الله بن الزبيرؓ وقيل له : احتجاجك بقول الله تعالىٰ : اذا قرئ القران فاستمعوا له وأنصتوا أرأيت إذا لم يهجر الإمام يقرأ من خلفه فان قال لا بطل دعواه لأن الله تعالىٰ قال : فاستمعوا له وأنصتوا وانما يستمع لما يجهر مع أنا نستعمل قول الله تعالىٰ فاستمعوا له نقول يقرأ خلف الامام عند السكتات۔

ترجمہ ..... (امام بخاریؒ بے سند لکھتے ہیں کہ) مجاہد نے کہا کہ جب امام کے پیچھے قرأت نہ کرے تو نماز لوٹائے اور اسی طرح عبد اللہ بن زبیرؓ نے کہا امام بخاریؒ کہتے ہیں کہ تو جو آیت واذا قرئ القرآن سے دلیل لیتا ہے ' یہ کہ جب امام بلند آواز سے قرأت نہ کرے اس وقت مقتدی قرأت کرے گا ' اگر کہے نہیں کرے گا تو اس کا دعویٰ باطل ہو گیا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا : کہ "توجہ کرو اور خاموش رہو" اور توجہ جب ہوتی ہے کہ امام بلند آواز سے پڑھ رہا ہو ' حالانکہ ہم اس آیت پر عمل کرتے ہیں کہ امام کے پیچھے سکتات میں پڑھتے ہیں۔

(۳۳)..... قال سمرة رضى الله عنه : كان للنبى صلى الله عليه وسلم سكتتان سكتة حين يكبر وسكتة حين يفرغ من قرآته.

http://mujahid.xtgem.com

ترجمہ ..... حضرت سمرہؓ فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ دو سکتے فرماتے 'ایک سکتہ اس وقت جب تکبیر کہتے' دوسرا سکتہ اس وقت جب قرأت سے فارغ ہو جاتے۔

(۳۴)..... وقال ابن خيثم : قلت لسعيد بن جبير : أقرأ خلف الإمام ؟ قال : نعم وإن كنت تسمع قراء ته فانهم قد أحدثوا مالم يكونوا يصنعونه ان السلف كان إذا أم أحدهم الناس كبر ثم انصت حتى يظن أن من خلفه قرأ بفاتحة الكتاب ثم قرأ و انصتوا۔

ترجمہ ..... ابن خیثم نے کہا میں نے سعید بن جبیرؒ سے کہا کیا امام کے پیچھے قرأت کی جائے ؟ انہوں نے کہا ہاں اگرچہ تو امام کی قرأت سن رہا ہو' کیونکہ لوگوں نے اب نئی بدعت نکال لی ہے پہلے لوگ ایسا نہیں کرتے تھے بیشک پہلے لوگوں میں سے جب کوئی امام بنتا تو اللہ اکبر کہہ کر خاموش رہتا یہاں تک کہ امام کو گمان ہوجاتا کہ مقتدیوں (کی پہلی شفٹ) نے فاتحہ پڑھ لی ہوگی' پھر امام قرأت کرتا اور مقتدی خاموش رہتے۔

(۳۵)..... وقال أبوهريرة رضى الله عنه كان النبى صلى الله عليه وسلم اذا أرا دان يقرأ سكت سكتة.

ترجمہ ..... اور کہا ابو ہریرہؓ نے کہ نبی ﷺ قرأت سے پہلے سکتہ فرماتے (ثناء کے لئے)۔

(۳۶)..... وكان أبو سلمة بن عبدالرحمن وميمون بن مهران وغيرهم و سعيد بن جبير يرون القراء ة عند سكوت الامام إلى نون نعبد لقول النبى صلى الله عليه وسلم : لاصلاة إلا بفاتحة الكتاب فتكون قراء ته فإذاقرأ الامام أنصت حتى يكون متابعاً لقول الله تعالىٰ : من يطع الرسول فقد اطاع الله وقوله ومن يشاقق الرسول من بعد ما تبين له

http://mujahid.xtgem.com

الهدى ويتبع غير سبيل المؤمنين نوله ما تولى ونصله جهنم۔ وساءت مصيرا. و اذا ترك الامام شيئاً من الصلاة فحق على من خلفه أن يتموا قال علقمة أن لم يتم الإمام اتممنا۔

ترجمہ..... اور ابو سلمہ بن عبدالرحمٰن اور میمون بن مہران وغیرہ اور سعید بن جبیر یہ رائے رکھتے تھے کہ امام کے خاموش رہنے کے وقفہ میں نعبد کے نون تک مقتدی پڑھ لے (ساری فاتحہ نہیں) کیونکہ نبی ﷺ نے فرمایا: فاتحہ کے بغیر نماز نہیں (جیسے خطبہ کے بغیر جمعہ نہیں) پس "ن" نعبد تک مقتدی کی قرأت ہو گی اور جب امام قرأت کرے گا تو مقتدی خاموش ہوں گے تا کہ اللہ تعالیٰ کے فرمان فاستمعوا له پر بھی عمل ہو جائے اسطرح اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ دونوں کی تابعداری ہو گئی اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں جس نے رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی اور جو کوئی مخالفت کرے رسول ﷺ کی جب کہ کھل چکی اس پر سیدھی راہ اور چلے سب مسلمانوں کے راستہ کے خلاف (یعنی اجماع کے خلاف) تو ہم حوالہ کریں گے اس کو وہی طرف جو اس نے اختیار کی اور ڈالیں گے اس کو ہم دوزخ میں اور وہ بہت بری جگہ پہنچا اور جب چھوڑ دے امام کچھ نماز سے تو ضروری ہے کہ مقتدی اس کمی کو پورا کریں۔ علقمہ نے کہا اگر امام نے پورا نہ کیا تو ہم پورا کریں گے۔

فائدہ (۱)..... مؤلف نے نمبر ۳۴ میں انصات کا معنی واضح کر دیا کہ مقتدی امام کے پیچھے آہستہ پڑھیں گے اور امام ان کیلئے انصات کرے گا' پھر امام بلند آواز سے قرأت کریگا اور مقتدی انصات کریں گے۔ ثابت ہو گیا کہ انصات کا تعلق جہر اور سر دونوں کے ساتھ ہے اور یہ بھی ثابت ہو گیا کہ جب امام مقتدیوں کے لئے انصات کرے گا تو آہستہ بھی کچھ نہیں پڑھے گا اور جب مقتدی امام کے لئے انصات کریں گے تو آہستہ بھی کچھ نہیں پڑھیں گے' کیونکہ آہستہ پڑھنا بھی انصات کے خلاف ہے' اس سے نمبر ۳۲ والے اعتراض کا مؤلف نے خود جواب دے دیا۔

http://mujahid.xtgem.com

فائدہ (۲)..... جس مقتدی نے صرف نعبد کے "ن" تک فاتحہ پڑھی اس نے نبی پاک ﷺ کی حدیث پر عمل نہ کیا اور اللہ و رسول اللہ ﷺ نے یہ تقسیم فرمائی تھی کہ قرأت امام کرے اور انصات مقتدی۔ مؤلف نے اس تقسیم کو ختم کر کے دونوں پر قرأت اور انصات کا بوجھ لاد دیا' اس طرح کہ امام پہلے انصات کرے پھر قرأت اور مقتدی پہلے قرأت کرے پھر انصات۔ یہ ایسا ہی ہے کہ کوئی خطبہ جمعہ کے بارے میں کہے کہ امام ممبر پر کھڑا ہو کر خاموش رہے تاکہ حاضرین خطبہ پڑھ لیں پھر امام پڑھے اور حاضرین خاموش رہیں۔

فائدہ (۳)..... مؤلف کے نزدیک جو امام سکتہ نہ کرے وہ بدعتی اور دوزخی ہے تو آج کے غیر مقلد امام سب کے سب بدعتی اور دوزخی ہوئے اور جو مقتدی امام کی قرأت کے ساتھ قرأت کرے وہ بھی بدعتی اور جہنمی ہے جیسا کہ آج کل کے غیر مقلد مقتدی امام کے ساتھ ساتھ قرأت کر کے بدعتی اور جہنمی بن رہے ہیں۔

(۳۷)..... وقال الحسن وسعيد بن جبير وحميد بن هلال : اقرأ بالحمد يوم الجمعة وقال الآخرون من هؤلاء يجزيه أن يقرأ بالفارسية ويجزيه أن يقرأ بآية ينقض آخرهم على أولهم بغير كتاب ولا سنة و قيل له : من أباح لك الثناء الامام يقرأ بخبر أو بقياس و خطر على غيرك الفرض وهو القراءة ؟ ولا خبر عندك ولا اتفاق لأن عدة من أهل المدينة لم يروا الثناء للامام ولا لغيره ويكبرون ثم يقرؤن فتحير عنده فهم في ريبهم يترددون مع أن هذا صنعه في أشياء من الفرض وجعل الواجب أهون من التطوع زعمت أنه أذا لم يقرأ في الركعتين من الظهر أو العصر أو العشاء يجزئ و إذا لم يقرأ في الركعة من أربع من التطوع لم يجزه قلت : وأذا لم يقرأ في الركعة من المغرب أجزأه واذا لم يقرأ في الركعة من الوتر لم يجزه

http://mujahid.xtgem.com

وكانه مولع ان يجمع بين مافرق رسول الله صلى الله عليه وسلم اويفرق ماجمع رسول الله عليه وسلم۔

ترجمہ.....(مؤلف محض بے سند پھر لکھتا ہے) کہ حسن، سعید بن جبیر اور حمید بن ہلال نے جمعہ کے دن الحمد پڑھ لیا کر اور ان میں سے متاخرین نے کہا کہ فارسی میں قرأت جائز ہے (یہ محض غلط بیانی ہے) یا ایک آیت پڑھ لے تو بھی جائز ہے یہ پہلے، پچھلے ایک دوسرے کی بات کاٹ رہے ہیں (محض غلط دعویٰ ہے) اس سے کہا جائے کہ تیرے لئے امام کی قرأت کے وقت ثناء پڑھنا کس خبر اور قیاس سے جائز ہوا؟ (مؤلف غیر مفتی بہ قول پر اعتراض کر رہا ہے) اور کس نے مقتدی کو قرأت کا فرض ادا کرنے سے منع کیا؟ (مقتدی پر قرأت نہیں انصات فرض ہے) نہ تیرے پاس کوئی خبر ہے (حالانکہ انصات کا حکم قرآن وحدیث دونوں میں ہے) نہ قیاس ہے (بلکہ اجماع ہے کہ مدرک رکوع جس نے نہ اپنی فاتحہ پڑھی، نہ امام کی سنی، وہ مدرک رکعت ہے) کئی ایک اہل مدینہ کی رائے ہے کہ نہ امام ثناء پڑھے، نہ مقتدی، نہ منفرد۔ وہ تکبیر کہہ کر قرأت کرتے ہیں تو وہ حیران ہوا اور شک میں پریشان ہوا (کہ مؤلف کو کسی مذہب کا بھی صحیح علم نہیں) اس کا حال یہ ہے کہ فرض کو نفل سے فروتر کر دیتا ہے جب کہ ظہر، عصر اور عشاء کی (آخری) دو رکعات میں قرأت کے بغیر نماز درست ہے اور نفل کی چاروں رکعات میں قرأت فرض ہے، اگر ایک رکعت میں بھی قرأت نہ کی تو نفل نہ ہوں گے اور فرض مغرب کی آخری رکعت میں قرأت نہ ہو تو درست ہے اور وتر کی آخری رکعت میں قرأت نہ ہو تو وتر درست نہیں گویا تم ادھار کھائے بیٹھے ہو کہ رسول اللہ ﷺ نے جن کو اکٹھا فرمایا تم اس کو الگ الگ کرو گے اور جس کو الگ الگ فرمایا تم اس کو اکٹھا کرو گے۔

مؤلف یہ اعتراض حضرت علیؓ، حضرت عبداللہ بن مسعودؓ، حضرت علقمہ اور حضرت ابراہیم نخعیؒ پر کر رہے ہیں۔ (مصنف عبدالرزاق ج ۲ / ص ۱۰۱ ابن ابی

http://mujahid.xtgem.com

شیبہ ج ۱ / ص ۳۷۲) یہ لوگ آخری دو رکعات میں قرأت نہیں کرتے تھے۔

(۳۸)..... وقال البخاری : وروی علی بن صالح عن الأصبهانی عن المختار بن عبد الله ابن أبی لیلی عن أبیه علی رضی الله عنه من قرأ خلف الامام فقد أخطأ الفطرة وهٰذا لا یصح لأنه لا یعرف المختار ولا یدری أنه سمعه من أبیه ام لا وأبوه من علی ولا یحتج أهل الحدیث بمثله و حدیث الزهری عن عبد الله ابن أبی رافع عن أبیه أدل وأصح۔

ترجمہ..... حضرت علیؓ فرماتے ہیں : جس نے امام کے پیچھے قرأت کی وہ دین فطرت سے بھٹک گیا۔

یہ حدیث محمد بن سلیمان أصبهانی عن عبد الرحمن الأصبهانی عن (عبد الرحمن) ابن أبی لیلی عن علی کی سند سے ابن ابی شیبہ ج ۱ / ص ۳۷۶ پر تھی ' البانی کہتا ہے : اسناد جید (ارواء الغلیل ج ۲ / ص ۲۸۲ ابن ترکمانی اسکو حسن کہتے ہیں الجواہر النقی ج ۲ / ص ۱۶۸) اسکے علاوہ مصنف عبد الرزاق ج ۲ / ص ۱۳۷ ' ۱۳۸ پر رقم ۲۸۰۱ ' ۲۸۰۵ ' ۲۸۰۶ تین سندوں سے تھی مگر مؤلف نے ان سندوں سے صرف نظر کر لیا اور ایک ضعیف سند لکھ کر میدان جیت لیا اور اعتراض کر دیا کہ مختار بن عبد اللہ بن ابی لیلی غیر معروف ہے اور معلوم نہیں کہ اس نے اپنے باپ سے سنا بھی ہے یا نہیں اور اس کے باپ نے حضرت علیؓ سے سنا ہے یا نہیں اور ایسی حدیث سے محدثین حجت نہیں لیتے ' اگرچہ اس سند پر ہمارا استدلال موقوف نہیں مگر تاہم طحاوی ج ۱ / ص ۱۶۰ پر تصریح ہے کہ مختار نے یہ حدیث بذات خود حضرت علیؓ سے سنی۔ طحاوی اور دار قطنی میں سرے سے عن أبیه کا واسطہ ہی نہیں ' تو مؤلف کا انقطاع کا شبہ ختم ہو گیا اور مختار تابعی ہے ' اس کا غیر معروف ہونا مضر نہیں پس یہ سند بھی صحیح ہوئی ' مؤلف خود تو بے سند روایات کی اپنے دلائل میں بھرمار کر رہا ہے اور مخالف پر محض بے دلیل غلط اعتراضات وارد کر

http://mujahid.xtgem.com

رہا ہے معلوم ہوتا ہے کہ قوم شعیب علیہ السلام کی طرح مؤلف کے لینے کے باٹ اور ہیں اور دینے کے اور ہیں اور مؤلف کا یہ کہنا کہ حدیث عبید اللہ اصح بھی ہے اور ادل بھی' ان کی یہ رائے صحیح نہیں اس کی بحث نمبر ا پر دیکھیں حضرت علیؓ نے کہیں نہیں فرمایا کہ جو امام کے پیچھے فاتحہ نہ پڑھے اس کی نماز نہیں ہوتی' بلکہ یہ واضح طور پر فرمایا کہ جو امام کے پیچھے قرأت کرے اس کی نماز نہیں ہوتی اور وہ فطرت سے بھٹک گیا۔

(۳۹)..... وروی داؤد بن قیس : عن ابن نجاد رجل من ولد سعد عن سعد وددت أن الذی یقرأ خلف الإمام فی فیه جمرة ۔ وھٰذا مرسل و ابن نجاد لم یعرف ولا سمی۔

ترجمہ..... حضرت سعد بن ابی وقاصؓ فرماتے ہیں میرا دل چاہتا ہے کہ جو امام کے پیچھے قرأت کرے اس کے منہ میں انگارہ ہو۔ یہ حدیث مرسل ہے ابن نجاد غیر معروف ہے' کسی نے اس کا نام ذکر نہیں کیا۔

نوٹ..... یہ حدیث موطا امام محمدؒ ص ۱۰۱ ابن ابی شیبہ ج ۱ / ص ۳۷۶ پر ہے۔ امام محمدؒ جیسے مجتہد کا اس سے استدلال کرنا اس کی صحت کی دلیل ہے' یہ مرسل بھی نہیں اور ابن نجاد کو کتاب القراءۃ ص ۱۴۹ پر ابن جاد لکھا ہے اور ذہبی نے مشتبہ ص ۶۳۱ پر اس کا نام محمد بن جاد لکھا ہے اور حضرت سعدؓ کے تمام لڑکے عالم تھے پھر تابعی غیر معروف بھی ہو تو یہ کوئی جرح نہیں' بہر حال یہ حدیث بالکل صحیح ہے۔

ولا یجوز لأحد أن یقول فی القارئ خلف الامام جمرة لان الجمرة من عذاب الله۔

ترجمہ..... کسی کو یہ کہنا جائز نہیں کہ امام کے پیچھے قرأت کرنے والے کے منہ میں انگارہ' کیونکہ یہ اللہ کا عذاب ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ

http://mujahid.xtgem.com

خدا کے عذاب سے عذاب نہ دو۔

نوٹ ..... یہ بات کہ منہ میں انگارہ ہو حضرت علقمہؒ اور اسودؒ نے بھی فرمائی ہے (عبد الرزاق ج ۲ / ص ۱۳۹، ابن ابی شیبہ ج ۱ / ص ۳۷۶) حضرت سعدؓ حضرت علقمہؒ اور حضرت اسودؒ جب اس کو جائز فرماتے ہیں تو ان کے فتویٰ کے خلاف مؤلف کی رائے کی کوئی حیثیت نہیں اور یہ عذاب دیا نہیں، دھمکی ہے، ایسی دھمکی حضور ﷺ نے تارک جماعت کو دی، تو ایسی دھمکی سنت سے ثابت ہے۔

(۴۰) ..... وقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا تعذبوا بعذاب اللہ ولا ینبغی لأحد أن یتوهم ذلك علی سعد مع إرساله وضعفه۔

ترجمہ ..... اور نبی ﷺ نے فرمایا کہ خدا کے عذاب سے عذاب نہ دو اور کسی کو زیب نہیں دیتا کہ حضرت سعدؓ کے بارے میں یہ وہم کرے جب کہ یہ روایت مرسل اور ضعیف ہے۔

(۴۱) ..... وروی أبو حیان عن سلمة بن کهیل عن إبراهیم قال فی نسخة عبد اللہ : وددت أن الذی یقرأ خلف الإمام ملئ فوه نتناً ۔ وهٰذا مرسل لا یحتج به و خالفه ابن عُون عن إبراهیم عن الأسود وقال رضفاً ولیس هٰذا من کلام أهل العلم بوجوه اما أحدها۔

ترجمہ ..... امام ابراہیم نخعیؒ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت فرماتے ہیں کہ میرا دل چاہتا ہے کہ امام کے پیچھے قرأت (فاتحہ وسورۃ) پڑھنے والے کے منہ میں گندگی ڈالی جائے اور یہ مرسل ہے حجت نہیں (حالانکہ ابراہیم نخعی کی مرسل بالاتفاق حجت ہے) اور اس کے خلاف ابن عون نے ابراہیم اور اسود سے گرم پتھر منہ میں ڈالنا روایت کیا ہے، یہ کئی وجوہ سے اہل علم کا کلام نہیں ہو سکتا۔

(۴۲) ..... قال النبی صلی اللہ علیه وسلم : لا تلا عنوا بلعنة اللہ ولا بالنار ولا تعذبوا بعذاب اللہ والوجه الآخر أنه لا ینبغی لأحد أن یتمنی أن یملأ

http://mujahid.xtgem.com

افواہ اصحاب النبی مثل عمر بن الخطاب وأبی بن کعب و حذیفة و من ذکرنا رضفاً ولا نتناً ولا تراباً والوجه الثالث : إذا ثبت الخبر عن النبی صلی الله علیه وسلم وأصحابه فلیس فی الأسود و نحوه حجة۔

ترجمہ ..... ایک تو یہ کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : نہ اللہ کی لعنت سے کسی کو لعنت کرو اور نہ اللہ کے عذاب سے کسی کو عذاب دو (یہاں تعذیب سے منع کیا نہ کہ تخویف سے۔ امام الکلام ص ۲۶۰) دوسری وجہ یہ ہے کہ کسی آدمی کو لائق نہیں کہ وہ خواہش کرے کہ وہ اصحاب رسول اللہ ﷺ کے منہ میں گندگی ' پتھر اور مٹی وغیرہ بھرے جس میں عمر بن خطابؓ ' ابی بن کعبؓ اور حذیفہؓ جیسے بزرگ بھی ہیں (ہم ان کا شمار تارکین قرأت خلف الامام میں کرتے ہیں۔ امام الکلام ص ۲۶۰) تیسری وجہ یہ ہے کہ حضور ﷺ سے حدیث ثابت ہو جائے اور صحابہؓ سے تو پھر اسودؒ " جیسے حضرات کی بات حجت نہیں۔

ان کے ساتھ کتاب ' سنت اور اجماع ہے ترک قرأت خلف الامام میں اور اس کے خلاف ایک بھی صحیح ' صریح ' مرفوع یا موقوف حدیث میں یہ نہیں کہ جو امام کے پیچھے فاتحہ نہ پڑھے اس کی نماز نہیں ہوتی۔

(۴۳) ..... وقال ابن عباس ومجاهد : لیس أحد بعد النبی صلی الله علیه وسلم الا یوخذ من قوله ویترك إلا النبی صلی الله علیه وسلم۔

ترجمہ ..... (پھر بغیر سند کے لکھتے ہیں) اور ابن عباسؓ اور مجاہدؒ " کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے علاوہ ہر شخص کی بات لی بھی جا سکتی ہے اور چھوڑی بھی جا سکتی ہے۔

(۴۴) ..... وقال حماد : وددت أن الذی یقرأ خلف الإمام ملئ فوه سکرًا۔

ترجمہ ..... اور کہا حماد نے : میری خواہش ہے کہ جو امام کے پیچھے پڑھے

http://mujahid.xtgem.com

اس کا منہ شکر سے بھر اجائے۔

یہ ایک بے سند قول ہے کیونکہ حماد ۱۲۰ھ میں فوت ہوئے اور امام بخاریؒ اس کے پندرہ سال بعد (۱۹۴ھ) میں پیدا ہوئے لیکن یہاں کوئی اعتراض نہیں فرمایا۔ پھر شکر بھرنے سے بھی منہ بند ہو جائے گا قرأت کیسے ہو گی؟ اور اس میں فاتحہ کا لفظ بھی نہیں۔

(۴۵)..... وقال البخاری : وروی عمرو بن موسیٰ بن سعد عن زید بن ثابت قال : من قرأ خلف الإمام فلاصلاۃ له یعرف لهٰذا الإسناد سماع بعضهم من بعض ولا یصح مثله۔

ترجمہ..... جامع القرآن حضرت زید بن ثابتؓ فرماتے ہیں : جسنے امام کے پیچھے قرأت کی (فاتحہ یا سورۃ پڑھی) اس کی نماز نہیں ہوتی۔ اس کی سند کے راویوں کا سماع ایک دوسرے سے ثابت نہیں' اس قسم کی حدیث صحیح نہیں ہوتی۔

یہ روایت موطا امام محمد ص ۱۰۲' عبد الرزاق ج ۲ / ص ۱۳۷' ابن ابی شیبہ ج ۱ / ص ۳۷۶ پر ہے۔ امام محمدؒ نے اس سے احتجاج کیا ہے۔ اس لئے یہ صحیح ہے اور عبد الرزاق میں حدثنی موسیٰ بن سعید سے تحدیث کی صراحت ہے اور موطا محمد میں موسیٰ بن سعید سے یحدثه عن زید بن ثابت میں صاف سماع کی تصریح ہے' یہ دونوں کتابیں مؤلف کے دادا استادوں کی ہیں پھر بھی محض بے دلیل بلکہ خلاف دلیل سماع کا انکار کر رہے ہیں۔

(۴۶)..... وکان سعید بن المسیب وعروۃ والشعبی وعبید الله بن عبد الله و نافع ابن جبیر وأبو المليح والقاسم بن محمد وأبو مجلز و مكحول ومالك ابن عون وسعید بن أبی عروبة یرون القراءۃ و کان أنس و عبد الله بن یزید الأنصاری یسبحان خلف الإمام۔

ترجمہ..... اور سعید بن مسیّب عروہ' شعبی' عبید اللہ بن عبد اللہ' نافع

http://mujahid.xtgem.com

بن جبیر ' ابو الملیح ' قاسم بن محمد ' ابو مجلز ' مکحول ' مالک بن عون اور سعید بن ابی عروبہ کی رائے تھی کہ قرأت ہونی چاہئے (ان میں سے ایک سے بھی امام بخاریؒ کا سماع ثابت نہیں، نہ یہاں فاتحہ کا لفظ ہے ' نہ خلف الامام کا نہ فرضیت کا بلکہ ان میں سے بعض تارکین قرأت ہیں) حضرت انسؓ اور عبد اللہ بن یزیدؓ انصاری امام کے پیچھے سبحان اللہ کہتے رہتے۔

(۴۷)..... **وروی سفیان بن حسین : عن الزهری عن مولی جابر بن عبد الله قال لی جابر بن عبد الله رضی الله عنه : اقرأ فی الظهر والعصر خلف الإمام وروی سفیان بن حسین وقال ابن الزبیر مثله۔**

ترجمہ..... حضرت جابرؓ نے کہا : امام کے پیچھے ظہر اور عصر میں قرأت کر اور اسی طرح ابن زبیرؓ نے کہا۔

اس کی سند میں سفیان بن حسین عن زہری ہے ' امام بخاری کے تین استاد امام احمدؒ یحیی بن سعید یحییٰ بن معینؒ فرماتے ہیں کہ سفیان بن حسین زہری کی روایت میں نہایت ضعیف اور کمزور ہے (میزان الاعتدال) خود زہری مدلس ہے اور یہ عنعنہ ہے اور مولی جابر خود مجہول ہے ' خود امام بخاریؒ کا سماع سفیان بن حسین سے نہیں ' پھر اس میں نہ فاتحہ کا ذکر اور نہ نماز نہ ہونے اور اس کی فرضیت کا ذکر۔ امام بخاریؒ نے نامعلوم حضرت جابرؓ کے صحیح ترین اثر کو یہاں کیوں نہ لکھا ؟ **من صلی رکعة لم یقرأ فیها بأم القرآن فلم یصل الا أن یکون وراء الامام** (موطا امام مالک ' موطا امام محمد ' قال الترمذیؒ حسن صحیح) اس سے امام مالکؒ اور امام محمدؒ نے احتجاج کیا ہے اور دوسرا صحیح السند قول ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا : **لا یقرؤا خلف الإمام** کہ امام کے پیچھے کوئی شخص قرأت نہ کرے۔ (مصنف ابن ابی شیبہ ج ۱ / ص ۳۷۶) بلکہ پہلے قول کو امام طحاویؒ نے مرفوعاً بھی روایت کیا ہے اور مرفوع کرنے والا یحییٰ بن سلام ثقہ روای ہے۔

http://mujahid.xtgem.com

حضرت عبداللہ بن عمرؓ :۔

(۴۸)..... قال لنا أبو نعيم : حدثنا الحسن بن أبي الحسناء حدثنا أبو العالية فسألت ابن عمر بمكة ؟ اقرأ في الصلاة ؟ قال : إني لأستحيي من رب هٰذه البنية أن أصلي صلاة لا أقرأ فيها ولو بأم الكتاب۔

ترجمہ ..... حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے مکہ مکرمہ میں سوال کیا گیا کہ کیا نماز میں قرأت کروں ؟ فرمایا : مجھے اس گھر کے رب سے شرم آتی ہے کہ میں نماز پڑھوں اور اس میں قرآن نہ پڑھوں اگرچہ ام الکتاب ہو۔

اس سند میں نہ بخاریؒ کا سماع ابو نعیم سے ہے اور ابن ابی الحسناء بھی غیر معروف ہے اس میں نہ فاتحہ کا ذکر نہ خلف الامام کا' بلکہ معلوم ہوا کہ فاتحہ فرض نہیں اور امام بخاریؒ نے خود جزء بخاری میں لکھا ہے کہ علی بن مدینی نے عبداللہ بن عمر کو تارکین قرأت میں شامل کیا ہے۔

(۴۹)..... وقال عبد الرحمن بن عبد الله بن سعد الرازي : أخبرنا أبو جعفر عن يحيى البكاء سئل ابن عمر عن القراءة خلف الامام فقال ما كانوا يرون بأسا أن يقرأ بفاتحة الكتاب في نفسه۔

ترجمہ ..... حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے قرأت خلف الامام کے بارے میں پوچھا گیا' فرمایا کہ فاتحہ دل میں سوچ لینے میں لوگ زیادہ حرج نہیں سمجھتے ہیں۔

(۵۰)..... وقال الزهري : عن سالم بن عبد الله بن عمر : ينصت للامام فيما جهر۔

ترجمہ ..... اور زہری نے کہا : سالم سے روایت ہے کہ جب امام جہراً پڑھے تو خاموش رہے۔

ان دونوں روایتوں میں نہ بخاریؒ کا سماع عبدالرحمٰن سے ہے اور نہ زہری سے' اس لئے دونوں ضعیف ہیں۔ البتہ یہ بھی ثابت ہوا کہ صحابہ میں سے کوئی بھی

http://mujahid.xtgem.com

قرأت خلف الامام کو فرض واجب سنت بلکہ مستحب بھی نہ سمجھتا تھا۔ زیادہ سے زیادہ لاباس کی مد میں رکھتے تھے جیسا کہ حدیث میں لاباس ببول مایوکل لحمہ ہے کہ حلال جانور کے پیشاب میں زیادہ حرج نہیں ' حضرت امام بخاریؒ خانہ پری کے لئے ایسے بے سند اقوال جمع کر رہے ہیں جو نہ سنداً صحیح ہیں ' نہ ان میں مقتدی پر فاتحہ کے فرض ہونے کی صراحت ہے۔ مگر موطا میں سنہری سند سے جو حضرت عبداللہ بن عمرؓ کا ارشاد ہے کہ جب ان سے سوال کیا جاتا کہ کیا امام کے پیچھے کوئی نمازی قرأت کر سکتا ہے ؟ تو وہ اس کے جواب میں ارشاد فرمایا کرتے تھے کہ جب کوئی امام کی اقتداء کرے تو اس کے لئے امام ہی کی قرأت کافی ہے اور جب کوئی اکیلا نماز پڑھے تو اس کو خود قرأت کرنی چاہئے اور ابن عمرؓ امام کے پیچھے قرأت نہیں کیا کرتے تھے۔ (موطا امام مالک) امام قاسم بن محمدؒ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ امام کے پیچھے قرأت نہیں کرتے تھے خواہ امام جہر سے قرأت کرتا یا آہستہ۔ (کتاب القراءۃ ص ۱۳۶) امام بخاریؒ ان صحیح روایات کے مقابلہ میں ابو جعفر رازی جیسے متکلم فیہ کی مبہم روایت پیش فرما رہے ہیں۔ ابن عمرؓ کے مزید ارشادات من صلی خلف الإمام کفتہ قراءتہ (موطا محمد ص ۹۴) تکفیك قراءۃ الإمام (عبدالرزاق ج ۲ / ص ۱۴۰) کان ینھی من القراءۃ خلف الامام (ایضاً ج ۲ / ص ۱۴۰) یہ سب اقوال امام بخاریؒ کے سامنے تھے مگر نظر انداز کر دیئے ہیں۔

حضرت عمرؓ :۔

(۵۱)..... حدثنا محمود حدثنا البخاری قال وقال لنا محمد بن یوسف حدثنا سفیان عن سلیمان الشیبانی عن جواب التیمی عن یزید بن شریك قال سألت عمر بن الخطاب : أقرأ خلف الأمام ؟ قال نعم قلت وإن قرأت یا أمیر المومنین ؟ قال وإن قرأت۔

ترجمہ..... یزید بن شریک فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمرؓ سے سوال

http://mujahid.xtgem.com

کیا: کیا میں امام کے پیچھے قرأت کر سکتا ہوں؟ فرمایا: ہاں پوچھا اگرچہ آپ پڑھ رہے ہوں؟ فرمایا اگرچہ میں پڑھ رہا ہوں۔

یہ روایت ابن ابی شیبہ ج ۱/ص ۳۷۳ پر اور عبد الرزاق ج ۲/ص ۱۳۱ پر ہے۔ ابن ابی شیبہ نے اس پر وجوب کا باب نہیں باندھا بلکہ من رخص فی القراءۃ خلف الامام باندھا ہے پھر ج ۱/ص ۳۷۶ پر ہے کہ حضرت عمرؓ نے حضرت نافع اور انس بن سیرین کو فرمایا: تکفیك قراءۃ الإمام تجھے امام کی قرأت کافی ہے' اس پر باب من کرہ القراءۃ خلف الأمام باندھا ہے تو رخصت ختم ہو گئی اور کراہت باقی رہی۔ عبد الرزاق نے بھی ج ۲/ص ۱۳۸ پر لکھا ہے قال عمر بن الخطاب و ددت عن الذی یقرأ خلف الإمام فی فیه حجر کہ میری خواہش ہے کہ جو امام کے پیچھے قرأت کرے اس کے منہ میں پتھر ہو' پھر ج ۲/ص ۱۳۹ پر حضرت موسیٰ بن عقبہ سے روایت کیا ہے کہ بے شک نبی ﷺ حضرت ابو بکرؓ' حضرت عمرؓ اور حضرت عثمانؓ سب امام کے پیچھے قرأت سے منع فرمایا کرتے تھے۔ اسی طرح امام محمدؒ نے بھی کتاب الحجہ ج ۲/ص ۱۲۱ پر پڑھنے والے کے منہ میں پتھر والی روایت نقل فرمائی ہے اور اس سے احتجاج کیا ہے' معلوم نہیں کہ امام بخاریؒ نے ان روایات کو کیوں نظر انداز فرما دیا اور ایک ضعیف اور مبہم روایت کو نقل کر دیا جواب راوی کو ابو نمیر نے ضعیف اور فسوی نے شیعہ کہا ہے۔

(۵۲) ..... حدثنا محمود حدثنا البخاری : قال حدثنا مالك بن اسماعیل قال حدثنا زیاد البکائی عن أبی فروۃ عن أبی المغیرۃ عن أبی ابن کعب رضی الله عنه أنه کان یقرأ خلف الإمام۔

ترجمہ ..... ابو مغیرہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابی بن کعبؓ امام کے پیچھے قرأت کرتے تھے۔

(۵۳) ..... حدثنا محمود قال قال البخاری وقال لی عبید الله حدثنا

http://mujahid.xtgem.com

اسحٰق بن سلیمان عن أبی سنان عبد الله بن الهذیل قال قلت لأبی بن کعب : أقرأ خلف الإمام ؟ قال : نعم۔

ترجمہ ..... عبداللہ بن ہذیل نے ابی بن کعبؓ کو کہا : کیا میں امام کے پیچھے قرأت کروں؟ فرمایا : ہاں۔

پہلی سند میں زیاد بکائی ہے ' امام بخاریؒ کے استاد ابن المدینی اس کو ضعیف کہتے ہیں ۔ (میزان) اور دوسرے استاد یحییٰ بن معین بھی اسے ضعیف کہتے ہیں (تہذیب) دوسری سند میں ابو سنان سے پہلے ایک راوی ابو جعفر رازی کا واسطہ گرا دیا گیا ہے ' جب بیہقی ج ۲ / ص ۱۶۹ پر یہ واسطہ ہے۔ امام بخاریؒ کے استاد امام احمدؒ اور امام ابن مدینیؒ اس کو ضعیف کہتے ہیں۔ (میزان) عبدالرزاق میں اس میں ظہر ' عصر کا ذکر ہے (ج ۲ / ص ۱۳۰) مگر وہ سند بھی یحییٰ بن العلاء کی وجہ سے ضعیف ہے ' پھر اس میں نہ فاتحہ کا ذکر نہ فرضیت کا۔

(۵۴).....حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال وقال لنا آدم حدثنا شعبة حدثنا سفیان بن حسین سمعت الزهری عن ابن أبی رافع عن علی ابن أبی طالب رضی الله عنه أنه کان یامر ویحب أن یقرأ خلف الإم فی الظهر و العصر بفاتحة الکتاب وسورة وسورة وفی الأخریین بفاتحة الکتاب۔

ترجمہ ..... حضرت علی رضی اللہ عنہ امر فرماتے اور پسند فرماتے کہ ظہر اور عصر میں امام کے پیچھے فاتحہ اور سورۃ پہلی دو رکعات میں اور فاتحہ پچھلی دو رکعات میں پڑھی جائے۔

یہ ضعیف ہے اس کی سند کا حال نمبر ا کے تحت گزر چکا ہے۔

(۵۵)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال وقال لنا إسماعیل بن أبان حدثنا شریك عن أشعث بن أبی الشعناء عن أبی مریم سمعت ابن

http://mujahid.xtgem.com

مسعود رضی اللہ عنہ یقرأ خلف الإمام۔

ترجمہ..... ابو مریم کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کو امام کے پیچھے قرأت کرتے سنا۔

اس میں فاتحہ کا لفظ نہیں ہے اور سننے کا لفظ ہے کہ امام کے پیچھے بلند آواز سے قرأت کی ' اس کے آپ بھی قائل نہیں۔ معلوم نہیں امام بخاریؒ نے اس روایت میں اختصار کیوں فرمادیا جب کہ ان کے استاد نے مکمل روایت لکھی تھی کہ ابو مریم کہتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے پہلو میں کھڑا تھا کہ انہوں نے بعض امراء کے پیچھے ظہر اور عصر میں قرأت کی۔ (ابن ابی شیبہ ج ۱ / ص ۳۷۳) اور امام بخاریؒ کے دادا استاد عبدالرزاقؒ نے یہ تاریخی حقیقت بیان کردی تھی کہ امام ابراہیم نخعی تابعیؒ فرماتے تھے کہ پہلے کوئی بھی امام کے پیچھے قرأت نہ کرتا تھا یہاں تک کہ ابن زیاد آگیا ' تو لوگوں کو بتایا گیا کہ یہ سری نمازوں میں (امام بن کر بھی) قرأت نہیں کرتا تو لوگوں نے اس کے پیچھے (سری نمازوں میں) قرأت شروع کردی (عبدالرزاق ج ۱ / ص ۱۴۱) اس سے معلوم ہوا کہ جن صحابہؓ و تابعینؒ سے سری نمازوں میں فاتحہ و سورۃ پڑھنے کا ذکر ملتا ہے اس کی وجہ یہ تھی کہ بعض امراء امامت کراتے اور سری نمازوں میں امام بن کر بھی قرأت نہ کرتے تو مقتدیوں کی طرف سے بھی ادا نہ ہوتی ' تو ایسے امراء کے پیچھے مقتدی خود قرأت کرلیتے۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے اگرچہ ابن زیاد کی امارت کا زمانہ نہیں پایا مگر بعض امراء پہلے بھی ایسے ہوئے ہوں گے ' ورنہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ تو قرأت خلف الامام کو قرآن کی مخالفت ' کم فہمی اور بے عقلی سمجھتے تھے۔ حضرت ابو وائل فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے قرأت خلف الامام کے بارے میں سوال کیا گیا تو فرمایا: انصت فان فی الصلاۃ شغلا وسیکفیك الامام ذلك یعنی خاموش رہ نماز میں مشغولیت ہے ' تجھے امام کی قرأت کافی ہے حضرت

http://mujahid.xtgem.com

علقمہؒ بن قیسؒ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نہ جہری نمازوں میں میں امام کے پیچھے قرأت کرتے تھے نہ سری نمازوں میں۔ (کتاب الحجہ ج ۱ / ص ۱۱۹) امام بخاریؒ کے دادا استاد امام محمدؒ نے ان آثار سے احتجاج فرمایا ہے اور ترک قرأت خلف الامام تو اصحاب عبداللہ بن مسعودؓ میں متواتر تھا۔ مالک بن عمارہؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے کتنے ہی ساتھیوں سے پوچھا' سب کہتے تھے کہ امام کے پیچھے قرأت نہ کی جائے۔ (ابن ابی شیبہ ج ۱ / ص ۳۷۷) اور امام ابو اسحٰق بھی فرماتے ہیں کہ عبداللہ بن مسعودؓ کے اصحاب امام کے پیچھے قرأت نہیں کرتے تھے۔ (عبدالرزاق ج ۲ / ص ۱۴۰) یہ سب روایات امام بخاریؒ کے سامنے تھیں مگر معلوم نہیں کس وجہ سے ان کو نظر انداز فرمادیا گیا؟

(۵۶)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال وقال لنا محمد بن یوسف عن سفیان وقال حذیفة یقرأ

ترجمہ..... سفیان کہتے ہیں: حذیفہ نے کہا: قرأت کی جائے۔

نہ سفیان کا حذیفہ سے سماع ثابت ہے نہ اس میں فاتحہ کا ذکر' نہ خلف الامام کا ذکر بلکہ سفیان کا عمل اس کے خلاف ہے۔ امام بخاریؒ محض خانہ پری فرمارہے ہیں۔

(۵۷)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال وقال لنا مسدد حدثنا یحییٰ بن سعید عن العوام بن حمزة المازنی حدثنا ابو نضرة قال سألت أبا سعید عن القراءة خلف الإمام فقال: فاتحة الکتاب۔

ترجمہ..... ابو نضرۃ کہتے ہیں میں نے ابو سعید خدریؓ سے قرأت خلف الامام کے بارے میں پوچھا' آپؓ نے فرمایا: سورۃ فاتحہ۔

اس کی سند میں عوام بن حمزہ ہے' امام بخاریؒ کے استاد امام یحییٰؒ فرماتے تھے کہ اس کی حدیث محض ہیچ ہے۔ (میزان ج ۲ / ص ۳۰۸) دوسرے استاد امام احمدؒ فرماتے تھے کہ، یہ صاحب مناکیر تھے۔ (تہذیب ج ۸ / ص ۱۶۳) اس ضعیف

http://mujahid.xtgem.com

روایت کو تو امام بخاریؒ نے لے لیا مگر دوسری روایت جو ان کے استاد نے لکھی تھی اس کو نظر انداز فرمادیا۔ ابو ہارون کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو سعید خدریؓ سے قرأت خلف الامام کے بارے میں پوچھا تو آپؓ نے فرمایا: تجھے امام کی قرأت کافی ہے (ابن ابی شیبہ ج ۱/ص ۳۷۷)

(۵۸)..... وقال ابن علية : عن ليث عن مجاهد إذا نسي فاتحة الكتاب لا تعد تلك الركعة۔

ترجمہ ..... مجاہد رحمہ اللہ کہتے تھے اگر فاتحہ بھول جائے تو اس رکعت کو دہرایا نہ جائے۔

لیث متکلم فیہ ہے اور یہ اثر مؤلف کے خلاف ہے۔

(۵۹)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا عبد الله بن منير سمع يزيد بن هارون قال حدثنا زياد وهو الجصاص قال حدثنا الحسن قال حدثني عمران بن حصين قال : لا تزكوا صلاة مسلم إلا بطهور وركوع وسجود وزاء الإمام و إن كان وحده بفاتحة الكتاب وآيتين وثلاث۔

ترجمہ ..... حضرت عمران بن حصینؓ نے فرمایا کہ مسلمان کی نماز بغیر پاکیزگی اور رکوع، سجود کے امام کے پیچھے نہیں ہوتی، ہاں جب اکیلا ہو تو سورۃ فاتحہ اور دو تین آیات بھی پڑھے

اس کی سند میں الجصاص ہے، امام بخاریؒ کے استاد ابن معینؒ اور ابن مدینیؒ اس کو ضعیف کہتے ہیں۔ (تہذیب ج ۳/ص ۳۶۸) اس میں امام کے پیچھے فاتحہ کی فرضیت اور سورۃ کی حرمت کا ذکر نہیں۔

(۶۰) ..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال وقال لنا ابن سيف حدثنا إسرائيل قال حدثنا حصين عن مجاهد سمعت عبد الله بن عمرو يقرأ خلف الامام۔

http://mujahid.xtgem.com

ترجمہ ..... مجاہدؒ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عبد اللہ بن عمرؓو کو امام کے پیچھے قرأت کرتے سنا۔

شعبہ اور اعمش نے اس میں نماز ظہر کا ذکر کیا ہے اور ابو بشر نے بتایا ہے کہ سورۂ مریم پڑھی تھی (بیہقی ج ۲ / ص ۱۸۲) ابن ابی شیبہ ج ۱ / ص ۳۷۳ پر بھی سورۂ مریم پڑھنے کا ذکر ہے' امام بخاریؒ نے نا معلوم کیوں اختصار فرمادیا۔

(۶۱)..... وقال حجاج : حدثنا حماد عن يحيى بن أبى إسحٰق عن عمرو ابن أبى سحيم البهزى عن عبد الله بن مغفل أنه كان يقرأ فى الظهر والعصر خلف الإمام فى الأوليين بفاتحة الكتاب وسورتين وفى الأخريين بفاتحة الكتاب۔

ترجمہ ..... حضرت عبد اللہ بن مغفلؓ سے روایت ہے کہ وہ ظہر اور عصر کی پہلی دو رکعات میں امام کے پیچھے فاتحہ اور دو سورتیں پڑھتے اور آخری دو رکعات میں فاتحہ پڑھتے۔

یہ روایت ابن ابی شیبہ ج ۱ / ص ۳۷۱ پر بھی ہے۔ راوی عمرو بن ابی سحیم کی توثیق ثابت نہیں ہے۔

(۶۲)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخارى قال حدثنا عبد الله بن منير سمع يزيد بن هارون حدثنا محمد بن إسحٰق عن يحيى بن عباد بن عبد الله بن زبير عن أبيه عن عائشة رضى الله عنها قالت : سمعت رسول الله صلى الله وسلم يقول : من صلى صلاة لم يقرأ فيها بأم القرآن فهى خداج ثم هى خداج۔

ترجمہ ..... حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا روایت فرماتی ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے سنا' فرماتے تھے جس نے نماز میں فاتحہ نہ پڑھی اس کی نماز ناقص ہے ناقص ہے۔

http://mujahid.xtgem.com

اس کی سند میں محمد بن اسحاق کا عنعنہ ہے جو بالاتفاق ضعف کی دلیل ہے اور مقتدی کا بھی ذکر نہیں

(۶۳)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا شجاع بن الولید قال حدثنا النضر قال حدثنا عکرمة قال حدثنی عمرو بن سعد عن عمرو بن شعیب عن جده قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم تقرؤن خلفی ؟ قالوا : نعم إنا لنهذ هذًا قال : فلا تفعلوا إلابأم القرآن۔

ترجمہ..... حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے صحابہؓ کرام سے فرمایا تم میرے پیچھے قرأت کرتے ہو؟ انہوں نے عرض کیا' ہم جلدی جلدی پڑھ لیتے ہیں۔ فرمایا کچھ نہ پڑھا کرو مگر فاتحہ۔

اس سند میں تین راوی مدلس ہیں اس لئے ضعیف ہے۔

(۶۴)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا احمد بن خالد قال حدثنا محمد بن اسحاق عن مکحول عن محمود بن الربیع عن عبادة بن الصامت رضی الله عنه قال : صلی النبی ﷺ صلاةً جهر فیها فقرأ رجل خلفه فقال لا یقرأنّ أحد کم والامام یقرأ إلابأم القرآن۔

ترجمہ..... حضرت عبادہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھائی جس میں اونچی آواز سے قرأت کی' ایک آدمی نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے قرأت کی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب امام قرأت کر رہا ہو تو کچھ نہ پڑھو مگر فاتحہ۔

اس حدیث کو امام بخاریؒ کے استاد نے باب من رخص فی القراءة خلف الإمام میں ذکر کیا ہے کہ اس سے وجوب نہیں رخصت نکلتی ہے۔ (ابن ابی شیبہ ج ۱ / ص ۳۷۳) مگر امام بخاریؒ کے دوسرے استاد امام احمدؒ نے اس حدیث کو معلول قرار دیا ہے۔ (فتاویٰ ابن تیمیہ ج ۲ / ص ۱۵۰) امام مالکؒ' امام ابو حنیفہؒ' امام

http://mujahid.xtgem.com

ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ میں سے کسی نے بھی احکام میں محمد بن اسحاق سے حدیث نہیں لی اور مکحول کا سماع بھی محمود بن ربیع سے ثابت نہیں۔

(۷۵)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا صدقة بن خالد حدثنا زید بن واقد عن حزام بن حکیم و مکحول عن ربیعة الأنصاری عن عبادة بن الصامت رضی الله عنه وکان علی إیلیاء فابطأ عبادة عن صلاة الصبح فاقام ابو نعیم الصلاة وکان اول من اذن ببیت المقدس فجئت مع عبادة حتی صف الناس و ابو نعیم یجهر بالقراء ة فقرأ عبادة بأم القرآن حتی فهمتها منه فلما انصرف قلت سمعتك تقرأبام القرآن ' فقال : نعم صلی بنا النبی صلی الله علیه وسلم بعض الصلوات التی یجهر فیها بالقرآن فقال : لایقرأن أحد کم إذا جهر بالقراء ة إلابأم القرآن۔

ترجمہ..... ربیعہ انصاری سے روایت ہے کہ عبادہؓ جب ایلیاء میں تھے تو ایک دن صبح کی نماز میں دیر سے پہنچے تو ابو نعیم نے جماعت شروع کرادی ' یہ ابو نعیم وہی ہیں جنہوں نے بیت المقدس میں سب سے پہلے اذان کہی ' میں حضرت عبادہؓ کے ساتھ آیا یہاں تک کہ صف میں شامل ہوئے اور ابو نعیم بلند آواز سے قرأت کر رہے تھے ' حضرت عبادہؓ نے پیچھے فاتحہ پڑھی ' میں اچھی طرح سمجھ رہا تھا۔ جب نماز سے فارغ ہوئے تو میں نے کہا : میں نے سنا کہ آپ فاتحہ پڑھ رہے تھے ' فرمایا : ہاں، آنحضرت ﷺ نے ہمیں جہری نماز پڑھائی اور فرمایا جب امام جہر کرے تو کچھ نہ پڑھو مگر فاتحہ۔

یہ حدیث بھی بالکل ضعیف ہے ' ہاں اس سے معلوم ہوا کہ دور صحابہؓ و تابعین میں کوئی جانتا بھی نہ تھا کہ امام کے پیچھے بھی فاتحہ پڑھی جاتی ہے اسی لئے یہ نیا کام سمجھ کر ربیعہ نے عبادہ سے پوچھا اور یہ بھی معلوم ہوا کہ حضرت عبادہؓ نے

http://mujahid.xtgem.com

اگرچہ فاتحہ پڑھی مگر وہ بھی اس کو واجب نہیں جانتے تھے ورنہ حضرت ربیعہ سے فرماتے کہ تم نے فاتحہ نہیں پڑھی اس لئے تمہاری نماز نہیں ہوئی' دوبارہ پڑھو۔ بہر حال نہ دلیل ثابت ہے' نہ ہی دلالت وجوب پر۔

(٦٦)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا عتبة بن سعید عن إسماعیل عن الأوزاعی عن عمرو بن شعیب عن أبیه عن عبادة بن الصامت رضی الله عنه قال قال النبی صلی الله علیه وسلم لأصحابه : تقرؤن القرآن إذا کنتم معی فی الصلاة ؟ قالوا : نعم یا رسول الله نهذهذًا قال : فلاتفعلوا إلا بأم القرآن۔

ترجمہ..... حضرت عبادہؓ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے صحابہؓ سے فرمایا : کیا تم میرے ساتھ ساتھ نماز میں قرأت کرتے ہو ؟ انہوں نے کہا : ہاں یا رسول اللہ ! ہم جلدی جلدی پڑھ لیتے ہیں' فرمایا : کچھ نہ پڑھو مگر سورۃ فاتحہ۔

یہ حدیث بھی معلول ہے۔

(٦٧)..... حدثنا محمودقال حدثنا البخاری قال حدثنا عبدان قال حدثنا یزید بن زریع قال حدثنا خالد عن أبی قلابة عن محمد بن أبی عائشة عمن شهد ذاك قال صلی النبی صلی الله علیه وسلم فلما قضی صلاته قال : أتقرؤن والإمام یقرأ ؟ قالوا إنا لنفعل قال : فلا تفعلوا إلا أن یقرأ أحدکم بفاتحة الکتاب فی نفسه۔

ترجمہ..... ایک صحابیؓ بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے نماز پڑھائی اور نماز کے بعد پوچھا کہ جب امام قرأت کرتا ہے تو کیا تم بھی اس کے ساتھ قرأت کرتے ہو ؟ انہوں نے کہا ہم کر لیتے ہیں۔ فرمایا : کچھ نہ پڑھا کرو مگر فاتحہ دل ہی دل میں۔

اس کی سند میں خالد متغیر الحفظ ہے ابو قلابہ مدلس ہے اور اس کی دلالت بھی

http://mujahid.xtgem.com

اباحت پر ہے' وہ بھی باقی نہ رہی۔

(۶۸) ..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا یحییٰ بن صالح قال حدثنا فلیح عن ھلال عن عطاء بن یسار عن معاویة بن الحکم السلمی رضی اللہ عنه قال : دعانی النبی صلی اللہ علیه وسلم فقال : إنما الصلاة لقراء ة القرآن ولذکر اللہ ولحاجة المرء إلی ربه فإذا کنت فیھا فلیکن ذلك شانك۔

ترجمہ ..... حضرت معاویہ بن حکم سلمیؓ کہتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے بلا کر فرمایا : نماز میں قرأت قرآن' اللہ کے ذکر اور اللہ کے سامنے لحاجت کے لئے ہوتی ہے' پس نماز میں یہی کچھ کر (اور باتیں نہ کیا کر)۔

(۶۹) ..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا موسیٰ قال حدثنا أبان قال حدثنا یحییٰ بن أبی کثیر عن ھلال بن أبی میمونه حدثه أن عطاء بن یسار حدثه عن معاویة بن الحکم حدثه قال : صلیت مع النبی صلی اللہ علیه وسلم فقال : إن ھذه الصلاة لا یصلح فیھا شیئ من کلام الناس انما ھی التکبیر والتسبیح والتحمید وقراء ة القرآن أو کما قال : رسول اللہ علیه وسلم۔

ترجمہ ..... حضرت معاویہ بن حکمؓ فرماتے ہیں کہ میں نے آنحضرت ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ نماز میں لوگوں سے باتیں کرنا ٹھیک نہیں' یہ تو تسبیحات' تحمیدات اور قرأت قرآن کا نام ہے یا جس طرح آپ ﷺ نے فرمایا۔

(۷۰) ..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا مسدد قال حدثنا یحییٰ عن الحجاج قال حدثنا یحییٰ بن أبی کثیر عن ھلال عن عطاء بن یسار عن معاویة بن الحکم رضی اللہ عنه قال صلیت مع النبی

http://mujahid.xtgem.com

صلى الله عليه وسلم فعطس رجل فقلت : يرحمك الله فرماني القوم بأبصار هم فقلت : وآثكل اماه ماشانى ؟ فجعلوا يضربون بأيديهم على أفخاذ هم فعرفت أنهم يصمتونى فلما صلى' بأبى وأمى ماضربنى ولا نهرنى ولا سبنى فقال:إن الصلاة لا يحل فيها شيئ من كلام الناس إنما هو التسبيح والتكبير وقراءة القرآن أو كما قال : قال قلت' إنا حديث عهد بجاهلية ومنا قوم يأتون الكهان قال : فلا تأتو ها قلت : ويتطيرون قال : ذاك شيئ يجدونه فى صدورهم فلا يصدنهم قلت : ويخطون قال كان نبى يخط فمن وافق خطه فذاك قلت جارية ترعى غنما لى قبل أحد والجوانية إذا طلعت فإذا الذئب قد ذهب بشاة وأنا رجل من بنى آدم آسف كما يأسفون صككتها صكة فعظم على النبى صلى الله عليه وسلم فقلت : ألا أعتقها ؟ فقال : ائتنى بها فجئت بها فقال : أين الله ؟ قالت فى السماء فقلت من أنا قال أنت رسول الله قال : اعتقها فإنها مومنة۔

ترجمہ..... حضرت معاویہ بن حکمؓ فرماتے ہیں کہ میں آنحضرت ﷺ کے ساتھ نماز پڑھ رہا تھا کہ ایک آدمی کو چھینک آئی میں نے (نماز میں ہی) کہا: اللہ تجھ پر رحم کرے' تو لوگ مجھے گھورنے لگے۔ میں نے کہا: تمہاری مائیں تمہیں گم پائیں' میں نے کیا کیا ہے ؟ تب دوسرے صحابہؓ نے اپنے ہاتھ اپنی رانوں پر مارے' میں سمجھا چپ کرا رہے ہیں جب نماز سے فارغ ہوئے تو میرے ماں باپ آنحضرت ﷺ پر قربان ہوں' آپ ﷺ نے مجھے مارا نہ ڈانٹا نہ گالی دی بلکہ فرمایا نماز میں لوگوں سے باتیں کرنا درست نہیں' یہ تو تسبیح' تکبیر اور قرأت قرآن ہے یا اسی کے لگ بھگ فرمایا۔ میں نے کہا: ہماری قوم ابھی نئی نئی مسلمان ہوئی ہے' ہم میں سے لوگ کاہنوں کے پاس جاتے ہیں۔ فرمایا: نہ جایا کرو۔ پھر میں نے کہا کہ وہ شگون لیتے ہیں۔ فرمایا: یہ لوگوں کے دلوں کے توہمات ہیں۔ اس شگون کی وجہ سے کام کرنے

http://mujahid.xtgem.com

سے مت رکو۔ میں نے کہا: وہ خط بھی کھینچتے ہیں۔ فرمایا: ایک نبی خط کھینچا کرتے تھے' تو کوئی خط اس کے موافق ہو جاتا ہے۔ میں نے کہا: میری ایک لونڈی احد اور جوانیہ پہاڑ کی طرف بکریاں چراتی تھی کہ ایک بھیڑیا آیا اور ایک بکری لے گیا' میں بھی انسان ہوں مجھے افسوس ہوا تو میں نے لونڈی کو تھپڑ مارا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات سخت ناگوار گزری تو میں نے کہا: میں اسے آزاد نہ کر دوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اسے میرے پاس لاؤ۔ میں لے آیا تو آپ ﷺ نے اس سے پوچھا اللہ کہاں ہے؟ اس نے کہا آسمان پر۔ پھر پوچھا میں کون ہوں؟ کہنے لگی: اللہ کے رسول ﷺ، فرمایا: اسے آزاد کر دو' یہ مومنہ ہے۔

فائدہ..... حضرت امام بخاریؒ سے پہلے کسی مجتہد نے اس حدیث کو وجوب فاتحہ خلف الامام کے لئے پیش نہیں کیا' نہ ہی اس حدیث کا اس مسئلہ سے کوئی تعلق ہے یہ ہر شخص جانتا ہے کہ نماز میں قرأت فاتحہ اور سورۃ دونوں کو کہتے ہیں تو کیا امام بخاریؒ روایت نمبر ۶۳، ۶۴، ۶۵، ۶۶ میں تو لکھ کر آئے ہیں کہ فاتحہ کے علاوہ نہ پڑھو اور یہاں ساری قرأت کا ذکر ہے اگر ان احادیث سے حدیث کی تخصیص کریں تو دوسری احادیث کے مطابق یہ صاف بات کیوں تسلیم نہیں کی جاتی کہ جس طرح خطبہ کے بغیر جمعہ نہیں ہوتا مگر خطیب کا کام خطبہ کی قرأت اور باقی کا کام انصات ہے اور سب کی طرف سے خطبہ ادا ہو گیا۔ اسی طرح نماز میں قرأت ہے مگر امام کا کام قرأت ہے اور مقتدیوں کا کام انصات ہے' اس طرح قرأت سب کی طرف سے ادا ہو گئی:۔

نوٹ..... نمبر ۶۷ کی سند میں فلیح ضعیف ہے اور نمبر ۶۸، ۶۹ دونوں سندوں میں یحییٰ بن ابی کثیر مدلس ہے اور عن سے روایت کر رہا ہے اور تینوں سندوں میں ہلال ہے جو متکلم فیہ ہے۔ بعض نسخوں میں یحییٰ بن ہلال ہے۔ (مکتبۃ الایمان المدینہ المنورۃ) اور بعض میں یحییٰ عن ہلال ہے (المکتبۃ التجاریۃ المکۃ المکرمۃ)

http://mujahid.xtgem.com

حدیث خداج :۔

(۷۱)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا علی قال حدثنا سفیان قال حدثنا العلاء بن عبد الرحمن بن یعقوب الحرقی عن أبیه عن أبی هریرة رضی الله عنه عن النبی صلی الله علیه وسلم قال : أیما صلاة لا یقرأ فیها بفاتحة الکتاب فهی خداج فهی خداج فهی خداج قال الله تعالیٰ : قسمت الصلاة بینی وبین عبدی و لعبدی ما سألنی فإذا قال العبد الحمد لله رب العالمین قال : حمدنی عبدی وإذا قال : الرحمن الرحیم قال مجدنی عبدی أو أثنی علی عبدی قال سفیان أنا اشك وإذا قال مالك یوم الدین قال فوض إلی عبدی وإذا قال ایاك نعبد وایاك نستعین قال : فهٰذا بینی وبین عبدی فاذا قال : اهدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیهم غیر المضوب علیهم ولا الضالین قال سفیان ذهبت إلی المدینة سنة سبع و عشرین فکان هٰذا الحدیث من أهم الحدیث الی فرحا بأنه الحسن بن عمارة عن العلاء فقدمت مکة فی الموسم فجعلت أسأل عنه فأتیت سوق العلف فإذا أنا بشیخ یعلف جملاله نوی فقلت یرحمك الله تعرف العلاء بن عبد الرحمن قال :هو أبی وهو مریض فلم ألقه حتیٰ مررت بالمدینة فسألت عنه فقال هو فی البیت مریض فدخلت علیه فسألته عن هٰذا الحدیث قال علی أرٰی العلاء مات سنة ثنتین وثلاثین۔

ترجمہ ..... حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس نے نماز پڑھی اور اس میں فاتحہ نہ پڑھی اس کی نماز ناقص ہے ' ناقص ہے ' ناقص ہے ' وہ تام نہ ہوگی۔ اللہ تعالےٰ فرماتے ہیں : میں نے نماز اپنے اور اپنے بندے کے درمیان تقسیم کرلی ہے اور میرے بندے کے لئے وہ ہے جو وہ مانگے۔ جب بندہ

http://mujahid.xtgem.com

کہتا ہے : الحمد للہ رب العالمین تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں : میرے بندے نے میری تعریف کی۔ جب بندہ کہتا ہے : الرحمن الرحیم تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں میرے بندے نے میری بزرگی بیان کی یا میری ثناء بیان کی (سفیان کہتے ہیں مجھے شک ہے) جب بندہ کہتا ہے : مالك يوم الدين تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں : میرے بندے نے اپنے کو میرے سپرد کر دیا۔ جب بندہ کہتا ہے۔ ایاك نعبد و ایاك نستعین تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں : یہ آیت میرے اور میرے بندے کے درمیان ہے اور میرے بندے کے لئے وہ ہے جو اس نے مانگا۔ جب بندہ کہتا ہے : اهدنا الصراط المستقيم صراط الذين انعمت عليهم غير المغضوب عليهم ولا الضالين تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں : یہ میرے بندے کے لئے ہے جو اس نے مانگا۔ حضرت سفیان (ابن عیینہ) فرماتے ہیں کہ میں ۱۲۷ھ میں (کوفہ سے) مدینہ گیا تو اس حدیث کی وجہ سے بڑی خوشی ہوئی، کیونکہ یہ حدیث مجھے علاء سے بواسطہ حسن بن عمارہ پہنچی تھی۔ پھر جب میں حج کے موسم میں مکہ مکرمہ گیا تو میں نے علاء کے متعلق پوچھنا شروع کر دیا، جب میں گھاس منڈی گیا تو میں نے ایک بوڑھے کو دیکھا کہ وہ اونٹ کو کھجور کی گٹھلیاں چرا رہا ہے میں نے اس سے پوچھا خدا تجھ پر رحم کرے کیا تو علاء بن عبدالرحمٰن سے واقف ہے ؟ کہنے لگا وہ میرے باپ ہیں اور وہ بیمار ہیں تو میں نے ملاقات نہ کی مگر جب مدینہ آیا تو پھر اس سے پوچھا، تو کہنے لگا کہ وہ گھر میں حالت مرض ہیں۔ تو میں انہیں جا کر ملا اور اس حدیث کے بارے میں استفسار کیا۔ علی (بن مدینی) نے کہا : میرے خیال میں علاء ۱۳۲ھ میں فوت ہوئے (مگر ابن اثیر کہتے ہیں کہ وہ ۱۳۹ھ میں فوت ہوئے۔ (تہذیب التہذیب ج ۸ / ص ۱۸۷)۔

نوٹ..... امام سفیان بن عیینہ ۱۰۷ھ میں کوفہ میں پیدا ہوئے اور وہیں رہے، پھر ۱۶۳ھ میں کوفہ سے مکہ مکرمہ منتقل ہو گئے اور وہیں ۱۹۸ھ میں وصال فرمایا۔ (تہذیب ج ۴ / ص ۱۲۲)

http://mujahid.xtgem.com

(۷۲)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا عبد الله بن مسلمة عن مالك عن العلاء بن عبدالرحمن أنه سمع أبا السائب مولى هشام بن زهرة يقول : سمعت أبا هريرة رضي الله عنه يقول : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : من صلى صلاة لم يقرأ فيها بأم القرآن فهي خداج فهي خداج غير تمام فقلت : يا أبا هريرة فإني أكون أحيانا وراء الإمام قال فغمز ذراعي . ثم قال : اقرأبها يا فارسي في نفسك فإني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول : قال الله تعالىٰ قسمت الصلاة بيني وبين عبدي نصفين فنصفها لي ونصفها لعبدي ولعبدي ما سأل قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : اقرؤا يقول العبد : الحمد لله رب العالمين يقول الله: حمدني عبدي يقول العبد : الرحمن الرحيم يقول الله: أثنى علي عبدي يقول العبد: مالك يوم الدين يقول الله : مجدني عبدي يقول العبد اياك نعبد واياك نستعين فهذه الآية بيني وبين عبدي ولعبدي ماسأل يقول العبد : اهدنا الصراط المستقيم صراط الذين انعمت عليهم غير المغضوب عليهم ولا الضالين فهؤلاء لعبدي ولعبدي ماسأل۔

ترجمہ..... حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے نماز پڑھی اور اس میں فاتحہ نہ پڑھی اس کی نماز ناقص ہے ناقص ہے ناتمام ہے۔ (ابو السائب کہتے ہیں) میں نے کہا: اے ابو ہریرہؓ! میں کبھی کبھی امام کے پیچھے ہوتا ہوں تو ابو ہریرہؓ نے میرا بازو دبایا اور فرمایا اے فارسی! اسے دل میں سوچ لیا کرو۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں میں نے نماز کو اپنے اور بندے کے درمیان آدھا آدھا بانٹ لیا ہے۔ پس نماز کا آدھا حصہ میرا ہے اور آدھا میرے بندے کا اور میرے بندے کے لئے وہ ہے جو وہ مجھ سے مانگے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب بندہ کہتا ہے: الحمد لله رب

http://mujahid.xtgem.com

العالمین تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں میرے بندے نے میری تعریف کی۔ پھر بندہ کہتا ہے :الرحمن الرحیم تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں : میرے بندے نے میری ثناء کی ۔ پھر بندہ کہتا ہے : مالك يوم الدين تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں : میرے بندے نے میری بڑائی بیان کی۔ پھر بندہ کہتا ہے ایاك نعبد و ایاك نستعین پس یہ آیت میرے اور بندے کے درمیان ہے اور میرے بندے کے لئے وہ ہے جو اس نے مانگا۔ پھر بندہ کہتا ہے : اهدنا الصراط المستقيم صراط الذين انعمت عليهم غير المغضوب عليهم ولا الضالين تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں : یہ سب میرے بندے کے واسطے ہے جو اس نے مانگا۔

(۷۳)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا العباس قال حدثنا عبد الأعلى قال حدثنا محمد بن إسحٰق قال حدثنا العلاء بن عبد الرحمن ابن يعقوب لحزقی عن أبی السائب مولی بنی زهرة عن أبی هريرة رضی الله عنه قال' قال النبی صلی الله عليه وسلم : من صلی صلاة لا يقرأ فيها بأم الكتاب فهی خداج ثم هی خداج غير تمام ثلاثا قلت : يا أباهريرة كيف أصنع إذا كنت مع الإمام وهو يجهر بالقراءة ؟ قال : ويلك يا فارسی ! اقرأبها فی نفسك فإنی سمعت رسول الله صلی الله عليه وسلم يقول إن الله تعالیٰ قال قسمت الصلاة بينی وبين عبدی و لعبدی ماسأل ثم يقول أبوهريرة رضی الله عنه اقرؤا : فإذا قال العبد : الحمد لله رب العالمين قال حمدنی عبدی وإذ قال : الرحمن الرحيم قال : أثنی علی عبدی وإذا قال مالك يوم الدين قال : مجدنی عبدی وإذا قال : ايا ك نعبد وايا ك نستعين اهدنا الصراط المستقيم صراط الذين انعمت عليهم غير المغضوب عليهم ولاالضالين فهی له۔

ترجمہ ..... ابو السائب نے حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کی ہے کہ

http://mujahid.xtgem.com

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس شخص نے نماز پڑھی اور اس میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھی تو وہ نماز ناقص ہے ' ناقص ہے ' ناتمام ہے میں نے کہا : اے ابو ہریرہؓ! جب میں امام کے پیچھے ہوں اور وہ اونچی آواز سے قرأت کر رہا ہو تو میں سورۂ فاتحہ کیسے پڑھوں ؟ حضرت ابو ہریرہؓ نے فرمایا اے فارسی! خرابی ہے تیرے لئے اس کو اپنے دل میں سوچ لیا کرو۔ میں نے نبی ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ خدا تعالیٰ کا فرمان ہے کہ میں نے نماز کو اپنے اور اپنے بندے کے درمیان بانٹ لیا ہے اور میرے بندے کے لئے وہ ہے جو وہ مانگے۔ پھر ابو ہریرہؓ نے فرمایا : پڑھو ' جب بندہ کہتا ہے : الحمد للّٰہ رب العالمین تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں میرے بندے نے میری تعریف کی۔ پھر بندہ کہتا ہے الرحمن الرحیم تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں میرے بندے نے میری صفت و ثناء کی۔ پھر بندہ کہتا ہے : مالك يوم الدين تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں : میرے بندے نے میری بڑائی بیان کی۔ پھر بندہ کہتا ہے : ایاك نعبد وایاك نستعين اهدنا الصراط المستقيم صراط الذين انعمت عليهم غير المغضوب عليهم ولا الضالين تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں : یہ سب میرے بندے کے واسطے ہے۔

(۷۴)..... حدثنا محمود قال حدثنا البُخاری قال حدثنا محمد بن ابی عبيد قال حدثنا ابن أبی حازم عن العلاء بن عبد الرحمن عن أبيه عن أبی هريرة رضی الله عنه قال : من صلی صلاة لم يقرأ فيها بأم القرآن فهی خداج غير تمام فقلت يا أباهريرة إنی أكون أحيانا وراء الإمام فغمز أبو هريرة ذراعی وقال : يا ابن الفارسی ! اقرأ بها فی نفسك فإنی سمعت رسول الله صلی الله عليه وسلم يقول : قال الله تعالیٰ قسمت الصلاة بينی وبين عبدی نصفين فنصفها لی ونصفها لعبدی ولعبدی ما سأل قال ' قال رسول الله صلی الله عليه وسلم : اقرؤا يقول العبد : الحمد للّٰه رب العالمين يقول الله حمدنی عبدی ولعبدی ماسأل ويقول

http://mujahid.xtgem.com

:الرحمن الرحيم فيقول اثنى على عبدى ولعبدى ماسأل ويقول مالك يوم الدين يقول الله مجدنى عبدى ويقول اياك نعبدُو اياك نستعين هٰذه الآية بينى وبين عبدى نصفين ويقول : اهدنا الصراط المستقيم صراط الذين انعمت عليهم غير المغضوب عليهم ولاالضالين فهٰذه لعبدى ولعبدى ماسأل۔

ترجمہ ..... عبد الرحمٰن نے ابوہریرہؓ سے روایت کی کہ جس نے کوئی نماز پڑھی اور اس میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھی تو اس کی نماز ناقص ہے' ناتمام ہے۔ میں نے کہا: اے ابوہریرہؓ! میں کبھی کبھار امام کے پیچھے ہوتا ہوں' ابوہریرہؓ نے میرا ہاتھ دبایا اور فرمایا: اے ابن فارسی! دل میں سوچ لیا کر میں نے نبی ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میں نے نماز کو اپنے اور اپنے بندے کے درمیان آدھا آدھا بانٹ لیا ہے اور میرے بندے کے لئے وہ ہے جو وہ مانگے۔ جب بندہ کہتا ہے :الحمد لله رب العالمين تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: میرے بندے نے میری حمد بیان کی اور میرے بندے کے لئے وہ ہے جو وہ مانگے۔ پھر بندہ کہتا ہے :الرحمن الرحيم تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں میرے بندے نے میری صفت و ثناء بیان کی اور میرے بندے کے لئے وہ ہے جو وہ مانگے۔ پھر بندہ کہتا ہے مالك يوم الدين تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں میرے بندے نے میری بزرگی بیان کی۔ پھر بندہ کہتا ہے :اياك نعبد و اياك نستعين تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: یہ آیت میرے اور میرے بندے کے لئے آدھو آدھ ہے پھر بندہ کہتا ہے :اهدنا الصراط المستقيم صراط الذين انعمت عليهم غير المغضوب عليهم ولا الضالين تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں یہ میرے بندے کیلئے ہے اور میرے بندے کیلئے ہے جو کچھ اس نے مانگا۔

(۷۵) ..... حدثنا محمود قال حدثنا البخارى قال حدثنا محمود قال حدثنا عبدالرزاق قال حدثنا ابن جريج قال أخبرنى العلاء قال أخبرنى

http://mujahid.xtgem.com

أبو السائب مولى عبد الله بن هشام ابن زهرة عن أبي هريرة رضي الله عنه بهذا۔

ترجمہ..... حضرت ابو ہریرہؓ سے مثل پہلی حدیث کے روایت ہے۔

(۷۶)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا قتيبة قال حدثنا إسماعيل عن العلاء عن أبيه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال : من صلى صلاة لم يقرأ فيها بأم القرآن فهي خداج فهي خداج غير تمام۔

ترجمہ..... عبد الرحمٰن نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ جس نے نماز پڑھی اور اس میں فاتحہ نہ پڑھی اس کی نماز ناقص ہے 'ناقص ہے 'ناتمام ہے۔

(۷۷)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا أمية قال حدثنا يزيد ابن زريع عن روح بن القاسم عن العلاء عن أبيه عن أبي هريرة رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم نحوه۔

(۷۸)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا عبد العزيز بن عبد الله قال حدثنا الدراوردي عن العلاء عن أبيه عن أبي هريرة رضي الله عنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال : من صلى صلاة لم يقرأ فيها بأم القرآن فهي خداج فهي خداج غير تمام فقلت : لأبي هريرة : إني أكون أحياناً وراء الإمام فقال : اقرأ بها يا فارسي ! في نفسك فإني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول قال الله تعالىٰ قسمت الصلاة بيني وبين عبدي فنصفها لي ونصفها لعبدي ولعبدي ما سأل ويقرأ عبدي : الحمد لله رب العالمين فيقول الله : حمدني عبدي فيقول : الرحمن الرحيم فيقول الله اثنى علي عبدي فيقول مالك يوم الدين فيقول الله مجدني عبدي وهذه الآية بيني وبين عبدي إياك نعبد إلى آخر السورة۔

(۷۹)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا عبد الله قال

http://mujahid.xtgem.com

حدثنا سفیان عن العلاء عن أبیه أو عمن سمع أبا هریرة قال النبی ﷺ قال الله تعالیٰ قسمت الصلاة بینی وبین عبدی نحوه۔

(۸۰)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال وعن العلاء عمن حدثه عن أبی هریرة رضی الله عنه أن النبی صلی الله علیه وسلم قال أیما صلاة لم یقرأ فیها بفاتحة الکتاب فهی خداج۔

ترجمہ (۷۷ تا ۸۰)..... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے مثل روایت بالا ہے۔

یہ حدیث جو نمبر ۷۱ سے نمبر ۸۰ تک درج کی ہے' یہ امام بخاریؒ کی شرط کے مطابق صحیح نہیں کیونکہ اس کا مدار علاء بن عبدالرحمٰن ہے اور امام بخاریؒ نے صحیح بخاری میں ایک حدیث بھی اس کی سند سے نہیں لی۔ ان روایات میں تین باتیں آئی ہیں۔

(۱)..... فرمان رسول اللہ ﷺ جو شخص نماز پڑھے اس میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھے اس کی نماز ناقص ہے اس سے یہ بات ثابت ہوئی کہ فاتحہ رکن نماز نہیں کہ اس کے ترک سے نماز باطل ہو' بلکہ فاتحہ واجب ہے جس کے ترک سے نماز ناقص ہوتی ہے اس حدیث کا مقتدی کے ساتھ کوئی تعلق نہیں بلکہ دوسری سند میں صراحتاً ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: کل صلاة لا یقرأ فیها بأم الکتاب فهی خداج إلا صلاة خلف الإمام۔ (کتاب القراءۃ ص ۱۷۱) کہ ہر وہ نماز جس میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھی جائے وہ نماز ناقص ہوتی ہے مگر ہاں وہ نماز اس سے مستثنیٰ ہے جو امام کے پیچھے پڑھی جائے اس کی سند پر کوئی جرح مفسر متفق علیہ موجود نہیں۔

(۲)..... اس حدیث میں ہے کہ نماز کو اللہ تعالیٰ نے اپنے اور بندے کے درمیان آدھا آدھا تقسیم کر لیا ہے۔ اس میں فاتحہ کو نماز کہا گیا ہے مگر اس سے بھی ثابت نہیں ہوتا کہ مقتدی خود فاتحہ پڑھے، کیونکہ قرآن پاک میں نماز کی پوری قرأت یعنی فاتحہ و سورۃ دونوں کو صلاۃ کہا گیا ہے۔ لا تجهر بصلاتك الآیة۔ (بخاریؒ ج ۲ / ص

http://mujahid.xtgem.com

(۶۸۶) جب امام بخاریؒ اس آیت میں ساری قرأت کو صلاۃ مانتے ہیں تو جب سورۃ مقتدی کو پڑھنا منع ہے تو فاتحہ بھی منع ہے۔ جس طرح خطیب کا مکمل خطبہ سب کے لئے خطبہ ہے اسی طرح امام کی مکمل قرأت مقتدیوں کے لئے قرأت ہے۔

قول ابو ہریرہؓ :۔

(۳)..... حضرت ابو السائب حدیث خداج سن کر پھر مقتدی کا مسئلہ پوچھتے ہیں کیونکہ خداج کی حدیث میں کوئی بھی مقتدی کو داخل نہ سمجھتا تھا اور حضرت ابو ہریرہؓ نے بھی یہ نہیں فرمایا کہ حدیث خداج میں مقتدی شامل ہے بلکہ ایک اور حدیث سنائی کہ آپ ﷺ نے فاتحہ کو نماز فرمایا ہے۔ اس لئے قیاس یہ چاہتا ہے کہ ہر نمازی خود فاتحہ پڑھے مگر یہ قیاس صحیح نہیں کیونکہ قرآن نے پوری قرأت کو نماز کہا تو کیا سب کو پوری قرأت یعنی فاتحہ اور سورۃ خود پڑھنی چاہیئے ؟

فائدہ..... اللہ اور رسول اللہ ﷺ نے مقتدی کو انصات کا حکم دیا ہے اور بخاریؒ ج ۲ / ص ۳، مسلم ج ۱ / ص ۱۸۴، نسائی اور ترمذی میں ثابت ہے کہ زبان کی حرکت بھی انصات کے خلاف ہے اور ہونٹوں کی حرکت بھی انصات کے خلاف ہے۔ ایک آدمی نماز پڑھ رہا ہے اس کے سامنے کلاک ہے جس پر بارہ (۱۲) کا ہندسہ لکھا ہے، وہ نماز میں زبان اور ہونٹوں کو حرکت دے کر آہستہ آواز سے بارہ کہہ لیتا ہے تو اس کی نماز یقیناً ٹوٹ جائے گی لیکن اگر نہ اس کے ہونٹ ہلے اور نہ زبان بلکہ دل ہی دل میں بارہ سوچ لیا تو نماز نہیں ٹوٹے گی۔ اسی طرح اگر اِقرأ بها فی نفسك کا معنی یہ لیا جائے کہ زبان اور ہونٹوں کو حرکت دے کر آہستہ آواز سے فاتحہ پڑھ لی جائے تو یہ اس حکم انصات کے خلاف ہے جو قرآن اور سنت صحیحہ میں ہے اور اگر اس کا معنی یہ لیا جائے کہ نہ ہونٹ ہلیں اور نہ زبان بلکہ دل ہی دل میں سوچ لیا جائے تو اس معنی کا نہ قرآن سے ٹکراؤ ہے، نہ سنت سے۔ بندے اور خدا، امتی اور نبی میں

http://mujahid.xtgem.com

ٹکراؤ پیدا کرنا کوئی صحیح سوچ نہیں۔ خود امام بخاریؒ بھی قتادہؒ سے نقل فرماتے ہیں کہ إذا طلق فی نفسه فلیس بشیئ۔ (بخاری ج ۲ / ص ۷۹۴) تو جو معنی طلاق فی النفس کا ہے وہی معنی قرأت فی النفس کا ہے۔

نوٹ..... اس حدیث پر جس میں یہ قول ابو ہریرہؓ آیا ہے امام بخاریؒ کے دادا استاد امام مالکؒ نے یوں باب باندھا ہے: القراءة خلف الامام فی مالا یجهر بالقراءة (موطا ص ۶۶) مگر امام بخاریؒ نے اس کے خلاف نمبر ۷۳ پر محمد بن اسحاق کی ایک منکر روایت کا سہارا لیا ہے۔ اس روایت کی بیس سندیں خود امام بخاریؒ نے یہاں لکھی ہیں' ان میں سے جہر کا ذکر سوائے محمد بن اسحاق کی سند کے کسی روایت میں نہیں اور ذہبی نے فیصلہ یہی دیا ہے کہ محمد بن اسحاق جب منفرد ہو تو اس کی روایت میں نکارت ہوتی ہے۔ (میزان الاعتدال ج ۳)

(۸۱)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا أبو نعیم سمع ابن عیینة عن الزهری عن محمود عن عبادة بن الصامت رضی الله عنه عن النبی صلی الله علیه وسلم قال: لا صلاة إلا بفاتحة الکتاب۔

ترجمہ..... حضرت عبادہ بن صامتؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: فاتحہ کے بغیر نماز (کامل) نہیں ہوتی۔

اس سند کے راوی امام سفیان بن عیینہ خود فرماتے ہیں: هذا لمن یصلی وحده (ابو داؤد صفحہ نمبر ج ۱) اس کے دوسرے راوی امام زہری بھی جہری نمازوں میں فاتحہ خلف الامام کے قائل نہیں۔ یہ ایسے ہی ہے جیسے کوئی کہے کہ خطبہ کے بغیر جمعہ نہیں ہوتا ہاں خطیب کا خطبہ سب کی طرف سے ہو جاتا ہے۔ جس طرح کوئی یہ نہیں کہتا کہ میں خطبہ کے بغیر جمعہ پڑھ کے آیا ہوں' کوئی یہ بھی نہیں کہتا کہ میں فاتحہ کے بغیر نماز پڑھ کے آیا ہوں۔

(۸۲)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا عمرو بن

http://mujahid.xtgem.com

مرزوق قال حدثنا شعبة عن قتادة عن زرارة عن عمران بن حصين رضى الله عنه أن النبى صلى الله عليه وسلم صلى الظهر بأصحابه فقال : أيكم قرأسبح اسم ربك الأعلى فقال رجل : أنا: فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم قد عرفت أن رجلا خالجنيها قال شعبة فقلت لقتادة كأنه كرهه فقال لو كرهه لنهانا عنه۔

ترجمہ ..... حضرت عمران بن حصینؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے صحابہؓ کو ظہر کی نماز پڑھائی تو پوچھا کہ تم میں سے کس نے سبح اسم ربك الاعلى پڑھی ہے؟ تو ایک آدمی نے کہا کہ میں نے۔ پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرا خیال بھی یہی تھا کہ کوئی شخص میرے ساتھ قرأت کر کے منازعت کر رہا ہے (یعنی میرا حق چھین رہا ہے)۔ شعبہ کہتے ہیں: میں نے قتادہ سے کہا: شاید آپ ﷺ نے اس کو مکروہ جانا۔ کہا اگر وہ مکروہ جانتے تو ہمیں منع فرما دیتے۔ اس حدیث کی تشریح نمبر ۹۵ پر آئے گی۔

(۸۳) ..... حدثنا محمود قال حدثنا البخارى قال حدثنا عبد الله بن يزيد عن بشر بن السرى قال : حدثنى معاوية عن أبى الزاهرية عن كثير بن مرة عن أبى الدرداء قال قام رجل فقال يا رسول الله أفى كل صلاة قراءة ؟ قال : نعم فقال رجل من الأنصار وجبت۔

ترجمہ ..... حضرت ابو درداءؓ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی کھڑا ہوا اور پوچھا: یارسول اللہ! کیا ہر نماز میں قرأت ہے؟ فرمایا: ہاں تو ایک انصاری شخص نے کہا: واجب ہو گئی۔

یہ واجب امام کے ادا کرنے سے سب کی طرف سے ادا ہو جاتا ہے۔ اس حدیث کی تفصیل نمبر ۱۶، ۷ پر گزر چکی ہے۔

(۸۴) ..... حدثنا محمود قال حدثنا البخارى قال حدثنا قبيصة قال

http://mujahid.xtgem.com

حدثنا سفيان عن جعفر أبي علي بياع الأنماط عن أبي عثمان عن أبي هريرة قال : أمرني رسول الله صلى الله عليه وسلم أن أنادي : لا صلوٰة إلا بقراءة فاتحة الكتاب فما زاد۔

ترجمہ ..... حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے حکم فرمایا کہ منادی کروں کہ فاتحہ اور کچھ زائد قرأت کے بغیر نماز نہیں ہوتی۔

امام کی قرأت فاتحہ اور زائد سب کی طرف سے ہو جاتی ہے۔

(۸۵) ..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا عمرو بن علی قال حدثنا محمد بن أبي عدی عن محمد بن عمرو عن عبدالله بن المغيرة عن أبي هريرة رضی الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : كل صلاة لا يقرأ فيها بأم القرآن فهي خداج۔

ترجمہ ..... حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہر وہ نماز جس میں فاتحہ نہ پڑھی جائے وہ ناقص ہے۔

مگر مقتدی کی طرف سے امام کی فاتحہ کافی ہے ' وہ اس سے مستثنی ہے ۔(کتاب القراءۃ ص ۱۷۱)

(۸۶) ..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا موسیٰ بن إسماعيل قال حدثنا حماد قال حدثنا محمد بن عمرو عن أبي سلمة عن أبي هريرة قوله۔

نمبر ۸۵ والی روایت کو یہاں ابو ہریرہؓ کا قول قرار دیا ہے یعنی وہ حدیث رسول نہیں ہے۔

(۸۷) ..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا عبد ان عن أبي حمزة عن الأعمش عن أبي هريرة رضی الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : هل يحب أحد كم إذا أتى أهله أن يجد عندهم

http://mujahid.xtgem.com

ثلاث خلافات عظاماً سجاناً ؟ قلنا : نعم يا رسول الله قال : فثلاث آيات يقرأ بهن .

ترجمہ ..... حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : کیا تم میں سے کوئی ایک پسند کرتا ہے کہ جب وہ آئے اپنے گھر والوں کے ہاں تو پائے ان کے پاس تین موٹی تازی اونٹنیاں ؟ ہم نے کہا : جی ہاں پسند ہے ، فرمایا : تین آیتیں تم پڑھو تو اتنا اجر پاؤ۔

اس حدیث کا مقتدی سے تعلق نہیں ' اگر امام بخاریؒ جوڑ لیں تو دو مطلب بنیں گے ایک یہ کہ فاتحہ کی تین ہی آیات پڑھ لیں تو بھی کافی ہیں ' تو فاتحہ کی رکنیت ختم ہو گئی اور دوسرے اگر مطلب یہ ہو کہ فاتحہ کے بعد مقتدی تین آیات پڑھ لیا کرے تو حدیث عبادہؓ کے خلاف ہے کہ میرے پیچھے کچھ نہ پڑھو مگر فاتحہ۔

http://mujahid.xtgem.com

باب هل يقرأ بأكثر من فاتحة الكتاب خلف الإمام

کیاامام کے پیچھے سورۃ فاتحہ سے زیادہ پڑھنا چاہیئے ؟

(۸۸)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا سلیمان بن حرب قال حدثنا شعبة عن قتادة عن زرارة بن أبی أوفی عن عمران بن حصین أن رجلا صلیٰ خلف رسول الله صلی الله علیه وسلم قرأ بسبح اسم ربك الاعلیٰ فلما فرغ قال : أیکم القاریٔ بسبح ؟ فقال رجل من القوم أنا فقال قد عرفت أن بعضکم خالجنیها۔

ترجمہ..... حضرت عمران بن حصینؓ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی اور آپ ﷺ کے پیچھے (فاتحہ کے بعد) سورہ سبح اسم ربك الاعلی پڑھی۔ پس جب آپ ﷺ نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا تم میں سے سبح اسم کس نے پڑھی ؟ ایک آدمی نے کہا میں نے، آپ ﷺ نے فرمایا میرا خیال بھی یہی تھا کہ تم میں سے کوئی میرے ساتھ قرأت میں منازعت کر رہا ہے۔

نماز باجماعت میں قاری صرف امام ہوتا ہے، مقتدی نہ قرأت کرتا ہے نہ قاری ہوتا ہے اس لیے آپ ﷺ نے بڑے استعجاب سے پوچھا کہ تم میں سے قاری کون بن گیا ؟ ایک آدمی نے کہا کہ میں، چونکہ مقتدی کا قاری بننا امام کا حق قرأت چھیننا ہے۔ اس لئے یہ بات آپ ﷺ کیلئے سخت باعث خلجان ہوئی کہ مقتدی کا کام تو امام کی متابعت ہے اور یہ میرا حق چھین کر مخالفت کر رہا ہے۔ دار قطنی

http://mujahid.xtgem.com

ج ۱ / ۳۲۷ پر اس کے بعد یہ بھی صراحت ہے فنھا ھم عن القراءۃ خلف الامام کہ پھر انہیں امام کے پیچھے قرأت کرنے سے منع فرمادیا۔ یہاں مطلق قرأت سے منع فرمایا نہ کہ جہر سے اور اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ یہ نہی تحریم کیلئے ہے۔ آنحضرت ﷺ کی نماز میں کیفیت عجیب ہوتی تھی، فرمایا کرتے تھے لوگوں کا کیا حال ہے کہ پاکی اچھی طرح نہیں کرتے جس کی وجہ سے ہمیں قرأت قرآن میں التباس اور خلجان ہوتا ہے۔ (مشکوٰۃ ج ۱ / ص ۳۹) اس کا کسی نے یہ مطلب نہیں لیا کہ وہ لوگ پیچھے سے بلند آواز سے پکارتے تھے کہ ہم نے وضو اچھی طرح نہیں کیا اس لئے آپ ﷺ کو خلجان ہوتا تھا، بلکہ ان کے پیچھے کھڑے ہونے سے قلب مبارک متأثر ہو جاتا تھا، اسی طرح کسی کے پیچھے مطلق قرأت سے بھی قلب مبارک خلجان میں مبتلا ہو جاتا تھا۔

امام بخاریؒ سری رکعات میں مقتدی کیلئے فاتحہ کے بعد سورۃ پڑھنے کے بھی قائل ہیں، غیر مقلدین اس حدیث کے بارے میں بہت پریشان ہیں۔ وہ قیاس کرتے ہیں کہ اس نے جہراً پڑھا تھا، اس لئے آپ ﷺ نے اس کو خلجان قرار دیا اور ساتھ قتادہ کا قول بھی مانتے ہیں کہ اس خلجان سے منع نہیں فرمایا، اس سے معلوم ہوا کہ سری رکعات میں مقتدیوں کو اتنی بلند آواز سے فاتحہ اور سورۃ پڑھنی چاہیئے کہ امام کو خلجان ہو جائے، لیکن ان کا یہ قیاس احادیث کے خلاف ہے کیونکہ آپ ﷺ نے سوال ان الفاظ میں فرمایا۔ أیکم قرأ کہ کس نے تم میں سے پڑھا؟ یہ نہیں فرمایا أیکم جھر کہ کس نے جہر کیا۔ نیز حضرت عمرؓ کی حدیث (جس کو البانی غیر مقلد نے شواہد میں قبول کیا ہے، دیکھو! ارواء الغلیل ج ۲ / ص ۳۸، ۲۶۷) میں ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ظہر کی نماز پڑھائی فقرأ معہ رجل من الناس فی نفسہ یعنی آپ کے ساتھ ایک آدمی نے آہستہ قرأت کی۔ جب آپ ﷺ نے نماز پوری کی تو فرمایا: کیا تم میں سے کسی نے میرے ساتھ قرأت کی ہے؟ تین مرتبہ یہی بات

http://mujahid.xtgem.com

کہنے پر ایک آدمی نے کہا : جی ہاں اے اللہ کے رسول ! میں نے سبح اسم ربك الاعلی پڑھی تھی۔ آپ ﷺ نے فرمایا میرے ساتھ قرآن میں منازعت کیوں کی جاتی ہے ؟ کیا تم میں سے ایک آدمی کیلئے اس کے امام کی قرأت ہی کافی نہیں ہے ' امام تو بنایا ہی اسی لئے جاتا ہے کہ اس کی اقتداء کی جائے پس جب وہ قرأت کرے تو تم خاموش رہو (کتاب القراءۃ بیہقی ص ۱۳۶) ان احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ صحابہ کرامؓ میں امام کے پیچھے قرأت کرنے کا کوئی رواج نہیں تھا ' جس حدیث کو بھی دیکھو ایک ہی غیر معروف آدمی ملتا ہے اور بس اس ایک آدمی نے بھی قرأت آہستہ کی تھی اس آہستہ قرأت کو رسول اللہ ﷺ نے خلجان بھی فرمایا اور انصات کے خلاف بھی فرمایا۔ لیکن غیر مقلدین محض اپنی رائے سے ان احادیث کو رد کرتے ہیں ' وہ کہتے ہیں کہ نہ آہستہ پڑھنا خلجان ہے اور نہ ہی آہستہ پڑھنا انصات کے خلاف ہے جب کہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ظہر کی نماز میں بھی امام کے پیچھے آہستہ آواز سے فاتحہ اور سورۃ پڑھنا امام کو خلجان میں ڈالنا ہے اور حرام یا کم از کم مکروہ ضرور ہے رہا قتادہ کا یہ کہنا کہ منع نہیں کیا ' یہ ان کی رائے ہے جو حدیث کے خلاف حجت نہیں۔ مولانا عبد الحئی لکھنوی فرماتے ہیں "اگر یہاں نہی صریحی نہ بھی ہو تو نہی کا مفہوم یقیناً موجود ہے کیونکہ یہ یقینی طور پر ثابت ہے کہ امام کے ساتھ مخالجت اور مخالطت فی القرآن ممنوع ہے اور ممنوع کا سبب بھی ممنوع ہوتا ہے۔" (امام الکلام ص ۱۹۲) بلکہ اس انکار شدید کے ساتھ نہی صریحی بھی وارد ہے چنانچہ حضرت عمران بن حصینؓ سے روایت ہے : **كان النبي ﷺ يصلي بالناس ورجل يقرأ خلفه فلمافرغ قال من ذا الذي يخالجني سورة كذا فنها هم عن القراءة خلف الإمام** کہ رسول اللہ ﷺ جماعت کرا رہے تھے اور ایک آدمی آپ ﷺ کے پیچھے قرأت کر رہا تھا۔ نماز سے فارغ ہو کر آپ ﷺ نے فرمایا : کون مجھے سورۃ میں خلجان میں ڈال رہا تھا ؟ پھر اس کو امام کے پیچھے قرأت سے منع فرمایا۔

http://mujahid.xtgem.com

اس کا راوی حجاج بن ارطاۃ حسن الحدیث ہے اور یہ روایت اس انکار کی تائید میں صالح ہے۔ حضرت عبداللہ بن شداڈ سے روایت ہے کہ رسول ﷺ نے عصر کی جماعت کرائی ' ایک آدمی نے آپ ﷺ کے پیچھے قرأت کی (یعنی فاتحہ اور سورۃ پڑھی) تو ساتھ والے نمازی نے اس کو انگلی سے دبا کر خاموش رہنے کا اشارہ کیا۔ جب وہ نماز سے فارغ ہوئے تو اس (پڑھنے والے) نے کہا: تو مجھے کیوں دبا رہا تھا؟ دوسرے نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ تیرے آگے امام تھے ' پس میں نے مکروہ جانا کہ تو آپ ﷺ کے پیچھے قرأت کرے۔ ان کی یہ بات رسول اللہ ﷺ نے سن لی تو فرمایا: جس کا امام ہو تو امام کی قرأت مقتدی کے لئے بھی قرأت ہے (موطا محمد ص ۱۰۱) اس صحیح حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ صحابہ کرام اور رسول اللہ ﷺ سری نمازوں میں بھی امام کے پیچھے قرأت کو مکروہ جانتے تھے۔

اسی طرح امام ابن تیمیہ حدیث عمران بن حصینؓ کے بارے میں فرماتے ہیں:

وفيه ايضاً دليل على أنه لم يأمر هم بالقراءة خلفه فى السر لا بفاتحة ولا غيرها إذ لو كان أمرهم بذلك لم ينكر القراءة خلفه وهو لم ينكر قراءة سورة معينة بل قال أيكم قرأ او ايكم القارى بل من المعلوم فى العادة أن القارى خلفه لم يقرأ بسبح إلا بعد الفاتحة فهذا يدل على أنه لا تجب القراءة على الماموم فى السرية الفاتحة ولا غيرها۔ اس حدیث میں یہ دلیل ہے کہ آپ ﷺ نے کبھی مقتدیوں کو یہ حکم نہیں دیا کہ سری نمازوں میں فاتحہ یا سورۃ پڑھا کرو ' اگر ایسا ہوتا تو آپ ﷺ قرأت پر کبھی انکار نہ فرماتے اور آپ ﷺ نے کسی خاص سورۃ پر انکار نہیں فرمایا بلکہ یوں فرمایا: کس نے قرأت کی؟ یا کون تم میں سے قاری تھا؟ اور یہ بات عادتاً معلوم ہے کہ قاری نے سبح یقیناً فاتحہ کے بعد پڑھی تھی (تو آپ ﷺ نے پوری قرأت پر انکار فرمایا) پس یہ دلیل ہے کہ مقتدی پر سری نمازوں میں نہ فاتحہ واجب ہے اور نہ اس کے علاوہ۔

http://mujahid.xtgem.com

(۸۹) ..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا مسدد قال حدثنا أبو عوانة عن قتادة عن زرارة قال : رأیت عمران بن حصین رضی الله عنه یلبس الخز

ترجمہ ..... حضرت زرارہؒ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عمران بن حصینؓ کو خز کا لباس پہنے دیکھا۔

(۹۰) ..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا موسی بن اسماعیل قال حدثنا قتادة عن زرارة عن عمران بن حصین قال رسول الله علیه وسلم احدی صلوة العشی فقال ایکم قرأبسبح ؟ فقال رجل انا : قال قد عرفت ان رجلا خالجنیها۔

ترجمہ ..... حضرت عمران بن حصین سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے ظہر یا عصر کی نماز پڑھائی پھر فرمایا : تم میں سے کسی نے سبح اسم ربك الا علی پڑھی ہے ایک صاحب بولے میں نے۔ آپ ﷺ نے فرمایا میں پہچان رہا تھا کہ کوئی آدمی مجھے خلجان میں ڈال رہا ہے۔

(۹۱) ..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا أبو نعیم قال حدثنا أبو عوانة عن قتادة عن زرارة بن أبی أوفی عن عمران بن حصین رضی الله عنه أن النبی صلی الله علیه وسلم صلی الظهر أو العصر فلما انصرف وقضی الصلاه قال : أیکم قرأ بسبح اسم ربك الأ علی ؟ قال فلان قال : قد ظننت ان بعضکم خالجنیها۔

ترجمہ ..... حضرت عمران بن حصینؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ظہر یا عصر کی نماز پڑھائی اور فارغ ہونے کے بعد فرمایا تم میں سے کس نے سبح اسم ربك الاعلی پڑھی ہے۔ کہا! فلاں نے، فرمایا : میرا خیال تھا کہ تم میں سے کوئی مجھے خلجان میں ڈال رہا ہے۔

http://mujahid.xtgem.com

(۹۲) ..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا أبو الوليد قال حدثنا شعبة عن قتادة عن زرارة بن أبی أوفی عن عمران بن حصين رضی الله عنه أن النبی صلی الله عليه وسلم صلی فجاء رجل فقرأ بسبح اسم ربك الأعلی فذكر نحوه .

ترجمہ ..... حضرت عمران بن حصینؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے نماز پڑھی تو ایک آدمی آیا اس نے سبح اسم ربك الا علی پڑھی آگے اس طرح روایت بیان کی۔

(۹۳) ..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا مسدد عن يحيی عن شعبة عن قتادة عن زرارة بن أبی أوفی عن عمران بن حصين أن النبی صلی الله عليه وسلم صلی بهم الظهر فقرأ رجل بسبح فلما فرغ قال : أيكم القاری ؟ قال رجل : أنا : قال : قد ظننت أن احد كم خالجنيها ۔

ترجمہ ..... حضرت عمران بن حصینؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے ظہر کی جماعت کرائی ' جب فارغ ہوئے تو فرمایا تم میں کون قاری تھا ؟ ایک آدمی نے کہا میں۔ فرمایا : میں خیال کر رہا تھا کہ تم میں سے کوئی مجھے خلجان میں ڈال رہا ہے۔

(۹۴) ..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا خليفة قال حدثنا يزيد ابن زريع قال حدثنا سعيد عن قتادة عن زرارة بن أبی أوفی عن عمران بن حصين رضی الله عنه أن النبی صلی الله عليه وسلم صلی بهم الظهر فلما انفتل اقبل علی القوم فقال : أيكم قرأ بسبح اسم ربك الأعلی ؟ فقال رجل : أنا' فقال قد عرفت ان بعضكم خالجنيها ۔

ترجمہ ..... حضرت عمران بن حصینؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ظہر کی جماعت کرائی اور قوم کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا تم میں سے کس نے سبح اسم ربك الا علی پڑھی ہے ؟ ایک آدمی نے کہا میں نے۔ فرمایا : میرا خیال

http://mujahid.xtgem.com

تھا کہ تم میں سے مجھے کوئی خلجان میں ڈال رہا ہے۔

حدیث منازعت :۔

(۹۵)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنااسماعیل قال حدثنا مالك عن ابن شهاب عن ابن أكيمة الليثي عن أبي هريرة رضي الله عنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم انصرف من صلاة يجهر فيها بالقراء ة فقال : هل قرأ معي أحد منكم آنفا ؟ فقال رجل : أنا ، فقال: اني أقول مالي أنازع القرآن ؟۔

ترجمہ..... حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کسی جہری نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا : کہ کیا تم میں سے کسی نے اس وقت میرے ساتھ قرأت کی ہے ؟ تو ایک آدمی نے کہا ہاں میں نے کی ہے۔ پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : میں بھی خیال کر رہا تھا کہ میرے ساتھ قرآن میں منازعت کیوں کی جا رہی ہے۔

یعنی نماز باجماعت میں جب قرأت صرف امام کا حق ہے تو کوئی مقتدی قرأت کر کے میرا حق کیوں چھین رہا ہے ؟

یہ حدیث امام بخاریؒ نے امام مالکؒ کی سند سے نقل کی ہے' یہ حدیث موطا مالک ص ۶۹' موطا محمد ص ۹۳' مسند احمد ج ۲ / ص ۳۰۱، نسائی ج ۱ / ص ۱۴۶، ترمذی ص ۱۷ پر ہے۔ سب نے امام مالکؒ کے طریق سے مکمل نقل کی ہے' مگر امام بخاریؒ نے یہاں اس کا آخری حصہ چھوڑ دیا ہے اور امام ابو داؤدؒ فرماتے ہیں : روى حديث ابن أكيمة هذا معمر و يونس وأسامة بن زيد عن الزهري على معنى مالك۔ (ابو داؤد ج ۱ / ص ۱۲۰)

(۹۶)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا عبد الله بن محمد قال حدثنا الليث قال حدثني يونس عن ابن شهاب سمعت ابن

http://mujahid.xtgem.com

أكيمة الليثي يحدث سعيد بن المسيب يقول : سمعت أبا هريرة رضي الله عنه يقول صلى لنا رسول الله صلى الله عليه وسلم صلاة جهر فيها بالقراءة ولا أعلم إلا أنه قال : صلاة الفجر فلما فرغ رسول الله صلى الله عليه وسلم أقبل على الناس فقال هل قرأ معي أحد منكم؟ قلنا نعم ، قال ألا إني أقول : مالي أنازع القرآن ؟ قال فانتهى الناس عن القراءة فيما جهر فيه الإمام وقرؤا في أنفسهم سرًا فيما لا يجهر فيه الامام (قال البخاري) وقوله فانتهى الناس من كلام الزهري و قدبينه لي الحسن بن صباح قال حدثنا مبشر عن الأوزاعي قال الزهري فاتعظ المسلون بذلك فلم يكونوا يقرؤن فيما جهر.

ترجمہ ..... حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں نماز پڑھائی ، پھر ہماری طرف متوجہ ہوئے اور پوچھا : کیا تم میں سے کسی نے میرے ساتھ قرأت کی ہے ؟ ہم نے کہا : ہاں۔ فرمایا : خبردار ! میں بھی کہہ رہا تھا کیا ہوا ہے کہ میرے ساتھ قرآن کی قرأت میں شرکت کی جارہی ہے ؟ کہا ابو ہریرہؓ نے اس ارشاد کے بعد جن نمازوں میں آپ ﷺ جہر سے قرأت کیا کرتے تھے لوگوں نے آپ ﷺ کے پیچھے قرأت ترک کر دی اور سری نمازوں میں دل میں قرأت کرتے تھے۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ فانتهى الناس یعنی لوگ قرأت سے رک گئے۔ یہ بات مجھے حسن بن صباح نے بیان کی مبشر سے ' اس نے اوزاعی سے کہ زہری نے کہا کہ اس واقعہ کے بعد لوگ قرأت سے رک گئے۔ جہری نمازمیں قرأت نہ کرتے تھے۔

(۹۷)..... وقال مالك قال ربيعة للزهري إذا حدثت فبين كلامك من كلام النبي صلى الله عليه وسلم

ترجمہ .....امام مالک (۱۷۹ھ) نے کہا کہ ربیعہ نے زہری سے کہا تھا کہ جب حدیث بیان کرو تو اپنے کلام کو رسول اللہ ﷺ کے کلام سے الگ بیان کیا کرو۔

http://mujahid.xtgem.com

(۹۸)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا أبو الولید قال حدثنا اللیث عن الزهری عن ابن أکیمة عن أبی هریرة رضی الله عنه قال: صلی النبی صلی الله علیه وسلم صلاة جهر فیها فلما قضیٰ صلاته قال من قرأ معی ؟ قال رجل : أنا ، قال :إنی أقول مالی أنازع القرآن ؟

ترجمہ ..... حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں نماز پڑھائی جس میں بلند آواز سے قرأت فرمائی۔ فراغت کے بعد فرمایا: کس نے میرے ساتھ قرأت کی ؟ایک آدمی نے کہا میں نے۔آپ ﷺ نے فرمایا: میں بھی کہہ رہا تھا کہ میرا قرأت قرآن کا حق کیوں چھینا جارہا ہے۔

(۱).....اس حدیث کی اعلیٰ ترین ثلاثی سند ہے جیسا کہ موطا سے ظاہر ہے، درمیان میں تین ہی راوی ہیں (۱) زہری۔ (۲) ابن اکیمہ، (۳) ابو ہریرہؓ یہ تینوں مدنی راوی ہیں اور یہ سند مدنی ہے۔

(۲).....امام مالکؒ (۱۷۹ھ) نے ص ۶۶ پر باب باندھا ہے :باب القراءة خلف الإمام فیما لا یجهر بالقراءة۔ اس میں صرف حضرت ابو ہریرہؓ کا قول لائے ہیں ،کوئی مرفوع حدیث نہیں لا سکے پھر ص ۶۸ پر باب ان الفاظ میں باندھا ہے باب ترك القراءة خلف الإمام فیما جهر فیه اور اس باب میں یہ مرفوع ثلاثی عالی الاسناد حدیث لائے ہیں۔

(۳).....امام بخاریؒ کے دادا استاد امام محمدؒ (۱۸۹ھ) نے کتاب الحجة علی اهل المدینه میں امام مالکؒ کے پہلے باب کو مدلل طور پر رد فرمایا ہے اور موطا محمد میں اس مرفوع حدیث سے امام کے پیچھے ہر نماز میں جہری ہو یا سری قرأت سے منع فرمایا ہے ،کیونکہ علت ترک قرأت مقتدی کی منازعت ہے ،یعنی نماز باجماعت میں قرأت امام کا حق ہے۔ اگر مقتدی بھی قرأت کرے تو اس نے امام کا حق چھین لیا اور یہی منازعت ہے، جس طرح اللہ تعالیٰ حدیث قدسی میں فرماتے ہیں: عظمت اور کبریائی

http://mujahid.xtgem.com

میری شان ہے جس نے اس میں مجھ سے منازعت کی میں اس کی کمر توڑ دوں گا۔ اب اگر کوئی دل ہی میں تکبر کرے تو اس نے بھی خدائی حق چھین کر خدا سے منازعت کی اور کھلم کھلا تکبر کا اظہار کرے تو بھی تکبر کر کے اللہ تعالیٰ کے حق میں منازعت کی۔

اسی طرح جب نماز باجماعت میں قرأت امام کا حق ٹھہرا تو جہری نماز میں مقتدی قرأت کرے تو بھی امام کا حق چھینا اور سری نماز میں مقتدی نے قرأت کی تو بھی امام کا حق چھینا۔ یاد رہے امام بخاریؒ کے ہاں اصل قرأت جو فرض ہے وہ صرف فاتحہ ہے ،بعد والی سورۃ تو مستحب ہے تو جس مقتدی نے امام کے پیچھے فاتحہ پڑھی اس نے امام کا فرض حق چھینا اور جس نے سورۃ پڑھی اس نے مستحب حق چھینا اور کسی کا فرض حق چھیننا اس کو زیادہ دکھ دینا ہے اور زیادہ گناہ ہے۔

(۴).....امام بخاریؒ کے استاد امام ابوبکر بن ابی شیبہؒ (۲۳۵ھ) نے پہلے باب باندھا ہے :من رخص فی القراءۃ خلف الإمام اور جہری نمازوں میں فاتحہ کے علاوہ کسی سورۃ کی رخصت کا کوئی بھی امام کے پیچھے قائل نہیں ' پھر اس کے بعد آگے چل کر باب من کرہ القراءۃ خلف الإمام باندھ کر اس میں یہی حدیث لائے ہیں اور اس حدیث میں جہری نماز کا ذکر ہے اور جہری نمازوں میں سوائے فاتحہ کے اور کسی قرأت کی رخصت ہی نہ تھی ' تو اس حدیث سے فاتحہ ہی کا مکروہ ہونا ثابت ہوا۔

(۵).....امام بخاریؒ کے دادا استاد عبد الرزاقؒ بھی رقم ۲۷۹۵ پر بطریق مفصل روایت لائے ہیں اور اس حدیث سے ترک قرأت خلف الامام پر استدلال فرمایا ہے۔

(۶):.....امام بخاریؒ کے چہیتے شاگرد امام ترمذیؒ بھی پہلے باب قراءۃ خلف الإمام باندھتے ہیں اور اس میں حضرت عبادہؓ کی حدیث (واقعہ فجر والی) لائے ہیں اور ثابت کیا ہے کہ امام کے پیچھے جہری نمازوں میں صرف فاتحہ کی قرأت کی اجازت ہے ' اس کے بعد باب ترک القراءۃ خلف الامام اذا جھر بالقراءۃ لا کر بتادیا کہ اسی فاتحہ کے ترک پر یہ حدیث منازعت دلیل ہے۔

http://mujahid.xtgem.com

(۷).....امام بخاریؒ کے دوسرے شاگرد امام نسائیؒ بھی اس حدیث پر ان الفاظ سے باب باندھتے ہیں :ترك القراء ة خلف الامام فيما جهر به اور سب جانتے ہیں کہ جہری نماز میں فاتحہ کے علاوہ کسی قرأت کی اجازت تھی ہی نہیں۔ اب اس حدیث سے اسی فاتحہ ہی کا ترک ثابت ہو رہا ہے۔

(۸).....امام ابن ماجہؒ اس حدیث کو باب اذا قرأ فانصتوا میں لائے ہیں اور غیر مقلدین کہا کرتے ہیں کہ انصات کا تعلق صرف جہری نماز سے ہے اور جہری میں صرف فاتحہ کی رخصت تھی۔ اب اسی فاتحہ میں خاموشی کا حکم ہوا۔

(۹).....امام ابو داؤدؒ نے بھی پہلے حضرت عبادہ بن صامتؓ کی حدیث ذکر کی کہ جہری نمازوں میں امام کے پیچھے صرف سورۃ فاتحہ کی قرأت کی اجازت تھی' اس کے بعد باب من كره القراء ة بفاتحه الكتاب اذا جهر الامام باندھ کر خاص سورۃ فاتحہ خلف الامام کو مکروہ قرار دیا ہے۔

(۱۰).....غیر مقلدین کے دور حاضر کے محقق البانی نے بھی صفۃ صلاۃ النبی میں حدیث عبادہؓ جس میں امام کے پیچھے فاتحہ پڑھنے کی رخصت ہے کو اس حدیث سے منسوخ قرار دیا ہے۔

(۱۱).....یہ بھی یاد رہے کہ حضرت عبادہؓ اگرچہ مدنی اور انصاری صحابہ میں سے ہیں مگر آپؓ ہجرت سے تقریباً تین سال قبل مکہ مکرمہ میں بیعت عقبہ اولیٰ میں مسلمان ہوئے تھے اس وقت جو آپ نے فجر کی نماز حضور ﷺ کے پیچھے ادا فرمائی' اس کا واقعہ انہوں نے بیان فرمایا اور اس حدیث منازعت کے راوی حضرت ابو ہریرہؓ حضرت عبادہؓ سے تقریباً دس سال بعد ایمان لائے ہیں۔

(۱۲).....حدیث منازعت سے یہ معلوم ہوا کہ امام کے پیچھے فاتحہ پڑھنا صحابہ کرام کا معمول ہرگز نہیں تھا۔ کیونکہ پوری مسجد نبوی میں صرف ایک غیر معروف آدمی پڑھنے والا ملا' باقی سب صحابہؓ جو معروف تھے ان میں سے کسی ایک نے بھی فاتحہ خلف

http://mujahid.xtgem.com

الامام نہیں پڑھی تھی اور رسول اللہ ﷺ نے کسی کو بھی نماز لوٹانے کا حکم نہ دیا۔

(۱۳)..... اس ایک شخص پر جس نے آپ ﷺ کے پیچھے فاتحہ پڑھی تھی، آپ ﷺ سخت ناراض ہوئے مالی کے محاورہ سے اس کو ڈانٹا اور یہ وہی محاورہ ہے جس سے ۲۳ ویں پارے کے شروع میں اللہ تعالیٰ نے مشرکین کو ڈانٹا ہے اور یہ وہی محاورہ ہے جس سے حضرت سلیمان علیہ السلام نے ہدہد کو ڈانٹا ہے مالی لا اری الھدھد جس طرح حضرت سلیمان علیہ السلام ہدہد پر ناراض ہیں اسی طرح حضرت خاتم النبیین ﷺ امام کے پیچھے فاتحہ پڑھنے والے پر ناراض ہیں۔

(۱۴).....آپ ﷺ نے مقتدی کی قرأت کو منازعت فرمایا۔ گویا امام کے پیچھے فاتحہ پڑھنے والا مقتدی متابعت سے نکل گیا اور منازعت کرنے والا قرار پایا، گویا اس کی اقتداء ہی باطل ہو گئی۔

نوٹ ..... مالی أنازع القرآن تک تو امام بخاریؒ بھی اس کو صحیح مانتے ہیں۔

(۱۵).....فانتھی الناس سے ثابت ہوا ہے کہ اب ایک آدھ صحابی بھی فاتحہ خلف الامام کے قائل نہ رہے۔ سب صحابہؓ فاتحہ خلف الامام سے رک گئے۔ اسی لئے صاحب ہدایہ فرماتے ہیں: وعلیہ إجماع الصحابۃ امام بخاریؒ (۲۵۶ھ) نے سب سے پہلے یہ دعویٰ کیا کہ: فانتھی الناس زہری کا کلام ہے امام زہریؒ کا وصال ۱۲۵ھ میں ہوا اور امام بخاریؒ کی پیدائش ۱۹۴ھ میں ہوئی۔ امام زہری ساری عمر یہ حدیث سناتے رہے، کسی نے یہ نہ کہا کہ فانتھی الناس زہری کا کلام ہے۔

(الف)..... موطا امام مالک، موطا امام محمد اور نسائی میں: فانتھی الناس سے پہلے قال کا لفظ ہی نہیں اور معمر کی روایت میں بھی اور عبد الرزاق میں قال کا لفظ نہیں کہ یہ جھگڑا پیدا کیا جائے کہ قال کی ضمیر ابو ہریرہؓ کی طرف لوٹتی ہے یا زہری کی طرف، ان سب سندوں میں یہ متصل کلام ہے اور یقین ہے کہ حضرت ابو ہریرہؓ کا کلام ہے۔

http://mujahid.xtgem.com

امام بخاریؒ یہاں امام مالکؒ اور امام معمرؒ جیسے جلیل القدر محدثین پر اعتماد نہیں فرمارہے بلکہ اسی لئے امام مالکؒ کا متن آخر سے حذف فرمادیا کیونکہ اس میں قال تھا ہی نہیں، بلکہ متصل ابو ہریرہؓ ہی کا کلام ہے۔

(ب)..... یہ حدیث جب سفیان بن عیینہؒ نے زہری سے سنی تو فانتھی الناس الخ کو محفوظ نہ کر سکے تو انہوں نے معمرؒ سے پوچھا تو معمرؒ نے بتایا کہ آخری جملہ فانتھی الناس الخ تھا۔ تو بعض راویوں نے قال فانتھی الناس کے الفاظ سے روایت کر دیا۔

(ج)..... ابن جریج اگرچہ بڑے محدث تھے مگر طبیعت شذوذ پسند تھی سب لوگ متعہ کو حرام کہتے تھے مگر وہ نہ صرف متعہ کو جائز کہتے تھے بلکہ مکہ مکرمہ میں رہ کر انہوں نے ستر یا نوے عورتوں سے متعہ کیا۔ ان کی شذوذ پسند طبیعت نے فانتھی الناس سے آخر تک کا جملہ ہی حدیث میں سے حذف کر دیا۔

(د)..... امام بخاریؒ نے یہ تو موطا مالک، موطا محمد اور عبد الرزاق پر اعتماد کیا کہ فانتھی الناس متصل کلام ہے اور ابو ہریرہؓ کا ہے اور نہ ہی ابن السرح قال معمر قال الزھری قال ابوھریرۃ (ابو داؤد ج ۱ / ص ۱۲۱) کی صریح روایت پر اعتماد فرمایا بلکہ قال کی ضمیر ابو ہریرہؓ کی بجائے زہری کی طرف لوٹانے کے لئے ایک نہایت ضعیف سند اوزاعی عن الزہری کا سہارا لیا۔ آپ حیران ہوں گے کہ امام بخاریؒ صحیح بخاری میں مالک عن الزہری، معمر عن الزہری، سفیان عن الزہری اور یونس عن الزہری کی سندوں سے تو احادیث لائے ہیں مگر اوزاعی عن الزہری کی سند سے پوری بخاری صحیح میں ایک حدیث بھی نہیں لائے۔ کیونکہ ان کے استاد امام یحییٰ بن معینؒ فرمایا کرتے تھے اوزاعی عن الزھری ضعیف (تہذیب ج ۶ / ۲۴۱) امام بخاریؒ نے صحیح بخاری میں تو اس پر پوری پابندی فرمائی مگر یہاں پر امام بخاریؒ کو مالکؒ، معمرؒ، یونسؒ اور سفیانؒ سب بھول گئے اور ان کے خلاف اور ضعیف بلکہ منکر روایت کا سہارا لیا جو یقیناً امام مالک کی جلالت قدر سے بہت ہی فروتر ہے۔

http://mujahid.xtgem.com

(۱۶).....امام ابن عبد البرؒ (۴۶۳ھ) فرماتے ہیں کہ اس کلام کو زہری کا کلام بھی مانا جائے تو بھی یہ حدیث ترک فاتحہ خلف الامام کی دلیل ہے "اس حدیث میں واضح دلیل ہے کہ جہری نمازوں میں امام کے پیچھے نہ فاتحہ پڑھے اور نہ زائد، کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے قرآن سے منع فرمایا اور کسی بھی چیز کو مستثنیٰ نہ فرمایا۔" (التمہید) نیز فرماتے ہیں کہ آخر ظاہر کتاب اللہ، سنت رسول اللہ ﷺ اور عمل اہل مدینہ سے کہاں بھاگے گا؟ کیا تو امام ابن شہاب کا قول نہیں دیکھتا فانتهى الناس الخ کہ سب (صحابہؓ و تابعینؒ) جہری نمازوں میں قرأت (فاتحہ، سورۃ) خلف الامام سے رک گئے اور امام مالکؒ بھی فرماتے ہیں کہ ہمارے مدینہ منورہ میں یہی ایک بات ہے کہ جہری نمازوں میں امام کے پیچھے قرأت (فاتحہ و سورۃ نہ پڑھی جائے یہی عمل مدینہ میں متواتر تھا۔ (التمہید)

(۱۷).....امام ابن تیمیہؒ فرماتے ہیں: وهذا إذا كان من كلام الزهري فهو من ادل الدلائل ان الصحابة لم يكونوا يقرؤن في الجهر مع النبي صلى الله عليه وسلم فإن الزهري من أعلم أهل زمانه أو أعلم أهل زمانه بالسنة وقراءة الصحابة خلف النبي صلى الله عليه وسلم إذا كانت مشروعة واجبة أو مستحبة تكون من الأحكام العامة التي يعرفها عامة الصحابة و التابعين لهم باحسان فيكون الزهرى من أعلم الناس بها ـ فلو لم يبينها لاستدل بها على انتفائها فكيف إذا قطع الزهرى بأن الصحابة لم يكونوا يقرؤن خلف النبي صلى الله عليه وسلم في الجهر (فتاویٰ ابن تیمیہ) "اگر یہ زہری کا کلام بھی ہو تو یہ نہایت زبردست دلیل ہے کہ صحابہؓ جہری نمازوں میں نبی پاک ﷺ کے پیچھے قرأت (فاتحہ و سورۃ) نہیں پڑھتے تھے۔ بے شک زہری اپنے زمانے کے سب سے بڑے عالم یا سنت کے سب سے زیادہ جاننے والے تھے، اگر صحابہ کرامؓ آپ ﷺ کے پیچھے واجب بلکہ مستحب سمجھ کر بھی قرأت

http://mujahid.xtgem.com

کرتے تو یہ بات زبان زد خاص و عام ہوتی۔ سب صحابہؓ اور تابعینؒ میں مشہور ہوتی اور امام زہریؒ اس کو خوب جانتے۔ جب زہریؒ نے کسی ایک (صحابیؓ یا تابعیؒ) کے پڑھنے کا بیان نہیں فرمایا تو اس سے اس کے عام ترک پر استدلال ہوگا جب کہ امام زہریؒ نے پورے یقین کے ساتھ کہا ہے کہ صحابہ کرامؓ جہری نمازوں میں امام کے پیچھے قرأت نہیں کرتے تھے۔

(۱۸)..... مولانا عبدالحیٔ لکھنویؒ (۱۳۰۴ھ) فرماتے ہیں: **هذا الكلام سواء كان من كلام أبي هريرة أو من كلام الزهري أو غيرهما يدل قطعاً على أن الصحابة تركوا القراءة خلف رسول الله صلى الله عليه وسلم فيما يجهر فيه و هذا كاف للاستناد به** (امام الکلام ص ۱۸۰) "یہ کلام ابوہریرہؓ کا ہو یا زہریؒ کا یا اور کسی کا قطعی دلیل ہے کہ صحابہ کرامؓ نے جہری نمازوں میں حضور ﷺ کے پیچھے قرأت ترک فرمادی اور یہ بات بہت کافی دلیل ہے۔

نوٹ..... اگر دونوں قول تسلیم کر لئے جائیں تو کیا قباحت ہے کہ حضرت ابوہریرہؓ جب یہ حدیث بیان فرماتے تو صحابہؓ کے بارے میں فرماتے کہ سب قرأت سے رک گئے تھے اور جب امام زہریؒ حدیث بیان کرتے تو یہ بھی فرمادیتے کہ صحابہؓ کی طرح تابعینؒ اور تبع تابعینؒ بھی قرأت خلف الامام نہیں کرتے تھے۔ گویا خیر القرون میں یہی عمل متوارث اور متواتر تھا۔

مولانا عبدالحیٔ لکھنوی رحمہ اللہ تعالیٰ :۔

شیخ زاہد کوثری فرماتے ہیں۔ **الشيخ محمد عبد الحي اللكنوي أعلم أهل عصره بأحاديث الأحكام المتوفى ١٣٠٤هـ الا أن له بعض آراء شاذة لا تقبل في المذهب واستسلامه لكتب التجريح من غير أن يتعرف دفائلها لا يكون مرضياً عند من يعرف هنالك۔** (فقہ اہل العراق و حدیثہم ص ۹۵) "شیخ محمد عبدالحیٔ لکھنویؒ اپنے زمانہ میں احکام کی احادیث کے بہت

http://mujahid.xtgem.com

بڑے عالم تھے "آپ کی وفات ۱۳۰۴ھ میں ہوئی۔ خبردار! ان کی آراء شاذ ہیں جو مذہب میں مقبول نہیں خاص طور پر راویوں کی جرح کے بارے میں جو کتب اسماء الرجال پر اندھا اعتماد فرمایا ہے اور ان کے عیوب سے غفلت برتی ہے، یہ ان کتب کے ماہر کے نزدیک ناپسندیدہ ہے۔"

مسئلہ قرأت خلف الامام میں تو مولانا نے خود اعتراف فرمایا ہے کہ وہ مذہب حنفی میں روایتاً ضعیف ہے (امام الکلام ص ۹۴، ۲۲۸، ۳۳۵) اور سب جانتے ہیں کہ روایت ضعیف تو نبی پاک ﷺ کی طرف بھی منسوب ہو تو حجت نہیں اور ضعیف و شاذ قول خود امام، صاحب مذہب کی طرف بھی منسوب ہو تو حجت نہیں ۔ تو حضرت مولانا عبدالحیؒ لکھنویؒ جب خود بھی اعتراف کریں کہ یہ مذہب میں ضعیف روایت ہے تو احناف پر کیسے حجت ہو سکتی ہے۔

(۹۹)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا اسحق سمع عیسیٰ ابن یونس عن جعفر بن میمون قال أبو عثمان النهدی قال سمعت أبا هریرة رضی الله عنه یقول قال رسول الله صلی الله علیه وسلم : اخرج فناد فی المدینه أن لاصلاة ألا بقرآن ولو بفاتحة الکتاب فما زاد۔

ترجمہ..... حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے حکم دیا کہ منادی کر دوں کہ قرآن پڑھے بغیر نماز نہیں ہوتی اگرچہ سورۃ فاتحہ اور کچھ زائد ہو۔

اس سے معلوم ہوا کہ رکن نماز قرآن ہے نہ کہ خاص فاتحہ۔

(۱۰۰)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثناابوالنعمان و مسدد قالا حدثنا ابو عوانه عن قتادة عن زرارة عن الجا روفی عن عمران بن حصین رضی الله عنه ، قال قرأ رجل خلف النبی صلی الله علیه وسلم فی الظهر و العصر فلما قضی صلواته ، کان الکم قرأ خلفی

http://mujahid.xtgem.com

قال رجل انا قال قد عرفت ان بعضلم خالمجنيها۔

ترجمہ..... عمران بن حصین سے روایت ہے کہ فرمایا کہ ایک آدمی نے حضور ﷺ کے پیچھے قرأت کی ظہر اور عصر کی نماز میں پس جب حضور ﷺ نے نماز پوری فرمادی۔ فرمایا کس نے میرے پیچھے قرأت کی کہا ایک آدمی نے کہ میں نے آپ ﷺ نے فرمایا کہ تحقیق پہچان لیا میں نے کہ تم میں سے بعض مجھ کو خلجان میں ڈال رہا ہے۔

حدیث مسیئی الصلاۃ :۔

(۱۰۱)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا یحییٰ بن بکیر قال حدثنا عبد اللہ بن سوید عن عیاش عن بکر بن عبد اللہ عن علی بن یحییٰ عن أبی السائب رجل من أصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم صلی رجل والنبی صلی اللہ علیہ وسلم ینظر إلیہ فلما قضٰی صلاتہ قال: ارجع فصل فإنك لم تصل۔ ثلاثاً فقام الرجل فلما قضٰی صلاتہ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم : ارجع فصل ثلاثاً قال : فحلف لہ کیف اجتھدت فقال لہ : ابدأ فکبر وتحمد اللہ وتقرأ بأم القرآن ثم ترکع حتٰی یطمئن صلبك ثم ترفع رأسك حتٰی یستقیم صلبك فما انتقصت من ھذا فقد انتقصت من صلاتك۔

ترجمہ ..... حضرت ابو السائبؓ روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ کے سامنے نماز پڑھی اور آپ اسے دیکھ رہے تھے۔ نماز سے فراغت کے بعد آپ ﷺ نے فرمایا: لوٹ جا اور دوبارہ نماز پڑھ تیری نماز نہیں ہوئی۔ یہ آپ ﷺ نے تین مرتبہ فرمایا، پھر اس آدمی نے نماز پڑھی تو آپ ﷺ نے پھر فرمایا پھر دوبارہ نماز پڑھ تیری نماز نہیں ہوئی۔ تب اس شخص نے کہا کہ مجھے بتایئے تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ جب تو نماز شروع کرے تو تکبیر کہہ، پھر فاتحہ پڑھ پھر رکوع کر حتی کہ مطمئن ہو جائے۔ پھر کھڑا ہو حتی کہ سیدھا کھڑا ہو جائے۔ ان چیزوں میں

http://mujahid.xtgem.com

سے جس کی کمی ہو گی اتنی ہی تیری نماز میں کمی ہو گی۔

(۱۰۲)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا ابراهیم بن حمزة عن حاتم بن اسماعیل عن ابن عجلان عن علی بن یحییٰ بن خلاد بن رافع قال أخبرنی أبی عن عمه و کان بدریاً قال : کنا جلوساً مع النبی صلی الله علیه وسلم بهذا وقال : کبر ثم اقرائم ارکع۔

ترجمہ ..... علی بن یحییٰ کے باپ نے اپنے چچا سے جو بدری صحابیؓ تھے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ہم بیٹھے تھے اور یہی واقعہ بیان کیا کہ تکبیر کہہ پھر قرأت کر' پھر رکوع کر۔

(۱۰۳)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا إسماعیل قال جدثنی أخی عن سلمان عن ابن عجلان عن علی بن خلاد بن السائب الأنصاری عن أبیه عن عم أبیه قال النبی صلی الله علیه وسلم بهذا وقال: کبر ثم اقرأ ثم ارکع۔

ترجمہ ..... علی بن خلاد اپنے باپ کے چچا سے یہی واقعہ روایت کرتے ہیں کہ تکبیر کہہ' پھر قرأت کر' پھر رکوع کر۔

حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا قتیبة قال حدثنا اللیث عن ابن عجلان عن علی بن یحییٰ من آل رفاعة بن رافع عن أبیه عن عم له بدری أنه حدثه عن النبی صلی الله علیه وسلم قال : کبر ثم اقرأ ثم ارکع۔

ترجمہ ..... علی جو آل رفاعہ بن رافع سے ہیں وہ اپنے باپ سے' وہ اپنے چچا سے جو بدری صحابیؓ تھے یہی واقعہ روایت کرتے ہیں کہ تکبیر کہہ' پھر قرأت کر' پھر رکوع کر۔

ان احادیث میں آنحضرت ﷺ نے اکیلے نمازی کو نماز کا طریقہ سکھایا۔ تو جس طرح تکبیر تحریمہ کا حکم دیا اور رکوع کا حکم دیا' اسی طرح خود قرأت کرنے کا

http://mujahid.xtgem.com

بھی حکم دیا لیکن جب آپ ﷺ نے نماز باجماعت کا طریقہ سکھایا تو مقتدیوں کو تکبیر، رکوع، سجود وغیرہ کا حکم تو دیا مگر کبھی بھی فاتحہ خلف الامام کا حکم نہ دیا بلکہ امام کی قرأت کے وقت انصات کا حکم دیا اور کسی نے اگر بغیر حکم دیئے اپنے قیاس سے امام کے پیچھے قرأت کر ہی لی تو اسے مخالجت اور منازعت قرار دیا۔

(۱۰۴)..... (قال البخاری) روی همام عن قتادة عن أبی نضرة عن أبی سعید رضی الله عنه أمرنا نبینا أن نقرأ بفاتحة الکتاب وما تیسر ولم یذکر قتادة سماعاً من أبی نضرة فی هذا۔

ترجمہ ..... حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں حکم دیا کہ (نماز میں) فاتحہ اور کچھ اور جو میسر ہو پڑھا کریں۔ اس سند میں قتادہؒ نے ابو نضرہ سے سماع بیان نہیں کیا۔

اس حدیث میں آپ ﷺ نے جس طرح نماز میں فاتحہ پڑھنے کا حکم دیا اس طرح کچھ اور قرآن پڑھنے کا بھی حکم دیا اور حکم وجوب کے لئے ہوتا ہے۔ اس لئے ہم جس طرح فاتحہ کو واجب کہتے ہیں کچھ ماتیسر کو بھی واجب کہتے ہیں مگر امام بخاریؒ اس حدیث کے خلاف یہ کہتے ہیں کہ فاتحہ فرض ہے اور زائد جائز ہے کوئی پڑھے یا نہ پڑھے۔ جو نکہ یہ حدیث ان کے خلاف تھی اس لئے اس پر اعتراض کر دیا کہ یہاں قتادہؒ عن سے روایت کر رہا ہے حدثنا کہہ کر اپنے سماع کی تصریح نہیں فرمائی مگر امام بخاریؒ جیسے محدث سے یہ خلاف انصاف بات مناسب نہ تھی کیونکہ صرف اسی رسالہ جزء القراءۃ میں امام بخاریؒ نے نمبر ۱۲، ۸۲، ۸۸، ۹۰، ۹۴، ۱۰۰، ۱۱۷، ۱۱۸، ۱۲۲، ۱۲۳، ۱۲۴، ۱۲۵، ۱۲۷، ۱۹۰، ۲۵۹، ۲۶۰، ۲۶۴، پر ۱۷ جگہ قتادہؒ کی عن والی حدیث قبول فرمائی ہے اسی طرح جزء رفع یدین میں نمبر ۷، ۲۹، ۵۵، ۶۷، ۱۰۲ پر ۵ جگہ قتادہؒ کی عن والی روایت کو اپنی دلیل میں پیش فرمایا ہے۔

(۱۰۵)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا مسدد قال

http://mujahid.xtgem.com

حدثنا يحيىٰ عن العوام بن حمزة المازني قال حدثنا أبو نضرة قال : سئلت أبا سعيد الخدري عن القراءة خلف الإمام فقال بفاتحة الكتاب ۔

ترجمہ..... حضرت ابو سعید خدریؓ سے قرأت خلف الامام کے بارے میں پوچھا گیا تو آپؓ نے فرمایا سورۃ فاتحہ۔

اس قول میں راوی عوام بن حمزہ کو امام بخاریؒ کے استاد یحییٰ بن معینؒ محض ہیچ فرماتے ہیں۔ (میزان الاعتدال) اور امام بخاریؒ کے دوسرے استاد امام احمدؒ اس کو صاحب مناکیر فرماتے ہیں۔ (تہذیب ج ۸ / ۱۶۳) صحیح حدیث کو گرانا اور ایک ضعیف قول کو اس کے مقابلہ میں قبول کرنا امام بخاریؒ کی شان تحدیث کے ہرگز مناسب نہیں۔

(۱۰۶)..... قال البخاري : وهذا أوصل وتابعه يحيىٰ بن بكير قال حدثنا الليث عن جعفر بن ربيعة عن عبدالرحمن بن هرمز أن أبا سعيد الخدري رضي الله عنه كان يقول : لا يركعن أحد كم حتىٰ يقرأ بفاتحة الكتاب قال : وكانت عائشة تقول ذلك۔

ترجمہ..... (امام بخاریؒ نے اس قول کو تقویت دینے کے لئے یہ روایت کی ہے کہ) حضرت ابو سعید خدریؓ فرماتے تھے کہ تم میں سے کوئی فاتحہ پڑھے بغیر رکوع نہ کرے اور اسی طرح حضرت عائشہؓ فرماتی تھیں۔

ان روایات کا مقتدی کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔ جس پر قرأت فرض ہے وہ واقعتاً قرأت کے بعد رکوع کرے اور جس پر انصات ہے وہ اپنے امام کے ساتھ رکوع کرے، کیونکہ امام کی قرأت اس کی طرف سے بھی ادا ہو چکی۔

(۱۰۷)..... وقال عبد الرزاق عن ابن جريج عن عطاء قال : إذا كان الإمام يجهر فليبادر بقراءة أم القرآن أو ليقرأ بعد مايسكت فإذا قرأ فلينصت كما قال الله عزوجل۔

http://mujahid.xtgem.com

ترجمہ..... عطاء نے کہا کہ جب امام جہری قرأت کرے تو جلدی جلدی (امام کے قرأت شروع کرنے سے پہلے) فاتحہ پڑھ لیا کرو یا پھر امام (اپنی قرأت کے بعد) جب سکتہ کرے تو اس وقت فاتحہ پڑھ لیا کرو اور جب امام قرأت کرے تو تم خدا کے حکم کے مطابق خاموش رہو۔

اس سے صاف معلوم ہوا کہ جب امام فاتحہ پڑھے، اس وقت خاموش رہنا اللہ کا حکم ہے اور یہ بھی واضح ہو گیا کہ انصات آہستہ پڑھنے کے بھی خلاف ہے کیونکہ امام سے پہلے یا بعد مقتدی آہستہ ہی پڑھتا ہے اس کو انصات نہیں قرأت کہا گیا ہے اور جب امام پڑھے گا تو آہستہ سے بھی خاموش کو انصات کہا گیا ہے۔

(۱۰۸)..... **حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا أبو نعیم قال حدثنا داؤد بن قیس عن علی بن یحییٰ بن خلاد قال حدثنی أبی عن عم له بدری أنه کان مع النبی صلی الله علیه وسلم قال : إذا أردت أن تصلی فتوضأ فاحسن الوضوء ثم استقبل القبلة فکبر ثم اقرأ ثم ارکع حتیٰ تطمئن راکعًا ثم ارفع حتیٰ تعتدل قائماً ثم اسجد حتیٰ تطمئن ساجدا ساجدًا ثم ارفع حتیٰ تطمئن جالسا ثم اثبت ثم اسجد حتیٰ تطمئن ثم ارفع فإنك إن أتممت صلاتك علیٰ هٰذا فقد أتممت ومن انتقص من هٰذا فإنما ینقص من صلاته۔**

ترجمہ..... علی بن یحییٰ اپنے باپ سے، وہ اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے (نہ درست نماز پڑھنے والے سے) فرمایا: جب تو نماز کا ارادہ کرے تو اچھی طرح وضو کر پھر قبلہ رخ ہو کر تکبیر کہہ پھر قرأت کر پھر رکوع، کر حتیٰ کہ مطمئن ہو جائے پھر رکوع سے سر اٹھا حتیٰ کہ سیدھا کھڑا ہو جائے پھر سجدہ کر یہاں تک کہ مطمئن ہو جائے پھر سجدہ سے سر اٹھا۔ پس تو نے اگر اسی طرح نماز پڑھی تو ٹھیک پڑھی اور اگر اس میں کمی کی تو تیری نماز میں کمی رہے گی۔

http://mujahid.xtgem.com

اس حدیث کا مدار علی بن یحییٰ بن خلاد پر ہے۔ وہ کبھی یوں روایت کرتا ہے کہ وہ اپنے باپ سے' وہ اپنے چچا سے اور کبھی اپنے چچا سے روایت کرتا ہے' پھر اس کے کئی شاگرد ہیں :

(۱).....اسماعیل بن جعفر مدنی یوں روایت کرتا ہے :فإن كان معك قرآن فاقرأ به وإلا فاحمد الله عزوجل و كبره وهلله ۔ (طیالسی ص ۱۹۶' ابو داؤد ج ۱/ ص ۱۳۲) یعنی اگر قرآن آتا ہے تو قرآن پڑھ ورنہ الحمد للّٰہ' اللہ اکبر' لا إله إلا الله کہہ کر رکوع کر۔

(۲)..... محمد بن عمر کی روایت میں ہے :ثم اقرأ بأم القرآن ثم اقرأ بماشئت ۔ (احمد ج ۴/ ص ۳۴۰' ابو داؤد ج ۱/ ص ۱۳۲)

(۳).....داؤد بن قیس (عبدالرزاق ج ۲/ ص ۷۰ ۳' نسائی ج ۱/ ص ۱۹۴)

(۴)..... ابن عجلان (ابن ابی شیبہ ج ۱/ ص ۲۸۷' احمد ج ۴/ ص ۳۴۰' نسائی ج ۱/ ص ۱۶۱)

(۵).....اسحاق بن عبداللہ بن ابی طلحہ (ابو داؤد ج ۱/ ص ۱۳۲' نسائی ج ۱/ ص ۱۷۰)

(۶)..... محمد بن اسحاق (ابو داؤد ج ۱/ ص ۱۳۲) یہ سب ثم اقرأ ثم ارکع یعنی قرأت کر کے رکوع کر کہتے ہیں۔ امام بخاریؒ نے ایک نئی بات دریافت فرمائی ہے۔

(۷).....بحر بن عبداللہ عن علی بن یحییٰ عن ابی السائب' یہ سند بھی سب سے انوکھی ہے بحر بن عبداللہ مجہول ہے اور متن بھی انوکھا ہے فكبر و تحمد الله و تقرأ بأم القرآن ثم اركع ۔ یعنی اللہ اکبر کہہ پھر الحمد للہ کہہ پھر فاتحہ پڑھ پھر رکوع کر۔ یہ روایت سنداً بھی شاذ ہے اور متناً بھی شاذ ہے۔ صحیح روایات کو چھوڑ کر ان کے خلاف ایسی شاذ روایات پر مدار استدلال رکھنا امام بخاریؒ کے شایان شان نہیں ہے۔

(۱۰۹)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا محمد قال حدثنا عبد الله قال حدثنا داؤد بن قيس قال حدثنا على بن خلاد بن

http://mujahid.xtgem.com

رافع بن مالك الأنصاری قال حدثنی أبی عن عم له بدوی قال داؤد : وبلغنا أنه رفاعة بن رافع رضی الله عنه قال : کنت مع رسول الله صلی الله علیه وسلم بهٰذا وقال : کبر ثم اقرأ ثم ارکع۔

ترجمہ..... یہ روایت بھی مثل بالا ہے۔

(۱۱۰)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا حجاج بن منهال قال : حدثنا همام عن اسحاق بن عبد الله بن أبی طلحة عن علی بن یحییٰ بن خلاد عن أبیه عن عمه رفاعة بن رافع قال : کنت جالسًا عند النبی صلی الله علیه وسلم بهٰذا وقال : کبر ثم اقرأ ماتیسر من القرآن ثم ارکع۔

(۱۱۱)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا مسدد قال یحییٰ عن محمد بن عجلان قال حدثنی علی بن یحییٰ بن خلاد عن أبیه عن عمه وکان بدریاً قال کنا مع النبی صلی الله علیه وسلم بهٰذا وقال : کبر ثم اقرأ ثم ارکع۔

(۱۱۲)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا بکیر عن بن عجلان عن علی بن یحییٰ الزرقی عن عمه وکان بدریاً أنه کان مع رسول الله صلی الله علیه وسلم بهٰذا وقال کبر ثم اقرأ ثم ارکع۔

ترجمہ (۱۱۰ تا ۱۱۲)..... یہ وہی حدیث ہے جو پیچھے گزر چکی، دیکھو! نمبر ۱۰۸۔

حدیث مسیئی الصلاۃ :۔

(۱۱۳)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا مسدد قال حدثنا یحییٰ بن سعید عن عبید الله قال حدثنی سعید المقبری عن أبیه عن أبی هریرة رضی الله عنه عن النبی صلی الله علیه وسلم : إذا أقیمت الصلاة فکبر ثم اقرأ ثم ارکع۔

http://mujahid.xtgem.com

ترجمہ ..... حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے (نہ درست نماز پڑھنے والے سے) فرمایا: کہ جب تو نماز کے لئے کھڑا ہو تو جو تجھے قرآن سے میسر ہو قرأت کر پھر رکوع کر۔

یہی حدیث نمبر ۱۱۴، ۱۱۵ پر ذکر کی ہے۔ یہ حدیث پوری تفصیل سے ابن ابی شیبہ ج ۱/ص ۲۸۷، مسند احمد ج ۲/ص ۴۳۷، بخاری ج ۱/ص ۱۰۴، ۱۰۵، ۱۰۹، ج ۲/ص ۹۲۴، ۹۸۶ مسلم ج ۱/ص ۱۷۰، ابن ماجہ ص ۷۴، ابو داؤد ج ۱/ص ۱۲۴، ترمذی، نسائی ج ۱/ص ۱۴۱، طحاوی ج ۱/ص ۱۱۴ پر ہے۔ اس میں آپ ﷺ نے اکیلے نمازی کو نماز کا طریقہ سکھایا۔ عجیب بات ہے کہ غیر مقلدین اپنی نماز کے جو امتیازی ارکان بتاتے ہیں اور ہر روز جن مسائل پر لڑتے ہیں ان میں سے ایک مسئلہ بھی اس میں نہیں آیا' نہ سینے پر ہاتھ باندھنا' نہ رکنیت فاتحہ' نہ ہی آمین اور نہ رفع یدین۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ غیر مقلدین جن مسائل کو تفریق المسلمین کا ذریعہ بنا رہے ہیں اور جن مسائل سے اختلاف کرنے والوں کو بے نماز تک کہہ رہے ہیں اور جن مسائل پر ان کے نزدیک جہاد کفار سے بھی زیادہ اہم جہاد ہے' وہ مسائل اتنے اہم نہیں۔ ان چاروں کو چھوڑ دینے سے بھی نماز ہو جاتی ہے۔ یہ بے جا غلو عمل بالحدیث نہیں بلکہ واضح طور پر انکار حدیث ہے۔ اس حدیث میں اکیلے نمازی کو آپ ﷺ نے حکم دیا ثم اقرأ ما تیسر معك من القرآن یہ وہی حکم ہے جو اللہ تعالیٰ نے فاقرؤا ماتیسر من القرآن (المزمل) میں دیا ہے اور حدیث رفاعہ بن رافع جو اس سے پہلے گزری اس میں اس حکم کو دو حصوں میں تقسیم فرما دیا کہ فاتحہ پڑھ اور اس کے علاوہ جو چاہے پڑھ۔ ہم نے دونوں حکموں کو مان لیا' فاتحہ کو واجب معین اور ما زاد کو واجب مخیر کہا۔ غیر مقلدین کی ناانصافی دیکھو کہ فاتحہ کے حکم کو واجب سے بڑھا کر فرض تک لے گئے اور ما زاد علی الفاتحہ کو واجب سے گرا کر صرف درجہ جواز تک لے گئے۔ نبی پاک ﷺ کی حدیث سے ایسی اٹکھیلیاں عمل بالحدیث نہیں بلکہ انکار حدیث

http://mujahid.xtgem.com

کا شاخسانہ ہے۔

ان گزشتہ احادیث میں اکیلے نمازی کی قرأت کا ذکر تھا' ہر اکیلا نمازی ہر رکعت میں فاتحہ اور سورۃ اور فرض کی تیسری اور چوتھی رکعت میں صرف فاتحہ پڑھتا ہے اور اسی کو قرأت کہتے ہیں۔ کتنے ہی غیر مقلدین ہیں جو یہ کہتے سنے گئے ہیں کہ فاتحہ قرآن نہیں۔ یہ بہت خطرناک بات ہے ایمان ہی کی خیر منانی پڑے گی۔

اب امام بخاریؒ اکیلے نمازی کے بعد امام کی قرأت کا ذکر کریں گے اور احادیث لائیں گے کہ آنحضرت ﷺ اور خلفاء راشدینؓ جب امام بنتے تو قرأت کرتے اور قرأت فاتحہ سے شروع کرتے۔ امام طحاویؒ فرماتے ہیں کہ یہ احادیث متواتر ہیں کہ قرأت فاتحہ سے شروع ہوتی ہے لیکن آج کتنے غیر مقلدین صرف اہل سنت کی ضد میں ان متواتر احادیث کا انکار کرتے ہیں۔ ہم نے کئی دفعہ تجربہ کیا' مناظرے میں کہا کہ لکھو فاتحہ قرأت ہے مگر انہوں نے مناظرہ ہی بند کر دیا لیکن اس متواتر حدیث کے موافق فاتحہ کو قرأت نہیں لکھا۔ کیا یہ انکار حدیث نہیں؟

(۱۱۴) ..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال 'حدثنا اسحٰق قال حدثنا أبو أسامة قال حدثنا عبید الله بن عمر عن سعید عن أبی هریرة رضی الله عنه عن النبی صلی الله علیه وسلم قال کبر واقرأ ماتیسر معك من القرآن ثم ارکع۔

ترجمہ ..... حضرت ابو ہریرہؓ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: تکبیر کہہ اور پڑھ جو تجھے میسر ہو قرآن سے اور رکوع کر۔

(۱۱۵) ..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا إسحٰق قال حدثنا عبد الله بن نمیر قال حدثنا عبید الله عن سعید بن ابی سعید المقبری عن أبی هریرة رضی الله عنه عن النبی صلی الله علیه وسلم قال: کبر ثم اقرأ ماتیسر معك من القرآن ثم ارکع۔

http://mujahid.xtgem.com

ترجمہ..... یہ روایت بھی مثل بالا روایت کے ہے۔

(۱۱۶)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا محمد بن سلام قال حدثنا یزید بن هارون عن الجریری عن قیس بن عباية الحنفی عن ابن عبد الله بن مغفل قال لی أبی : صلیت خلف رسول الله ﷺ وأبی بکر و عمر و عثمان و کانوا یقرؤن الحمد لله رب العالمین.

ترجمہ..... حضرت عبداللہ بن مغفلؓ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ ابو بکرؓ عمرؓ اور عثمانؓ کے پیچھے نماز پڑھی، یہ سب الحمد للہ رب العالمین سے قرأت شروع کرتے تھے۔

یہ حدیث مسند امام اعظم ص ۵۸، عبد الرزاق ج ۲/ ص ۵۸، ابن ابی شیبہ ج ۱/ ص ۴۱۰، مسند احمد ج ۴/ ص ۸۵، ابن ماجہ ص ۵۹، نسائی ج ۱/ ص ۱۴۴ پر ہے بعض روایتوں میں بسم اللہ بالجہر کو بدعت کہا گیا ہے۔

(۱۱۷)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا حفص بن غیاث قال حدثنا شعبة عن قتادة عن أنس رضی الله عنه أن النبی ﷺ وأبا بکر و عمر کانوا یفتتحون الصلاة بالحمد لله رب العالمین۔

(۱۱۸)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا عمرو بن مرزوق قال حدثنا شعبة عن قتادة عن أنس قال : صلیت خلف رسول الله صلی الله علیه وسلم و أبی بکر و عمر و عثمان و کانوا یفتتحون الصلاة بالحمد لله رب العلمین۔

(۱۱۹)..... حدثنا محمود حدثنا البخاری قال حدثنا محمد بن یوسف قال حدثنا الأوزاعی قال کتب إلی قتادة قال حدثنی أنس یعنی ابن مالك قال : صلیت خلف النبی صلی الله علیه وسلم و أبی بکر و عمر و عثمان و کانوا یفتتحون بالحمد لله رب العلمین۔

http://mujahid.xtgem.com

(۱۲۰)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا محمد بن مهران قال حدثنا الولید قال حدثنا الأوزاعی مثله وعن الأوزاعی عن اسحٰق بن عبد الله أنه أخبره أنه سمع أنساً ، مثله۔

(۱۲۱)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا أبو عاصم عن سعید بن أبی عروبة عن قتادة أن أنساً حدثهم أن النبی ﷺ و أبا بکر و عمر و عثمان کانوا یفتتحون الصلاة بالحمد لله رب العالمین۔

(۱۲۲)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا موسٰی قال حدثنا حماد عن قتادة وثابت عن أنس ان النبی صلی الله علیه وسلم وأبا بکر و عمر کانوا یستفتحون القراء ة بالحمد لله رب العلمین۔

(۱۲۳)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا حجاج قال حدثنا حماد وعن الحجاج قال حدثنا همام عن قتادة عن أنس رضی الله عنه مثله۔

(۱۲۴)..... حدثنا قال محمود حدثنا البخاری قال حدثنا قتیبة قال حدثنا أبو عوانة عن قتادة عن أنس رضی الله عنه کان النبی صلی الله علیه وسلم وأبو بکر وعمر و عثمان یستفتحون القراء ة بالحمد لله رب العلمین۔

(۱۲۵)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا مسلم قال حدثنا هشام قال حدثنا قتادة عن أنس رضی الله عنه عن النبی صلی الله علیه وسلم و أبی بکر و عمر کانوا یفتتحون القراء ة بالحمد لله رب العالمین۔

(۱۲۶)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا علی قال حدثنا سفیان قال حدثنا حمید الطویل عن أنس رضی الله عنه قال : صلیت مع النبی صلی الله علیه وسلم و أبی بکر و عمر کانوا یفتتحون بالحمد۔

(۱۲۷)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا علی قال حدثنا سفیان قال حدثنا أیوب عن قتادة عن أنس رضی الله عنه صلیت مع النبی

http://mujahid.xtgem.com

صلى الله عليه وسلم و أبي بكر و عمر رضى الله عنهما مثله۔

(۱۲۸)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا الحسن بن الربيع قال حدثنا أبو إسحٰق بن حسين عن مالك بن دينار عن أنس بن مالك رضى الله عنه قال : صليت خلف النبي صلى الله عليه وسلم وأبي بكر و عمر و عثمان فكانوا يفتتحون الصلاة بالحمد لله رب العالمين ويقرؤن مالك يوم الدين قال البخاری وقولهم يفتتحون القراءة بالحمد أبين۔

ترجمہ (۱۱۷ تا ۱۲۸)..... ان سب کا ترجمہ یہ ہے : حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ابو بکرؓ، عمرؓ اور عثمانؓ (امامت کی حالت میں) قرأت سورۃ فاتحہ سے شروع کرتے تھے۔

آخر میں امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ یہ بالکل واضح بات ہے کہ امام فاتحہ سے قرأت شروع کرتا ہے۔ یہ حدیث کتاب الأم للعافعی ج ۱/ص ۹۳، طیالسی ج ۸/ص ۲۶۶، عبدالرزاق ج ۲/ص ۸۸، ابن ابی شیبہ ج ۱/ص ۱۴۰، احمد ج ۲/ص ۲۸۹، دارمی ص ۱۴۶، بخاری ج ۱/ص ۱۰۳، مسلم ج ۱/ص ۱۷۲، ابن ماجہ ص ۵۹، ابوداؤد ج ۱/ص ۱۲۴، ترمذی ج ۱/ص ۳۴، نسائی ج ۱/ص ۱۴۳ وغیرہ پر ہے۔

(۱۲۹)..... قال البخاری : ويروى عن أبي هريرة رضى الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم نحوه۔

ترجمہ..... کہا بخاریؒ نے کہ روایت کی جاتی ہے ابو ہریرہؓ سے، وہ نبی ﷺ سے اسی طرح۔

امام بخاریؒ نے اس کو بے سند لکھا ہے۔ یہ حدیث ابن ماجہ ص ۵۹ اور دار قطنی ج ۱/ص ۱۱۸ پر ہے کہ نبی پاک ﷺ الحمد لله رب العالمين سے قرأت شروع فرماتے۔ امام دارقطنیؒ فرماتے ہیں : اس حدیث کو شعبہ سے مرفوع کرنے میں ابوداؤد منفرد ہے۔ باقی سب اس کو ابو ہریرہؓ کا فعل قرار دیتے ہیں۔

http://mujahid.xtgem.com

(۱۳۰)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال : أنبأنا عفان قال حدثنا وهیب قال حدثنا الجریری عن قیسؒ بن عبایة قال حدثنی ابن عبد الله بن مغفل قال سمعت أبی فقال : صلیت خلف النبی صلی الله علیه وسلم وأبی بکر وعمر و عثمان رضی الله عنهم فکانوا یستفتحون القراءة بالحمد لله رب العالمین۔

ترجمہ ..... یہ بھی عبداللہ بن مغفلؓ کی روایت ہے مثل ۱۱۶ کے۔ امام بخاریؒ نے یہ حدیث کہ امام فاتحہ سے قرأت شروع کرے تین صحابہؓ سے نقل فرمائی ہے۔

(۱)..... عبداللہ بن مغفلؓ سے، امام بخاریؒ اگر عبداللہ بن مغفلؓ کا یہ ارشاد بھی نقل فرمادیتے جو ان کے استاد ابوبکر بن ابی شیبہؒ نے عبداللہ بن مغفلؓ سے نقل فرمایا ہے کہ آیت : واذا قرئ القرآن فاستمعوا له وأنصتوا نماز کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ (ج ۲ / ص ۴۷۸) تو مسئلہ پورا ہو جاتا کہ نماز باجماعت میں امام قرأت سورۃ فاتحہ سے شروع کرے اور مقتدی قرآنی حکم کے مطابق خاموش رہیں۔

(۲)..... دوسری حدیث حضرت انسؓ سے نقل کی ہے۔ اگر ساتھ ہی حضرت انسؓ سے مروی حدیث نبوی ﷺ واذا قرأ فانصتوا (کتاب القراءۃ) نقل فرمادیتے تو مسئلہ کتنا صاف ہو جاتا کہ امام تو قرأت کرے اور سورۃ فاتحہ سے ہی شروع کرے اور مقتدی سورۃ فاتحہ سے ہی انصات کرے۔

(۳)..... تیسری حدیث ابوہریرہؓ سے نقل فرمائی ہے، اگر اس کے ساتھ حضرت ابوہریرہؓ کا یہ فرمان کہ آیت واذا قرئ القرآن فاستمعوا له نماز کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ (ابن ابی شیبہ ج ۲ / ص ۴۷۸) اور حضرت ابوہریرہؓ سے مروی حدیث نبوی ﷺ واذا قرأ فانصتوا۔ جو امام بخاریؒ کے دو استادوں نے ابن ابی شیبہ ج ۱ / ص ۳۷۷ اور مسند احمد ج ۲ / ص ۳۷۶، ۴۲۰ پر نقل فرمائی ہے، تو

http://mujahid.xtgem.com

مسئلہ کتنا صاف ہو جاتا کہ امام قرأت کرے اور فاتحہ سے شروع کرے اور مقتدی خدا اور رسول ﷺ کے حکم کے مطابق فاتحہ سے ہی خاموشی اختیار کرلے۔

اسی طرح امام بخاریؒ نے یہ تو احادیث تحریر فرما دیں کہ رسول اقدس ﷺ، ابو بکرؓ، عمرؓ اور عثمانؓ امام بن کر قرأت کرتے تھے اور فاتحہ سے قرأت شروع کرتے تھے۔ اس کے ساتھ ہی اگر وہ حدیث بھی نقل فرما دیتے جو ان کے دادا استاد نے نقل فرمائی ہے کہ رسول اللہ ﷺ، ابو بکرؓ، عمرؓ اور عثمانؓ امام کے پیچھے قرأت کرنے سے منع فرماتے تھے۔ (مصنف عبد الرزاق ج ۲ / ص ۱۳۹) تو مسئلہ کتنا صاف ہو جاتا کہ رسول اقدس ﷺ امام بن کر فاتحہ سے قرأت شروع فرماتے اور مقتدیوں کو فاتحہ ہی سے قرأت کرنے سے منع فرماتے۔ حضرت ابو بکرؓ امام بن کر فاتحہ ہی سے قرأت شروع کرتے اور مقتدیوں کو فاتحہ ہی سے قرأت کرنے سے منع فرماتے۔ حضرت عمرؓ امام بن کر فاتحہ ہی سے قرأت شروع کرتے اور مقتدیوں کو فاتحہ ہی سے قرأت کرنے سے منع فرماتے۔ حضرت عثمانؓ امام بن کر فاتحہ ہی سے قرأت شروع کرتے اور مقتدیوں کو فاتحہ ہی سے قرأت کرنے سے منع فرماتے۔

(۱۳۱)..... حدثنا محمود قال حدثنا البُخاری قال حدثنا مسدد وموسی ابن إسماعیل و مغفل بن مالك قالوا حدثنا أبو عوانة عن محمد بن اسحاق عن الأعرج عن أبی هریرة رضی الله عنه قال : لا یجزئك إلا أن تدرك الإمام قائماً۔

ترجمہ ..... حضرت ابو ہریرہؓ کا قول ہے کہ تیری رکعت نہیں ہوگی مگر یہ کہ تو امام کو حالت قیام میں پائے۔

نہ تو یہ قول صحیح ہے، محمود کی جہالت، ابن اسحاق کا عنعنہ وجہ ضعف ہیں اور احادیث مرفوعہ کی مخالفت کی وجہ سے یہ قول منکر ہے۔ نہ ہی اس سے مؤلف کو کوئی فائدہ ہوا، امام کو اگر ایک لحظہ کے لئے بھی کھڑا پالیا تو رکعت ہو گئی، حالانکہ

http://mujahid.xtgem.com

اس مقتدی نے نہ خود فاتحہ پڑھی نہ امام کی سنی۔

امام بخاریؒ مدرک رکوع کے بارے میں سب صحابہؓ اور ائمہ اربعہؒ کے خلاف مسلک رکھتے ہیں۔ اس شاذ مسلک کی حمایت کے لئے غیر متعلق اقوال کا سہارا لیتے ہیں اور اس بارے میں اپنے خلاف مرفوع احادیث کی بھی پرواہ نہیں کرتے۔

حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم نماز کے لئے آؤ اور ہم سجدہ میں جا چکے ہوں تو تم بھی سجدہ میں چلے جاؤ اور اس رکعت کو شمار نہ کرو البتہ جس نے رکوع پالیا اس نے نماز (کی وہ رکعت) پالی۔ (ابوداؤد ج ۱/ص ۱۲۹، حاکم ج ۱/ص ۲۱۶) حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے امام کے رکوع سے اٹھنے سے پہلے رکوع پالیا اس نے وہ رکعت پالی۔ (ابن خزیمہ ج ۳/ص ۴۵) اور امام مالکؒ نے بلاغات میں حضرت ابو ہریرہؓ سے نقل فرمایا ہے کہ من أدرك الركوع فقد أدرك السجدة۔ (موطا ص ۷) یعنی جس نے رکوع پالیا، اس نے سجدہ بھی پالیا (پوری رکعت پالی)۔

اب امام بخاریؒ ان احادیث مرفوعہ اور ائمہ اربعہؒ کے اجماع کے خلاف ضعیف الاسناد اور غیر متعلق اقوال کا سہارا لیتے ہیں۔

(۱۳۴) ..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا عبید بن یعیش قال حدثنا یونس قال حدثنا إسحاق قال أخبرنی الأعرج قال سمعت أبا هريرة رضی الله عنه يقول : لا يجزئك إلا أن تدرك الإمام قائما قبل أن يركع۔

ترجمہ ..... حضرت ابو ہریرہؓ کا قول ہے کہ جس نے رکوع سے پہلے امام کو کھڑے نہ پایا اس کی رکعت نہیں ہوتی۔

یہ سند بھی صحیح نہیں ہے۔ محمود مجہول ہے اور اسحاق ضعیف ہے اور نہ ہی مؤلف کو مفید ہے۔

http://mujahid.xtgem.com

(۱۳۳) ..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا عبد الله بن صالح قال حدثنی اللیث قال حدثنی جعفر بن ربیعة عن عبد الرحمٰن هرمز قال ، قال أبو سعید رضی الله تعالیٰ عنه : لا یرکع أحد کم حتی یقرأ بأم القرآن۔

ترجمہ..... حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول ہے کہ فاتحہ پڑھے بغیر رکوع نہ کرو۔

اولاً تو محمود کی جہالت کی وجہ سے یہ ضعیف ہے ' پھر یہ ایسی ہی بات ہے جیسے کوئی کہے کہ رکوع کے بغیر سجدہ نہ کرو۔ اس میں نہ مقتدی کا ذکر ، نہ رکعت ہونے یا نہ ہونے کا ذکر ہے۔

(۱۳۴)..... قال البخاری وکانت عائشة تقول ذلك وقال علی بن عبد الله : إنما أجاز ادراك الرکوع من أصحاب النبی صلی الله علیه وسلم الذین لم یروا القراء ة خلف الإمام ، منهم ابن مسعود وزید بن ثابت وابن عمر فأما من رأی القراء ة فإن أبا هریرة رضی الله عنه قال : اقرأ بهافی نفسك یا فارسی ، وقال : لاتعتد بها حتیٰ تدرك الإمام قائماً۔

ترجمہ..... امام بخاریؒ نے (محض بے سند یہ) کہا کہ حضرت عائشہؓ بھی یہی فرماتی تھیں۔

امام بخاریؒ نے حضرت ابو ہریرہؓ، حضرت ابو سعیدؓ اور حضرت عائشہؓ کا نام ذکر کر دیا ہے۔ حالانکہ انہوں نے یہ بالکل نہیں فرمایا کہ رکوع میں ملنے سے رکعت نہیں ہوتی کیونکہ اس نے فاتحہ نہیں پڑھی۔ اب علی بن مدینیؒ کا قول نقل کرتے ہیں کہ صرف وہ صحابہؓ اس کے قائل ہیں کہ رکوع میں ملنے سے رکعت شمار ہو جاتی ہے جو قرأت خلف الامام کے قائل نہیں اور وہ ہیں : عبداللہ بن مسعودؓ، زید بن ثابتؓ اور عبداللہ بن عمرؓ، ورنہ جن کی رائے ہے کہ امام کے پیچھے قرأت کرنی چاہئے جیسے

http://mujahid.xtgem.com

ابو ہریرہؓ نے کہا کہ دل میں سوچ لیا کرو اور کہا کہ رکعت شمار نہ کرنا جب تک امام کو کھڑا نہ پاؤ۔

نوٹ ..... پہلے حدیث منازعت کے تحت گزر چکا کہ فانتهى الناس کے بعد تمام صحابہؓ قرأت خلف الامام سے رک گئے تھے۔ امام بخاریؒ کا صرف تین نام ذکر کر دینا، اس کو حق پوشی کے علاوہ کیا کہا جا سکتا ہے؟ فسامحه الله۔

(۱۳۵)..... وقال موسىٰ حدثنا همام عن الأعلم وهو زياد عن الحسن عن أبي بكرة أنه انتهى إلى النبي صلى الله عليه وسلم وهو راكع فركع قبل أن يصل الى الصف فذكر ذلك للنبي صلى الله عليه وسلم فقال زادك الله حرصا ولا تعد۔

ترجمہ ..... حضرت ابو بکرہؓ (جو غزوہ طائف کے دن مسلمان ہوئے) سے روایت ہے کہ وہ (جماعت میں شرکت کیلئے) نبی ﷺ کی طرف گئے، حضرت ﷺ اس وقت رکوع میں تھے تو (ابو بکرہؓ نے) صف میں ملنے سے پہلے (تکبیر تحریمہ کہہ کر) رکوع کر لیا پس یہ بات حضور ﷺ سے ذکر کی گئی تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ تجھے نیکی کرنے پر اور حریص کرے پھر ایسا نہ کرنا۔

(۱۳۶)..... قال البخاري : فليس لأحد أن يعود لما نهى النبي صلى الله عليه وسلم عنه وليس في جوابه أنه اعتد بالركوع عن القيام والقيام فرض في الكتاب والسنة قال الله تعالىٰ وقوموا لله قانتين وقال: إذا قمتم إلى الصلاة۔

ترجمہ ..... بخاریؒ نے کہا کسی کو حق نہیں کہ حضور ﷺ کے منع فرمانے کے بعد ایسا کرے (یعنی صف میں شامل ہونے سے پہلے رکوع کر لے) اس کا یہ جواب نہیں کہ رکوع قیام کے عوض کیا کیونکہ قیام تو کتاب و سنت کے حکم سے فرض ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وقوموا لله قانتين "اور کھڑے ہو جاؤ اللہ کے

http://mujahid.xtgem.com

سامنے ادب سے "اور فرمایا: إذا قمتم إلى الصلاة "جب تم نماز کیلئے کھڑے ہو۔"

(۱۳۷)..... وقال النبي صلى الله عليه وسلم : صل قائماً فإن لم تستطع فقاعداً۔

ترجمہ .....اور فرمایا نبی ﷺ نے کہ کھڑا ہو کر نماز پڑھ، اگر اس کی طاقت نہ ہو تو بیٹھ کر پڑھ۔

یعنی ابو بکرہؓ نے قیام میں تکبیر تحریمہ کہہ کر رکوع کیا، تو تحریمہ اور قیام دونوں فرض ادا ہو گئے اور وہ رکوع میں مل گئے۔ اس پر مکمل بحث آگے آرہی ہے، انشاء اللہ۔

عبد الرحمٰن بن اسحاق :۔

(۱۳۸)..... وقال إبراهيم عن عبد الرحمٰن بن اسحٰق عن المقبرى عن أبي هريرة رضي الله عنه معارضا لما روى الأعرج عن أبي هريرة وليس هٰذا ممن يعتد علىٰ حفظه إذا خالف من ليس بدونه و كان عبد الرحمٰن ممن يحتمل في بعض۔

ترجمہ .....ابراہیم نے عبد الرحمٰن بن اسحاق سے بواسطہ المقبری ابو ہریرہؓ سے الاعرج کے خلاف روایت کیا ہے اور یہ عبد الرحمٰن بن اسحاق ایسا نہیں کہ اس کے حافظے پر اعتماد کیا جائے جب کہ وہ ایسے راوی کی مخالفت کرے جو اس سے کم مرتبہ نہ ہو اور بعض روایات میں وہ قابل اعتماد ہے۔

(۱۳۹)..... وقال اسماعيل بن ابراهيم : سألت أهل المدينة عن عبد الرحمٰن فلم يحمد مع أنه لا يعرف له بالمدينة تلميذ إلا أن موسىٰ الزمعي روى عنه أشياء في عدة منها اضطراب وروى عن عبدالرحمٰن عن الزهري عن سالم عن أبيه قال لما قدم النبي ﷺ المدينة وهممه للأذان بطوله وروى هٰذا عدة من أصحاب الزهري منهم يونس وابن إسحٰق عن سعيد عن عبد الله بن زيد وهٰذا هو الصحيح وإن كان مرسلاً۔

ترجمہ ..... اور اسماعیل بن ابراہیم نے کہا میں نے اہل مدینہ سے عبد

http://mujahid.xtgem.com

الرحمٰن بن اسحاق کے بارے میں پوچھا، تو اس کی کوئی تعریف نہ ہوئی۔ نیز مدینہ میں اس کا کوئی معروف شاگرد نہ تھا سوائے موسیٰ زمعی کے، اس نے اس سے چند روایات کیں، ان میں بھی اضطراب ہے۔ چنانچہ اسی عبدالرحمٰن نے زہری سے، اس نے سالم سے، اس نے اپنے باپ سے روایت کی کہ جب رسول اللہ ﷺ مدینہ میں تشریف لائے، تو اذان کا پورا قصہ ذکر کیا۔ یہی روایت زہری کے دوسرے شاگردوں نے روایت کی جیسے یونس اور محمد بن اسحاق نے سعید سے، اس نے عبداللہ بن زید سے اور یہی روایت صحیح ہے اگرچہ مرسل ہے۔

(۱۴۰)..... قال ابن جريج : أخبرني نافع عن ابن عمر رضي الله عنه كان المسلمون حين قدموا المدينة يجتمعون يتحينون الصلاه فقال بعضهم: اتخذوا ناقوسا وقال بعضهم بل بوقاً فقال عمر : أولا تبعثون رجلاً ينادي بالصلاة فقال النبي صلى الله عليه وسلم يا بلال قم فناد بالصلاة ، وهٰذا خلاف ما ذكر عبد الرحمن عن الزهري عن سالم عن ابن عمر وروى أيضاً عبد الرحمن عن الزهري عن سعيد عن أبي هريرة رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم : إذا سمعتم المؤذن فقولوا مثل ما يقول وهٰذا مستفيض عن مالك ومعمر ويونس و غير هم عن الزهري عن عطاء بن يزيد عن أبي سعيد عن النبي صلى الله عليه وسلم۔

ترجمہ ..... کہا ابن جریج نے : خبر دی مجھے نافع نے، اس نے عبداللہ بن عمرؓ سے کہ جب مسلمان مدینہ آئے تو اکٹھے ہوتے اور نماز کے بارے میں سوچتے۔ بعض نے کہا ناقوس بنالو، بعض نے کہا سینگ بنالو حضرت عمرؓ نے فرمایا: ایک آدمی کو نماز کا اعلان کرنے کے لئے کیوں مقرر نہیں کر دیتے؟ تب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اٹھ اے بلال اور لوگوں کو نماز کے لئے بلا۔ یہ روایت عبدالرحمٰن عن الزہری عن سالم عن ابن عمر کے خلاف ہے۔ (دوسری مثال) عبدالرحمٰن، زہری

http://mujahid.xtgem.com

، سعید ابو ہریرہؓ سے ہے کہ جس طرح مؤذن کہے تم بھی کہو لیکن مشہور سند ہے :
مالك معمر يونس وغير هم ، عن الزهرى عن عطاء بن يزيد عن ابى سعيد عن النبى صلى الله عليه وسلم۔

(۱۴۱)..... وروى خالد عن عبد الرحمٰن عن الزهرى حديثًا فى قتل الوزغ۔

ترجمہ..... روایت کی خالد نے عبد الرحمٰن سے، اس نے زہری سے سانڈھ کو قتل کرنے کی حدیث بیان کی۔

محمد بن اسحاق :۔

(۱۴۲)..... وقال أبو الهيثم : عن عبدالرحمن عن عمر عن سعيد عن الزهرى قال البخارى وغير معلوم صحيح حديثه إلا بخبر بين قال البخارى رأيت على بن عبد الله يحتج بحديث ابن اسحٰق وقال على عن أبى عيينة مارأيت أحدًا يتهم ابن إسحٰق۔

ترجمہ..... کہا ابو الہیثم نے عن عبد الرحمٰن عن عمر بن سعید عن الزہری ۔ بخاری نے کہا : اس کی صحیح حدیث معلوم نہیں مگر واضح خبر سے۔ کہا بخاری نے : میں نے علی بن عبد اللہ (۲۳۴ھ) کو دیکھا کہ وہ محمد بن اسحاق کی حدیث کو قبول کرتے تھے اور علی نے ابن عیینہ سے بیان کیا کہ میں نے کوئی ایسا شخص نہیں دیکھا کہ اس نے ابن اسحاق پر تہمت لگائی ہو۔

(۱۴۳)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخارى قال ، قال لى إبراهيم بن المنذر حدثنا عمر بن عثمان أن الزهرى كان يتلقف المغازى من ابن إسحٰق المدنى فيما يحدثه عن عاصم بن عمر عن أبى قتادة و الذى يذكر عن مالك فى ابن إسحٰق لا يكاديبين و كان اسماعيل بن أبى أويس من أتبع من رأينا مالكا اخرج لى كتب ابن إسحاق عن أبيه عن

http://mujahid.xtgem.com

المغازی وغیر هما فانتخبت منها کثیرا۔

ترجمہ ..... امام زہری محمد بن اسحاق مدنی کی مغازی کی وہ روایات ذکر کرتے ہیں جنہیں وہ عاصم بن عمر بن قتادہ سے ذکر کرتے ہیں۔ امام کی جرح ابن اسحاق کے بارے میں واضح نہیں (مبہم ہے) اسماعیل بن ابی اویس نے مالکؒ کے مقلد ہونے کے باوجود محمد بن اسحاق کی مغازی کی کتاب نکالی جو اس نے اپنے باپ کے واسطے سے روایت کی تھی، میں نے اس سے بہت سی چیزوں کا انتخاب کیا۔

(۱۴۴) ..... وقال لی ابراهیم بن حمزة کان عند ابراهیم بن سعد عن محمد بن اسحاق نحو من سبعة عشر ألف حدیث فی الأحکام سوی المغازی و ابراهیم بن سعد من أکثر أهل المدینة حدیثا فی زمانه ولوصح عن مالك تناوله من ابن سحاق فلربما تکلم الإنسان فیرمی صاحبه بشئ واحد ولا یتهمه فی الأمور کلها۔

ترجمہ ..... مجھے ابراہیم بن حمزہ (۲۳۰ھ) نے کہا کہ ابراہیم بن سعد کے پاس محمد بن اسحاق کی سترہ ہزار احادیث مغازی کے علاوہ صرف احکام کے بارے میں تھیں (جس میں سے امام بخاریؒ نے صحیح بخاری میں ایک بھی نہیں لی) حالانکہ ابراہیم بن سعد (۱۰۸، ۱۸۳ھ) مدینہ شریف میں اپنے زمانہ میں سب سے زیادہ جاننے والے تھے (ان سترہ ہزار میں سے امام مالکؒ نے بھی ایک حدیث بھی موطا میں نہیں لی) اور اگر امام مالکؒ کی جرح محمد بن اسحاق پر ثابت ہو تو کئی مرتبہ ایک آدمی کسی کو کسی سلسلہ میں متہم سمجھتا ہے لیکن باقی باتوں میں متہم نہیں سمجھتا۔

جرح میں تشدد :۔

(۱۴۵) ..... وقال إبراهیم بن المنذر عن محمد بن فلیح نهانی مالك عن شیخین من قریش وقد أکثر عنهما فی الموطا وهما ممن یحتج بحدیثهما ولم ینج کثیر من الناس من کلام بعض الناس فیهم نحو

http://mujahid.xtgem.com

مايذكر عن ابراهيم من كلامه في الشعبي و كلام الشعبي في عكرمة وفيمن كان قبلهم وتاويل بعضهم في العرض والنفس ولم يلتفت أهل العلم في هٰذا النحو الا ببيان وحجة ولم يسقط عدالتهم إلا ببرهان ثابت وحجة ، والكلام في هٰذا كثير۔

ترجمہ..... ابراہیم بن منذر نے محمد بن فلیح سے روایت کیا کہ امام مالکؒ نے مجھے قریش کے دو بزرگوں سے روایت لینے سے منع فرمایا اور خود موطا میں ان سے اکثر حدیثیں بیان کیں اور ان دونوں کی حدیث حجت تھی، (مگر امام مالکؒ نے محمد بن اسحاق سے ایک حدیث بھی موطا میں نہیں لی) یہی وجہ ہے کہ بعض لوگوں کی جرح سے اکثر لوگ محفوظ نہ رہ سکے۔ چنانچہ ابراہیم نے شعبی کے بارے میں کافی جرح کی ہے اور شعبی کی جرح عکرمہ پر اور ان سے پہلوں پر بھی اور بعض اس قسم کی جرحوں کو ایک دوسرے کی عزت نہ کرنے اور ذاتیات پر محمول کرتے ہیں لیکن اہل علم ایسی باتوں پر توجہ نہ دیتے تھے اور نہ ہی ان کو بغیر دلیل و حجت کے مرتبہ عدالت سے گرایا جاسکتا ہے۔ اس بارے میں بہت سا کلام ہے۔

(۱۴۶)..... وقال عبيد بن يعيش : حدثنا يونس بن بكير قال سمعت شعبة يقول محمد بن اسحاق أمير المحدثين لحفظه وروى عنه الثوري وابن ادريس و حماد بن زيد و يزيد بن زريع و ابن علية و عبد الوارث و ابن المبارك و كذلك احتمله أحمد و يحيىٰ بن معين و عامة أهل العلم۔

ترجمہ..... شعبہ نے کہا کہ محمد بن اسحاق حافظہ کی وجہ سے امیر المحدثین ہے۔ (لیکن امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ محدثین نے ابن اسحاق میں حافظہ کی وجہ سے کلام کیا ہے۔ (کتاب العلل) محمد بن اسحاق سے ثوری، ابن ادریس، حماد بن زید، یزید بن زریع، ابن علیہ، عبد الوارث، اور ابن مبارک نے روایت کی ہے اور اسی طرح

http://mujahid.xtgem.com

احمد، یحییٰ بن معین اور عوام اہل علم نے اس کو برداشت کیا ہے۔

یہ کوئی دلیل نہیں، دیکھو! جابر جعفی سے شعبہ، ثوری، اسرائیل حسن بن حیّ، شریک، مسعر، معمر اور ابو عوانہ وغیرہم نے روایت لی ہے۔ (تہذیب ج ۲/ص ۴۷)

(۱۴۷)..... وقال لی علی بن عبد الله : نظرت فی کتاب ابن اسحاق فما وجدت علیه إلا فی حدیثین ویمکن أن یکونا صحیحین۔

ترجمہ..... علی بن عبداللہ نے مجھے کہا: میں نے محمد بن اسحاق کی (مغازی کی) کتاب دیکھی۔ اس میں صرف دو حدیثیں ہی قابل اعتراض نظر آئیں اور ممکن ہے کہ وہ دونوں بھی صحیح ہوں۔

(۱۴۸)..... وقال بعض أهل المدینة : إن الذی یذکر عن هشام بن عروة قال کیف یدخل ابن اسحاق علیٰ امرأتی لوصح عن هشام جاز أن تکتب الیه فان أهل المدینة یرون الکتاب جائزا لأن النبی صلی الله علیه وسلم کتب لأمیر السریة کتاباً وقال : لا تقرأه حتیٰ تبلغ مکان کذا و کذا فلما بلغ فتح الکتاب و أخبر هم بما قال النبی صلی الله علیه وسلم وحکم بذلك و کذلك الخلفاء والأئمة یقضون بکتاب بعضهم إلیٰ بعض وجائز أن یکون سمع منها و بینهما حجاب وهشام لم یشهد۔

ترجمہ..... اور بعض (مجہول) اہل مدینہ نے کہا ہے یہ جو ہشام بن عروہ سے ذکر کیا جاتا ہے (کہ محمد بن اسحاق میری بیوی سے روایت کرتا ہے) وہ میری بیوی کے پاس کیسے آسکتا ہے؟ (امام بخاریؒ نے) کہا اگر ہشام کا قول ثابت ہو جائے تو شاید فاطمہ نے محمد بن اسحاق کی طرف لکھ کر بھیج دیا ہو، کیونکہ اہل مدینہ لکھنے کو جائز سمجھتے تھے، کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے خود امیر لشکر کو پروانہ لکھ کر دیا اور فرمایا

http://mujahid.xtgem.com

کہ جب تک فلاں مقام پر نہ پہنچے اس کو نہ پڑھنا، چنانچہ امیر لشکر نے وہیں جا کر پڑھا اور اس کے مطابق حکم کیا۔ اسی طرح خلفاء اور ائمہ بعض ان میں سے بعض کی چٹھیوں کے مطابق فیصلے کیا کرتے تھے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ محمد بن اسحاق نے فاطمہ سے پردہ کے پیچھے سنا ہو اور ہشام اس وقت گھر نہ ہو۔

یہ سب ممکن تو ہے لیکن امکان کو وقوع تو لازم نہیں۔

نوٹ ..... امام بخاریؒ نے اہل مدینہ کے خلاف ابن اسحاق کی توثیق کے سارے امکانات بیان فرما دیئے ہیں، مگر صحیح بخاری میں خود اس سے ایک حدیث بھی نہیں لی۔ قول فیصل اس میں یہی ہے کہ وہ مغازی کا امام ہے مگر احکام میں زیادہ سے زیادہ حسن درجے کا ہے، وہ بھی جب کہ منفرد نہ ہو وما انفرد ففیه نکارة فإن فی حفظه شیئا (میزان الاعتدال ج ۳ / ص ۴۷۵)

فاتحہ قرآن ہے :۔

(۱۴۹)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا آدم قال حدثنا ابن أبی ذئب قال حدثنا سعید المقبری عن أبی هریرة رضی الله عنه عن النبی ﷺ قال : ام القرآن هی السبع المثانی و القرآن العظیم ۔

ترجمہ ..... حضرت ابو ہریرہؓ نبی اقدس ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ ام القرآن (سورۃ فاتحہ) یہی سبع مثانی ہے اور یہی قرآن عظیم ہے۔

کئی غیر مقلدوں سے سنا گیا جو فوراً فاتحہ کے قرآن پاک ہونے کا انکار کر جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سب مسلمانوں کو قرآن و حدیث کے انکار سے محفوظ فرمائے۔

حدیث عبادہؓ :۔

(۱۵۰)..... قال البخاری والذی زاد مکحول وحرام بن معاویة ورجاء بن حیوة عن محمود بن الربیع عن عبادة فهو تبع لما روی الزهری لأن

http://mujahid.xtgem.com

الزهری قال حدثنا محمود أن عبادة رضی الله عنه أخبر عن النبی صلی الله علیه وسلم وهؤلاء لم یذکروا أنهم سمعوا من محمود۔

ترجمہ..... بخاریؒ نے کہا: وہ جو مکحول، حرام بن معاویہ اور رجاء بن حیوہ نے محمود بن ربیع عن عبادہ سے زیادہ بات بیان کی ہے۔ وہ زہری کی روایت کے تابع سمجھی جائے کیونکہ زہری نے حدثنا محمود عن عبادہ کہہ کر (سماع کی تصریح کر دی ہے جب کہ) باقی کسی نے بھی محمود سے سماع کا ذکر نہیں کیا۔

حضرت عبادہؓ کی دو حدیثیں ہیں:

(۱)..... ایک حدیث لاصلوٰۃ ہے جو بخاری ج ۱/ص ۱۰۴ پر ہے مگر اس میں زہری کا عنعنہ ہے، حدثنا نہیں، یہی وہ حدیث ہے جس کے بارے میں امام بخاریؒ کے استاد امام احمدؒ دادا استاد امام سفیان بن عیینہ اور صحابی رسول اللہ ﷺ حضرت جابرؓ اور حضرت ابو درداءؓ اکیلے نمازی کے بارے میں فرماتے ہیں۔ اس حدیث کی بحث نمبر ۲، ۳، ۴، کے تحت گزر چکی۔

(۲)..... دوسری حدیث جس میں فجر کا واقعہ اور مقتدی کا ذکر ہے، اس کا مدار مکحول پر ہے جس کا ذکر نمبر ۶۵، ۶۶ پر گزرا ہے، اس کے سندی اضطراب کی طرف امام بخاری اشارہ فرما رہے ہیں۔ اس میں مکحول کے چھ شاگرد ہیں۔ چار شاگرد سندیوں بیان کرتے ہیں: مکحول عن عبادہ، اور یہ مرسل ہے۔ پانچویں زید بن واقد سندیوں بیان کرتے ہیں: مکحول عن نافع عن عبادہ اور یہ عبادہ مجہول الحال ہے۔ (میزان الاعتدال) اور چھٹا شاگرد محمد بن اسحاق ہے، وہ سندیوں بناتا ہے: مکحول عن محمود بن ربیع عن عبادہ لیکن امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ اس حدیث میں مکحول نے محمود سے سماع کی صراحت نہیں کی۔ گویا اس کا ایک طریق بھی صحیح نہیں اور رجاء تو اس کو مرفوع کرتا ہی نہیں، یہ ایک اور اختلاف ہے لیکن یہ سب کچھ تسلیم کرنے کے بعد امام بخاریؒ کی خواہش ہے کہ یہ فجر والا واقعہ حدیث لاصلوۃ کا تابع بنا لیا جائے، حالانکہ

http://mujahid.xtgem.com

حدیث لا صلوٰۃ اکیلے نمازی کیلئے ہے اور واقعہ فجر مقتدی سے متعلق ہے فافترقا۔

امام بخاریؒ فرماتے ہیں: فان احتج محتج فقال : إن الذی تکلم أن لا یعتد بالرکوع إلا بعد قراءۃ فیزعم أن ھؤلآء لیسوا من أھل النظر۔

ترجمہ..... اگر کوئی کہے کہ جو لوگ رکوع کی رکعت کو شمار نہیں کرتے وہ اہل نظر یعنی مجتہدین نہیں ہیں۔

امام بخاریؒ کو اس بات کا شدید احساس ہے کہ فقہاء صحابہؓ و تابعینؒ اور ائمہ اربعہؒ سب اس کے قائل ہیں کہ رکوع میں ملنے سے رکعت پوری شمار ہوتی ہے، حالانکہ اس نے نہ اپنی فاتحہ پڑھی نہ امام کی سنی۔ جیسے جو شخص جمعہ کی نماز میں شریک ہو اس کا جمعہ بالکل صحیح ہے، حالانکہ نہ اس نے خود خطبہ پڑھا اور نہ خطیب کا سنا۔ ان سب کے اجماع کے خلاف کسی ایک بھی مسلمہ مجتہد سے ثابت نہیں کر سکے کہ رکوع میں ملنے والے کی رکعت شمار نہیں ہوتی۔ اس شدید کمی کو امام بخاریؒ پورا نہیں کر سکے، اس لئے لہجہ میں بہت ترشی آگئی ہے۔ فرماتے ہیں۔

قیل لہ : إن بعض مدعی الإجماع جعلوا اتفاقھم مع من زعم أن الرضاع إلی حولین و نصف وھٰذا خلاف نص کلام اللہ عزوجل قال اللہ تعالیٰ : حولین کاملین لمن اراد ان یتم الرضاعۃ۔

ترجمہ..... تو انہیں کہا جائے گا کہ بعض مدعی اجماع کا گمان ہے کہ دودھ پلانے کی مدت اڑھائی سال ہے حالانکہ یہ صریح نص قرآنی کے خلاف ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ حولین کاملین لمن اراد ان یتم الرضاعۃ۔

افسوس کہ امام بخاریؒ نے باقی آیت نقل نہ فرمائی جس تعیین کے بعد پھر اختیار دے دیا ہے فان ارادا فصالا حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں کہ: ای قبل الحولین أو بعد الحولین (تفسیر ابن جریر) اور آیت حملہ و فصالہ ثلاثون شھرا کا مطلب امام صاحبؒ فرماتے ہیں: اور گود میں اٹھانا اور اس کا دودھ

http://mujahid.xtgem.com

چھڑانا اڑھائی سال میں۔ یہ اعتراض امام بخاریؒ نے امام اعظم ابو حنیفہؒ پر کیا ہے لیکن اصل موضوع سے اس کا کیا تعلق؟ مجتہدین میں اختلافی مسائل بھی ہوتے ہیں اور اجماعی بھی، اجماعی مسائل پر اختلافی مسائل سے کوئی اثر نہیں پڑتا۔

ویز عم أن الخنزیر البری لا بأس به ویری السیف علی الأمة ویز عم أن أمر الله من قبل ومن بعد مخلوق فلا یری الصلاة دیناً فجعلتم هٰذا واشباهه اتفاقاً والذی یعتمد علی قول الرسول صلی الله علیه وسلم وهو أن لا صلاة إلا بفاتحة الکتاب۔

ترجمہ ..... اور ان (امام صاحبؒ) کا خیال یہ بھی ہے کہ جنگلی سور (خنزیر) کے استعمال میں کوئی حرج نہیں (اس سے معلوم ہوتا ہے کہ امام بخاریؒ یا تو فقہ حنفی سے بالکل ناواقف ہیں یا انہوں نے امام صاحبؒ پر یہ الزام لگا کر بہت ہی بڑی جسارت فرمائی ہے۔ تیسرا الزام امام بخاریؒ نے حضرت امام اعظمؒ پر یہ لگایا ہے کہ) ان کے ہاں مسلمانوں کا قتل عام جائز ہے۔ (چوتھا الزام امام صاحبؒ پر یہ لگایا ہے کہ) وہ اللہ کے حکم من قبل و من بعد کو مخلوق کہتے ہیں۔ (پانچواں الزام یہ لگایا ہے کہ) وہ نماز کو دین نہیں سمجھتے۔ تم نے ان جیسی چیزوں کو اجماع بنالیا ہے اور جو قول رسول اللہ ﷺ پر اعتماد کرتا ہے وہ یہ ہے کہ فاتحہ کے بغیر نماز نہیں ہوتی۔

(۱۵۱)..... وما فسر أبو هریرة و أبو سعید لایر کعن أحد کم حتیٰ یقرأ فاتحة الکتاب، و أهل الصلاة مجتمعون فی بلاد المسلمین فی یومهم ولیلتهم علیٰ قراء ة ام الکتاب وقال الله تعالیٰ فاقرؤا ماتیسر منه فهولاء أولیٰ بالإثبات ممن أباحوا أعراضکم والأنفس والأموال وغیر ها فلینصف المستحسن المدعی العلم خرافة إذا نسوهم فی اجماعهم بانفرادهم وینفی المشتهرین بالذب عن العلوم باستقباحه وقیل : إنه یکبر إذا جاء ألی الإمام وهو یقرأ ولا یلتفت إلی قراء ة الإمام لأنه فرض

http://mujahid.xtgem.com

فكذلك فرض القراءة لا يتبع بحال الإمام و ان نسى صلاة العصر أو غيرها حتىٰ غربت الشمس ثم صلى والإمام فى قراءة المغرب ولم يسمع إلىٰ قراءة الإمام فقد تمت صلاته۔

ترجمہ..... اور جو ابو ہریرہؓ اور ابو سعیدؓ نے تفسیر فرمائی کہ فاتحہ پڑھنے سے پہلے رکوع نہ کرو (یہ قول ابو ہریرہؓ اور ابو سعیدؓ سے کسی صحیح سند سے ثابت نہیں) اور نمازی اسلامی شہروں میں دن رات فاتحہ پڑھتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا: پڑھو قرآن سے جو آسان ہو۔ یہ زیادہ لائق ہیں کہ ان کو اہل نظر یعنی فقیہ کہا جائے بہ نسبت ان کے جنہوں نے تمام مسلمانوں کی عزتوں، جانوں اور مالوں کو مباح کر دیا، چاہئے کہ اچھی طرح انصاف کیا جائے کہ ایسا مدعی علم جس کی باتیں محض خرافات ہیں، وہ اگر اجماع سے الگ رہے تو اس کو اجماع نہ سمجھے اور ایسے لوگوں کا اجماع سے الگ رہنا جو مشہور ہیں کہ برے علوم کی وجہ سے گناہگار ہیں، اس کو کہا جائے گا کہ جب امام قرأت کر رہا ہو تو آنے والا تکبیر کہتا ہے اور امام کی قرأت کا خیال نہیں کرتا، کیونکہ تکبیر فرض ہے۔ اسی طرح قرأت بھی (مقتدی پر) فرض ہے۔ نیز اگر عصر کی نماز یا کوئی اور نماز بھول جائے حتیٰ کہ سورج غروب ہو جائے تو پھر بھی اپنی نماز ادا کرے گا۔ اگرچہ امام نماز مغرب میں قرأت ہی کر رہا ہو، وہ امام کی قرأت نہیں سنے گا اور اس کی نماز صحیح ہو گی۔

(۱۵۲)..... لقول النبى صلى الله عليه وسلم : من نسى صلاة أو نام عنها فليصل إذا ذكرها۔

ترجمہ ..... کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص کوئی نماز بھول جائے یا سو جائے تو اسے جب یاد آئے تو نماز ادا کر لے۔

(۱۵۳)..... وقال النبى صلى الله عليه وسلم : لا صلاة إلا بقراءة فاوجب الأمرين فى كليهما لا يدع الفرد بحال الإستماع۔

http://mujahid.xtgem.com

ترجمہ ..... اس طرح رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بغیر قرأت کے نماز نہیں ہوتی ، تو اللہ تعالیٰ نے دونوں کاموں کو واجب کر دیا (یعنی قرأت کو بھی اور استماع کو بھی) تو کوئی فرض بھی کسی حال میں نہ چھوڑا جائے گا۔

(۱۵۴)..... فان احتج فقال قال الله تعالیٰ فاستمعوا له' فليس لاحد ان يقرأ خلف الامام و نفي سكتات الامام قيل لهٗ ذكر عن ابن عباس و سعيد بن جبير ان هذا في الصلوٰة اذا خطب الامام يوم الجمعة۔

ترجمہ ..... پس کہا فرمایا اللہ تعالیٰ نے پس کان لگا کر سنو اس کو کہا پس کسی ایک کیلئے جائز نہیں کہ وہ امام کے پیچھے قرأت کرے اور نفی کرے امام کے سکتات کی : کہا گیا اسکو کہ ذکر کیا اس نے ابن عباسؓ اور سعید بن جبیر سے یہ بات کہ یہ نماز کی حالت میں ہے جب امام جمعۃ المبارک کا خطبہ دے۔

تشریح (۱۵۰ تا ۱۵۴) :۔

یہاں امام بخاریؒ نے پھر مدرک رکوع کی بحث چھیڑ دی ہے ، کیونکہ امام بخاریؒ سے پہلے اس بات پر اجماع ہو چکا تھا کہ مدرک رکوع ، مدرک رکعت ہے۔ امام بخاریؒ نے مجتہدین کے اس اجماع کی مخالفت کر کے یہ فرمایا کہ رکوع میں ملنے والے کی رکعت شمار نہیں ہوتی اور خود امام بخاریؒ اس ٹکر کے نہیں کہ ائمہ مجتہدین کے اجماع کو توڑ سکیں۔ یہی وجہ ہے کہ امت کے کسی بھی ذمہ دار فقیہ نے اس مسئلہ میں امام بخاریؒ کی تقلید نہیں کی۔ اس لئے امام بخاریؒ بھی محض غصہ ہی نکال رہے ہیں کہ اگر میں نے اس مسئلہ میں اجماع کے خلاف کیا تو کیا (امام ابو حنیفہؒ) نے اجماع کے خلاف دودھ کی مدت اڑھائی سال بیان نہیں کی ؟ میرا اجماع سے اس مسئلہ میں نکلنا ایسا ہی ہے جیسے امام ابو حنیفہؒ اجماع کے خلاف جنگلی سور (خنزیر) کے استعمال میں کوئی حرج نہیں سمجھتے۔ اگر میں نے اس مسئلہ میں اجماع کے خلاف کر لیا تو کیا (امام ابو حنیفہؒ) امت مسلمہ کو خلاف اجماع واجب القتل قرار نہیں دیتے ؟ اور میری طرح

http://mujahid.xtgem.com

وہ بھی کلام کو مخلوق قرار دے کر اجماع کے مخالف نہیں ؟ اور کیا انہوں نے خلاف اجماع یہ نہیں کہا کہ نماز دین نہیں ؟ حضرت امام بخاریؒ غصے میں کیا فرما گئے ہیں کہ یہ کہنا کہ رکوع میں ملنے سے رکعت نہیں ہوتی، ایسا ہی ہے جیسے خنزیر کو جائز قرار دینا۔ نماز کے دین ہونے سے انکار کرنا، امت کو واجب القتل ماننا۔ لیکن امام بخاریؒ کا غصہ ابھی کم نہیں ہوا۔ امام صاحبؒ کی طرف اشارہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے مسلمانوں کی صرف جانوں کو ہی نہیں عزتوں اور مالوں کو بھی مباح قرار دیا پھر امام صاحبؒ کے علوم پر ژافہ کی پھبتی بھی کستے ہیں اور اس پر قباحت کا لیبل بھی چسپاں کرتے ہیں۔ حضرت امام بخاریؒ نے حضرت امام اعظمؒ کے بارے میں جو کچھ فرمایا ہے ہم ناکارہ تو بس امام بخاریؒ کو ان کا اپنا فرمان ہی یاد دلا سکتے ہیں جو پیچھے گزر چکا، ایک دفعہ پھر پڑھ لیجئے۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں "بعض لوگوں کی طعنہ زنی سے اکثر لوگ محفوظ نہ رہ سکے۔ چنانچہ ابراہیم نے شعبی کے بارے میں کافی جرح کی ہے اور شعبی نے عکرمہ پر اور ان سے پہلے لوگوں پر بھی جرح ہوتی رہی اور بعض اس قسم کی باتوں کو ایک دوسرے کی عزت نہ کرنے اور ذاتیات پر محمول کرتے ہیں، لیکن اہل علم ایسی باتوں پر توجہ نہیں دیتے تھے جب تک ان کو کوئی صحیح دلیل اور حجت نہ ملتی اور نہ ہی ان کو بغیر دلیل و حجت کے مرتبہ عدالت سے گرایا جا سکتا ہے۔"

حضرت امام بخاریؒ جو خیر القرون کے بعد کے بزرگ ہیں، انہوں نے خیر القرون کے عظیم امامؒ کے طرف بغیر کسی دلیل و برہان کے جو توجہ فرمائی ہے ہم اس کو خلاف دلیل سمجھ کر نظر انداز کر دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دست بدعا ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہم کو تمام اسلاف کے بارے میں کھوٹ سے محفوظ فرمائیں۔

الزامی جوابات :۔

اس نظر عنایت کے بعد امام بخاریؒ نے امام اعظمؒ ابو حنیفہ پر دو الزامات قائم فرمائے ہیں۔

http://mujahid.xtgem.com

(۱)..... امام قرأت کر رہا ہو تو آنے والا مقتدی تکبیر تحریمہ کہہ کر نماز شروع کرتا ہے، جس طرح امام کی قرأت مقتدی کو تکبیر تحریمہ کا فرض ادا کرنے سے نہیں روک سکتی اسی طرح امام کی قرأت مقتدی کو فرض قرأت کی ادائیگی سے بھی نہیں روکتی۔ امام بخاریؒ کو غالباً معلوم نہیں کہ امام اعظمؒ کے ہاں تکبیر تحریمہ شرط نماز ہے اور نماز سے خارج ہے۔ اس کے بعد مقتدی نماز میں داخل ہوا۔ تو شاید امام بخاریؒ اس الزام کی زحمت گوارا نہ فرماتے۔

(۲)..... یہ کہ امام نماز مغرب پڑھا رہا ہو اور کوئی پیچھے اپنی نماز عصر قضا کر رہا ہو اور اس میں قرأت کرے تو امام کی قرأت نے اسے نہ روکا، اسی طرح اگر وہ مقتدی بن کر قرأت کرے تو ضروری ہے۔ حالانکہ امام بخاریؒ جانتے ہیں کہ اپنی نماز عصر قضا کرنے والا سرے سے امام کی اقتداء میں داخل ہی نہیں ہوا تو انصات کیوں کرے۔

حقیقت حال :۔

امام بخاریؒ یہ تو بار بار تسلیم کرتے آرہے ہیں کہ آیت وإذا قرئ القرآن نماز باجماعت کے بارے میں ہے اور یہاں بھی یہ تسلیم فرمایا کہ مقتدی پر استماع محکم خداوندی واجب بلکہ فرض ہے۔ جب یہ آیت نماز باجماعت کے بارے میں ہے تو بات واضح ہے، اللہ و رسول اللہ ﷺ نے یہاں تقسیم فرمادی ہے کہ امام پر قرأت فرض ہے اور مقتدی پر استماع و انصات۔ اس تقسیم کا واضح مطلب یہی ہوا کہ جس طرح امام پر استماع اور انصات فرض نہیں اسی طرح مقتدی پر قرأت فرض نہیں۔ یہ تقسیم ایسی ہی ہے جیسا کہ خطیب پر خطبہ پڑھنا فرض ہے اور باقی سب پر انصات۔ لیکن امام بخاریؒ نے عجیب مسلک نکالا ہے کہ امام اور مقتدی دونوں پر دونوں ہی یعنی قرأت و انصات فرض ہیں۔ فرق یہ ہے کہ امام پر پہلے انصات و استماع فرض ہے پھر قرأت کہ وہ سکتہ کرے اور مقتدی فرض قرأت ادا کرے اور مقتدی پر قرأت بھی فرض ہے اور استماع، انصات بھی۔

http://mujahid.xtgem.com

الغرض امام بخاریؒ کا یہ الزام صحیح نہیں کیونکہ اللہ ورسول اللہ ﷺ کے ہاں مقتدی پر سرے سے قرأت فرض ہی نہیں ' صرف استماع وانصات فرض ہے۔ وہ بھی اس وقت جب وہ اقتداء میں داخل ہو۔ تحریمہ شرط نماز ہے، وہ دخول اقتداء سے پہلے ہے اور قضاء عمر بھی اقتداء سے پہلے۔ اسی لئے مولانا عبدالحئی لکھنویؒ امام پر مناقشہ فرماتے ہیں : فإن أصحابنا قالوا ان القراء ة فرض في حق الإمام والمنفرد والا ستماع فرض في حق المقتدى لا القراء ة فلا يلزم من تركه ترك الفرضية۔ (امام الکلام ص ۲۴۷)

ایک اور قیاس :۔

نماز جمعہ کے خطبہ میں دو نفل..... امام بخاریؒ نے کہا : "اگر کوئی یہ دلیل بیان کرے کہ چونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا فاستمعوا له اس لئے امام کے پیچھے کسی کو قرأت نہیں کرنی چاہیئے اور امام کے سکتات کا بھی انکار کرے تو اس کو جواب دیا جائے گا ابن عباسؓ اور سعید بن جبیرؒ سے روایت ہے کہ آیت نماز کے بارے میں ہے جب امام جمعہ کا خطبہ پڑھے۔

(۱۵۵)..... وقد قال النبی صلی الله علیه وسلم : لا صلاة إلا بقراء ة ونهى عن الكلام۔

ترجمہ ..... اور تحقیق فرمایا نبی ﷺ نے کہ قرأت کے بغیر نماز نہیں (جیسے خطبہ کے بغیر جمعہ نہیں) اور کلام سے منع فرمایا۔

(۱۵۶)..... وقال : إذا قلت لصاحبك أنصت والإمام يخطب فقد لغوت ثم أمر من جاء والإمام يخطب أن يصلي ركعتين و لذلك لم يخطئ أن يقرأ فاتحة الكتاب۔

ترجمہ ..... اور فرمایا کہ امام کے خطبہ کی حالت میں تو کسی کو کہے : "چپ" تو تو نے لغو کیا۔ پھر فرمایا جو اس وقت آئے کہ امام خطبہ دینے والا ہو تو دو

http://mujahid.xtgem.com

رکعت پڑھ لے۔اسی طرح فاتحہ پڑھنے میں کوئی خطاء نہیں۔

(۱۵۷)..... ثم أمر النبی صلی اللہ علیہ وسلم وھو یخطب سلیکا الغطفانی حین جآء أن یصلی رکعتین۔

ترجمہ..... پھر آنحضرت ﷺ نے سلیک غطفانی کو خطبہ کے دوران حکم دیا کہ دو رکعت پڑھیں۔

(۱۵۸)..... وقال : إذا جآء احد کم والإمام یخطب فلیصل رکعتین وقد فعل ذلك الحسن والإمام یخطب۔

ترجمہ..... اور تحقیق فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی آئے اور امام خطبہ دینے والا ہو تو دو رکعت پڑھے اور حسن نے یہ کیا جب امام خطبہ دے رہا تھا۔

(۱۵۹)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا موسیٰ بن اسماعیل قال حدثنا یزید بن إبراھیم عن أبی الزبیر عن جابر رضی اللہ عنہ قال : جآء رجل والإمام یخطب قال أصلیت ؟ قال : لا ،قال : صل وکان جابر یعجبہ إذا جآء یوم الجمعۃ أن یصلیھما فی المسجد۔

ترجمہ..... حضرت جابرؓ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی آیا اور امام خطبہ دے رہا تھا۔امام نے کہا کیا تو نے نماز پڑھی ؟اس نے کہا نہیں۔(اور جابر پسند کرتے تھے کہ جب جمعہ کے لئے مسجد میں آئے تو دو رکعت پڑھے)۔

اس میں ابو الزبیر مدلس کا عنعنہ ہے اور یہ مسلم ج۱/ص ۲۸۷ پر ہے اس میں (بریکٹ) میں موجود جملہ نہیں ہے۔

(۱۶۰)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا أبو النعمان قال حدثنا حماد بن زید عن عمرو بن دینار عن جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ قال : جاء رجل و النبی صلی اللہ علیہ وسلم یخطب الناس یوم الجمعۃ فقال : أصلیت یافلان ؟ قال : لا قال :قم فارکع۔

http://mujahid.xtgem.com

ترجمہ ..... حضرت جابر سے روایت ہے کہ ایک آدمی آیا اور نبی ﷺ خطبہ دے رہے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کیا تو نے نماز پڑھی اے فلاں؟ کہا نہیں۔ فرمایا کھڑا ہو اور دو رکعت پڑھ۔

یہ روایت بخاری ج ۱/ ص ۱۲۷، مسلم ج ۱/ ص ۲۸۷ پر ہے۔

(۱۶۱)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا عمر بن حفص قال حدثنا أبی قال حدثنا الاعمش قال سمعت أبا صالح یذکر حدیث سلیك الغطفانی ثم سمعت اباسفیان بعد یقول سمعت جابراً جاء سلیك الغطفانی یوم الجمعة والنبی صلی الله علیه وسلم یخطب فجلس فقال النبی صلی الله علیه وسلم : یا سلیك قم فصل رکعتین خفیفتین تجوز بهما ثم قال اذاجاء احدکم والامام یخطب فلیصل رکعتین خفیفتین یتجوز فیهما۔

ترجمہ ..... ابو سفیان نے حضرت جابرؓ سے سنا کہ سلیک غطفانیؓ جمعہ کے دن آئے اور آپ ﷺ خطبہ دے رہے تھے۔ سلیکؓ بیٹھ گئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا : سلیک! اٹھو اور دو رکعت مختصر اپڑھو۔ پھر فرمایا جب تم میں سے کوئی آئے اور امام خطبہ پڑھ رہا ہو تو مختصر دو رکعت پڑھے۔

یہ آخری فقرہ نہ مسلم میں ہے نہ نسائی میں، صرف اسی مجہول سند میں ہے۔

(۱۶۲)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا عبد الله بن محمد قال حدثنا سفیان قال حدثنا ابن عجلان سمع عیاض بن عبد الله أن أبا سعید رضی الله عنه دخل ومروان یخطب فجآء الأحراس لیجلسوه فأبی حتیٰ صلی فقلنا له فقال : ما کنت لادعهما بعد شیئ رأیته من رسول الله صلی الله علیه وسلم کان یخطب فجآء رجل فأمره فصلی رکعتین و النبی صلی الله عله وسلم یخطب ثم جآء جمعة أخری

http://mujahid.xtgem.com

والنبی صلی اللہ علیہ وسلم یخطب فأمر النبی صلی اللہ علیہ وسلم أن یصدقوا علیہ وأن یصلی رکعتین۔

ترجمہ ..... عیاض بن عبداللہ سے روایت ہے کہ مروان خطبہ دے رہا تھا کہ حضرت ابو سعیدؓ آئے تو پولیس آگئی کہ ان کو بٹھائے، مگر ابو سعیدؓ نماز پڑھے بغیر نہ بیٹھے تو ہم نے ان سے پوچھا (کیونکہ اس کا رواج نہ تھا، نئی بات تھی) تو کہا میں کیسے دو رکعات کو چھوڑ دوں جب کہ میں نے دیکھا کہ آنحضرت ﷺ خطبہ دے رہے تھے، ایک آدمی آیا اور آپ ﷺ نے اس کو حکم دیا تو اس نے دو رکعت پڑھیں۔ پھر اگلے جمعہ کو آپ ﷺ نے فرمایا کہ لوگ اس پر صدقہ کریں اور وہ دو رکعت پڑھیں۔

(۱۶۳) ..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا وهب قال حدثنا عبد اللہ عن الأوزاعی قال حدثنی المطلب بن حنطب قال حدثنی من سمع النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول لرجل دخل یوم الجمعة والنبی صلی اللہ علیہ وسلم یخطب فصلی رکعتین۔

ترجمہ ..... اس میں بھی ایک آدمی کے بوقت خطبہ دو رکعت پڑھنے کا ذکر ہے۔

امام بخاریؒ یہ تسلیم کرتے ہیں کہ آیت انصات جس طرح نماز کے لئے ہے، خطبہ کیلئے بھی ہے اور یہ بھی تسلیم فرما چکے ہیں کہ اس آیت کریمہ میں جو امر ہے یعنی سماع اور انصات، وہ وجوب بلکہ فرضیت کیلئے ہے۔ جس کا صاف مطلب یہ ہے کہ جب خطیب خطبہ پڑھے تو سب پر توجہ کرنا اور چپ رہنا واجب بلکہ فرض ہے۔

حضرت سلمان فارسیؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جب کوئی جمعہ کیلئے آئے ثم یصلی ما کتب له ثم ینصت إذا تکلم الإمام۔ (بخاری ج۱/ص۱۲۱، مسلم ج۱/ص۲۸۳) طیالسی میں ہے إذا تکلم الإمام استمع وانصت (ص۹۱) اور حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے

http://mujahid.xtgem.com

فرمایا: ثم صلی ما کتب اللہ لہ ثم انصت إذا خرج الإمام۔ (ابوداؤد)

ان احادیث میں رسول اللہ ﷺ نے نماز کو استماع اور انصات کے منافی قرار دیا ہے، مگر امام بخاریؒ یہ بھی مانتے ہیں کہ خطبہ کے وقت خاموش رہنا فرض ہے۔ مگر یہ بھی فرماتے ہیں کہ آنے والا دو نفل پڑھ کر اس فرض کی مخالفت کرے، حالانکہ پہلے ہی امام بخاریؒ بہت ناراض ہیں کہ ثناء کی سنت کو فرض سے بڑھا دیا ہے مگر جس کو وہاں عیب کہا تھا اب وہی ہنر بن گیا ہے۔ ان نوافل کے لئے امام بخاریؒ پورے دور نبوت میں صرف ایک واقعہ سلیک غطفانیؓ کا پیش کر سکے ہیں، مگر یہ یہاں بھی ثابت نہیں کر سکے کہ یہ واقعہ حکم انصات سے بعد کا ہے، جیسے نماز کے بارے میں وہ مانتے ہیں کہ ایک زمانہ میں انصات کا حکم نہیں تھا بعد میں آیا تو اس واقعہ کے لئے بھی ثابت کرنا ضروری ہے کہ حکم انصات کے بعد کا ہے۔

دور صدیقی :۔

قاضی عیاضؒ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ خطبہ کے دوران نماز پڑھنے سے منع فرماتے تھے۔ (معارف السنن ج ۴ / ص ۳۶۸) اسی لئے امام بخاریؒ پورے دور صدیقی کا ایک واقعہ بھی دوران خطبہ نماز پڑھنے کا پیش نہیں کر سکے۔

دور فاروقی و عثمانی :۔

حضرت ثعلبہ بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمرؓ اور حضرت عثمانؓ کا زمانہ پایا، جب امام خطبہ کے لئے نکلتا ہم نماز چھوڑ دیتے۔ (ابن ابی شیبہ ج ۲ / ص ۱۱۱) ان دونوں زمانوں کا ایک بھی واقعہ پیش نہ کر سکے۔

دور مرتضوی :۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی خطبہ کے وقت نماز کو مکروہ فرماتے تھے۔ (المدونۃ الکبریٰ ج ۱ / ص ۱۴۸) اسی لئے امام بخاریؒ اس دور کا کوئی واقعہ بھی

http://mujahid.xtgem.com

اپنی حمایت میں پیش نہ فرما سکے۔

ابن عباسؓ :۔

امام بخاریؒ نے حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے ہی روایت کیا ہے کہ یہ آیت خطبہ کے لئے ہے۔ حضرت عطاءؒ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور حضرت عبداللہ بن عمرؓ خطبہ کے وقت نماز اور کلام کو مکروہ جانتے تھے۔ (ابن ابی شیبہ ج ۲/ ص ۱۱۱) اسی لئے امام بخاریؒ اہل مکہ کے کسی صحابی اور تابعی سے اپنی حمایت کا واقعہ نہ لا سکے۔ حضرت عقبہ بن عامرؓ فرماتے تھے کہ امام منبر پر ہو تو نماز پڑھنا گناہ ہے (طحاوی ج ۱/ ص ۲۵۴) اس متواتر تعامل کے خلاف ایک نام حسن بصریؒ کا پیش کیا ہے۔ جب کہ قتادہ، ابو قلابہ اور ابن سیرین سب ان نوافل کے قائل نہ تھے۔ حضرت ابو سعید خدریؓ کے فعل میں بھی کوئی خاص دلیل نہیں۔ چونکہ مروان خطبہ میں غلط باتیں بھی کرتا تھا اس وقت اس خطبہ کی حرمت ختم ہو جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دور خلفاء راشدینؓ میں حضرت ابو سعید خدریؓ سے یہ فعل ثابت نہیں۔

امام بخاریؒ یہ مانتے ہیں کہ استماع اور انصات کا حکم فرضیت کیلئے ہے، لیکن نماز میں عین قرأت امام کے وقت مقتدی کو قرأت کا نہیں کہتے، بلکہ امام کے سکتوں میں پڑھنے کا کہتے ہیں اور حالت خطبہ میں بھی استماع کو فرض کہتے ہیں، مگر عین حالت خطبہ میں نفل پڑھنے پر زور دیتے ہیں۔ یہ بھی یاد رہے کہ امام بخاریؒ کے ہاں قرأت میں فاتحہ فرض ہے، باقی جائز۔ جب فرض استماع خطبہ کے وقت نفل جائز ہیں تو ان کے ہاں امام کے پیچھے اسی لئے فاتحہ سے زائد سورۃ پڑھنا بھی جائز ہے۔

ایک اور قیاس :۔

(۱۶۴) ... قال البخاری : وقال عدة من أهل العلم : إن كل مأموم يقضي فرض نفسه والقيام والقراءة والركوع والسجود عندهم فرض

http://mujahid.xtgem.com

فلا يسقط الركوع والسجود عن المأموم وكذلك القراءة فرض فلا يزول فرض عن أحد إلا بكتاب أوسنة۔

ترجمہ .....امام بخاریؒ فرماتے ہیں : کئی ایک اہل علم کہتے ہیں کہ مقتدی اپنے فرائض خود ادا کرتا ہے۔ مثلاً قیام، قرأت، رکوع اور سجود فرض ہیں، تو جب رکوع اور سجود کا فرض اس سے ساقط نہیں ہوتا تو قرأت کا فرض کیوں ساقط ہو گیا؟ اور کوئی فرض کتاب وسنت کی دلیل کے بغیر ساقط نہیں ہو سکتا۔

فائدہ : بات یہ ہے کہ اللہ ورسول اللہ ﷺ نے مقتدی پر قرأت کو فرض ہی نہیں کیا بلکہ استماع اور انصات کو فرض کیا ہے۔ اس لئے یہ قیاس کتاب وسنت کے خلاف ہے، جیسے خطبہ صرف خطیب کے لئے پڑھنا فرض ہے باقی سب پر فرض، امام بخاریؒ کے ہاں بھی استماع وانصات ہی ہے۔ ہاں امام بخاریؒ نے ان اہل علم کا نام صیغہ راز میں رکھا ہے، جب کہ امام بخاریؒ کے استاد نے نام لے لے کر بتایا ہے کہ کسی بھی مسلمان کا یہ عقیدہ نہیں کہ جو امام کے پیچھے قرأت نہ کرے اس کی نماز باطل ہے یعنی کسی کے نزدیک بھی مقتدی پر قرأت فرض نہیں۔

ایک اور تفرد :۔

وقال ابو قتادةوأنس و أبو هريرة رضى الله عنهم عن النبى صلى الله عليه وسلم : إذا أتيتم الصلاة فما ادركتم فصلوا وما فاتكم فأتموا فمن فاته فرض القراءة و القيام فعليه اتمامه كما أمر النبى ﷺ ۔

ترجمہ .....اور کہا ابو قتادہؓ، انسؓ، ابو ہریرہؓ نے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جب تم نماز کے لئے آؤ تو جو پالو اتنی پڑھ لو اور جو رہ جائے اس کو پورا کر لو۔ پس (مدرک رکوع) جس سے قیام اور قرأت کا فرض رہ گیا وہ اس کو پورا کر لے جیسا کہ نبی ﷺ نے فرمایا۔

فائدہ : مدرک رکوع نے قیام میں تکبیر تحریمہ کہی تو تحریمہ کا فرض بھی

http://mujahid.xtgem.com

ادا ہو گیا اور قیام کا فرض بھی ادا ہو گیا اور قرأت مقتدی پر فرض ہی نہیں، تو مدرک رکوع کے ذمہ جو فرائض تھے وہ تو سارے پورے ہو گئے، اب وہ کیا پورا کرے گا؟

(۱۶۵)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا أبو نعیم قال حدثنا شیبان عن یحییٰ عن عبد اللہ بن أبی قتادة عن أبیه أن النبی صلی اللہ علیه وسلم قال : فما أدرکتم فصلوا وما فاتکم فاتموا۔

ترجمہ..... حضرت عبداللہ بن ابی قتادہؓ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو پالو پڑھ لو اور جو فوت ہو جائے پورا کر لو۔

(۱۶۶)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا قتیبة قال حدثنا اسماعیل بن جعفر عن حمید عن أنس رضی اللہ عنه عن النبی صلی اللہ علیه وسلم : فلیصل ما أدرك و لیقض ما سبقه۔

ترجمہ..... حضرت انسؓ حضور ﷺ سے روایت فرماتے ہیں کہ جو تو نماز سے پالے پڑھ اور جو پہلے پڑھا جا چکا اس کو قضاء کر۔

(۱۶۷)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال عبد اللہ بن صالح قال عبد العزیز بن عبد اللہ بن أبی سلمة عن حمید الطویل عن أنس بن مالك عن النبی ﷺ ما أدرکتم فصلوا وما فاتکم فاتموا۔

(۱۶۸)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا موسیٰ قال حدثنا حماد بهذا۔

ترجمہ..... حضرت انسؓ حضور ﷺ سے روایت فرماتے ہیں کہ جو نماز سے پالو پڑھ لو اور جو فوت ہو جائے پورا کر لو۔

فائدہ :۔ عجیب لطیفہ تو یہ ہے کہ اس حدیث کے راوی حضرت انسؓ اب امام کو حالت قرأت میں پاتے تب بھی قرأت نہ کرتے تھے بلکہ صرف تسبیح پڑھتے تھے۔

http://mujahid.xtgem.com

(۱۶۹)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا أبو الیمان قال حدثنا شعیب عن الزهری قال أخبرنی أبو سلمة بن عبد الرحمن أن أبا هریرة رضی الله عنه قال : سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول: إذا أقیمت الصلاة فلا تأتوها تسعون وأتوها تمشون و علیکم السکینة فما أدرکتم فصلوا وما فاتکم فاتموا۔

ترجمہ..... حضرت ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو سنا فرماتے تھے کہ جب نماز کھڑی ہو جائے تو بھاگ کر نہ آؤ بلکہ سکون اور وقار کے ساتھ چل کر آؤ۔ پس جو پالو پڑھ لو، جو رہ جائے پورا کر لو۔

(۱۷۰)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا إسماعیل قال حدثنی أخی عن سلیمان عن یحیی عن ابن شهاب أخبرنی أبو سلمة أن أبا هریرة رضی الله عنه قال سمعت رسول الله ﷺ بهذا۔

ترجمہ..... یہ حدیث بھی حضرت ابو ہریرہؓ سے مثل بالا کے ہے۔

(۱۷۱)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا عبد الله قال حدثنا اللیث قال حدثنی یزید بن الهاد عن ابن شهاب عن أبی سلمة عن أبی هریرة رضی الله عنه سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول : ما أدرکتم فصلوا وما فاتکم فأتموا۔

ترجمہ..... حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا فرماتے تھے : تم جو پالو پڑھ لو اور جو فوت ہو جائے پورا کر لو۔

(۱۷۲)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا عبد الله بن مسلمة قال جدثنا اللیث قال حدثنی عقیل عن ابن شهاب قال أخبرنی أبو سلمة بن عبد الرحمن أنه سمع أبا هریرة رضی الله عنه قال ، قال رسول الله صلی الله علیه وسلم : ما أدرکتم فصلوا وما فاتکم فأتموا۔

http://mujahid.xtgem.com

(۱۷۳)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا عبد الله بن صالح قال حدثنی اللیث قال حدثنی عقیل بھٰذا۔

(۱۷۴)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا یحییٰ بن بکیر قال حدثنا اللیث عن عقیل بھٰذا۔

ترجمہ (۱۷۲ تا ۱۷۴)..... حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو پالو پڑھ لو، جو فوت ہو جائے پورا کر لو۔

(۱۷۵)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا محمد بن کثیر قال أخبرنا سلیمان عن الزھری عن أبی سلمة عن أبی ھریرة رضی الله عنه قال، قال النبی ﷺ صلوا ما أدرکتم واقضوا ما سبقتم۔

ترجمہ..... حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو پالو پڑھ لو، جو فوت ہو جائے پورا کر لو۔

(۱۷۶)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا آدم قال حدثنا ابن أبی ذئب عن الزھری عن أبی سلمة و سعید بن المسیّب عن أبی ھریرة رضی الله عنه عن النبی صلی الله علیه وسلم : ماأدرکتم فصلوا وما فاتکم فاقضوا۔

ترجمہ..... حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو پالو پڑھ لو، جو فوت ہو جائے پورا کر لو۔

(۱۷۷)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا أبو نعیم قال أنبأنا ابن عیینة عن الزھری عن سعید بن المسیب عن أبی ھریرة رضی الله عنه عن النبی صلی الله علیه وسلم : ما أدرکتم فصلوا وما فاتکم فاقضوا۔

ترجمہ..... حضرت ابو ہریرہؓ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ جو پالو

http://mujahid.xtgem.com

پڑھ لو، جو فوت ہو جائے پورا کر لو۔

(۱۷۸)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا علی قال حدثنا سفیان قال حدثنا الزهری عن سعید بن المسیب عن أبی هریرة رضی الله عنه عن النبی صلی الله علیه وسلم : فما أدرکتم فصلوا وما فاتکم فاقضوا۔

ترجمہ..... حضرت ابو ہریرہؓ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ جو پالو پڑھ لو، جو فوت ہو جائے پورا کر لو۔

(۱۷۹)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا عبید الله قال حدثنا اللیث قال حدثنی یونس عن ابن شهاب عن ابی سلمة عن أبی هریرة قال سمعت النبی صلی الله علیه وسلم بهذا۔

ترجمہ..... حضرت ابو ہریرہؓ اسی طرح مثل بالا روایت فرماتے ہیں۔

(۱۸۰)..... وقال ابراهیم بن سعد عن الزهری عن سعید و أبی سلمة۔

(۱۸۱)..... وقال عبد الرزاق عن معمر عن الزهری عن سعید۔

(۱۸۲)..... وقال موسیٰ بن أعین أخبرنی معمر عن الزهری عن أبی سلمة وحده۔

ترجمہ (۱۸۰ تا ۱۸۲)..... (اس حدیث کا مدار زہری پر ہے)۔ اس لئے ابراہیم بن سعد کہتے ہیں کہ زہری نے سعید اور ابو سلمہ دونوں کے واسطے سے یہ حدیث روایت کی۔ عبد الرزاق کہتے ہیں کہ معمر نے اس کو زہری عن سعید سے روایت کیا ہے۔ موسیٰ بن اعین کہتے ہیں کہ معمر نے زہری سے، انہوں نے اکیلے ابو سلمہ سے روایت کی۔

(۱۸۳)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا عبد الله بن یوسف قال أنبأنا مالك عن العلاء بن عبد الرحمن عن أبیه و عن

http://mujahid.xtgem.com

اسحاق بن عبد الله انهما أخبراه أنهما سمعا أباهريرة رضي الله عنه قال، قال النبي صلى الله عليه وسلم: فما أدركتم فصلوا وما فاتكم فاتموا۔

ترجمہ..... حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا جو پا لو پڑھ لو، جو وہ جائے پوری کر لو۔

(۱۸۴)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاري قال حدثنا اسماعيل قال حدثنا مالك مثله۔

ترجمہ..... حضرت ابو ہریرہؓ سے اسی طرح روایت ہے۔

(۱۸۵)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاري قال حدثنا قتيبة عن عبد العزيز بن محمد عن العلاء بن عبد الرحمن عن أبيه عن أبي هريرة رضي الله عنه قال، قال النبي صلى الله عليه وسلم: ما أدركتم فصلوا وما فاتكم فاتموا۔

ترجمہ..... حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا جو پالو پڑھ لو، جو رہ جائے پوری کر لو۔

(۱۸۶)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاري قال حدثنا عمرو بن منصور قال حدثنا أبو هلال عن محمد بن سيرين عن أبي هريرة رضي الله عنه أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: صل ما أدركت واقض ما فاتك۔

ترجمہ..... حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا جو تو پالے پڑھ لے، جو رہ جائے پوری کر لے۔

(۱۸۷)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاري قال حدثنا إسحاق قال حدثنا هشيم عن يونس وفي نسخة فيها سماع الشيخ بدل هشيم إبراهيم عن يونس و هشام عن محمد عن أبي هريرة رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم: فليصل ما أدرك و ليقض ما سبق به۔

http://mujahid.xtgem.com

ترجمہ ..... حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا جو مل جائے پڑھ لو، جو گزر جائے پوری کر لو۔

(۱۸۸) ..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا موسیٰ قال حدثنا حماد عن أیوب عن محمد عن أبی هریرة رضی الله عنه عن النبی صلی الله علیه وسلم فلیصل ما أدرك ولیقض ما فاته۔

ترجمہ ..... حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا نمازی جو پالے پڑھ لے، جو رہ جائے پوری کر لے۔

(۱۸۹) ..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا فضیل بن عیاض عن هشام عن ابن سیرین عن أبی هریرة رضی الله عنه قال ، قال رسول الله صلی الله علیه وسلم : فما أدرك فلیصل وما سبقه فلیقض۔

ترجمہ ..... حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا نمازی جو پالے پڑھ لے، جو اس سے رہ جائے اسے پوری کر لے۔

لطیفہ ..... اس سند میں امام بخاریؒ فرماتے ہیں۔ قال ثنا فضیل بن عیاض کہ ہمیں فضیل بن عیاضؒ نے حدیث سنائی، حالانکہ فضیل بن عیاضؒ ۱۸۷ھ میں وصال فرما گئے تھے جب کہ امام بخاریؒ سات سال بعد ۱۹۴ھ میں پیدا ہوئے۔ جو لوگ مسند امام اعظمؒ کی وحدانیت پر اعتراض کیا کرتے ہیں وہ اس بات پر توجہ فرمائیں۔

(۱۹۰) ..... ورواه سعید عن قتادة عن أبی رافع عن أبی هریرة رضی الله عنه عن النبی صلی الله علیه وسلم : فما أدرك فلیصل وما سبقه فلیقض۔

ترجمہ ..... حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا جو پائے وہ پڑھ لے اور جو پہلے پڑھی گئی وہ قضا کر لے۔

۱۶۵ سے ۱۹۰ تک جو ۲۶ احادیث نقل کی ہیں ان کو موضوع سے کوئی

http://mujahid.xtgem.com

تعلق نہیں، صرف اس مغالطے پر یہ لکھ دی ہیں کہ مقتدی پر قرأت فرض ہے۔

لقمہ پر قیاس :۔

(۱۹۱)..... قال البخاریؒ: واحتج سلیمان بن حرب بحدیث أبی فی القراءة ولم یر ابن عمر بالفتح علی الإمام بأساً۔

ترجمہ..... بخاری نے کہا کہ سلیمان بن حرب نے حضرت ابی بن کعبؓ کی لقمہ دینے والی حدیث سے قرأت پر دلیل لی ہے اور حضرت عبد اللہ بن عمرؓ امام کو لقمہ دینے میں حرج نہیں جانتے تھے۔

(۱۹۲)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا موسیٰ قال حدثنا حماد عن ثابت عن الجارود بن أبی سبرة عن أبی بن کعب قال : صلی النبی صلی اللہ علیه وسلم بالناس فترك آیة فلما قضی صلاته قال : أیکم أخذ علی شیئا من قراءتی ؟ قال أبی : أنا ترکت آیة کذا و کذا، فقال : قد علمت ان کان أخذها أحد علی کان هو۔

ترجمہ..... حضرت ابی بن کعبؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے لوگوں کو نماز پڑھائی اور ایک آیت چھوڑ گئے۔ نماز کے بعد پوچھا قرأت میں غلطی کس نے پکڑی تھی ؟ ابی بن کعبؓ نے عرض کیا : میں نے، آپ فلاں فلاں آیت چھوڑ گئے تھے۔ حضرت ﷺ نے فرمایا : میں بھی یہی خیال کرتا تھا کہ قرأت میں جس نے میری غلطی پکڑی وہ ابی بن کعبؓ ہوگا۔

(۱۹۳)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا أبو نعیم قال حدثنا سفیان عن سلمة عن ذرعن ابن أبزی عن أبیه قال : صلی النبی صلی اللہ علیه وسلم فترك آیة فقال : أفی القوم أبی ؟ فقال یا رسول اللہ نعم أنسخت آیة کذا و کذا أم نسیتها ؟ فضحك فقال : بل نسیتها۔

ترجمہ..... ابن ابزی اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ

http://mujahid.xtgem.com

نے نماز پڑھائی اور ایک آیت چھوڑ دی۔ فرمایا: کیا لوگوں میں ابی بن کعبؓ ہے؟ کہا: ہاں یارسول اللہ ﷺ کیا فلاں فلاں آیت منسوخ ہو گئی یا آپ بھول گئے؟ آپ ﷺ نے ہنس کر فرمایا: بلکہ میں بھول گیا تھا۔

(۱۹۴)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا عبد الله بن عبد الوهاب قال أخبرنی مروان بن معاوية قال أخبرنی يحيیٰ بن كثير الكاهلی قال أخبرنی منصور بن يزيد الكاهلی الأسدی رضی الله عنه شهدت النبی صلی الله عليه وسلم فترك آية من القرآن يقرؤها فقيل له: آية كذا وكذا تركتها فقال: فهلا ذكر تمونيها إذا۔

ترجمہ..... منصور بن یزید کاہلی اسدیؓ کہتے ہیں کہ میں نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو نماز میں آپ ﷺ قرآن کی فلاں آیت چھوڑ گئے جس کو آپ ﷺ پڑھا کرتے تھے۔ تو آپ ﷺ سے کہا گیا کہ آپ فلاں فلاں آیت چھوڑ گئے؟ فرمایا: تم نے مجھے اسی وقت کیوں نہ یاد کرا دیا؟

یہ بات ظاہر ہے کہ وہ نماز جہری تھی، اس لئے مقتدیوں کو پتہ چلا کہ فلاں فلاں آیت رہ گئی ہے اور یہ بھی ظاہر ہے کہ یہ بھول سورۂ فاتحہ میں نہ تھی۔ تو اب گویا امام بخاریؒ فاتحہ کے بعد والی سورۃ کی قرأت مقتدی پر فرض ثابت کر رہے ہیں جو امام بخاریؒ کے نزدیک خود امام پر بھی فرض نہیں۔ ادھر حدیث عبادہؓ واقعہ فجر کے مطابق فاتحہ کے علاوہ کوئی سورۃ مقتدی کو پڑھنا منع ہے اور یہاں اس حدیث کے خلاف فرض ثابت کر رہے ہیں فما هو جوابكم فهو جوابنا۔

مدرک رکوع کی بحث:۔

(۱۹۵)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا محمد بن مرداس أبو عبد الله الأنصاری قال حدثنا عبد الله بن عيسیٰ أبو خلف الخزاز عن يونس عن الحسن عن أبی بكرة رضی الله عنه أن النبی صلی

http://mujahid.xtgem.com

الله عليه وسلم صلى صلاة الصبح فسمع نفساً شديداً أو بهرا من خلفه فلما قضى رسول الله صلى الله عليه وسلم الصلاة قال لأبي بكرة : أنت صاحب هذا النفس ؟ قال : نعم جعلني الله فداك خشيت أن تفوتني ركعة معك فأسرعت المشي فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم : زادك الله حرصاً ولا تعد ، صل ما أدركت واقض ما سبق۔

ترجمہ..... حضرت حسنؒ حضرت ابو بکرہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے صبح کی نماز میں پھولے ہوئے سانس یا ہانپنے کی آواز سنی۔ نماز کے بعد آپ ﷺ نے فرمایا : ابو بکرہؓ ہانپنے کی آواز تیری تھی ؟ عرض کیا حضرت قربان جاؤں میری ہی آواز تھی۔ میں ڈرا کہ کہیں میری رکعت نہ فوت ہو جائے، اس لئے میں جلدی چل کر آیا تھا (اس سے معلوم ہوا کہ صحابہ کرامؓ میں اس میں اختلاف نہ تھا کہ مدرک رکوع مدرک رکعت ہے)۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا : اللہ تیری حرص کو زیادہ کرے، ایسا مت کر (کہ دوڑ کر آئے) جو نماز تمہیں مل جائے وہ پڑھ لیا کر اور جو رہ جائے وہ پوری کر لیا کر۔

(۱۹۶)..... حدثنا محمود حدثنا البخاري قال حدثنا مسدد قال حدثنا اسماعيل قال أنبأنا أيوب عن عمرو بن وهب الثقفي قال : كنا عند المغيرة فقيل هل أم النبي صلى الله عليه وسلم أحد غير أبي بكر ؟ قال كنا مع النبي صلى الله عليه وسلم في سفر ثم ركبنا فأدركنا الناس وقد أقيمت فتقدم عبد الرحمن بن عوف وصلى بهم ركعة وهم في الثانية فذهبت أوذنه فنهاني فصلينا الركعة التي أدركنا وقضينا الركعة التي سبقنا۔

ترجمہ..... عمرو بن وہب ثقفی کہتے ہیں کہ ہم حضرت مغیرہ بن شعبہؓ کے پاس بیٹھے تھے کہ ان سے کہا گیا : کیا رسول اللہ ﷺ کی امامت ابو بکرؓ کے علاوہ کسی اور

http://mujahid.xtgem.com

نے کرائی ؟ تو حضرت مغیرہؓ نے کہا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سفر میں تھے۔ جب ہم پہنچے تو جماعت کھڑی ہو چکی تھی اور عبد الرحمٰن بن عوفؓ نماز پڑھا رہے تھے۔ ایک رکعت پڑھ چکے تھے اور دوسری میں تھے۔ میں جلدی سے گیا کہ اسے آنحضرت ﷺ کے آنے کی اطلاع دوں لیکن آپ ﷺ نے مجھے روک دیا۔ پھر ہم نے جو رکعت ان کے ساتھ رہ گئی تھی پڑھ لی۔

(۱۹۷)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا محمد قال حدثنا عبد الله قال أنبأنا محمد بن أبی حفصة عن الزهری عن أبی سلمة عن أبی هريرة رضی الله عنه أن رسول الله صلی الله عليه وسلم قال : من أدرك ركعة من صلوٰة الغداة قبل ان تطلع الشمس فقد أدركها ومن ادرك ركعة من صلوة العصر قبل ان تغرب الشمس فقدادركها۔

ترجمہ ..... حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کہ جس نے صبح کی نماز کی ایک رکعت پالی سورج طلوع ہونے سے پہلے اس نے صبح کی نماز پالی اور جس نے عصر کی نماز کی ایک رکعت سورج غروب ہونے سے پہلے پالی، اس نے عصر کی نماز پالی۔

(۱۹۸)..... قال البخاری :تابعه معمر عن الزهری ورواه عطاء بن يسار وكثير بن سعيد وأبوصالح والأعرج و أبو رافع و محمد بن إبراهيم و ابن عباس عن أبی هريرة عن النبی صلی الله عليه وسلم۔

ترجمہ ..... کہا بخاریؒ نے : اس سابقہ روایت کی معمر نے بھی زہری سے متابعت کی ہے۔ نیز اس حدیث کو ابو ہریرہؓ سے عطاء بن یسار، کثیر بن سعید، ابو صالح، الاعرج، ابو رافع محمد بن ابراہیم اور ابن عباس نے بھی روایت کیا ہے

(۱۹۹)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا أبو نعيم قال حدثنا شيبان عن يحيیٰ عن ابی سلمة عن أبی هريرة قال ، قال رسول

http://mujahid.xtgem.com

الله صلى الله عليه وسلم : من أدرك ركعة من صلاة العصر قبل أن تغرب الشمس فليتم صلاته۔

ترجمہ ..... ابو سلمہ نے حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : جو شخص ایک رکعت بھی نماز عصر کی سورج غروب ہونے سے پہلے پالے، اسے چاہئے کہ نماز کو پورا کرے۔

(۲۰۰).....حدثنامحمود قال حدثناالبخاری قال ویروی عن علقمةونحوه إن قرأفی الأخريين ولم يقرأ فی الأوليين أجزاه ويروى أيضاً عنهم انهم محوا فاتحة الكتاب من المصحف هٰذا ولا اختلاف بين أهل الصلاة أن فاتحة الكتاب من كتاب الله ، وسنة رسول الله صلى الله عليه وسلم أحق أن يتبع وقال النبی صلى الله عليه وسلم : فاتحة الكتاب هی السبع المثانی۔

ترجمہ ..... بخاریؒ نے کہا کہ علقمہؒ (۶۲ھ) وغیرہ نے کہا کہ اگر پہلی دو رکعات میں قرأت کرے اور پچھلی دو رکعات میں نہ کرے تو اس کی نماز جائز ہو جاتی ہے اور ان سے یہ بھی روایت کیا گیا ہے کہ انہوں نے فاتحہ کو مصحف (قرآن پاک) سے مٹا دیا تھا اور حقیقت میں نمازیوں میں اس میں اختلاف نہیں کہ فاتحہ قرآن سے ہے اور آنحضرت ﷺ کی سنت زیادہ حق دار ہے کہ اس کی اتباع کی جائے۔ نبی ﷺ نے فرمایا : سورۃ فاتحہ ہی سبع مثانی ہے۔

امام بخاریؒ کے استاد ابو بکر بن ابی شیبہؒ نے باقاعدہ باب باندھا ہے : من كان يقول يسبح فی الأخريين ولا يقرأ۔ اور صحیح سندوں کے ساتھ حضرت علیؓ، حضرت عبداللہ بن مسعودؓ، ابراہیم نخعیؒ اور ابن الاسودؒ سے روایت کیا ہے کہ پچھلی دو رکعات میں قرأت نہیں کرتے تھے۔ (ج ۱/ص ۳۷۲) اب دیکھئے امام بخاریؒ ان کی نمازوں پر کیا فتویٰ صادر فرماتے ہیں ؟ اور امام بخاریؒ کے دادا استاد امام

http://mujahid.xtgem.com

عبدالرزاقؒ نے حضرت علقمہؒ سے روایت کیا ہے کہ اگر پہلی دو رکعات میں قرأت بھول جائے اور پچھلی دو رکعات میں پڑھ لے تو نماز جائز ہے (ج ۲ / ص ۱۲۶) اور امام بخاریؒ نے یہ فرمایا ہے کہ وہ لوگ فاتحہ کو قرآن سے مٹا دیتے تھے، بالکل بے سند الزام ہے۔

(۲۰۱)..... قال البخاری : ان اعتل معتل فقال : إنما قال النبی صلی الله علیه وسلم : لا صلاة إلا بفاتحة الكتاب ولم يقل فی كل ركعة قيل له : قد بين حين قال اقرأ ثم اركع ثم اسجد ثم ارفع فإنك أن أتممت صلاتك على هٰذا فقد تمت وإلا كأنما تنقصه من صلاتك فبين له النبی صلی الله علیه وسلم ان فی كل ركعة قراءة وركوعا و سجودًا و امره أن يتم صلاته على مابين له فی الركعة الأولىٰ وهٰذا حديث مفسر للصلاة كلها لا لركعة دون ركعة۔

ترجمہ..... بخاریؒ نے کہا اگر کوئی بہانہ خور، یوں بہانہ کرے کہ آنحضرت ﷺ نے یہ تو فرمایا ہے کہ فاتحہ کے بغیر نماز نہیں ہوتی؛ یہ تو کہیں نہیں فرمایا کہ فاتحہ کے بغیر کوئی رکعت نہیں ہوتی تو اس سے کہا جائے گا کہ آپ ﷺ نے واضح فرما دیا کہ قرأت کر، پھر رکوع کر پھر اٹھ، پھر سجدہ کر، پھر اٹھ۔ اسی طرح اگر تو نے نماز پڑھی تو تیری نماز پوری ہے اور اگر اس میں کمی کی تو تیری نماز میں کمی رہی۔ پس نبی ﷺ نے واضح فرما دیا کہ ہر رکعت میں قرأت، رکوع اور سجدہ ہے اور اسے حکم دیا کہ جس طرح پہلی رکعت پوری کی ہے اسی طرح ہر رکعت پوری کرے۔ یہ حدیث کھول کر بیان کرتی ہے۔ کہ قرأت سب رکعات میں ہے، یہ نہیں کہ کسی میں ہو اور کسی میں نہ ہو۔

(۲۰۲)..... وقال أبو قتادة : كان النبی صلی الله علیه وسلم يقرأ فی الأربع كلها۔

http://mujahid.xtgem.com

ترجمہ ..... ابو قتادہؓ نے کہا کہ آنحضرت ﷺ چاروں رکعات میں قرأت کرتے تھے۔

(۲۰۳) ..... فإن احتج بحديث عمر رضي الله عنه أنه نسي القراءة في ركعة فقرأ في الثانية فاتحة الكتاب مرتين قيل له : حديث النبي صلى الله عليه وسلم أفسر حين قال : اقرأ ثم اركع فجعل النبي صلى الله عليه وسلم القراءة قبل الركوع وليس لأحد أن يجعل القراءة بعد الركوع والسجود خلاف رسول الله صلى الله عليه وسلم۔

ترجمہ ..... اگر کوئی دلیل لائے کہ حضرت عمرؓ پہلی رکعت میں قرأت کرنا بھول گئے تو انہوں نے دوسری رکعت میں دو مرتبہ فاتحہ پڑھی۔ (عبد الرزاق ج ۲/ص ۱۲۳) تو اسے کہا جائے گا کہ نبی ﷺ کی حدیث زیادہ واضح ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا : قرأت کر، پھر رکوع کر۔ تو رسول اللہ ﷺ نے قرأت کو رکوع سے پہلے رکھا۔ اب کسی کو حق نہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے خلاف قرأت کو رکوع، سجود کے بعد کردے۔

(۲۰۴) ..... وكان عمر يترك قوله لقول النبي صلى الله عليه وسلم فمن اقتدى بالنبي صلى الله عليه وسلم كان مقتدياً بالنبي صلى الله عليه وسلم ومتبعاً لعمر و إن كان عند عمر رضي الله عنه فيما ذكر عنه سنة من النبي صلى الله عليه وسلم فلم يظهر لنا وبان لنا أن النبي صلى الله عليه وسلم أمر بالقراءة قبل الركوع فعلينا الإتباع كما ظهر قال الله تعالى : وان تطيعوه تهتدوا فلا يكون سجود قبل الركوع ولا ركوع قبل القراءة قال النبي صلى الله عليه وسلم : نبدأ بما بدأ الله به۔

ترجمہ ..... حضرت عمرؓ اپنا قول نبی پاک ﷺ کی حدیث کے مقابلہ میں چھوڑ دیتے تھے۔ اب جو شخص نبی پاک ﷺ کی تابع داری کرتا ہے وہ نبی پاک ﷺ

http://mujahid.xtgem.com

کا بھی تابع دار اور عمرؓ کا بھی تابع دار ہے اور اگر حضرت عمرؓ کے پاس اس بارے میں کوئی حدیث تھی تو ہمیں نہیں پہنچی۔ ہاں ہمیں یہ بات واضح طور پر پہنچی کہ نبی ﷺ نے رکوع سے پہلے قرأت کا امر فرمایا۔ تو ہم نے اس حدیث کو قبول کر لیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اگر اس کی تابعداری کرو گے تو راہ پاؤ گے۔ پس نہ سجدہ رکوع سے پہلے ہوتا ہے، نہ رکوع قرأت سے پہلے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، ہم اسی طرح شروع کریں گے جس طرح اللہ تعالیٰ نے شروع کیا۔

رکعت پالی، نماز پالی:۔

(۲۰۵)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا یحییٰ بن فزعة قال حدثنا مالك عن ابن شهاب عن أبی سلمة بن عبد الرحمن عن أبی هریرة أن رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم قال من أدرك رکعة من الصلاه فقد أدرك الصلاة۔

ترجمہ ..... حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: جس نے رکعت پالی، اس نے نماز پالی۔

(۲۰۶)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا عبد اللّٰه بن یوسف قال حدثنا مالك مثله۔

ترجمہ ..... یہ حدیث بھی مثل سابق ہے۔

(۲۰۷)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا عبد اللّٰه بن یوسف قال أنبأنا مالك قال ابن شهاب وهی السنة قال مالك : وعلی ذلك أدرکت أهل العلم ببلدنا۔

ترجمہ ..... امام زہریؒ نے کہا یہی سنت ہے۔ امام مالکؒ نے فرمایا میں نے اپنے شہر (مدینہ منورہ) کے اہل علم کو اسی پر پایا۔

http://mujahid.xtgem.com

رکعت کب تک ملے گی :۔

(۲۰۸)..... قال البخاری : وزاد ابن وهب عن یحییٰ بن حمید عن قرة عن ابن شهاب عن أبی سلمة عن أبی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم فقدأدرکها قبل أن یقیم الإمام صلبه وأما یحییٰ بن حمید فمجهول لایعتمد علیٰ حدیثه غیرمعروف بصحة خبره مرفوع ولیس هٰذا ممایحتج به اهل العلم۔

ترجمہ ..... بخاریؒ نے کہا کہ حضرت ابوہریرہؓ کی دوسری حدیث میں یہ بات زائد ہے کہ جس نے امام کو رکوع میں پالیا قبل اس کے کہ امام کھڑا ہو اس نے رکعت پالی۔(یہ حدیث نمبر ۱۳۱ کے حاشیہ میں گزری)

جرح اول :۔

اس کا راوی یحییٰ بن حمید مجہول ہے۔ اسکی حدیث پر اعتماد نہیں کیا جاسکتا۔ اس حدیث کا صحیح ہونا غیر معروف ہے۔ ایسی حدیث سے اہل علم دلیل نہیں پکڑتے۔

امام بخاریؒ کو اگر اس راوی، یحییٰ بن حمید کے ثقہ ہونے کا علم نہیں ہوا تو امام حاکمؒ نے اس کو ثقات اہل بصرہ میں شمار کیا ہے۔ (مستدرک حاکم ج ۱ / ص ۲۱۶) ہاں امام بخاری کے یہ دونوں رسالے جزء القراءۃ اور جزء رفع یدین امام بخاریؒ سے صرف محمود بن اسحاق نے روایت کئے ہیں جس کی توثیق بطریق محدثین ہرگز ثابت نہیں۔ اس لئے امام بخاریؒ کے اس فیصلہ کے مطابق اہل علم کو ان دونوں رسالوں پر بالکل اعتماد نہیں کرنا چاہیئے۔

جرح دوم :۔

(۲۰۹) ..... وقد تابع مالك فی حدیثه عبید الله بن عمر و یحییٰ بن سعید و ابن الهاد و یونس و معمر و ابن عیینة و شعیب و ابن جریج و کذلك

http://mujahid.xtgem.com

قال عراك بن مالك عن أبي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم فلو كان من هؤلآء واحد لم يحكم بخلاف يحيى بن حميد اوثر ثلاثة عليه فكيف باتفاق من ذكرنا عن أبي سلمة وعراك عن أبي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم وهو خبر مستفيض عند أهل العلم بالحجاز وغيرها، وقوله قبل أن يقيم الإمام صلبه لامعنى له ولا وجه لزيادته۔

ترجمہ ..... (رکعت پانے والی حدیث میں) امام مالکؒ کے تابع عبید اللہ بن عمر، یحییٰ بن سعید، ابن الہاد، یونس، معمر، ابن عیینہ، شعیب اور ابن جریج ہیں اور عراک بن مالک نے بھی ابو ہریرہؓ سے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ حدیث روایت کی ہے ان میں سے اگر ایک راوی بھی یحییٰ بن حمید کی مخالفت نہ کرتا تو پھر بھی اس پر تین آدمیوں کی روایت کو ترجیح ہوتی۔ پس کیسا اتفاق ہے جن کا ذکر ابو سلمہ اور عراک عن ابی ہریرہؓ سے کیا ہے اور وہ حدیث مشہور ہے حجاز وغیرہ کے اہل علم کے ہاں اور یہ جملہ قبل أن يقيم صلبه بے معنی ہے۔ اور اس زیادت کی کوئی وجہ نہیں ہے۔

حضرت امام بخاریؒ مدرک رکوع کے مسئلہ میں کیونکہ اجماع کے خلاف ہیں، اس لئے جملہ "قبل أن يقيم صلبه" سے خاصے پریشان ہیں۔ کبھی اس جملہ کو دوسری حدیث کے خلاف کہہ کر شاذ ماننے کی کوشش کرتے ہیں اور کبھی اس کو زائد بات مانتے ہیں۔

مخالفت یا زیادت :۔

ان دونوں میں فرق واضح ہے۔ مثلاً چار آدمی بیان کرتے ہیں کہ آج فجر کی جماعت اس مسجد میں زید نے پڑھائی اور ایک آدمی کہتا ہے بکر نے، تو اس کی بات کو ماننے سے چار کی جماعت کی بات کو رد کرنا پڑتا ہے۔ اس کو پہلوں کی مخالفت کہا جائے گا اور اس کی بات شاذ کہلائے گی۔ لیکن زیادت اس کو کہا جاتا ہے کہ چار آدمیوں نے

http://mujahid.xtgem.com

بیان کیا کہ آج فجر کی نماز زید نے پڑھائی اور پانچواں کہتا ہے کہ اس نے پہلی رکعت میں سورۂ اعلیٰ اور دوسری رکعت میں سورۂ غاشیہ پڑھی تھی تو یہ ایک زائد بات ہے۔ پہلے چاروں کے خلاف نہیں، بلکہ یہی حال اس روایت میں ہے کہ ایک حدیث پاک میں ہے کہ ایک رکعت امام کے ساتھ ملنے سے جماعت کا ثواب مل جاتا ہے اس میں یہ ذکر نہیں کہ رکعت کب تک مل سکتی ہے۔ دوسری حدیث میں یہ زائد بات ہے کہ اگر امام کے رکوع کے اٹھنے سے پہلے پہلے مقتدی رکوع میں شریک ہو جائے تو اس کی وہ رکعت پوری شمار ہو جاتی ہے۔ یہ ایک زائد بات ہے۔ پہلی حدیث سے اس کو ذرہ بھر مخالفت نہیں۔ مخالفت تو جب ہوتی کہ ایک حدیث میں ہوتا کہ امام کی کمر سیدھا کرنے سے پہلے مقتدی رکوع میں شامل ہو جائے تو رکعت شمار نہیں ہوتی اور دوسری میں ہوتا کہ رکعت شمار ہوتی ہے۔ پس ان دونوں حدیثوں میں ذرہ بھر بھی مخالفت نہیں ہے۔ دونوں بالکل صحیح ہیں۔

(۲۱۰) ..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا أبو اليمان الحكم بن نافع قال أخبرنا شعيب عن الزهری قال أخبرنی أبو سلمة بن عبد الرحمن أن أبا هريرة قال ، قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : من أدرك من الصلاة ركعة فقد أدرك الصلاة۔

ترجمہ ..... شعیب کے واسطہ سے زہری کی ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس نے ایک رکعت پالی اس نے نماز پالی۔

(۲۱۱) ..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا أيوب بن سليمان بن بلال قال حدثنی أبو بكر عن سليمان قال أخبرنی عبيد الله بن عمر و يحيى بن سعيد و يونس عن ابن شهاب عن أبی سلمة عن أبی هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال : من أدرك من الصلاة ركعة فقد أدرك الا ان يقضی مافاته۔

http://mujahid.xtgem.com

ترجمہ ..... عبید اللہ بن عمر، یحییٰ بن سعید اور یونس بواسطہ زہری حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس نے ایک رکعت پالی اس نے نماز پالی۔ البتہ جو حصہ فوت ہوا ہے اسے قضا کر لے۔

(۲۱۲)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا عبد الله قال حدثنا الليث قال حدثني يزيد بن الهاد عن ابن شهاب عن أبي سلمة عن أبي هريرة قال : سمعت رسول الله صلى الله وسلم قال : من أدرك من الصلاة ركعة فقد أدرك الصلاة۔

ترجمہ ..... یزید بن الہاد بواسطہ زہری حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : جس نے نماز کی ایک رکعت پالی اس نے نماز پالی۔

(۲۱۳)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا محمد بن مقاتل قال أنبأنا عبد الله قال أخبرنا يونس عن الزهری قال أخبرنا أبو سلمة بن عبد الرحمن أن أبا هريرة رضی الله عنه قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول : من أدرك من الصلاة ركعة واحدة فقد أدركها۔

ترجمہ ..... ایک اور سند سے بروایت ابو ہریرہؓ رسول اقدس ﷺ نے فرمایا : جس نے نماز کی ایک رکعت پالی اس نے نماز پالی۔

(۲۱۴)..... قال محمد الزهری : ونرىٰ لما بلغنا عن رسول صلى الله عليه وسلم : أنه من أدرك من الجمعة ركعة واحدة فقد أدرك۔

ترجمہ .....(اور بغیر سند کے امام زہری سے نقل کیا ہے کہ) ہمیں یہ بات پہنچی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس نے نماز جمعہ سے ایک رکعت پالی، اس نے نماز جمعہ کو پالیا۔

http://mujahid.xtgem.com

(۲۱۵)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا عبد الله بن محمد قال حدثنا عثمان بن عمر قال حدثنا یونس عن الزهری عن أبی سلمة عن أبی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم مثله۔

ترجمہ.....ایک اور سند سے ابو ہریرہؓ سے یہی حدیث مروی ہے۔

(۲۱۶)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا محمود حدثنا عبدالرزاق قال حدثنا ابن جریج قال حدثنی ابن شهاب عن أبی سلمة عن أبی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم بهٰذا و معمر عن الزهری۔

ترجمہ.....ایک اور سند سے اسی طرح مروی ہے

(۲۱۷)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا عبد الله بن صالح قال حدثنی اللیث قال حدثنی یونس عن ابن شهاب قال أخبرنی أبو سلمة أن أبا هریرة أخبره قال: سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول: من أدرك من الصلاة رکعة فقد أدرك۔

ترجمہ..... حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے ایک رکعت نماز سے پالی اس نے نماز پالی۔

(۲۱۸)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا محمد بن عبید قال حدثنا محمد بن سلمة عن محمد بن إسحاق عن یزید بن أبی حبیب عن عراك بن مالك عن أبی هریرة قال، قال النبی صلی الله علیه وسلم: من أدرك من الصلاة رکعة فقد أدرکها۔

ترجمہ.....بواسطہ عراک بن مالک ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے نماز کی ایک رکعت پالی اس نے نماز پالی۔

اصول :۔

http://mujahid.xtgem.com

(۲۱۹)..... قال البخاری : مع أن الأصول فی هٰذا عن الرسول صلی الله علیه وسلم مستغنیة عن مذاهب الناس۔

ترجمہ ..... بخاریؒ نے کہا کہ اصول یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد لوگوں کے مذاہب سے مستغنی ہے۔

یہاں اس اصول کا کوئی تعلق نہیں کیونکہ احادیث اور اجماع سے ثابت ہے کہ مدرک رکوع مدرک رکعت ہے۔ رسول اللہ ﷺ کے کسی ایک بھی ارشاد مبارک سے یہ ثابت نہیں کہ رکوع میں ملنے والے کی رکعت شمار نہیں ہوتی۔

قال الخلیل بن أحمد : یکثر الکلام لیفهم ویقلل لیحفظ۔

ترجمہ ..... (بخاریؒ نے کہا) خلیل نے کہا کہ کلام کی تفصیل اس لئے کی جاتی ہے کہ بات سمجھ آجائے اور تقلیل اس لئے کی جاتی ہے کہ یاد رکھنا آسان ہو۔

(۲۲۰)..... وقال النبی صلی الله علیه وسلم : من أدرك من الصلاة رکعة فقد أدرك الصلواة ولم یقل من أدرك الرکوع أو السجود أو التشهد۔

ترجمہ ..... نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : جس نے نماز سے ایک رکعت پالی، اس نے نماز پالی اور یہ نہیں فرمایا کہ جس نے رکوع، سجدہ یا تشہد پالیا (اس نے نماز پالی)۔

اگر امام بخاریؒ کا مقصد یہ ہے کہ خاص یہ الفاظ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں فرمائے جو میں نے لکھے ہیں تو یہ درست ہے اور اگر یہ مقصد ہے کہ کسی حدیث سے یہ مفہوم ثابت نہیں تو یہ بات اجماع کے خلاف ہے، امت کا اجماع ہے کہ مدرک رکوع مدرک رکعت ہے اور اس اجماع کی بنیاد وہ حدیث ہی کو بناتے ہیں جیسا کہ گزرا۔

(۲۲۱)..... ومما یدل علیه قول ابن عباس : فرض الله علی لسان نبیکم صلاة الخوف رکعة۔

http://mujahid.xtgem.com

ترجمہ ..... اور عبداللہ بن عباسؓ کے قول سے بھی یہ دلیل لی جاسکتی ہے کہ نماز خوف ایک رکعت ہے۔

(۲۲۲) ..... وقال ابن عباس صلى النبى صلى الله عليه وسلم فى الخوف بهؤلآء ركعة و بهؤلآء ركعة فالذى يدرك الركوع والسجود من صلاة الخوف وهى ركعة لم يقم قائماً فى صلاته أجمع ولم يدرك شيئا من القراءة۔

ترجمہ ..... فرمایا ابن عباسؓ نے کہ نماز خوف کی ایک رکعت ان کے لئے ہے اور ایک رکعت ان کے لئے۔ پس جس شخص نے نماز خوف سے رکوع، سجدہ پالیا اور وہ ایک رکعت ہے، اس نے نہ قیام پایا اور نہ قرأت پائی۔

(۲۲۳) ..... وقال النبى صلى الله عليه وسلم : كل صلاة لا يقرأ فيها بفاتحة الكتاب فهى خداج ولم يخص صلاة دون صلاة۔

ترجمہ ..... اور حضور ﷺ نے فرمایا : ہر وہ نماز جس میں فاتحہ نہ پڑھی جائے، وہ خداج ہے اور کسی نماز کو خاص نہ فرمایا۔

(۲۲۴) ..... قال ابو عبيد يقال اخدجت الناقة اذا اسقطت والسقط ميت لاينتفع به۔

اور ابو عبید نے کہا کہ اخدجت الناقة اس وقت کہا جاتا ہے جب وہ بچہ گرا دے اور گرا ہوا بچہ مردہ ہے، اس سے کوئی فائدہ نہیں۔

جو شخص رکوع میں شامل ہوتا ہے، وہ پہلے کھڑا ہو کر تکبیر تحریمہ کہتا ہے پھر رکوع میں جاتا ہے، اس کی تحریمہ بھی ادا ہو گئی اور قیام کا فرض بھی ادا ہو گیا۔ یہ کہنا کہ اس کا فرض قیام رہ گیا، ہرگز صحیح نہیں اور قرأت اس کی امام کی قرأت میں ادا ہو گئی۔ جیسے خطیب کے خطبہ میں سب کا خطبہ ادا ہو جاتا ہے، اس لئے یہ کہنا کہ اس کی قرأت نہیں ہوئی، یہ ایسا ہی ہے جیسے کوئی کہے کہ خطیب کے علاوہ کسی کا خطبہ ادا

http://mujahid.xtgem.com

نہیں ہوا اور جب امام کی قرأت اس کی طرف سے ادا ہو گئی تو اس کی نماز کو خداج کہنا حدیث قراءۃ الإمام له قراءۃ کا صاف انکار ہے۔

معنی خداج :۔

ایک حاملہ اونٹنی ہے اس کے پیٹ میں کامل بچہ ہے اس میں نماز کی مثال اونٹنی سے اور قرأت فاتحہ کی بچہ سے دی ہے۔ اب اگر اونٹنی نے بچہ ناقص گرا دیا تو اس سے اونٹنی مرتی نہیں صرف بیمار ہوتی ہے۔ اسی طرح اگر امام اور منفرد نے فاتحہ نہ پڑھی تو اس کی نماز باطل نہیں ہوگی بلکہ ناقص ہوگی۔ جس سے صاف معلوم ہوا کہ فاتحہ رکن نماز نہیں ہے۔

(۲۲۵)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا عبد الله بن یوسف قال أنبأنا مالك عن ابن شهاب عن أبی سلمة عن أبي هريرة أن رسول الله صلی الله علیه وسلم قال : من أدرك ركعة من الصلاة فقد أدرك الصلاة و عن مالك سمع أنه كان يقول : من أدرك من صلاة الجمعة ركعة فليصل إليها أخرىٰ وقال ابن شهاب وهي سنة۔

ترجمہ..... حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : جس نے نماز میں سے ایک رکعت پالی اس نے نماز پالی اور امام مالکؒ فرمایا کرتے تھے کہ جس نے نماز جمعہ میں سے ایک رکعت پالی وہ اس کے ساتھ دوسری ملا لے۔ ابن شہاب نے کہا یہی سنت ہے۔ (موطا ص ص ۸۹)

یہ یاد رہے کہ امام مالکؒ مدرک رکوع کو مدرک رکعت مانتے ہیں۔

(۲۲۶)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا أبو نعيم قال حدثنا أبو عوانة قال حدثنا بكير بن الأخنس عن مجاهد عن ابن عباس قال : فرض الله الصلوٰة علىٰ لسان نبيكم في الحضر أربعاً و في السفر ركعتين وفي الخوف ركعة۔

http://mujahid.xtgem.com

ترجمہ ..... مجاہد حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ نے رسول پاک ﷺ کی زبان پر فرض کیا کہ حضر میں چار رکعت، سفر میں دو رکعت اور خوف میں ایک رکعت نماز ہے۔

یہ روایت مسلم ج ۱ / ص ۲۴۱ پر ہے اور حضرت عائشہؓ کی متفق علیہ روایت میں والخوف رکعة کے الفاظ نہیں۔ (بخاری ج ۱ / ص ۱۴۸، مسلم ج ۱ / ص ۲۴۱)

(۲۲۷) ..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا حیوة بن شریح قال حدثنا ابن حرب عن الزبیدی عن الزهری عن عبید الله بن عبد الله بن عتبة عن ابن عباس قام النبی صلی الله علیه وسلم وقام الناس معه وکبروا معه ورکع ورکع ناس منهم ثم سجد و سجدوا معه ثم قام الثانیة فقام الذین سجدوا معه و حرسوا إخوانهم وأتت الطائفة الأخریٰ فرکعوا وسجدوا معه و الناس کلهم فی صلاة ولکن یحرس بعضهم بعضاً۔

ترجمہ ..... حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے قیام فرمایا اور لوگ بھی آپ ﷺ کے ساتھ کھڑے ہو گئے۔ پھر سب نے تکبیر تحریمہ کہی، پھر سب نے رکوع، سجود کیا، پھر دوسری رکعت کے لئے قیام کیا، تو جنہوں نے ایک رکعت پڑھی تھی وہ اپنے بھائیوں کی نگرانی کرنے لگ گئے اور دوسری جماعت آئی اور اس نے بھی حضور ﷺ کے ساتھ رکوع، سجود کیا اس طرح سب نے نماز بھی پڑھ لی اور ایک دوسرے کی حفاظت بھی کر لی۔

(۲۲۸) ..... قال البخاری : وکذلك یروی عن حذیفة وزید بن ثابت وغیرهم أن النبی صلی الله علیه وسلم صلی بهؤلآء رکعة وبهؤلآء رکعة۔

ترجمہ ..... امام بخاریؒ نے کہا: اسی طرح حذیفہؓ اور زید بن ثابتؓ سے بھی مروی ہے کہ نبی ﷺ نے ایک رکعت ایک جماعت کو پڑھائی اور ایک دوسری

http://mujahid.xtgem.com

جماعت کو۔

(۲۲۹)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا قتیبة قال حدثنا سفیان عن أبی سلمة عن أبی الجهم عن عبید الله بن عبد الله عن ابن عباس عن النبی صلی الله علیه وسلم بمثله۔

ترجمہ ..... حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ایک اور روایت اسی طرح کی ہے۔

نمبر ۲۰۵، سے ۲۲۹ تک محض بے تعلق روایات تحریر فرمائی ہیں۔ نہ ان سے پہلے، نہ ان کے بعد کسی فقیہ نے ان روایات کو قرأت خلف الامام کے مسئلہ میں پیش فرمایا۔ اصل بحث سے ہٹنا اور ہٹانا کوئی اچھی بات نہیں۔

نماز وتر :۔

(۲۳۰)..... قال أبو عبد الله البخاری : وقد أمر النبی صلی الله علیه وسلم الوتر رکعة۔

ترجمہ ..... کہا ابو عبد اللہ بخاریؒ نے : تحقیق حکم دیا رسول اللہ ﷺ نے وتر کے ایک رکعت ہونے کا۔

(۲۳۱)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنیه یحیی بن سلیمان قال أخبرنی ابن وهب قال أخبرنی عمرو بن الحارث عن عبد الرحمٰن بن القاسم عن ابیه عن ابن عمر أن النبی صلی الله علیه وسلم قال : صلاة اللیل مثنٰی مثنٰی فإذا أراد أن ینصرف فلیوتر برکعة۔

ترجمہ ..... حضرت عبد اللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : نماز دو دو رکعت ہے۔ جب نماز تہجد ختم کرنا چاہے تو دو رکعت کے ساتھ ایک رکعت اور ملا کر، وتر کر لے۔

(۲۳۲)..... قال البخاری و هو فعل أهل المدینة فالذی لا یدرك القیام

http://mujahid.xtgem.com

والقراء ة فی الوتر صارت صلاته بغیر قراء ة وقال النبی صلی اللہ علیه وسلم لا صلاة إلا بفاتحة الکتاب۔

ترجمہ ..... کہا بخاریؒ نے کہ اہل مدینہ کا یہی فعل ہے۔ اب جو شخص نہ قرأت پائے، نہ قیام تو اس کی نماز بغیر قرأت کے ہوئی اور نبی ﷺ نے فرمایا: فاتحہ کے بغیر نماز نہیں ہوتی۔

یہاں امام بخاریؒ نے فرمایا کہ اہل مدینہ کا عمل ایک وتر ہے حالانکہ امام بخاریؒ کے دادا استاد حضرت امام مالکؒ فرماتے ہیں: اس (ایک وتر) پر ہمارے ہاں عمل نہیں، لیکن کم از کم وتر تین رکعت ہیں۔ (موطا ص ۱۱۰) بلکہ اہل مدینہ تو تین رکعت وتر کے درمیان سلام پھیرنے کو بھی البتیراء یعنی لنڈی نماز کہتے تھے۔ (طحاوی ج ۱/ص ۱۹۷) حضرت عبدالرحمٰن بن ابی الزناد اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ مدینہ کے ساتوں (تابعی) فقہاء سعید بن المسیب، عروہ بن زبیر، قاسم بن محمد، ابوبکر بن عبدالرحمٰن، خارجہ بن زید، عبیداللہ بن عبداللہ اور سلیمان بن یسار فرماتے تھے۔ الوتر ثلاث لا یسلم إلا فی آخرھن۔ یعنی وتر تین ہی رکعات ہیں، نہ سلام پھیرے مگر آخر میں۔ (طحاوی ج ۱/ص ۲۰۷) اور انہی سے روایت ہے کہ عمر بن عبدالعزیزؒ نے فقہاء کے فرمان پر مدینہ منورہ میں تین ہی وتر کو قائم کیا اور سلام ان کے آخر میں ہو۔ (طحاوی ج ۱/ص ۲۰۷) اور خود امام بخاریؒ صحیح بخاری میں فرماتے ہیں کہ (حضرت ابوبکر صدیقؓ کے پوتے جو فقہاء سبع میں سے ہیں) قاسم بن محمدؒ نے کہا ہم نے لوگوں کو ہمیشہ تین ہی وتر پڑھتے پایا ہے۔ (بخاری ج ۱/ص ۱۳۵) اب حیرانی ہے کہ اس ثابت شدہ حقیقت کے خلاف امام بخاریؒ نے محض بے سند یہ بات کیوں تحریر فرمادی کہ اہل مدینہ ایک وتر کے قائل ہیں۔ رہی یہ بات کہ مدرک رکوع نے نہ قیام پایا نہ فاتحہ، اس کا جواب بار بار گزر چکا کہ قیام یقیناً کیا اور قرأت اس کی طرف سے امام نے ادا کرلی مثل خطبہ خطیب کے۔

http://mujahid.xtgem.com

آمین کا بیان :۔

(۲۳۳)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنی اسماعیل قال حدثنی مالك عن سمی مولیٰ أبی بکر عن أبی صالح السمان عن أبی هریرة أن رسول الله صلی الله علیه وسلم قال : إذا قال الإمام : غیر المغضوب علیهم ولا الضالین فقولوا : آمین ویروی عن سعید المقبری عن أبی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم نحوه۔

ترجمہ..... حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا :جب امام غیر المغضوب علیهم ولا الضالین کہے، پس تم آمین کہو۔

اگر مقتدیوں پر بھی فاتحہ فرض ہوتی تو آپ ﷺ فرماتے :إذا قلتم غیر المغضوب علیهم ولا الضالین فقولوا آمین کہ جب تم خود غیر المغضوب علیهم ولا الضالین پڑھا کرو تو آمین کہا کرو۔ قال واحد کا صیغہ امام کے لئے استعمال فرمایا کہ صرف امام فاتحہ پڑھے اور قولوا آمین جمع کا صیغہ استعمال فرمایا کہ سب مقتدی بھی آمین کہیں اور بخاری ج ۲ / ص ۲۹۷ پر حدیث ہے : إذا امن القاری فامنوا ۔ یہاں امام کو قاری فرمایا، وہ بھی اس سورۃ میں جو اس نے آمین سے پہلے پڑھنی ہے یعنی فاتحہ کا قاری صرف اکیلا امام ہوگا اور آمین سب مقتدی بھی کہیں گے ۔ پورے ذخیرہ حدیث میں کہیں آپ ﷺ نے مقتدی کو قاری نہ فرمایا۔ امام بخاریؒ کے گزشتہ قیاس کے موافق حضور ﷺ نے مقتدیوں کو آمین کہنے کا تو حکم دیا، جو سنت ہے اور یہ نہ فرمایا :إذا قرأ الفاتحة فاقرؤا الفاتحة ۔ کہ جب امام فاتحہ پڑھے تو تم بھی فاتحہ پڑھو گویا معاذ اللہ فرض کا درجہ سنت سے بہت گرا دیا۔

لطیفہ..... امام بخاریؒ نے صحیح بخاری میں اس حدیث پر اس طرح باب باندھا ہے :باب جهر المأموم بالتامین ۔ یعنی مقتدی کے بلند آواز سے آمین کہنے کا بیان، لیکن حدیث میں جہر کا کوئی ذکر نہیں۔ یہ وہی مثال ہے کہ کسی بھوکے سے پوچھا گیا دو اور دو تو

http://mujahid.xtgem.com

اس نے کہا چار روٹیاں، حالانکہ مقتدیوں کی جہر آمین کے بارے میں خود امام شافعی کو کوئی قول اطمینان دلیل نہیں ملی اسی لئے فرما گئے: لا احب أن يجهروا بها۔ یعنی مجھے پسند نہیں کہ وہ بلند آواز سے آمین کہیں۔ (کتاب الام ج ۱ / ص ۹۵)

(۲۳۴)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا عبد الله بن يوسف قال حدثنا سفيان عن سلمة بن كهيل عن ابن حجر بن عنبس عن وائل بن حجر قال سمعت النبی صلی الله علیه وسلم يمدبها صوته آمين إذا قال غير المغضوب عليهم ولاالضالين۔

ترجمہ ..... حضرت وائل بن حجرؓ سے روایت ہے کہ میں نے سنا کہ نبی اکرم ﷺ نے فاتحہ کے بعد آمین کہی اور اپنی آواز کو کھینچا۔

امام بخاریؒ کے استاد امام احمدؒ صحیح سند کے ساتھ اخفیٰ بها صوته۔ یعنی آمین کے وقت اپنی آواز کو چھپالیا، نقل کیا ہے۔ (مسند احمد ج ۴ / ص ۳۱۶) جب یہ دونوں احادیث ہیں تو آپ ﷺ کے بعد کسی خلیفہ راشد سے اونچی آواز سے آمین ثابت نہیں۔ حضرت ابو وائلؒ فرماتے ہیں کہ حضرت عمرؓ اور حضرت علیؓ نہ تو بسم اللہ اور اعوذ باللہ اونچی آواز سے پڑھتے تھے اور نہ ہی آمین اونچی آواز سے کہتے تھے۔ (طحاوی ج ۱ / ص ۱۴۰)

(۲۳۵)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا محمد بن كثير و قبيصة قالا حدثنا سفيان عن سلمة عن حجر عن وائل بن حجر عن النبی صلی الله علیه وسلم نحوه وقال ابن كثير : رفع بها صوته۔

ترجمہ ..... حضرت وائلؓ سے آمین کی حدیث ہے۔ ایک میں مدبها صوته ہے اور ایک میں رفع بها صوته ہے۔

امام بخاریؒ نے پہلی سند میں حجر بن عنبس لکھا ہے، لیکن اس روایت میں حجر کی ولدیت بیان نہیں کی کیونکہ یہ محمد بن کثیر کی سند میں حجر ابی العنبس ہے۔

http://mujahid.xtgem.com

(ابو داؤد ج ۱ / ص ۱۴۱) امام بخاریؒ حجرانی العنبس کو غلط قرار دیتے ہیں اور اس وجہ سے شعبہ کی حدیث خفض بھا صوتہ کو رد کر دیتے ہیں۔ جب یہ شعبہ کی سند میں غلط ہے تو یقیناً محمد بن کثیر کی سند میں بھی غلط ہے۔ اس عیب کو چھپانے کے لئے امام بخاریؒ نے صرف حجر لکھا اور حجرانی العنبس نہیں لکھا۔ اس کو تدلیس کہتے ہیں۔ اس سے معلوم ہوا کہ امام بخاریؒ نہ صرف مدلس ہیں بلکہ ان راویوں سے تدلیس کرتے ہیں جو ان کے ہاں صحیح نہیں۔

(۲۳۶)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا محمود قال أنبأنا أبو داؤد قال أنبأنا شعبة عن يعلى بن عطاء قال سمعت أبا علقمة الهاشمي عن أبي هريرة رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم : إذا قال الإمام ولا الضالين فقولوا : آمين۔

ترجمہ ..... حضرت ابو ہریرہؓ کی ایک حدیث کے الفاظ ہیں کہ جب امام آمین کہے، تم آمین کہو۔

(۲۳۷)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال و حدثنه محمد بن عبيد الله قال حدثنا ابن أبي حازم عن العلاء عن أبيه عن أبي هريرةؓ قال : إذا قرأ الإمام بأم القرآن فاقرأ بها و اسبقه فإنه إذا قال : ولا الضالين قالت الملائكة آمين من وافق ذلك قمن أن يستجاب لهم۔

ترجمہ ..... حضرت ابو ہریرہؓ نے کہا : جب امام فاتحہ پڑھے تو تو بھی فاتحہ پڑھ اور امام سے پہلے پڑھ لے۔ بے شک جب وہ ولا الضالین کہتا ہے، فرشتے آمین کہتے ہیں۔ جس کی آمین فرشتوں کی آمین کے موافق ہو گئی شاید اس کی دعا قبول کی جائے۔

اس حدیث پاک میں فرشتوں کی آمین کے ساتھ موافقت پر قبولیت کا وعدہ ہے۔ ظاہر ہے کہ فرشتے امام کے پیچھے فاتحہ نہیں پڑھتے اور آمین بھی آہستہ کہتے

http://mujahid.xtgem.com

ہیں۔ حنفی بھی فاتحہ پڑھے بغیر آہستہ آمین کہتے ہیں، جو فرشتوں کے ساتھ مکمل موافقت ہے۔ یہ جو ابو ہریرہؓ کا قول ہے کہ امام کی فاتحہ سے پہلے فاتحہ پڑھ لے، یہ نہ نبی پاک ﷺ سے ثابت ہے نہ فرشتوں سے اور نہ ہی یہ ممکن ہے کیونکہ پہلی رکعت میں مقتدی ثناء نہ پڑھے، اس وقت فاتحہ پڑھ لے تو بھی دوسری، تیسری اور چوتھی رکعت میں کہاں پڑھے گا؟ جو پہلے پڑھے گا امام تو وہ ہوگا اور امام بخاریؒ جیسے قیاسات اس رسالہ میں کرتے آرہے ہیں، اگر کوئی یہاں قیاس کرے کہ حدیث پاک میں ہے کہ امام سے پہلے سر اٹھانے والے کے بارے میں خطرہ ہے کہ کہیں اس کا سر گدھے کے سر جیسا نہ ہو جاء، اس میں علت امام سے سبقت ہے، اسی طرح جو فاتحہ امام سے پہلے پڑھ لے، وہ گدھا ہے اور اس میں بھی صرف پہلی رکعت میں گدھا بننے کی گنجائش ہوگی۔ باقی رکعات میں گدھا بننے کی بھی گنجائش نہ ہوگی۔

قرأت ہر رکعت میں :۔

(۲۳۸)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا أبان بن یزید وھمام ابن یحییٰ بن شداد عن یحییٰ بن أبی کثیر عن عبد اللہ بن أبی قتادہ عن أبیہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقرأ فی الظھر والعصر فی الرکعتین الأ ولیین بفاتحہ الکتاب وسورۃ و فی الأخریین بام الکتاب فکان یسمعنا الآیۃ۔

ترجمہ ..... حضرت ابو قتادہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ظہر اور عصر کی پہلی دو رکعات میں فاتحہ اور سورۃ پڑھتے اور پچھلی دو رکعات میں فاتحہ پڑھتے اور کوئی آیت سنا بھی دیتے۔

واقعتاً امام اور منفرد اسی طرح پڑھتا ہے، اس میں مقتدی کا کوئی ذکر نہیں۔

ضروری تنبیہ ..... یہاں امام بخاریؒ سندیوں بیان فرماتے ہیں : البخاری قال حدثنا أبان بن یزید و ھمام ابن یحییٰ ابن شداد۔ امام بخاری

http://mujahid.xtgem.com

یہاں صراحۃً حدثنا فرمارہے ہیں جب کہ امام بخاری کی پیدائش ۱۹۴ھ میں ہے، اور اس سند میں ان کے پہلے استاد ابان بن یزید شاگرد کی پیدائش سے تقریباً ۳۴ سال پہلے ۱۶۰ھ میں فوت ہو چکے تھے اور دوسرے استاد ہمام بن یحییٰ ان کی پیدائش سے تقریباً ۲۹ سال پہلے ۱۶۵ھ میں وصال فرما چکے تھے اور تیسرے استاد حرب بن شداد امام بخاریؒ کی پیدائش سے تقریباً ۳۳ سال پہلے اللہ کو پیارے ہو چکے تھے۔ اسی طرح نمبر ۱۸۹ پر گزرا کہ امام بخاریؒ حدثنا فضیل بن عیاض فرماتے ہیں جب کہ فضیل بن عیاض ۱۸۷ھ میں بخاریؒ کی پیدائش سے سات سال پہلے دار فانی کو خیرباد کہہ گئے تھے اور نمبر ۲ پر انبانا سفیان فرمایا ہے جب کہ امام سفیان بن عیینہ مکہ مکرمہ میں ۱۹۸ھ میں فوت ہو گئے تھے اور امام بخاری ۲۰۹ھ میں تقریباً پہلی دفعہ مکہ مکرمہ تشریف لائے۔

(۲۳۹)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا موسیٰ قال حدثنا همام بهذا قال البخاری وروی نافع بن زید قال حدثنی یحییٰ بن ابی سلیمان المدنی عن زید بن أبی عتاب و ابن المقبری عن أبی هریرة رضی الله عنه رفعه اذا جئتم الی الصلاة ونحن سجود فاسجدوا۔ ولا تعدوها شیئا و یحییٰ منکر الحدیث روی عنه أبو سعید مولیٰ بنی هاشم وعبد الله بن رجاء البصری مناکیر ولم یتبین سماعه من زید ولا من ابن المقبری ولا تقوم به الحجة۔

ترجمہ ..... اوپر والی روایت دوسری سند سے بھی مروی ہے، بخاری نے کہا: حضرت ابو ہریرہؓ سے مرفوع حدیث ہے کہ جب تم جماعت کی نماز کی طرف آؤ ہم سجدے میں ہوں تو تم بھی سجدہ کرو اور اس کو شمار نہ کرو۔ یہ یحییٰ منکر الحدیث ہے۔ ابو سعید اور عبداللہ بن رجاء اس سے منکر حدیثیں روایت کرتے ہیں اور اس نے نہ تو زید سے سماع کی تصریح کی ہے اور نہ ہی ابن المقبری سے۔ اس لئے یہ دلیل

http://mujahid.xtgem.com

نہیں بن سکتی۔

یحییٰ بن ابی سلیمان کو تقریب میں لین الحدیث لکھا ہے۔(ص ۳۷۶) اور اس حدیث کے شواہد حدیث میں بھی ہیں اور اجماع بھی شاہد ہے تو حدیث مقبول ہوئی اور ابن حجر نے اس کو طبقات المدلسین میں ذکر ہی نہیں کیا۔ تو جب یہ مدلس ہی نہیں تو اس کے عنعنہ پر اعتراض محض بے اصولی ہے۔

نماز تسبیح :۔

(۲۴۰) ..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا بشر بن الحکم قال حدثنا موسیٰ بن عبد العزیز قال حدثنا الحکم بن أبان قال حدثنی عکرمة عن ابن عباس أن رسول الله صلی الله علیه وسلم قال للعباس بن عبد المطلب : ألا أعطیك أذا أنت فعلت ذلك غفرلك ذنبك قال تصلی أربع رکعات تقرأ فی کل رکعة فاتحة الکتاب وسورة فذکر صلاة التسبیح۔

ترجمہ ..... حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے اپنے چچا حضرت عباسؓ سے فرمایا کہ تجھے ایسی چیز نہ دوں کہ اس پر عمل کرے تو تیرے سارے گناہ معاف ہو جائیں؟ پھر فرمایا: چار رکعت نماز پڑھ، ہر رکعات میں سورۂ فاتحہ کے ساتھ سورۃ پڑھ اور لمبی حدیث بیان فرمائی۔

اس کا قرأت خلف الامام سے کوئی تعلق نہیں۔ البتہ یہ ثابت ہوا کہ نوافل کی ہر رکعت میں فاتحہ کے ساتھ سورۃ بھی ملانا ضروری ہے۔

(۲۴۱) ..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا مسدد قال حدثنا یحییٰ عن إسماعیل ابن ابی خالد عن الحارث بن شبیل عن أبی عمرو الشیبانی عن زید ابن ارقم قال : کنا نتکلم فی الصلاة یکلم أحدنا أخاه فی حاجة حتیٰ نزلت هٰذه الآیة حافظوا علی الصلوات

http://mujahid.xtgem.com

والصلاة الوسطى و قوموا لله قانتين فامرنا بالسكوت۔

ترجمہ ..... حضرت زید بن ارقم سے روایت ہے کہ ہم نماز میں باتیں کر لیا کرتے تھے۔ اسک دوسرے بھائی سے حاجت کی بات کر لیتے یہاں تک کہ یہ آیت قوموا لله قانتین۔ نازل ہوئی تو ہمیں خاموش کا حکم دیا گیا اور نماز میں باتیں کرنے سے منع کر دیا گیا۔

یہ روایت مسلم ج ۱/ ص ۲۰۴ پر ہے۔ پہلے نماز میں نمازی باتیں کر لیا کرتے تھے، پھر باتوں سے روک دیا گیا۔ اب نہ جہری نمازوں میں باتیں کرنا جائز رہا نہ سری میں۔ نہ جہراً بات کرنا صحیح رہا نہ سراً۔ بالکل اسی طرح جب مقتدی کو قرأت سے روک دیا گیا تو اب نہ جہری نمازوں میں قرأ تجائز رہی نہ سری میں اور مقتدی کے لئے نہ جہراً قرأت درست رہی نہ سراً اور نہ نمی سکتات میں قرأت یا کلام کی اجازت رہی۔

(۲۴۲) ..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا ابراهيم بن موسىٰ قال عيسىٰ عن إسماعيل عن الحارث ابن شبيل عن أبی عمرو الشيبانی قال لی زيد ابن أرقم وقال البخاری وقال البراء: ألا أصلی بكم صلاة رسول الله صلى الله عليه وسلم فقرأ فی صلاته وروى أبو إسحاق عن الحارث سأل علی رضی الله عنه عمن لم يقرأ فقال: إتم الركوع والسجود وقضيت صلاتك۔ وقال شعبة لم يسمع أبو أسحاق من الحارث إلا أربعة ليس هذا فيه ولا تقوم به الحجة۔

ترجمہ ..... یہ حدیث زید بن ارقمؓ سے ہے۔ بخاریؒ نے (بغیر سند کے) کیا حضرت براءؓ نے کہا کہ میں تمہیں ایسی نماز نہ پڑھاؤں جس طرح رسول اللہ ﷺ پڑھا کرتے تھے، پھر آپ نے نماز میں قرأت کی۔ ابو اسحاق حارث کی سند سے بیان کرتے ہیں کہ حضرت علیؓ سے پوچھا گیا کہ اگر نماز میں قرأت نہ کی جائے (تو کیا حکم

http://mujahid.xtgem.com

ہے؟) تو آپ نے فرمایا: رکوع سجدہ پورا کر لیا تو نماز پوری ہو گئی۔ شعبہ نے کہا کہ ابو اسحاق نے حارث سے صرف چار احادیث سنی ہیں اور یہ حدیث ان میں سے نہیں ہے اور اس سے دلیل نہیں بنتی۔

(۲۴۳)..... ویروی عن أبی سلمة صلی عمر رضي الله عنه ولم یقرا فلم یعده وهو منقطع لایثبت۔

ترجمہ ..... اور ابو سلمہ سے (بغیر سند کے) روایت کیا گیا کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نماز میں قرأت نہ کی اور نہ ہی نماز دوبارہ پڑھی، یہ روایت منقطع ہے، ثابت نہیں۔

(۲۴۴)..... ویری عن الأشعری عن عمر أنه أعاد ویری عن عبد الله بن حنظلة عن عمر أنه نسی القراءة فی رکعة من المغرب فقرأ فی الثانیة مرتین۔

ترجمہ ..... اور اشعری سے (بغیر سند کے) روایت کیا گیا ہے کہ حضرت عمرؓ نے نماز لوٹائی اور عبد اللہ بن حنظلہ سے (بغیر سند کے) روایت کیا گیا ہے کہ حضرت عمرؓ مغرب کی رکعت میں قرأت بھول گئے تو دوسری رکعت میں دو مرتبہ قرأت کی۔

(۲۴۵)..... وحدیث أبی قتادة عن النبی صلی الله علیه وسلم شبة أنه قرأ فی الأربع کلها ولم یدع فاتحة الکتاب۔

ترجمہ ..... اور حضرت ابو قتادہؓ کی حدیث زیادہ مناسب ہے کہ نبی ﷺ نے ہر رکعت میں قرأت کی اور فاتحہ نہ چھوڑی۔

(۲۴۶)..... وقال النبی صلی الله علیه وسلم: أنکم ما اختلفتم فی شیئ فحکمه إلی الله وإلیٰ محمد۔

ترجمہ ..... اور فرمایا نبی ﷺ نے کہ جب تم میں کسی بات میں اختلاف ہو جائے تو فیصلہ اللہ اور محمد ﷺ کا مانا جائے گا۔

http://mujahid.xtgem.com

(۲۴۷)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنی ابراهیم بن المنذر قال حدثنا أسحاق بن جعفر بن محمد قال حدثنی کثیر بن عبد اللهبن عمرو عن أبیه عن جده عن النبی صلی الله علیه وسلم بهٰذا۔

ترجمہ ..... یہ کثیر بن عبداللہ عن ابیہ عن جدہ سے مروی ہے، امام بخاریؒ نے رسالہ تو لکھا تھا کہ مقتدی پر فاتحہ فرض ہے، مگر یہاں امام پر بھی فاتحہ کی فرضیت اختلافی ہونا بیان فرمادیا اور ثابت کرنے کی کوشش کی کہ حضرت علیؓ اور حضرت عمرؓ کی نماز نبی ﷺ والی نماز نہیں ہوتی تھی۔ جب حضرت عمرؓ حضرت علیؓ اور نبی ﷺ کی نماز میں اختلاف ہوگا تو ہم نبی ﷺ کی مانیں گے۔ امام بخاری نے جن روایات کا بے سند تذکرہ کیا ہے وہ صحیح یا حسن سندوں کے ساتھ مصنف عبدالرزاق ج ۲/ص ۱۲۴، ۱۲۶ اور مصنف ابن ابی شیبہ ج ۱/ص ۳۹۶، ۳۹۷ پر موجود ہیں، حالانکہ ان روایات میں حقیقی تعارض نہیں، اگر امام نے فاتحہ چھوڑدی تو ترک واجب ہوا۔ فرائض کی پوری ادائیگی سے نماز ادا ہوگئی البتہ ترک واجب کی وجہ سے مکروہ ہوئی یعنی لوٹانا فرض نہیں ہاں کراہت سے نکلنا چاہے تو لوٹالے۔

پہلی رکعت کو لمبا کرنا :۔

وقال الأعرج عن أبی أمامة بن سهل رأیت زید بن ثابت یرکع وهو بالبلاط لغیر القبلة حتیٰ دخل فی الصف وقال هولآء أذا رکع لغیر القبلة لم یجزه وقال أبو سعید : کان النبی صلی الله علیه وسلم یطیل فی الرکعة الأولیٰ بعضهم : لیدرك الرکعة الأولیٰ ولم یقل یطیل الرکوع ولیس فی الإنتظار فی الرکوع سنة۔

ترجمہ ..... امامہ بن سہل کہتے ہیں کہ میں نے زید بن ثابتؓ کو بلاط میں غیر

http://mujahid.xtgem.com

قبلہ کی طرف رکوع کرتے دیکھا، یہاں تک کہ صف میں داخل ہوئے اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ اگر غیر قبلہ کی طرف رکوع کرے تو جائز ہے اور ابو سعیدؓ نے کہا کہ نبی ﷺ پہلی رکعت کو لمبا کرتے تھے تاکہ لوگ (رکوع میں مل کر) رکعت پالیں اور یہ نہیں فرمایا کہ رکوع کو لمبا کرتے تھے۔ رکوع میں کسی کا انتظار کرنا سنت نہیں۔

(۲۴۸)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنیه عبد الله بن محمد قال حدثنا بشر بن السری قال حدثنا معاویة بن ربیعة عن یزید بن قزعة قال أتیت أبا سعید الخدری فقال : ان صلاة ال(ولیٰ کانت تقام مع رسول الله صلی الله علیه وسلم فیخرج أحدنا البقیع فیقضی حاجته ثم یأتی منزله فیتوضأ ثم جیئ إلیٰ المسجد فیجد رسول الله صلی الله علیه وسلم قائماً فی الرکعة الأکعة الأولیٰ۔

ترجمہ ..... حضرت ابو سعیدؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ پہلی صف میں کھڑے ہوتے تو ہم میں سے کوئی بقیع کی طرف جاتا، حاجت سے فارغ ہوتا، پھر گھر آکر وضو کرتا تو حضرت ﷺ کو پہلی رکعت میں کھڑا پاتا۔

اسی سے ملتی جلتی روایت ابو قتادہؓ سے ابوداؤد ج ۱/ص ۱۲۳ پر باب ماجآء فی قراءة فی الظهر میں ہے۔

نوٹ..... امام بخاریؒ نے جو لکھا ہے کہ حضرت زید بن ثابتؓ نے غیر قبلہ کی طرف رکوع کیا، یہ بالکل بے سند بات ہے۔ کسی صحیح یا حسن سند میں اس کا ذکر نہیں بلکہ طحاوی ج ۱/ص ۲۷۲ پر صراحت ہے کہ انہوں نے قبلہ رخ رکوع کیا۔ صحیح سندوں کو چھوڑ کر بے سند باتوں کو مدار بنانا امام بخاریؒ جیسے بزرگ کی شان کے ہرگز لائق نہیں۔

جماعت فجر :۔

http://mujahid.xtgem.com

(۲۴۹)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا ابو الیمان قال حدثنا شعیب عن الزهری قال حدثنا سعید بن المسیب و ابو سلمة بن عبد الرحمٰن ان ابا هریرة قال : سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول : تفضل صلاة الجمیع بخمس و عشرین جزء و یجتمع ملائکة اللیل وملائکة النهار فی صلاة الفجر ثم یقول ابوهریرة اقرؤاان شئتم : وقرآن الفجر ان الفجر کان مشهودا۔

ترجمہ..... حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ جماعت کی نماز کا ثواب ۲۵ گنا بڑھ جاتا ہے۔ نماز فجر میں دن اور رات کے فرشتے اکٹھے ہو جاتے ہیں۔ پھر حضرت ابو ہریرہؓ نے فرمایا : اگر چاہو تو یہ آیت پڑھو ان قرآن الفجر کان مشهودا۔ اس کے بعد اس کی مزید چار سندیں ذکر کی ہیں جو درج ذیل ہیں :

(۲۵۰)..... وتابعه معمر عن الزهری عن ابی سلمة و ابن المسیب عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم۔

(۲۵۱)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا عبد الله بن اسباط قال حدثنا ابی قال حدثنا الاعمش عن ابی صالح عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم فی قوله : و قرآن الفجر ان قرآن الفجر کان مشهودا قال : یشهده ملائکة اللیل و ملائکة النهار۔

(۲۵۲)..... وروی شعبة عن سلیمان عن ذکوان عن ابی هریرة قوله .

(۲۵۳)..... وقال علی بن مسهر و حفص والقاسم بن یحیی عن الأعمش عن ابی صالح عن ابی سعید و ابی هریرة عن النبی ﷺ۔

یہ حدیث بخاری ج ۲ / ص ۶۸۶ پر ہے کہ امام نماز فجر میں قرآن پڑھتا ہے اور اس نماز میں دن اور رات کے فرشتے بھی امام کی اقتداء کرتے ہیں اور یہ

http://mujahid.xtgem.com

باب لا یجهر خلف الامام بالقراءة

امام کے پیچھے اونچی آواز سے قرأت نہیں کرنی چاہئے

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ :۔

(۲۵۴)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا محمد بن مقاتل قال حدثنا النضر قال انبانا یونس عن ابی اسحاق عن ابی الاحوص عن عبداللہ قال : قال النبی صلی اللہ علیه وسلم لقوم کانوا یقرؤن القرآن فیجهرون به : خلطتم علی القرآن و کنانسلم فی الصلاة فقیل لنا أن فی الصلاة لشغلا۔

ترجمہ ..... حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے ایسے لوگوں کو فرمایا جو قرآن پڑھتے تھے اور اس کے ساتھ آواز بلند کرتے تھے : تم نے مجھ پر قرآن کو خلط ملط کر دیا اور ہم نماز میں سلام کہتے تھے تو ہمیں کہا گیا کہ نماز میں مصروفیت ہے۔

اس میں محمود راوی مجہول ہے۔ امام بخاریؒ کے استاد ابو بکر بن ابی شیبہ نے ان الفاظ سے یہ حدیث روایت کی ہے کنانقرأ خلف النبی صلی اللہ علیه وسلم فقال : خلطتم علی القرآن ۔ (ج ۱/ص ۳۷۶) عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ ہم نبی پاک ﷺ کے پیچھے قرأت کرتے تو آپ ﷺ نے فرمایا : تم نے مجھ پر قرآن کو خلط ملط کر دیا ہے۔

امام بخاریؒ کے دوسرے استاد امام احمدؒ ان الفاظ سے یہ حدیث روایت کرتے ہیں : عن عبد اللہ قال کانوا یقرؤن خلف النبی صلی اللہ علیه

http://mujahid.xtgem.com

وسلم فقال خلطتم علی القرآن۔ (مسند احمد ج ۱/ص ۴۵۱) حضرت عبداللہؓ سے روایت ہے کہ صحابہ آپ کے پیچھے قرأت کرتے تو آپ ﷺ نے فرمایا: تم نے مجھ پر قرآن کو خلط ملط کر دیا۔ اس کے علاوہ یہ حدیث احکام القرآن للجصاص ج ۳/ص ۵۱، طحاوی ج ۱/ص ۱۰۶، ابو یعلیٰ، مسند بزار اور طبرانی میں بھی ہے۔ کسی حدیث میں بھی یجھرون کا لفظ نہیں۔ اس لئے اس رسالہ میں یہ لفظ کسی راوی کا ادراج ہے صحیح حدیث کے مطابق آپ ﷺ نے قرأت خلف الامام کو خلط فرمایا ہے خواہ کوئی جہری نماز میں کرے یا سری میں، جہراً قرأت کرے یا سرّاً، فاتحہ کی قرأت کرے یا سورۃ کی۔ علامہ ہیثمیؒ فرماتے ہیں: رجالہ رجال الصحیح۔ (مجمع الزوائد ج ۲/ص ۱۱۰)۔

حدیث انسؓ:۔

(۲۵۵)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال حدثنا یحییٰ بن یوسف قال انبانا عبد اللہ عن ایوب عن ابی قلابۃ عن انس رضی اللہ عنہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم صلیٰ باصحابہ فلماقضی صلاتہ اقبل علیھم بوجھہ فقال: اتقرؤن فی صلاتکم والإمام یقرأ؟ فسکتوا فقالھا ثلاث مرات فقال قائل أو قائلون: انا لنفعل قال فلا تفعلوا و لیقرأ احدکم بفاتحۃ الکتاب فی نفسہ۔

ترجمہ..... حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے نماز پڑھائی۔ نماز سے فارغ ہو کر لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور کہا: تم بھی نماز میں قرأت کرتے ہو جب امام قرأت کرتا ہے؟ لوگ خاموش رہے۔ آپ ﷺ نے تین مرتبہ یہی پوچھا تو ایک آدمی یا چند ایک نے کہا کہ ہم کر ہی لیتے ہیں۔ فرمایا قرأت نہ کرو اور چاہئے کہ کوئی ایک تم میں سے دل میں فاتحہ کو سوچ لیا کرے۔

اس حدیث کا مدار ایوب پر ہے۔ اس کے شاگرد حماد بن زید، حماد بن سلمہ

http://mujahid.xtgem.com

عبد الوارث بن سعید، سفیان بن عیینہ اور اسماعیل بن علیہ سند یوں بیان کرتے ہیں :
وائل بن حجر ..... ٢٣٤، ٢٣٥
وهيب ١٣٠
وهب ١٦٣

http://mujahid.xtgem.com

الوليد بن مسلم ١٢٠
يحيى ..... ٩٣، ١٠٥، ١٧٠، ٢٨٨
يحيى بن سعيد ٧٠
يحيى البكاء = يحيى بن مسلم ٤٩
يحيى بن اسحاق ٦١
يحيى بن ابى سليمان ٢٣٩
يحيى بن ابى كثير ..... ٧٠، ١٦٥، ١٩٩، ٢٣٨، ٢٨٦
يحيى بن بكير ..... ١٠٦، ١٧٤
يحيى بن حميد ٢٠٨
يحيى بن سعيد ..... ٧، ٥٧، ١١٣، ٢٠٩، ٢١١
يحيى بن سليمان المدنى ٢٣٨
يحيى بن صالح ٦٨
يحيى بن عباد بن عبد الله بن زبير . ٩، ٦٢
يحيى القطان ..... ١١١، ١٤١
يحيى بن معين ١٤٦
يحيى بن هلال بن ابى ميمون ٦٩
يحيى بن يوسف ٢٥٥
يحيى بن قزعة ٢٠٥
يحيى بن كثير الكاهلى ١٩٤
يحيى هلال ٧٠
يزيد بن زريع ..... ٩، ١١، ١٧، ٦٧، ٩٤، ١٤٦،
٢٧٧

http://mujahid.xtgem.com

يزيد بن شريك ٥١
يزيد ١٧
يزيد الفقير ٢٨٧
يزيد بن ابى حبيب ٢١٨
يزيد بن ابراهيم ١٥٩
يزيد بن ابى مالك ٢٤٨
يزيد بن الهاد ..... ١٧١، ٢١٢
يزيد بن هارون ..... ٥٩، ٦٢، ١١٦
يعلى بن عطاء ٢٣٦
يعقوب بن محمد ٤
يعقوب بن ابراهيم ٣
يعقوب السلع ١٤
يونس ..... ٦، ٩٦، ١٣٩، ١٥٩، ١٧٩، ١٨٧، ٢١١، ٢١٣، ٢٥٤
يونس بن بكير ..... ١٣٢، ١٤٦
يونس بن جبير ٢٦٣

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

http://mujahid.xtgem.com

جزء رفع الیدین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قال ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بن ابراھیم البخاری : الرد علیٰ من انکر رفع الایدی فی الصلوٰۃ عند الرکوع و اذا رفع رأسہ من الرکوع وابھم علی العجم فی ذلک تکلفا لما لا یعنیہ فیما ثبت عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فیہ فعلہ وروایتہ عن اصحابہ ثم فعل اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم والتابعین واقتداء السلف بھم فی صحۃ الأخبار بعض عن بعض الثقۃ من الخلف العدول رحمہ اللہ وانجز لھم ما و عدھم علیٰ ضغیثۃ صدرہ و حرجۃ قلبہ و نفارًا عن سنن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لما یحملہ واستکنان و عداوۃ لاھلھا لشوب البدعۃ لحمہ وعظامہ ومخہ واکتسبہ باحتفاء العجم حولہ اغترارًا۔

ترجمہ .....امام ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بن ابراہیم بخاری ۲۵۶ھ نے اس شخص (امام نخعیؒ) کے رد میں یہ رسالہ لکھا ہے جو شخص نماز میں رکوع جاتے اور رکوع سے سر اٹھاتے وقت رفع یدین سے منکر ہوئے۔ واقعہ یہ ہے کہ انہوں نے محض تکلف سے اس مسئلہ کو ناواقف لوگوں سے جو سب اہل عجم ہیں اس مسئلہ کو مبہم رکھا۔ یہ وہ مسئلہ ہے جو آنحضرت ﷺ کے فعل سے ثابت ہے (گویا قول اور تقریر یہاں ثابت ہی نہیں) اور (بعض) صحابہ سے یہ مروی ہے اور (بعض) صحابہ اور تابعین کا اس پر عمل ہے۔ انہوں نے پیروی کی ہے ان خبروں کی جو سلف سے بعض ثقات نے بعض ثقات سے روایت کیں، ان پر اللہ تعالیٰ رحم فرمائیں اور اپنے وعدوں کو پورا فرمائیں۔ علی الرغم منکر کے بعض قلبی اور بد دلی کے اور سنن رسول ﷺ سے

http://mujahid.xtgem.com

بھاگنے اور ان کے اہل سے عداوت رکھنے کے، کیونکہ بدعت اس کے گوشت، ہڈیوں اور گودے تک سرایت کر گئی ہے اور یہ انکار اس لئے کیا کہ اس کے گرد اہل عجم کا مجمع دیکھ کر وہ دھوکے میں پڑ گیا۔

حضرت امام بخاریؒ ۲۵۶ھ تبع تابعی بھی نہیں ہیں، مگر آپ یہ رسالہ ایک جلیل القدر تابعی امام ابراہیم نخعی کے خلاف لکھ رہے ہیں کیونکہ وہ رفع یدین کی حدیث سن کر ناراض ہوئے تھے (موطا محمد، طحاوی) اور امام بخاریؒ کو یہ بھی تسلیم ہے کہ سب اہل عجم اہل اسلام اس مسئلہ رفع یدین میں امام ابراہیم نخعیؒ کے گرد ہیں یہ سب لوگ اس کو سنت کہنے سے نفرت کرتے ہیں، ظاہر ہے وہ تابعین اور تبع تابعین ہیں جو امام ابراہیم نخعیؒ کے گرد ہیں۔ اگرچہ امام بخاریؒ نے یہ تو اعتراف فرمالیا ہے کہ عجم کے تمام اہل اسلام آپ کے زمانہ تک تحریمہ کے بعد رفع یدین کو سنت ماننے سے انکار کرتے تھے۔ مگر یہ بیان نہیں فرمایا کہ حجاز میں مدینہ منورہ کے جلیل القدر تبع تابعی حضرت امام مالکؒ بھی تکبیر تحریمہ کے علاوہ رفع یدین کو ضعیف کہتے تھے اور فرماتے تھے کہ میں تکبیر تحریمہ کے علاوہ کسی جگہ رفع یدین کرنے والے کو نہیں پہچانتا (المدونۃ) اور مکہ مکرمہ کے جلیل القدر تابعین امام میمون مکیؒ، امام نضر بن کثیر سعدیؒ اور امام وہیب بن خالدؒ کسی رفع یدین کرنے والے کو جانتے تک نہ تھے۔ (ابوداؤد) معلوم ہوا کہ امام بخاریؒ تک خیر القرون کے عرب و عجم کے فقہاء و علماء اس پر تھے کہ تحریمہ کے بعد رفع یدین سنت نہیں، امام بخاریؒ نے جب خیر القرون کے علماء کے خلاف رکوع اور سجدے کی رفع یدین کو سنت کہا تو ظاہر ہے کہ مخالفت ہونی تھی جس پر امام بخاری غصہ میں نظر آتے ہیں۔

وقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا تزال طائفة من امتی قائمة علی الحق لا یضرهم من خذلهم ولا خلاف من خالفهم ماض ذلك ابدا فی جمیع سنن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لإحیاء ما امیتت وان

http://mujahid.xtgem.com

كان فيها بعض التقصير بعد الحث والارادة علىٰ صدق النية وان يقام للاسوة في رسول الله صلى الله عليه وسلم وبما ابيح على الخلق في افعال رسول الله عليه وسلم في غير عزيمة حتىٰ يعزم علىٰ ترك فعل من نهى او عمل بامر رسول الله صلى الله عليه وسلم مما امر الله خلقه و فرض عليهم طاعته واوجب عليهم اتباعهم أياه۔

ترجمہ..... اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری امت میں ایک جماعت حق پر قائم رہے گی۔ اس کا عدم تعاون کرنے والا کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ اور نہ مخالف کی مخالفت کارگر ہوگی اور آپ کی تمام سنتوں میں سے مردہ سنت کو زندہ رکھا جائے گا۔ اگرچہ صدق نیت ہوتے ہوئے آمادگی اور ارادہ کے بعد اس میں کچھ تقصیر واقع ہو جائے۔ رسول ﷺ کی زندگی ایک اسوۂ حسنہ ہے، اس بنا پر ان باتوں کو ترک نہیں کیا جائے گا کہ جو رسول ﷺ کے افعال سے مخلوق کے لئے اباحت کا درجہ رکھتی ہیں اور مؤکدہ نہیں ہیں جبکہ رسول ﷺ کے بیان کردہ اوامر و نواہی پر سختی سے عمل کیا جائے گا، جن کے اجالانے کا حکم اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو دیا اور اپنے رسول کی اطاعت ان پر فرض کی اور رسول کی اتباع ان پر لازم کی۔

امام بخاریؒ فرمارہے ہیں کہ آپ ﷺ کا اسوۂ حسنہ دو قسم پر ہے: ایک وہ جو آپ کے امر و نہی سے ثابت ہو اس میں نبی کی اتباع فرض و واجب ہے اور ایک وہ جو صرف فعل کی وجہ سے مباح اور جائز ہو چونکہ اس فعل پر امر و نہی نہیں پایا گیا اس لئے وہ مؤکدہ نہیں ہے۔ یہاں سے امام بخاریؒ اور اہل خیر القرون کا نقطۂ اختلاف واضح ہو گیا کہ جمہور خیر القرون کو فعل رفع یدین کے ساتھ ترک رفع یدین کی روایات اور عملی تواتر معلوم تھا۔ اس لئے وہ اس اختلافی رفع یدین کو سنت غیر مؤکدہ بھی نہیں مانتے تھے، لیکن امام بخاریؒ جمہور خیر القرون کے عمل تواتر کے خلاف اس کو سنت غیر مؤکدہ اور مباح سمجھتے تھے لیکن چونکہ یہ صحابہ، تابعین، تبع تابعین کے

http://mujahid.xtgem.com

عملی تواتر کے خلاف تھی اس لئے اس کو مردہ سنت غیر مؤکدہ کہتے تھے، ان کے ہاں نہ یہ فرض ہے نہ واجب نہ سنت مؤکدہ بلکہ جواز و اباحت کے درجہ میں ہے۔

وطاعتهم له طاعة نفسه عزوجل (ذو) المن والطول فقال : ومآ اتاكم الرسول فخذوه وما نهاكم عنه فانتهوا اوقال : من يطع الرسول فقد اطاع الله.وقال فلا و ربك لا يؤمنون حتى يحكموك فيما شجر بينهم ثم لا يجدوا فيّ انفسهم حرجا مما قضيت و يسلموا تسليما.وقال: فليحذرالذين يخالفون عن امره ان تصيبهم فتنة اويصيبهم عذاب اليم .وقال لقد كان لكم فى رسول الله اسوة حسنة لمن كان يرجوا الله و اليوم الاخر و ذكر الله كثيرا فرحم الله عبدًا استعان باتباع رسول الله صلى الله عليه وسلم واقتفاء من اثره ويستعيذ تبارك و تعالىٰ من سهو نفسه و تصلية رسله لقوله عزوجل فمن اتبع هدٰى فلا يضل ولا يشقىٰ۔

ترجمہ ..... اور ان کا رسول کی اطاعت کرنا خود اللہ عزوجل بڑے احسان والے اور سخی کی اطاعت کرنا ہے اور (اوامر و نواہی میں) آپ ﷺ کی اطاعت کو اللہ نے اپنی اطاعت قرار دیا۔ چنانچہ فرمایا: کہ ہمارا رسول جو تم کو دے وہ لے لو اور جس سے روکے اس سے رک جاؤ اور نیز فرمایا: جس نے رسول کی اطاعت کی اس نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی اور اللہ تعالیٰ نے اپنی ربوبیت کی قسم کھا کر یہ بھی فرمایا: کہ یہ لوگ ایماندار نہیں ہو سکتے جب تک اپنے نزاعی معاملات میں آپ ﷺ کو حکم نہیں بناتے اور جو آپ نے فیصلہ کیا اس کو دل میں تنگی محسوس کئے بغیر تسلیم نہیں کرتے اور یہ دھمکی بھی دی ہے کہ وہ لوگ ڈر جائیں جو رسول ﷺ کے امر کی نافرمانی کرتے ہیں کہ ان کو کوئی فتنہ پہنچے یا کسی دردناک عذاب میں مبتلا ہوں۔ یہ ارشاد بھی فرمایا: کہ یقیناً تم میں سے اس کے لئے رسول ﷺ کی زندگی اسوۂ حسنہ ہے جو اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن کی امید رکھتا ہے اور اللہ تعالیٰ کا بہت ذکر کرتا ہے۔ پس اللہ

http://mujahid.xtgem.com

تعالیٰ اپنے بندے پر رحم فرمائے جس نے (اوامر و نواہی میں) رسول ﷺ کی اتباع کر کے اور اس کے نقش قدم پر چل کر اس سے استعانت طلب کی ہے اور اس کو نفس کی بھول اور انبیاء علیہم السلام کی مخالفت سے پناہ دے۔ اس لئے اللہ نے فرمایا ہے پس جس شخص نے میری ہدایت کی پیروی کی وہ نہ گمراہ ہوگا اور نہ بے نصیب۔

امام بخاریؒ نے آپ ﷺ کے اسوۂ حسنہ اوامر و نواہی پر چلنے کی تاکید میں آیات نقل فرمائیں مگر رفع یدین چونکہ امر نبویؐ سے ثابت نہیں اس کو مباح اور غیر مؤکدہ فرمایا ہے۔

حضرت امام بخاریؒ اختلافی رفع یدین کو سنت غیر مؤکدہ کہتے ہیں، امام شافعیؒ کے مقلد ہیں کیونکہ یہ حکم کسی حدیث میں نہیں اور امام شافعیؒ امام محمدؒ اور امام مالکؒ کے شاگرد ہیں اور یہ دونوں امام ابو حنیفہؒ کے شاگرد ہیں۔ امام محمدؒ اور امام مالکؒ تبع تابعی ہیں اور امام ابو حنیفہؒ تابعی ہیں، مگر امام بخاریؒ اپنے امام کی تقلید میں اتنے مضبوط ہیں کہ امام شافعیؒ کے اساتذہ مجتہدین کو بھی خاطر میں نہیں لاتے، تو امام مالکؒ اور امام ابو حنیفہؒ کے مقلدین کو بھی حق ہے کہ ان خیر القرون کے مجتہدین کے مقابلہ میں مابعد خیر القرون کے حضرت امام بخاریؒ کے اقوال کی تقلید سے پرہیز کریں اور خیر القرون کے مجتہدین کی تقلید میں اختلافی رفع یدین کے سنت غیر مؤکدہ ہونے کا بھی انکار کریں۔

احادیث جزء رفع یدین

(۱) ..... اخبرنا اسماعیل بن ابی یونس حدثنی عبد الرحمٰن بن ابی الزناد عن موسی بن عقبة عن عبد الله بن الفضل الهاشمی عن عبد الرحمن بن هرمز الاعرج عن عبیدالله بن ابی رافع عن علی بن ابی طالب رضی الله عنه ان رسول الله صلی الله علیه وسلم کان یرفع یدیه

http://mujahid.xtgem.com

اذا کبر للصلاۃ حذو منکبیہ و اذا اراد ان یرکع و اذا رفع راسہ من الرکوع واذا قام من الرکعتین فعل مثل ذلك۔

ترجمہ ..... حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ہاتھ اٹھاتے تھے کندھوں تک جب نماز کے لئے تکبیر کہتے اور جب رکوع کا ارادہ کرتے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے اور جب دو رکعات سے کھڑے ہوتے، اسی طرح کرتے۔

حضرت امام بخاریؒ سے پہلے حضرت امام اعظمؒ (۱۵۰ھ) نے فرمایا کہ کسی فقیہ صحابی سے (جن کا فتویٰ دور نبوی ﷺ میں چلتا رہا) رفع یدین بوقت رکوع صحت کو نہیں پہنچی۔ (مسند امام اعظمؒ ص ۵۰) امام مالکؒ (۱۷۹ھ) کے نزدیک تکبیر تحریمہ کے علاوہ رفع یدین ضعیف بھی تھی اور آپؒ کسی رفع یدین (بعد تحریمہ) کرنے والے کو پہچانتے تک نہ تھے۔ (یعنی رفع یدین عملی تواتر کے خلاف تھی)۔ (المدونۃ الکبری ج ۱/ ص ۷۱) اور امام بخاریؒ کے دادا استاد امام محمدؒ (۱۸۹ھ) فرماتے ہیں کہ بدری صحابہ کرامؓ جو پہلی صف میں کھڑے ہوتے تھے اور نبی ﷺ کی نماز کو سب سے زیادہ جانتے تھے، کسی سے بھی رفع یدین بعد تحریمہ کی حدیث صحت کو نہیں پہنچی نہ ہی کسی بدری سے یہ رفع یدین کرنا صحت کو پہنچا، جب کہ ہمیں حضرت علیؓ اور حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے نہایت مضبوط طریقہ سے یہ بات پہنچی ہے کہ یہ نماز میں پہلی تکبیر کے بعد رفع یدین نہیں کرتے تھے۔ (کتاب الحجہ ج ۱/ ص ۹۵) امام بخاریؒ اپنی جامع صحیح میں تو امام محمدؒ کے اس چیلنج کو قبول کرنے کی ہمت نہ کر سکے، صرف دو صحابہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ اور حضرت مالک بن حویرثؓ کی حدیث لائے ہیں، ان میں سے بھی نہ کوئی بدری ہے نہ ان کی روایت میں دوام رفع یدین کا ذکر، نہ ان کا اپنا رفع یدین پر مواظبت کرنا۔ اسی لئے امام نسائیؒ (۳۰۳ھ) شاگرد امام بخاریؒ نے اپنی سنن میں ج ۱/ ص ۱۵۸ پر حضرت مالک بن حویرثؓ اور عبداللہ بن عمرؓ کی دونوں حدیثیں ذکر کر کے بعد میں ترك ذلك کا باب باندھ کر ان دونوں حدیثوں کو متروک العمل قرار دے

http://mujahid.xtgem.com

دیا ہے۔ ہاں امام مسلمؒ نے تھوڑی سے ہمت اور فرمائی کہ ایک مسافر صحابی حضرت وائل بن حجرؓ اور تلاش کر لیا، گویا عبداللہ بن عمرؓ، مالک بن حویرثؓ اور وائل بن حجرؓ سے نقل کیا۔ آنحضرت ﷺ نے ایک آدھ دفعہ رکوع کے وقت رفع یدین کی، جیسے آپ ﷺ نے ایک آدھ مرتبہ کھڑے ہو کر پیشاب فرمایا۔ (بخاری ج ۱/ص ۳۶، مسلم ج ۱/ص ۱۳۸) مگر امام نسائیؒ نے ج ۱/ص ۱۶۱ پر یہ تینوں احادیث ذکر کر کے حدیث عبداللہ بن مسعودؓ سے ان تینوں کا متروک العمل ہونا ثابت کر دیا۔ الغرض امام بخاریؒ اپنی جامع صحیح میں کسی بدری صحابی سے رکوع کی رفع یدین کی حدیث نہ لا سکے۔ ہاں غیر بدری صحابہؓ میں سے صرف دو کی روایت لائے ہیں جن سے رفع یدین کا صرف اتنا ثبوت ہوتا ہے جتنا جوتے پہن کر نماز پڑھنے کا۔ (بخاری ج ۱/ص ۵۶، مسلم ج ۱/ص ۲۰۸) یعنی بخاری، مسلم کے ثبوت کے مطابق جو رکوع کی رفع یدین کے ساتھ نماز پڑھتا ہے وہ ایسا ہے جیسے کوئی جوتے پہن کر نماز پڑھے اور جو رکوع کی رفع یدین کے بغیر نماز پڑھتا ہے وہ ایسا ہے جیسے جوتے اتار کر نماز پڑھنے والا اور ظاہر ہے کہ امت میں متواتر عمل اسی پر ہے۔

اس رسالہ میں امام بخاریؒ نے اپنے دادا استاد امام محمدؒ کے چیلنج کو قبول کرنے کی ہمت کی ہے۔ اس لئے پہلی حدیث حضرت علیؓ سے لائے ہیں جو واقعتاً بدری صحابی ہیں۔ یہ حدیث امام بخاریؒ سے پہلے امام احمدؒ بھی لائے ہیں (مسند احمد ج ۱/ص ۹۳) اور بخاری کے بعد ابن ماجہ ص ۶۲، ابو داؤد ج ۱/ص ۱۰۹، ترمذی ج ۲/ص ۱۷۹، ابن خزیمہ ج ۱/ص ۲۹۴، طحاوی ج ۱/ص ۱۰۹، دارقطنی ج ۱/ص ۱۰۷، بیہقی ج ۲/ص ۷۴ پر لائے ہیں۔ البتہ حضرت علیؓ کی حدیث امام بخاریؒ سے پہلے امام شافعیؒ کتاب الام ج ۱/ص ۹۶، مسند شافعی ج ۱/ص ۸۸، طیالسی ج ۱/ص ۲۲، عبدالرزاق ج ۲/ص ۱۵۵، ۱۶۳، ۱۶۴، مسند احمد ج ۱/ص ۹۵، ۱۱۹ اور آپ کے بعد مسلم ج ۱/ص ۲۶۳، ابو داؤد ج ۱/ص ۱۱۲، نسائی ج ۱/ص ۱۶۱، ۱۶۹، ترمذی ج ۲/ص ۱۷۸، ابو عوانہ

http://mujahid.xtgem.com

ج ۲ / ص ۱۰۱، ۱۰۲، ۱۰۳، ۱۶۸، ۱۸۷، ۱۸۸، ابن خزیمہ ج ۱ / ص ۳۰۶، طحاوی ج ۱ / ص ۱۱۴، دار قطنی ج ۱ / ۱۳۰، بیہقی ج ۲ / ص ۷۸ پر لائے ہیں مگر اس میں رفع یدین کا نام و نشان تک مذکور نہیں اور حضرت علیؓ کی حدیث جس میں حضرت عمران بن حصینؓ کی حضرت علیؓ کے پیچھے نماز پڑھنے اور اس کو نبی پاک ﷺ کی نماز کے مشابہ قرار دینے کا ذکر ہے اس میں بھی صرف تکبیروں کا ذکر ہے، رفع یدین کا نام و نشان تک نہیں ۔ (دیکھو! طیالسی ج ۱ / ص ۱۱۱، عبدالرزاق ج ۲ / ص ۶۳، ابن ابی شیبہ ج ۱ / ص ۲۴۱، احمد ج ۴ / ص ۴۲۸، ۴۴۰، خود بخاری ج ۱ / ص ۱۰۸، ۱۱۴، مسلم ج ۱ / ص ۱۶۹، ابوداؤد ج ۱ / ص ۱۲۱، نسائی ج ۱ / ص ۱۶۴، ۱۷۶، ابن خزیمہ ج ۱ / ص ۲۹۲، ابو عوانہ ج ۲ / ص ۹۲، بیہقی ج ۲ / ص ۶۸، ۱۳۴ پر ہے۔ اسی طرح امام مالکؒ نے ایک تیسری سند سے بھی حضرت علیؓ کی حدیث لکھی ہے (موطا ص ۲۵) اس میں بھی رفع یدین کا نام و نشان تک نہیں ، صرف تکبیرات ہیں اور امام بخاریؒ کے استاد ابن ابی شیبہ نے ج ۱ / ص ۲۴۰ پر حضرت علیؓ کی نماز کا جو طریقہ روایت کیا ہے اس میں بھی رفع یدین کا ذکر نہیں۔ پانچویں سند سے حضرت عکرمہؓ اور حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے حضرت علیؓ اور نبی ﷺ کی نماز کا طریقہ روایت کیا ہے ۔ (ابن ابی شیبہ ج ۱ / ص ۲۴۱، احمد ج ۱ / ص ۳۲۷، بخاری ج ۱ / ص ۱۰۸) اس میں بھی رفع یدین کا ذکر تک نہیں، اور چھٹی سند سے امام احمدؒ نے ج ۴ / ص ۴۳۲ پر حضرت علیؓ کی نماز کا جو طریقہ نقل کیا ہے اس میں بھی رفع یدین کا نام تک نہیں۔ جب اتنی سندوں کے خلاف صرف ایک سند میں رفع یدین کا ذکر آیا ہے تو امام بخاریؒ کے اصول پر تو اس کی سند صحیح بھی ہوتی تب بھی رفع یدین کا ثبوت نہ ہو سکتا جیسا کہ انہوں نے ایک جگہ پر حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی حدیث کا جواب صرف یہ دیا ہے کہ حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ کی تطبیق والی حدیث میں لم یعد نہیں اس لئے دوسری میں بھی ثابت نہیں اور جبکہ اس کی سند بھی ضعیف ہو اور خود امام بخاریؒ کو اس کا اقرار بھی ہو تو اس کو پہلے نمبر پر پیش کرنا اور یوں سمجھنا کہ امام محمدؒ کے چیلنج کا جواب ہو گیا ہے صحیح نہیں

http://mujahid.xtgem.com

۔اس سند میں موسیٰ بن عقبہ سے ابن جریج نے حدیث روایت کی ہے تو اس نے رفع یدین کا ذکر نہیں کیا اور صرف عبد الرحمٰن بن ابی الزناد نے ذکر کیا ہے۔ ان دونوں راویوں میں کوئی تقابل ہی نہیں، امام بخاریؒ کی جامع صحیح میں ابن جریج سے سندیں بھری پڑی ہیں جب کہ جامع صحیح میں عبد الرحمٰن بن ابی الزناد سے ایک سند بھی نہیں لی۔ یہ عبد الرحمٰن بن ابی الزناد مدنی ہیں مگر امام مالک نے اپنی پوری کتاب موطا میں اس کی سند سے کوئی حدیث نہیں لی اور امام ترمذیؒ باب المسح علی الخفین ظاھر ھما میں ابن ابی الزناد کی سند سے حدیث لکھ کر فرماتے ہیں: قال محمد (ای البخاری) و کان مالك یشیر بعبد الرحمٰن ابی الزناد۔ (ص ۲۹) یعنی امام بخاریؒ فرماتے تھے کہ امام مالکؒ اس عبد الرحمٰن بن ابی الزناد کے ضعف کی طرف اشارہ کرتے تھے۔ امام بخاریؒ کے استاد امام احمد بن حنبلؒ اس راوی کے بارے میں فرماتے ہیں: مضطرب الحدیث ضعیف۔ دوسرے استاد ابو حاتمؒ فرماتے ہیں: ضعیف لا یحتج به لیس بشیء۔ (میزان الاعتدال) امام بخاریؒ کے تیسرے استاد امام علی بن مدینیؒ فرماتے ہیں: کان عند اصحابنا ضعیفاً۔ (تاریخ بغداد ج ۱۰/ص ۲۲۸) یعنی ہمارے محدثین کے ہاں وہ ضعیف ہے۔ امام بخاریؒ کے چوتھے استاد امام عبد الرحمٰن بن مہدیؒ نے بھی اس کو ضعیف کہا بلکہ اس کی تمام حدیثوں پر قلم پھیر دیا۔ (تاریخ بغداد ج ۱۰/ص ۲۲۹) اس سند کا یہ حال ہے مگر امام بخاریؒ کا کمال ہے کہ ایسی حدیث سے نہ صرف یہ کہ استدلال کر رہے ہیں بلکہ اس کو پہلا نمبر قرار دے رہے ہیں۔ جب پہلی دلیل کا یہ حال ہے تو باقی کا کیا حال ہو گا؟

جس کی بہار یہ ہو اس کی خزاں نہ پوچھ

مسح علی خفین کی حدیث میں یہ راوی کسی کا مخالف بھی نہیں تھا، وہاں اس کو ضعیف کہنا اور یہاں ابن جریج اور کتنی سندوں کے خلاف ہے پھر بھی استدلال۔

ناطقہ سر بگریباں ہے اسے کیا کہئے

http://mujahid.xtgem.com

ایک اور کمال :۔

اولاً تو یہ راوی ہی خود امام بخاریؒ اور ان کے اساتذہ کے ہاں ضعیف ہے۔ ثانیاً ابن جریج اور کئی صحیح ترین سندوں کا مخالف ہے۔ ثالثاً اس میں اس ضعیف راوی کا شاگرد اور امام بخاریؒ کا بلاواسطہ استاد اسماعیل بن ابی یونس ہے جو خود مجہول ہے، اس کی توثیق ثابت ہی نہیں، اب تو یہ سند **ظلمات بعضها فوق بعض** کے قبیل سے ہے۔

تحریف کا کمال :۔

غیر مقلدین نے جب دیکھا کہ ہم اسماعیل بن ابی یونس کو ثقہ ثابت نہیں کر سکتے تو جلال پور پیر والا سے غیر مقلدین نے جو جزء رفع یدین شائع کیا ہے اس میں اس راوی کا نام بدل کر اسماعیل بن ابی یونس کی جائے اسماعیل بن ابی اویس کر ڈالا۔ بدنام اگر ہوں گے تو کیا نام نہ ہوگا۔

امام ترمذیؒ کا کمال :۔

امام ترمذیؒ نے ج ۱ / ص ۲۹ پر جہاں یہ راوی کسی دوسرے راوی کا مخالف نہ تھا، اس کا ضعیف ہونا امام مالکؒ اور امام بخاریؒ سے نقل کیا اور اس ضعف کو برقرار رکھا مگر جب یہی راوی رفع یدین کی حدیث میں آگیا اگرچہ وہ ابن جریج اور کئی سندوں کا مخالف ہے مگر اس حدیث کو حسن صحیح قرار دے دیا۔

جو چاہے ان کا حسن کرشمہ ساز کرے

رکعتین یا سجدتین :۔

نمازی دو رکعات کے بعد تیسری رکعت میں اٹھتا ہے۔ اگر اس حدیث میں رکعتین کا لفظ ہو تو تیسری رکعت کے شروع کی رفع یدین کا ذکر ہوا، جس کا چاروں

http://mujahid.xtgem.com

ائمہ میں سے کوئی بھی قائل نہیں۔ فقہ کے چاروں مذاہب کے متون اس رفع یدین کے ذکر سے خالی ہیں اور دو سجدوں کے بعد نمازی دوسری اور چوتھی رکعت کے شروع میں کھڑا ہوتا ہے، تو اس حدیث میں دوسری اور چوتھی رکعت کے شروع میں رفع یدین کا ذکر ہوا اور اس رفع یدین پر چاروں مذاہب تو کجا خود لامذہب غیر مقلد بھی عامل نہیں اور نہ ہی خود امام بخاریؒ عامل ہیں۔

لفظ بدل ڈالا:۔

یہ حدیث جزء بخاری کے علاوہ تقریباً حدیث کی آٹھ کتابوں میں سند سے آئی ہے، ان سب میں لفظ سجدتین ہے کہ رفع یدین دو سجدوں سے اٹھ کر دوسری اور چوتھی رکعت کے شروع میں کرنا چاہئے، مگر امام بخاریؒ نے لفظ بدل کر رکعتین کر دیا۔ یہ بات امام بخاریؒ کو ہرگز زیب نہیں دیتی۔ آخر کار اسی رسالہ میں نمبر ۹ پر امام بخاریؒ نے اسی سند کے ساتھ سجد تین لکھ دیا۔

رکعتین اور سجد تین:۔

اگر ان دونوں لفظوں کو صحیح مان لیا جائے تو ہر ہر رکعت کے شروع میں رفع یدین کرنا پڑے گا، جس کے نہ چاروں مذاہب قائل ہیں اور نہ ہی لامذہب غیر مقلدین۔ جب امام بخاریؒ کا اپنا ہی عمل اس حدیث پر ثابت نہ ہوا تو دوسروں کے سامنے اس کو بطور استدلال پیش کرنا کیسے درست رہا؟

جرح مفسر:۔

حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ عبد الرحمٰن بن ابی الزناد صدوق تغیر حفظه لما قدم بغداد و کان فقیهاً۔ (تقریب) یعنی جب یہ بغداد آیا تو اس کا حافظہ بگڑ چکا تھا اور عجیب بات ہے کہ اس حدیث میں ترمذی، ابو داؤد وغیرہ میں اس سے روایت کرنے والا راوی سلیمان بن داؤد ہاشمی بغدادی ہی ہے۔ معلوم ہوا کہ

http://mujahid.xtgem.com

جب تک اس کا حافظہ صحیح رہا اس نے رفع یدین کا نام تک نہیں لیا اور جب حافظہ بگڑ گیا تو رفع یدین کا ذکر کرنے لگا۔

تعامل اہل مدینہ :۔

اس سند کا راوی ابن ابی الزناد، موسیٰ بن عقبہ، عبد اللہ بن فضل، الاعرج، عبید اللہ سب مدنی ہیں اور اہل مدینہ کا تعامل ترک رفع یدین پر تھا۔ تو یہ ضعیف و منکر روایت متواتر تعامل کے خلاف ہے۔ امام بخاریؒ ان مذکورہ مدنی راویوں میں سے کسی ایک سے بھی رفع یدین ثابت نہ کر سکے۔

عمل علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ :۔

امام محمدؒ (۱۸۹ھ)، امام ابن ابی شیبہؒ (۲۳۵ھ) اور امام طحاویؒ (۳۲۱ھ) نے حضرت کلیبؒ سے روایت کیا ہے رأیت علی بن ابی طالب رفع یدیه فی التکبیرة الاولیٰ فی الصلاة المکتوبة ولم یرفعهما فیما سویٰ ذلك۔ یعنی میں نے حضرت علیؓ کو دیکھا کہ آپؓ نے پہلی تکبیر کے ساتھ نماز فرض میں دونوں ہاتھ اٹھائے اور پھر اس کے علاوہ کسی جگہ نہیں اٹھائے۔ اس کے برعکس امام بخاریؒ کسی ایک ضعیف سند سے بھی ثابت نہیں کر سکے کہ حضرت علیؓ خود تحریمہ کے بعد رفع یدین کیا کرتے تھے۔ جب کہ رفع یدین نہ کرنے کی روایت کو امام بخاریؒ کے استاد امام محمدؒ نے جاء نا الثبت فرما کر مضبوط ترین دلیل قرار دیا ہے۔

اصحاب علیؓ :۔

امام بخاریؒ کے استاد امام ابو بکر بن ابی شیبہؒ (۲۳۵ھ) نے حضرت ابو اسحاق السبیعی سے روایت کیا ہے کہ کان اصحاب عبد اللہ و اصحاب علی لا یرفعون ایدیهم الافی افتتاح الصلاة قال وکیع : ثم لا یعودون۔ (ج ۱/ص ۲۳۶) "حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ اور حضرت علیؓ کے ساتھی نماز میں

http://mujahid.xtgem.com

صرف پہلی تکبیر کے وقت رفع یدین کرتے تھے اور وکیع کی روایت میں ہے کہ پھر دوبارہ رفع یدین نہ کرتے تھے" اس کے برعکس امام بخاریؒ کسی ایک ضعیف ترین سند سے بھی ثابت نہیں کر سکے کہ اصحاب علیؓ رکوع کے وقت یدین کرتے تھے۔

امام طحاویؒ کا جواب :۔

امام طحاویؒ (۳۲۱ھ) فرماتے ہیں کہ اولاً تو رفع یدین والی حضرت علیؓ کی حدیث میں رفع یدین کا ذکر عبد الرحمٰن بن ابی الزناد کی خطاء ہے، ثانیاً حضرت علیؓ کے بارے میں یہ سوچا بھی نہیں جا سکتا کہ ایک سنت کو وہ خود ہی روایت بھی کریں اور پھر خود خلاف سنت نماز بھی پڑھیں۔ ایک دفعہ بھی وہ ایک نماز بھی سنت کے مطابق نہ پڑھیں۔ اس سے تو یہ ثابت ہوا کہ رفع یدین کی حدیث حضرت علیؓ کے نزدیک منسوخ تھی۔

اجماع اہل کوفہ :۔

حضرت علیؓ نے اپنا دار الخلافہ کوفہ بنایا، اس لئے یہ شہر علم و عمل کا بہت بڑا مرکز بن گیا۔ اس میں ترک رفع یدین پر اجماع تھا۔

دور صحابہؓ :۔

بخاری شریف ج ۱/ص ۳۶۲ کے پہلے حاشیہ پر ہے کہ دور صحابہ کرامؓ ۱۲۰ھ تک ہے۔

امام ابراہیم نخعیؒ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ **ما سمعته من احد منهم انما كانوا يرفعون ايديهم في بدء الصلاة حين يكبرون۔** (موطا محمد ص ۹۰) "میں نے کسی صحابی سے نہ رفع یدین کرنا سنا، نہ دیکھا۔ وہ صرف نماز کی پہلی تکبیر کے وقت رفع یدین کرتے تھے" یاد رہے کہ تاریخ کے مطابق ایک ہزار سے زائد صحابہ کوفہ میں آباد ہوئے، اتنے کسی اور شہر میں آباد

http://mujahid.xtgem.com

نہیں ہوئے۔

دور تابعینؒ :۔

یہ دور ۱۷۰ھ تک ہے۔ امام ابو بکر بن عیاشؒ جو ۱۰۰ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۹۳ء میں فوت ہوئے ' فرماتے ہیں : مارأیت فقیھا قط یفعلہ یرفع یدیہ فی غیر التکبیرۃ الاولیٰ۔ (طحاوی ج ۱/ ص ۱۱۲) "میں نے کسی بھی دین کی سمجھ رکھنے والے کو پہلی تکبیر کے علاوہ نماز میں رفع یدین کرتے نہیں دیکھا۔

دور تبع تابعینؒ :۔

یہ ۲۲۰ھ تک ہے۔ امام محمد بن نصر مروزیؒ (۲۹۴ھ) فرماتے ہیں : لا نعلم مصراً من الامصار ترکوا اجمعیھم رفع الیدین عند الخفض والرفع الااھل الکوفۃ (استذکار ابن عبدالبر) "تمام شہروں میں سے کسی شہر کے متعلق ہمیں علم نہیں کہ انکے رہنے والوں نے اجماعاً سر جھکاتے اور سر اٹھاتے وقت رفع یدین چھوڑ دیا ہو مگر اہل کوفہ" کہ وہ سب کے سب تارک رفع یدین تھے۔ اس سے صاف ثابت ہو گیا کہ خیر القرون میں عملی تواتر ترک رفع یدین پر ہی تھا۔

حدیث علیؓ :۔

عن عبد الرحیم بن سلیمان عن ابی بکر النھشلی عن عاصم بن کلیب عن ابیہ عن علی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ کان یرفع بدیہ فی اول الصلاۃ ثم لا یعود ۔ (العلل دار قطنی ج ۴/ ص ۱۰۶) "حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نماز کے شروع میں رفع یدین کرتے تھے پھر دوبارہ نہیں کرتے تھے۔" جس طرح امام بخاریؒ کی پیش کردہ حدیث میں رفع یدین کا ذکر کرنے میں عبدالرحمٰن بن ابی الزناد منفرد ہے اسی طرح یہاں بھی اس حدیث کو

http://mujahid.xtgem.com

مرفوع کرنے میں عبد الرحیم بن سلیمان منفرد ہے۔ لیکن عبد الرحمٰن بن ابی الزناد ضعیف ہے اور اسماعیل بھی مجہول ہے اور عبد الرحیم بالاتفاق ثقہ ہے۔ تاہم اگر دونوں کو مان لیا جائے تو اب فیصلہ حضرت علیؓ اصحاب علیؓ اور اجماع اہل کوفہ سے ہو گیا کہ رفع یدین والی حدیث پر عمل جاری نہیں رہا۔ اس لئے رفع یدین سنت نہیں۔ ہاں ترک رفع یدین والی حدیث پر عمل جاری رہا، اس لئے ترک رفع یدین ہی سنت ہے کیونکہ سنیت کے لئے مواظبت ضروری ہے۔

قال البخاری : وكذلك يروىٰ عن سبعة عشر نفسا من اصحاب النبی صلی الله عليه وسلم انهم كانوا يرفعون ايديهم عند الركوع و عند الرفع منه منهم ابو قتادة الانصاری و ابو اسيد الساعدی البدری و محمد بن مسلمة البدری و سهل بن سعد الساعدی و عبد الله بن عمر بن الخطاب و عبد الله بن عباس بن عبد المطلب الهاشمی و أنس بن مالك خادم رسول الله صلی الله عليه وسلم و ابو هريرة الدوسی و عبد الله بن عمرو بن العاص و عبد الله بن الزبير بن العوام القرشی و وائل بن حجر الحضرمیٰ و مالك بن الحويرث و ابو موسیٰ الاشعری و ابو حميد الساعدی الانصاری رضی الله تعالیٰ عنهم۔

ترجمہ..... امام بخاریؒ نے فرمایا: اور اسی طرح رسول اللہ ﷺ کے سترہ صحابہؓ سے روایت کی جاتی ہے کہ وہ رکوع کو جاتے اور رکوع سے سر اٹھاتے وقت رفع یدین کرتے اور وہ یہ ہیں: (۱) ابو قتادہ انصاریؓ (۲) ابو اسید الساعدی البدریؓ (۳) محمد بن مسلمہ بدریؓ (۴) سہل بن سعد الساعدیؓ (۵) عبد اللہ بن عمر بن خطاب (۶) عبد اللہ بن عباسؓ بن عبد المطلب ہاشمی، (۷) انس بن مالکؓ خادم رسول اللہ ﷺ (۸) ابو ہریرہؓ دوسی، (۹) عبد اللہ بن عمرو بن العاصؓ (۱۰) عبد اللہ بن زبیرؓ بن العوام قریشی، (۱۱) وائل بن حجرؓ حضرمی، (۱۲) مالک بن حویرثؓ (۱۳) ابو موسیٰ اشعریؓ

http://mujahid.xtgem.com

(۱۴)ابو حمیدؓ الساعدی الانصاری، (جلاء العینین، اسوہ سید کونین۔ (خالد) میں تین نام زائد ہیں عمرؓ علیؓ اور ام درداءؓ)۔

یہاں امام بخاریؒ نے فرمایا ہے کہ ۱۷ صحابہؓ نے حدیث رفع یدین روایت کی ہے، مگر بعد میں چودہ نام لکھے ہیں۔ حضرت علیؓ کا نام ملا کر پندرہ ہو جائیں گے۔ یہاں نام محض بے سند لکھے ہیں۔ حضرت امام بخاریؒ کا فرض تھا کہ صحیح سندوں کے ساتھ ان ۱۷ صحابہؓ کی احادیث نقل فرما دیتے مگر سارے رسالے میں سند کے ساتھ نصف کے قریب پیش کی ہیں۔ ان میں سے ایک بھی ایسی حدیث نہیں جس سے رفع یدین کا دوام بطور نص ثابت ہو۔ ان کے شاگرد امام ترمذی نے ۱۵ صحابہؓ کا نام لیا ہے۔ ان ۱۵ میں سے متفق علیہ صرف دو حدیثیں ہیں، ابن عمرؓ اور مالک بن حویرثؓ کی۔ ان دونوں میں نہ کوئی بدری ہے نہ خلیفہ راشد نہ عشرہ مبشرہ میں سے۔ ان دونوں میں بھی رفع یدین کا صرف اتنا ثبوت ہے جتنا کھڑے ہو کر پیشاب کرنے کا۔ یعنی جو شخص رکوع کی رفع یدین کر کے نماز پڑھتا ہے وہ ایسا ہے جیسے کھڑے ہو کر پیشاب کر لیا اور جو بغیر اس رفع یدین کے نماز پڑھتا ہے وہ ایسے ہے جیسے بیٹھ کر پیشاب کرنے والا۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ آج کل جو لوگ کہتے ہیں کہ ہمارے پاس رفع یدین کی چار سو سے زائد احادیث ہیں، وہ امام بخاریؒ کو نہایت قلیل الحدیث سمجھتے ہیں۔

امام بخاریؒ اور غیر مقلدین ائمہ اربعہ کے خلاف دس جگہ رفع یدین کو سنت مانتے ہیں، اس کی ایک بھی متفق علیہ حدیث نہیں ہے۔ ان کے نزدیک حضرت عبد اللہ بن عمرؓ اور حضرت مالک بن حویرثؓ کی متفق علیہ حدیث کے موافق نو جگہ رفع یدین کر کے نماز پڑھنا خلاف سنت ہے کیونکہ ایک سنت کے چھوڑنے سے بھی نماز خلاف سنت ہو جاتی ہے۔

قال الحسن و حمید بن هلال: كان اصحاب رسول الله صلى

http://mujahid.xtgem.com

اللہ علیہ وسلم یرفعون ایدیھم لم یستثنیا احدا من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم دون احد ولم یثبت عند اھل العلم عن احد من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ لم یرفع یدیہ ویروی ایضاً عن عدۃ من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم ما وصفنا۔

ترجمہ ..... حسن بصریؒ اور حمید بن ہلالؒ نے فرمایا کہ رسول ﷺ کے صحابہؓ رفع یدین کرتے تھے، ان دونوں نے کسی ایک صحابی کا استثناء نہیں کیا اور اہل علم کے نزدیک رسول ﷺ کے صحابہؓ میں سے کسی سے ثابت نہیں کہ اس نے رفع یدین نہیں کیا اور رسول ﷺ کے چند صحابہؓ سے وہی مروی ہے جو ہم نے بیان کیا۔

صحابہ کرامؓ اور رفع یدین :۔

امام بخاریؒ نے یہاں فرمایا ہے کہ کسی صحابی سے بھی یہ ثابت نہیں کہ وہ رفع یدین نہ کرتا ہو۔ یہاں صرف تکبیر تحریمہ کی رفع یدین مراد ہے، کیونکہ حمید بن ہلال کی روایت میں صرف رفع یدین کا ہی ذکر ہے۔ اگر رکوع کی رفع یدین مراد لیں تو ترمذی کے خلاف ہے۔ امام ترمذیؒ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی ترک رفع یدین کی حدیث ذکر کر کے فرماتے ہیں : و بہ یقول غیر واحد من اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم و التابعین وھو قول سفیان واھل الکوفۃ۔ (ترمذی) "یعنی صحابہ کرامؓ میں بہت سے اہل علم اور تابعینؒ رفع یدین نہیں کرتے تھے۔ یہی قول امام سفیان ثوریؒ اور اہل کوفہ کا ہے۔" نیز امام ترمذیؒ نے رفع یدین کرنے والے صحابہؓ میں بغیر کسی سند کے صرف چھ نام لئے ہیں : ابن عمر، جابر بن عبداللہ، ابو ہریرہؓ، انسؓ ابن عباسؓ، عبداللہ بن زبیرؓ، وغیرھم، حالانکہ ان سب سے ترک رفع یدین ثابت ہے۔

وکذلک روایتہ عن عدۃ من علماء اھل مکۃ و اھل الحجاز و اھل العراق والشام والبصرۃ والیمن وعدۃ من اھل خراسان منھم سعید

http://mujahid.xtgem.com

بن جبیر و عطاء بن ابی رباح و مجاهد و القاسم بن محمد و سالم بن عبدالله بن عمربن الخطاب وعمر بن عبد العزیز و النعمان بن ابی عیاش و الحسن و ابن سیرین و طاؤس و مکحول و عبد الله بن دینار و نافع مولیٰ عبد الله بن عمر و الحسن بن مسلم و قیس بن سعد وعدة کثیرة وکذلك یرویٰ عن ام الدرداء انهاکانت ترفع یدیها،وقدکان عبدالله بن المبارك یرفع یدیه وکذلك عامة اصحاب ابن المبارك منهم علی بن حسین وعبدالله بن عمرو یحییٰ بن یحییٰ ومحدثی اهل بخاری منهم عیسیٰ بن موسیٰ وکعب بن سعید و محمد بن سلام و عبد الله بن محمدالمسندی وعدة ممن لایحصیٰ لااختلاف بین من وصفنا من اهل العلم ،وکان عبد الله بن الزبیر وعلی بن عبدالله ویحییٰ بن معین و احمد بن حنبل و اسحاق بن ابراهیم یثبتون عامة هٰذه الاحادیث من رسول الله صلی الله علیه وسلم ویرونها حقا وهؤلآء اهل العلم من اهل زمانهم ۔ وکذلك روی عن عبد الله بن عمر بن الخطاب رضی الله عنهما۔

ترجمہ ..... اور اسی طرح اہل مکہ ، اہل حجاز اہل عراق ، اہل شام ، اہل بصرہ اور اہل یمن کے چند علماء سے روایت ہے اور چند علماء اہل خراسان سے ، ان میں سے سعید بن جبیرؒ ، عطاء بن ابی رباحؒ ، مجاہدؒ ، قاسم بن محمدؒ سالمؒ بن عبد اللہ بن عمر بن خطابؓ عمر بن عبد العزیزؒ ، نعمان بن ابی عیاشؒ ، حسنؒ ، ابن سیرینؒ ، طاؤسؒ ، مکحولؒ ، عبد اللہ بن دینارؒ ، نافعؒ مولیٰ عبد اللہ بن عمرؓ حسن بن مسلمؒ ، قیس بن سعدؒ اور کئی اور ہیں اور اسی طرح ام درداءؓ سے روایت ہے کہ وہ رفع یدین کرتی تھیں اور عبد اللہ بن مبارکؒ رفع یدین کرتے تھے ۔ اسی طرح آپؒ کے اکثر ساتھی ان میں علی بن الحسینؒ ، عبد اللہ بن عمرؒ ، یحییٰ بن یحییٰ ہیں اور اہل بخارا کے محدثین ان میں عیسیٰ بن موسیٰؒ ، کعب بن سعیدؒ ، محمد بن سلامؒ ، عبد اللہ بن محمدؒ ، مسندیؒ اور بے شمار

http://mujahid.xtgem.com

ائمہ ہیں۔ جن اہل علم کا ہم نے بیان کیا ہے ان کے درمیان کوئی اختلاف نہیں ہے۔ اور عبداللہ بن زبیر، حمیدی، علی بن عبداللہ مدینی، یحییٰ بن معین، احمد بن حنبل، اسحٰق بن ابراہیم، عام ان احادیث کو رسول ﷺ سے ثابت مانتے تھے اور اس کو حق سمجھتے تھے اور یہ اپنے زمانے کے اہل علم ہیں اور اسی طرح حضرت عبداللہ بن عمرؓ بن الخطاب سے روایت ہے۔

یہاں امام بخاریؒ نے سات علاقوں کے کل بائیس آدمی بغیر سند کے شمار کئے ہیں جو رفع یدین کی روایات کے راوی ہیں، اگرچہ ان کا خود رکوع کے وقت رفع یدین کرنا کسی صحیح سند سے ثابت نہیں۔ پھر چند اور بے سند نام لکھے ہیں کہ وہ رفع یدین کرتے تھے، مگر یہ تفصیل نہیں لکھی کہ کہاں کہاں کرتے تھے اور کہاں کہاں نہیں کرتے تھے۔ اس ابہام کا تو ایسا حال ہوگا کہ ہر شخص اپنی رفع یدین مراد لے سکے گا جیسے دو اور دو چار روٹیاں۔ بلکہ عنقریب صراحۃً آرہا ہے کہ ان میں سے اکثر سجدوں کے وقت بھی رفع یدین کرتے تھے۔ ان کے نزدیک بخاری و مسلم کی متفق علیہ حدیث کے مطابق نماز پڑھنا خلاف سنت ہے۔ جب امام بخاریؒ کا مسلک ان کے خلاف ہے (سجدوں کی رفع یدین کے مسئلہ میں) تو ان کے نام اپنی تائید میں پیش کرنا یہ قارئین کو مغالطہ میں ڈالنا ہے جو علمی شان کے خلاف ہے۔

(۲).....حدثنا علی بن عبد اللہ حدثنا سفیان حدثنا الزھری عن سالم بن عبد اللہ عن ابیہ قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یرفع یدیہ اذا کبر واذا رفع رأسہ من الرکوع ولایفعل ذلک بین السجدتین۔ قال علی بن عبد اللہ: و کان اعلم اھل زمانہ رفع الیدین حق علی المسلمین بما روی الزھری عن سالم عن ابیہ۔

ترجمہ ..... سالمؒ بن عبداللہؓ نے اپنے والد سے نقل کیا، انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول ﷺ کو دیکھا کہ رفع یدین کرتے ہیں جب تکبیر کہتے ہیں اور جب

http://mujahid.xtgem.com

رکوع سے سر اٹھاتے ہیں اور دو سجدوں کے درمیان (یعنی جلسہ میں) رفع یدین نہیں کرتے۔ علی بن عبد اللہ مدینیؒ جو اپنے زمانے کے بڑے عالم تھے فرماتے ہیں کہ رفع یدین کرنا مسلمانوں پر حق ہے (یہ کبھی شیعہ تھے کبھی سنی۔ (میزان ج ۳/ص ۱۳۹) یہ قول حالت تشیع کا ہے) اور ان کا یہ فیصلہ زہری عن سالم عن ابیہ کی روایت پر مبنی ہے۔

طریق سفیان بن عیینہ مکیؒ :۔

حضرت عبد اللہ بن عمرؓ کی حدیث کا یہ مکی طریق ہے۔ اس میں امام زہریؒ کے شاگرد امام سفیانؒ نے اذا رکع و اذا رفع راسہ کے بعد جزاء بیان نہیں کی۔ البتہ اس محذوف کو بعض لوگ رفع یدیہ اور بعض یرفع یدیہ نکالتے ہیں مگر انصاف کی بات یہ ہے کہ امام سفیان کے شاگرد امام عبد اللہ بن زبیر حمیدی نے جو کتاب خود مکہ میں بیٹھ کر مرتب فرمائی اس میں فلا یرفع ہے اور خود امام بخاریؒ بھی فرماتے ہیں کہ کتاب زیادہ قابل اعتماد ہوتی ہے اور ابو عوانہ میں بھی فلایرفعھما ہے۔ جب کہ دنیا بھر کی کتب حدیث میں سے کسی ایک کتاب میں بھی سفیان کی روایت میں رفع یدیہ یا یرفع یدیہ کی جزاء مذکور نہیں دکھائی جا سکتی ولو کان بعضھم لبعض ظھیرا۔ سفیان کے بتیس شاگردوں نے اس روایت میں جزاء ذکر نہیں فرمائی۔ نیز سفیان کے بتیس شاگرد یہی الفاظ روایت کرتے ہیں: ولا یرفع بین السجدتین۔ اس میں سجدوں کو جاتے یا سجدوں سے اٹھتے وقت رفع یدین نہ کرنے کا ذکر نہیں بلکہ بین السجدتین یعنی جلسہ کے وقت ہاتھ اٹھا کر بیٹھنے کا ذکر ہے کہ اس وقت ہاتھ نہیں اٹھاتے تھے۔

حدیث ابن عمرؓ = طریق سفیانؒ :۔

امام مسلمؒ نے اسی طریق کو اختیار کیا۔ بخاریؒ نے اپنی صحیح میں یہ طریق

http://mujahid.xtgem.com

نہیں لیا۔ یہ طریق مسند حمیدی ج ۲/ص ۲۷۷، ابن ابی شیبہ ج ۱/ص ۲۳۵، مسند شافعی، احمد، مسلم، ابو داؤد، ابن ماجہ، ابو عوانہ اور ابن حبان وغیرہ میں ہے اور رفع یدیہ کے الفاظ ہیں۔ البتہ ترمذی، نسائی اور ابن خزیمہ وغیرہ میں یرفع یدیہ ہے۔ یہ بھی قضیہ مہملہ ہی ہے

تعامل مکہ مکرمہ :۔

امام ابو داؤد اور ابن حبان میں ہے کہ میمون مکیؒ (جو طبقہ ثالثہ کا راوی ہے۔ جو کبار تابعین کا طبقہ ہے اور ان کو اکثر صحابہؓ سے لقاء و زیارت کا شرف حاصل ہے) نے حضرت عبداللہ بن زبیرؓ کو تحریمہ کے بعد رکوع کی رفع یدین کرتے دیکھا تو وہ حضرت عبداللہ بن عباسؓ کو اس کی رپورٹ یوں پیش کرتے ہیں: انی رأیت ابن الزبیر صلی صلاۃ لم أر احدا یصلیھا۔ "میں نے عبداللہ بن زبیرؓ کو ایسی نماز پڑھتے دیکھا کہ کبھی کسی کو ایسی نماز پڑھتے نہیں دیکھا تھا۔ اس سے معلوم ہوا کہ دور صحابہؓ و تابعینؒ میں مکہ مکرمہ میں عملی تواتر ترک رفع یدین کو حاصل تھا۔ رفع یدین کو کوئی جانتا بھی نہ تھا بلکہ اہل مکہ کا کسی کو رفع یدین کرتے نہ دیکھنا دلیل ہے کہ پوری اسلامی دنیا میں ترک رفع یدین ہی متواتر تھا کیونکہ مکہ مکرمہ میں تو ہر طرف سے لوگ آکر نماز پڑھتے رہتے ہیں۔ اسی طرح ایک تبع تابعی عبداللہ بن طاؤس نے یمن سے آکر حج کے موقع پر مسجد خیف مکہ مکرمہ میں رفع یدین کی تو حضرت نضر بن کثیرؒ نے اسے منکر جانا اور حضرت وہیب بن خالدؒ نے فرمایا کہ تو ایسا کام کرتا ہے جو ہم نے کسی کو کرتے نہیں دیکھا۔ (ابو داؤد، نسائی) یاد رہے کہ امام سفیانؒ ۱۶۳ھ میں کوفہ سے مکہ مکرمہ تشریف لائے پھر وفات تک یہیں رہے اور وہیب بن خالدؒ کی وفات ۱۶۵ھ کے بعد ہوئی ہے۔ اس وقت تک مکہ مکرمہ میں کوئی رفع یدین نہ کرتا تھا، حتیٰ کہ سفیانؒ بھی کرتے ہوتے تو وہیبؒ یوں نہ فرماتے کہ ہم نے کسی کو نہیں دیکھا۔ مکہ مکرمہ کا یہ متواتر تعامل مسند حمیدی کے الفاظ کا زبردست مؤید ہے۔

http://mujahid.xtgem.com

(۳)..... حدثنا مسدد حدثنا یحییٰ بن سعید حدثنا عبد الحمید بن جعفر حدثنا محمد بن عمرو قال : شهدت ابا حمید فی عشرة من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم احدهم ابو قتادة بن الربعی رضی الله عنه یقول : انا اعلمکم بصلاة رسول الله صلی الله علیه وسلم قالوا: کیف ؟ فوالله ما کنت اقدمنا له صحبة ولا اکثرنا له اتباعاً قال: بل رقبته قالوا:فاذکر قال :کان اذا قام الی الصلاة رفع یدیهٖ واذا رکع واذا رفع رأسه من الرکوع واذاقام من الرکعتین فعل مثل ذلك .

ترجمہ..... محمد بن عمرو نے بیان کیا کہ میں حضرت ابو حمیدؓ کے پاس حاضر ہوا جب کہ وہ دس صحابہؓ کے درمیان موجود تھے ان میں سے ایک ابو قتادہؓ تھے۔ انہوں نے فرمایا کہ میں تم میں سب سے زیادہ حضور ﷺ کی نماز کو جاننے والا ہوں۔ انہوں نے کہا کیسے ؟ اللہ تعالیٰ کی قسم نہ ہم سے پہلے تم کو صحابی بننے کا شرف حاصل ہے اور نہ ہی تم نے ہم سے زیادہ پیروی کی۔ انہوں نے فرمایا : نہیں بلکہ میں نے آپ کی نماز کو پوری توجہ سے دیکھا ہے۔ انہوں نے کہا : پھر بتاؤ ؟ انہوں نے کہا رسول ﷺ جب نماز کے لئے کھڑے ہوئے تو رفع یدین کیا اور جب رکوع سے سر اٹھایا اور جب دو رکعات سے کھڑے ہوئے تو اسی طرح کیا۔

اذا قام من الرکعتین کے بارے میں ضروری وضاحت :۔

امام بخاریؒ کے استاد امام احمد بن حنبلؒ نے مسند احمد ج ۵ / ص ۴۲۴ پر اذا قام من السجدتین روایت کیا ہے اور امام بخاریؒ کے شاگرد امام ترمذیؒ نے بھی ترمذی ج ۱ / ص ۶۵ پر اذا قام من السجدتین ہی روایت کیا ہے۔ البتہ امام بخاریؒ نے سجدتین کو رکعتین سے بدل دیا ہے۔ البتہ اسی رسالہ میں نمبر ۱۰۲ پر امام بخاریؒ نے تسلیم فرمالیا کہ یہ سجدتین ہے۔

حدیث ابو حمیدؓ :۔

http://mujahid.xtgem.com

امام بخاریؒ نے اس حدیث کو صحیح بخاری ج ۱ / ص ۱۱۴ پر روایت کیا ہے۔ وہاں صرف تکبیر تحریمہ کی رفع یدین کا ذکر ہے اور کسی رفع یدین کا ذکر نہیں اور امام بخاریؒ کے نزدیک اگر ایک سند میں ذکر ہو دوسری میں نہ ہو تو وہ قبول نہیں کرتے۔ چنانچہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی روایت کا یہی جواب دیا ہے کہ سفیان کی روایت میں لم یعد ہے اور ابن ادریس کی روایت لم یعد نہیں اور ابن ادریس کی روایت کو اصح فرمایا ہے۔ اسی طرح یہاں پر صحیح بخاری کی روایت بمقابلہ ابو داؤد یقیناً اصح ہے کیونکہ رفع یدین والی روایت کے راوی جس نے یہ زیادتی بیان کی ہے یعنی عبدالحمید بن جعفر، اس کی سند سے امام بخاریؒ نے صحیح بخاری میں ایک روایت بھی نہیں لی۔ عبدالحمید بن جعفر کو امام سفیان ثوریؒ ضعیف کہا کرتے تھے۔ اس کا استاد محمد بن عمرو بن عطاء ہے اس کی پیدائش ۴۰ ھ میں ہوئی ہے۔ (تہذیب ج ۹ / ص ۳۷۴) اور اس روایت میں ابو قتادہ کا بھی ذکر ہے جب کہ امام طحاویؒ نے صحیح سند سے روایت کیا ہے کہ ابو قتادہ کی نماز جنازہ حضرت علیؓ نے پڑھائی تھی اور حضرت علیؓ کی شہادت ۴۰ھ میں ہوئی اور ابو قتادہؓ کی وفات ۳۸ھ میں ہوئی تو محمد بن عمرو بن عطاء جو ان کی وفات کے دو سال بعد پیدا ہوئے، اس میں ابو قتادہؓ کیسے قبر سے اٹھ کر آ گئے۔ اگرچہ ایک ضعیف قول دوسرا بھی ہے مگر اذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال۔

(٤) ..... قال البخاری : سالت ابا عاصم عن حدیث عبد الحمید بن جعفر فقال : حدثنی عبد اللہ بن محمد عنہ حدثنا عبد الحمید بن جعفر حدثنا محمد بن عمرو بن عطاء قال : شهدت ابا حمید فی عشرة من اصحاب النبی صلی اللہ علیه وسلم احدهم ابو قتادة بن ربعی قال : انا اعلمکم بصلاة النبی صلی اللہ علیه وسلم فذکر مثله فقالوا کلهم : صدقت .

ترجمہ ..... امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ میں نے ابو عاصم سے عبدالحمید بن

http://mujahid.xtgem.com

جعفر کی حدیث کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے کہا کہ مجھ سے عبداللہ بن محمد نے، ان سے عبدالحمید بن جعفر نے، ان سے محمد بن عمرو بن عطاء نے بیان کیا کہ میں ابو حمید الساعدیؓ کے پاس حاضر ہوا جب کہ وہ دس صحابہؓ کے درمیان موجود تھے۔ ان میں ایک ابو قتادہ بن ربعی تھے، انہوں نے فرمایا کہ میں تم میں سب سے زیادہ رسول اللہ ﷺ کی نماز کا عالم ہوں پھر اسی طرح ذکر کیا تو سب نے کہا کہ آپ نے سچ فرمایا (کہ اس نماز کو تو ہی جانتا ہے اور کسی کے علم میں نہیں اور عمل تیرا بھی نہیں کیونکہ اعلمکم فرمایا نہ کہ اعملکم)۔

امام بخاریؒ کو اب اپنی صحیح پر شاید اعتماد نہیں رہا، بخاری ج ۱/ص ۱۱۴ پر ابو حمیدؓ کی حدیث ہے، اس میں تحریمہ کی رفع یدین کے علاوہ کسی رفع یدین کا ذکر نہیں۔ عبدالحمید بن جعفر اس ذکر میں منفرد ہے اور یہ الفاظ کہ سامعین نے سن کر صدقت کہا، اس جملہ کی روایت میں بھی بقول امام طحاویؒ ابو عاصم منفرد ہے اور اس قسم کے تفردات امام بخاریؒ کے ہاں قابل قبول نہیں۔

نوٹ..... یہ مجلس مدینہ منورہ میں منعقد ہوئی جس میں دس صحابہ کرامؓ بھی تھے اور حضرت ابو حمیدؓ نے اس مجلس میں فرمایا: انا اعلمکم بصلاۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم یعنی میں نبی پاک ﷺ کی نماز تم سے زیادہ جانتا ہوں۔ انہوں نے پوچھا کہ کونسا مسئلہ تو زیادہ جانتا ہے؟ تو ابو حمیدؓ نے رکوع کی رفع یدین کا مسئلہ بتایا تو سب نے تصدیق کی کہ واقعی یہ مسئلہ تو ہی جانتا ہے۔ اس سے تو یہ معلوم ہوا کہ ۶۰ھ سے پہلے اہل مدینہ صحابہ کرامؓ رفع یدین کو جانتے تک نہ تھے تو عمل کہاں؟ اور ابو حمیدؓ نے بھی انا اعلمکم فرمایا نہ کہ انا اعملکم فرمایا۔ گویا مسئلہ رفع یدین ان دس صحابہؓ میں سے کسی کے نہ علم میں تھا نہ عمل میں، البتہ ابو حمیدؓ کے علم میں تو تھا عمل میں ان کے بھی نہ تھا۔ اس سے واضح ہو گیا کہ مدینہ منورہ میں عملی تواتر ترک رفع یدین کو حاصل تھا۔

http://mujahid.xtgem.com

(۵) ..... اخبرنا عبد الله بن محمد حدثنا عبد الملك بن عمرو حدثنا فليح بن سليمان حدثني عباس بن سهل قال : اجتمع ابو حميد وابو اسيد وسهل ابن سعد و محمد بن مسلمة فذكروا صلاة رسول اللهصلى الله عليه وسلم فقال أبو حميد : انا اعلمكم بصلاة رسول اللهصلى اللهعليه وسلم قال فكبر فرفع يديه ثم رفع يديه حين كبر للركوع فوضع يديه علىٰ ركبتيه۔

ترجمہ ..... عباس بن سہل سے روایت ہے کہ ابو حمیدؓ، ابو اسیدؓ، سہل بن سعدؓ اور محمد بن مسلمہؓ ایک جگہ جمع ہوئے تو سب نے رسول اللہ ﷺ کی نماز کا تذکرہ کیا تو حضرت ابو حمیدؓ نے فرمایا: میں تم میں رسول اللہ ﷺ کی نماز کا زیادہ جاننے والا ہوں۔ کھڑے ہوئے، تکبیر کہی تو دونوں ہاتھ اٹھائے، پھر ہاتھ اٹھائے جب تکبیر کہی رکوع کے لئے، پھر دونوں ہاتھ رکھے گھٹنوں پر۔

(٦) ..... حدثنا عبيد بن يعيش حدثنا يونس بن بكير انا ابو اسحاق عن العباس بن سهل الساعدى قال : كنت بالسوق مع ابى قتادة و ابى اسيد و ابى حميد كلهم يقولون : انا اعلمكم بصلاة رسول الله صلى الله عليه وسلم فقالوا لا حدهم : صل فكبر ثم قرأثم كبر و ركع فقالوا: اصبت صلاة رسول الله صلى الله عليه وسلم۔

ترجمہ ..... عباس بن سہل الساعدی سے روایت کہ میں بازار میں ان حضرات کے ساتھ تھا: ابو قتادہؓ، ابو اسیدؓ، اور ابو حمیدؓ۔ یہ سب فرمارہے تھے کہ میں رسول اللہ ﷺ کی نماز کا زیادہ جاننے والا ہوں، توانہوں نے ایک سے کہا کہ نماز پڑھ کر دکھاؤ، توانہوں نے تکبیر کہی پھر قرأت کی پھر تکبیر کہی اور رکوع کیا تو سب نے کہا کہ تم نے رسول اللہ ﷺ کی نماز پائی ہے۔

(۶،۵) یہ بھی ابو حمید ساعدیؓ کی حدیث ہے، اس میں دس صحابہؓ کی بجائے

http://mujahid.xtgem.com

صرف چار کا ذکر ہے، ابو حمیدؓ (۶۰ھ)، ابو اسیدؓ (۳۰ھ یا ۶۰ھ)، سہل بن سعدؓ (۸۸ھ) اور محمد بن مسلمہؒ (بعد ۴۰ھ کے)۔ یہ حضرت محمد بن مسلمہؒ حضرت علیؓ کی حیات میں ۴۰ھ سے پہلے ہی روپوش ہو گئے تھے، اسلئے یہ مجلس ۴۰ھ یا ۳۸ھ سے پہلے ہوئی جب کہ محمد بن عمرو بن عطاء ابھی ماں کے پیٹ میں بھی نہیں آئے تھے اور اگر محمد بن عمرو بن عطاء کی سن تمیز میں یہ مجلس منعقد ہوئی تو مردوں کو قبر سے کیسے بلایا گیا؟ عجیب بات ہے کہ ۴۰ھ میں نبی پاک ﷺ کے شہر مدینہ منورہ میں کتنے صحابہ کرامؓ حیات تھے مگر ان زندوں میں کوئی بھی رفع یدین کو نہ جانتا تھا اس لئے مردوں کی قبریں اکھاڑ کر رفع یدین کیلئے ایک مردہ کا نفرس قائم کی گئی۔ جب مدینہ منورہ میں کوئی رفع یدین کو جانتا تک نہ تھا تو عمل کہاں؟ اس سے ظاہر ہوا کہ دور صحابہ کرامؓ میں تعامل اہل مدینہ ترک رفع یدین پر تھا۔ ان دو سندوں میں نہ صدقت کا جملہ ہے نہ رکعتین کا لفظ نہ سجدتین کا۔ امام بخاریؒ نے یہاں ابو حمیدؓ کی حدیث کے تین طریق ذکر کئے ہیں، پہلے طریق میں چار رکعت میں دس یا بارہ جگہ رفع یدین کا ذکر ہے جس کا ائمہ اربعہ میں سے کوئی بھی قائل نہیں، دوسرے میں پانچ جگہ رفع یدین کا ذکر ہے۔ تیسرے طریق میں ایک رفع یدین کا بھی ذکر نہیں، اس کا بھی کوئی قائل نہیں تو یہ تینوں طریق بالاجماع متروک العمل ہیں۔ ہاں ابو حمیدؓ کی جو حدیث بخاری نے ج ۱/ ص ۱۱۴ پر روایت کی ہے اس پر خیر القرون میں متواتر عمل تھا، اسی پر عمل کرنا چاہئے۔

نوٹ..... نمبر ۶ میں ابو اسحاق السبیعی کو بدل کر جلال پور پیر والا نے ابن اسحاق کر دیا ہے۔ نسخہ "اسوہ سید الکونین" اور جزء رفع یدین مطبوعہ دہلی میں ابو اسحاق ہی ہے۔

(۷) ..... حدثنا ابو الولید هشام بن عبد الملك و سلیمان بن حرب قالا حدثنا شعبة عن قتادة عن نصر بن عاصم عن مالك بن الحویرث رضی

http://mujahid.xtgem.com

الله عنه قال : كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا كبر رفع يديه و اذا ركع و اذا رفع راسه من الركوع۔

ترجمہ..... نصر بن عاصم سے روایت ہے کہ حضرت مالک بن حویرثؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے جب تکبیر کہی تو رفع یدین کی اور جب رکوع کیا اور جب رکوع سے سر اٹھایا۔

امام بخاریؒ حضرت مالک بن حویرثؓ کی حدیث لائے ہیں۔ یہ آنحضرت ﷺ کی خدمت میں صرف ۲۰ رات رہے۔ (صحیح بخاری ج ۱/ص ۸۷) یہ بصرہ میں رہتے تھے۔ آنحضرت ﷺ نے ان کو حکم فرمایا تھا کہ اپنے ساتھیوں کو نماز سکھانا، صحیح بخاری ج ۱/ص ۱۱۳ پر ہے کہ انہوں نے جاکر نماز سکھائی، اس میں رفع یدین کا نشان تک نہیں۔ پھر بصرہ شہر اہل سنت کا مرکز تھا مگر رفع یدین کی روایت آپنے ایک خارجی نصر بن عاصم اور ایک ناصبی ابو قلابہ کے سوا کسی کے سامنے بیان نہیں کی۔ یہ طریق نصر بن عاصم کا ہے۔ امام بخاریؒ نے اس رسالہ میں چار جگہ اس کو روایت کیا ہے، اگرچہ صحیح بخاری میں یہ جگہ نہ پا سکی۔ نمبر ۷ پر رکوع جاتے اور رکوع سے سر اٹھاتے وقت دونوں جگہ رفع یدین کا کوئی ذکر ہے۔ البتہ نمبر ۵۴، ۶۶، ۱۰۲ پر رکوع جاتے وقت رفع یدین کا کوئی ذکر نہیں۔ امام بخاریؒ کے استاد امام احمد بن حنبلؒ نے مسند احمد ج ۳/ص ۴۳۶، بخاری کے شاگرد نسائی نے اپنی سنن میں ج ۱/ص ۱۶۵ اور ابو عوانہ نے اپنی صحیح میں ج ۲/ص ۹۵ پر اس طریق میں سجدوں کی رفع یدین کا ذکر بھی کیا ہے مگر امام بخاریؒ نے اس کا نام تک نہیں لیا۔ یہ حدیث مسلم ج ۱/ص ۱۶۸، نسائی ج ۱/ص ۱۶۵ اور جزء بخاری نمبر ۵۴، ۶۶، ۱۰۲ پر موجود ہے جس میں کانوں تک ہاتھ اٹھانے کا ذکر ہے۔ غیر مقلدین نہ تو کانوں تک ہاتھ اٹھاتے ہیں اور نہ سجدوں سے پہلے اور اٹھتے وقت رفع یدین کرتے ہیں۔ گویا اپنے اصول پر ہر ایک رکعت میں چار سنتیں ضائع کرتے ہیں،

http://mujahid.xtgem.com

چالیس نیکیوں سے محروم رہتے ہیں اور ہر رکعت میں چار لعنتوں کے حق دار ہوتے ہیں۔ امام حسن بصریؒ فرماتے ہیں کہ سجدوں کے وقت رفع یدین کرنا رسول اللہ ﷺ کی نماز ہے۔ فعله من فعله و ترکه من ترکه (ابو داؤد) معلوم ہوا کہ بصرہ میں جو رفع یدین کرتے تھے وہ سجدوں کے وقت بھی کرتے تھے اور جو نہ کرتے تھے وہ رکوع کے وقت بھی نہیں کرتے تھے۔ دونوں عمل امام بخاریؒ کے کے خلاف ہیں۔ غیر مقلدین کہا کرتے ہیں کہ حضرت مالک بن حویرثؓ ۱۰ھ میں ایمان لائے تو بقول ان کے ۱۰ھ تک سجدوں کی رفع یدین ثابت اور تیسری رکعت کے شروع کی رفع یدین متروک تھی۔ اب ان دونوں باتوں کا منسوخ ہونا گیارہ ہجری کی ابتداء میں ثابت کریں کیونکہ ۱۲ ربیع الاول ۱۱ھ میں حضور ﷺ کا وصال ہو گیا۔

(۸) .....حدثنا محمد بن عبد الله بن حوشب حدثنا عبد الوهاب حدثنا حميد عن انس رضی الله عنه قال : كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يرفع يديه عند الركوع۔

ترجمہ ..... حمید نے حضرت انسؓ سے نقل کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ رکوع کے وقت رفع یدین کرتے تھے۔

حضرت انسؓ سے عاصم اس حدیث کو موقوفاً روایت کرتے ہیں۔ (نمبر ۲۰، ۲۵) اور حضرت انسؓ کے دوسرے شاگرد حمید ہیں، ان سے عبد الاعلیٰ (نمبر ۴۷) اور معاذ بن معاذ (ابن ابی شیبہ ج ۱/ ص ۲۳۵) موقوف روایت کرتے ہیں اور عبد الوہاب مرفوع کرنے میں اکیلا ہے جب کہ عبد الرحمٰن بن الاصم حضرت انسؓ سے رسول اکرم ﷺ اور ابو بکرؓ، عمرؓ اور عثمانؓ کی نماز کا طریقہ روایت کرتے ہیں مگر صرف تکبیرات کا ذکر کرتے ہیں، رفع یدین کا نام تک نہیں لیتے۔ (طیالسی ص ۲۷۶، عبد الرزاق ج ۲/ ص ۶۴، ابن ابی شیبہ ج ۱/ ص ۲۴۰، مسند احمد ج ۳/ ص ۱۲۵) یہ چاروں امام بخاریؒ کے استاد ہیں۔ ان کی صحیح روایت میں رفع

http://mujahid.xtgem.com

یدین کا ذکر نہیں ہے۔ حضرت انسؓ سے ہی دوسری روایت مسند شافعی ج ۱/ ص ۸۰ پر ہے، اس میں بھی رفع یدین کا کوئی ذکر نہیں۔ پھر ابن ابی شیبہ ج ۱/ ص ۲۳۵، مسند ابی یعلی ج ۲/ ص ۸۸، ابو عوانہ ج ۲/ ص ۹۵، دار قطنی ج ۱/ ص ۲۹۰، المحلی ابن حزم ج ۲/ ص ۲۹۶ پر سجدوں کی رفع یدین کا بھی ذکر ہے۔ خلاصہ یہ کہ صحیح احادیث میں تو سرے سے رفع یدین کا ذکر ہی نہیں اور ضعیف روایت میں رفع یدین کا ذکر ہے مگر ایک تو اس کا مرفوع ہونا درست نہیں کیونکہ عبدالوہاب منفرد ہے اور اس میں سجدوں کی رفع یدین کا بھی ذکر ہے۔ اب اگر یہ قاعدہ مانا جائے کہ مرفوع ہونا زیادت ہے اس لئے رفع ثابت ہے تو سجود کی رفع یدین بھی زیادت ہے وہ بھی قبول کرنا ہوگی اور اگر زیادت قبول نہ کریں تو صرف تکبیرات کا ثبوت ہوگا اور بس باقی ہوس اور مواظبت کا تو اشارہ تک کسی روایت میں نہیں ملتا جو اثبات سنیت کے لئے ضروری ہے۔

(۹) ..... حدثنا اسماعیل حدثنا ابن ابی الزناد عن موسیٰ بن عقبة عن عبد اللہ بن الفضل عن عبدالرحمن بن هرمز الاعرج عن عبد اللہ بن ابی رافع عن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنه ان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم کان اذا قام الی الصلاة المکتوبة کبر و رفع یدیه حذو منکبیه و اذا اراد ان یرکع و یصنعه اذا رفع راسه من الرکوع ولا یرفع یدیه فی شئ من صلاته و هو قاعد و اذا قام من السجدتین رفع یدیه کذلك و کبر۔

ترجمہ..... حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب فرض نماز کے لئے کھڑے ہوئے تو تکبیر کہی اور رفع یدین کی کندھوں تک اور جب رکوع کا ارادہ کیا اور یہی کرتے تھے جب سر اٹھاتے رکوع سے اور بیٹھنے کی حالت میں کہیں بھی رفع یدین نہیں کرتے تھے اور جب دو سجدوں کے بعد کھڑے ہوئے تو رفع یدین کی

http://mujahid.xtgem.com

اسی طرح اور تکبیر کہی (یعنی دوسری اور چوتھی رکعت کے شروع میں)
حدیث علیؓ کی بحث نمبر ا پر گزر گئی ہے۔

(۱۰) .....حدثنا ابو نعیم الفضل بن دکین انبانا قیس بن سلیم العنبری قال سمعت علقمة بن وائل بن حجر حدثنی ابی قال: صلیت مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فکبر حین افتتح الصلاة و رفع یدیه ثم رفع یدیه حین اراد ان یرکع و بعد الرکوع۔

ترجمہ ..... حضرت علقمہ بن وائل اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ میں نے نماز پڑھی حضور ﷺ کے ساتھ تو تکبیر کہی جب نماز شروع کی اور رفع یدین کی پھر رفع یدین کی جب رکوع کا ارادہ کیا اور رکوع کے بعد۔

حضرت وائل بن حجرؓ کی حدیث امام بخاریؒ کے دادا استاد امام محمدؒ نے موطا میں ذکر فرمائی، جس میں امام ابراہیم نخعیؒ تابعی نے نفس ثبوت رفع یدین کو تو تسلیم فرمایا مگر اس کے بقاء کا شدت سے انکار فرمایا اور رفع یدین متنازعہ فیہ کو تواتر علمی و عملی کے خلاف قرار دیا۔ (موطا محمد ص ۹۰) اور مسند امام اعظیم میں تو امام ابراہیم نخعی کا فرمان ہے کہ حدثنی من لا احصی من عبد اللہ بن مسعود انه رفع یدیه فی بدء الصلاة فقط و حکاه عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔ (ص ۴۷) اس میں ترک رفع یدین کی حدیث کو سند ابھی متواتر قرار دیا۔ نیز امام بخاریؒ سے پہلے طیالسی نے رقم ۱۰۲۱ پر اور امام احمدؒ نے مسند احمد ج ۴ / ص ۳۱۶ پر یوں روایت کیا ہے عن وائل انه صلی مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فکان یکبر اذا خفض و اذا رفع و یرفع یدیه مع التکبیر و یسلم عن یمینه و یساره۔ اس میں صرف پہلی تکبیر کی رفع یدین اور باقی صرف تکبیرات کا ذکر ہے اس کے بعد امام ابو داؤد نے حدیث وائل کے طرق کو جمع فرمایا ہے۔ ج ۱ / ص ۱۰۵ پر پہلے محمد بن جحادہ کا طریق لائے ہیں جس میں رکوع کے ساتھ سجدوں کے وقت رفع یدین کا بھی

http://mujahid.xtgem.com

ذکر ہے۔ پھر عاصم بن کلیب کا طریق لائے ہیں جس میں رکوع کی رفع یدین کا ذکر ہے۔ سجدوں کی رفع یدین کی نہ نفی ہے اور نہ ذکر ہے۔ اس کے بعد عاصم بن کلیب ہی کے طریق سے حضرت وائلؓ کی دوسری آمد کا ذکر ہے جس میں صرف تکبیر تحریمہ کی رفع یدین کا ذکر ہے۔ رکوع اور سجود کی رفع یدین کی نہ نفی ہے نہ ذکر۔ اب اگر ابو داؤد کی ترتیب کو سامنے رکھیں تو بات صاف ہے کہ پہلے سجدوں کے وقت بھی رفع یدین تھی، پھر رکوع کی رہ گئی اور آخر میں صرف تحریمہ کی رہ گئی اور اگر کوئی ضد کرے کہ رکوع کی رفع یدین زیادت ہے، اس کو قبول کرنا چاہئے تو پھر سجدوں کی رفع یدین بھی زیادت ہے اس کو بھی قبول کرنا چاہئے الغرض اگر سیدھی ترتیب رکھیں تو حنفی بنتا ہوگا، اگر الٹے نیچے سے اوپر کو چلیں تو شیعہ بنتا ہوگا۔ یہ خوب یاد رہے کہ حضرت وائل بن حجرؓ کی دوسری آمد کے وقت شروع نماز کی رفع یدین کے علاوہ کسی رفع یدین کا ذکر نہیں ملتا اور تیسری رکعت کے شروع والی رفع یدین کا ذکر نہ پہلی آمد میں ملتا ہے نہ دوسری میں۔ امام بخاریؒ نے اس رسالہ میں نمبر ۱۰، ۲۳، ۳۱، ۷۰، ۷۶، ۷۲، پر پانچ جگہ روایت کیا ہے مگر کسی ایک جگہ بھی مکمل روایت نہیں کی اور یہ بھی یاد رہے کہ حضرت وائل بن حجرؓ مستقل کوفہ میں آباد ہو گئے تھے وہیں ان کا وصال ہوا اور کوفہ میں ترک رفع یدین پر اجماع تھا۔ اس لئے کوئی شخص یہ ثابت نہیں کر سکتا کہ حضرت وائل بن حجرؓ نے اپنی آخری زندگی میں جو کوفہ میں گزاری تھی ایک دن بھی پہلی تکبیر کے بعد کسی نماز میں رفع یدین کی ہو۔

ایک غلط فہمی :۔

حضرت امام بخاریؒ نے نمبر ۳۱ پر حضرت وائل بن حجرؓ کی دونوں آمدوں کا ذکر فرمایا ہے اور دوسری آمد کے ذکر کے بعد فرمایا ہے۔ قال البخاری ولم یستثن وائل من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم احدا اذا صلوا مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ لم یرفع یدیہ۔ یہاں بات پوری نہ ہونے کی

http://mujahid.xtgem.com

وجہ سے مغالطہ ہو رہا ہے۔ ابو داؤد ج ۱ / ص ۱۰۵ پر دوسری آمد میں صرف شروع نماز کی رفع یدین کا ذکر ہے اور یہ حقیقت واقعی ہے کہ تحریمہ کی رفع یدین نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم اور سب صحابہؓ بلا استثناء کرتے تھے۔ اس لئے حضرت وائل نے کسی کو مستثنیٰ نہ فرمایا۔ دوسری آمد میں افتتاح کے علاوہ کسی رفع یدین کا ذکر قطعاً نہیں ملتا۔ اس لئے یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ آخر میں سب صحابہ کرامؓ کا اجماع صرف شروع نماز کی رفع یدین پر ہو گیا یا کم از کم ان کا جو آخر دور نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں مدینہ منورہ میں آباد تھے۔

(۱۱) ..... قال البخاری : وروی ابو بکر النهشلی عن عاصم بن کلیب عن ابیه ان علیاً رضی الله عنه رفع یدیه فی اول التکبیر ثم لم یعد بعد۔ وحدیث عبید الله هو شاهد فاذا روی رجلان عن محدث قال احدهما: رأیته فعل وقال الآخر : لم اره فالذی قال : رأیته فعل فهو شاهد و الذی قال : لم یفعل فلیس هو بشاهد لانه لم یحفظ الفعل و هٰکذا قال عبد الله بن الزبیر کشاهدین شهدا ان لفلان علی فلان الف درهم باقراره و شهد آخر انه لم یقر بشئ یعمل بقول الشاهدین و یسقط ما سواه و کذلك قال بلا ل: رأیت النبی صلی الله علیه وسلم صلی فی الکعبة وقال الفضل بن عباس لم یصل و اخذ الناس بقول بلال لانه شاهد ولم یلتفتوا الی قول من قال : لم یصل حین لم یحفظ قال عبد الرحمٰن بن مهدی : ذکرت للثوری حدیث النهشلی عن عاصم بن کلیب فانکره۔

ترجمہ ..... امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ ابو بکر نہشلی نے عاصم بن کلیب سے، انہوں نے اپنے والد سے روایت کی کہ حضرت علیؓ نے پہلی تکبیر میں رفع یدین کی پھر دوبارہ نہیں کی۔ عبید اللہ کی حدیث شاہد ہے۔ پس جب دو آدمی ایک محدث سے روایت کریں، ایک کہے کہ میں نے کرتے دیکھا، دوسرا کہے کہ میں

http://mujahid.xtgem.com

نے کرتے نہیں دیکھا تو جو کرنے کی روایت کرتا ہے وہ شاہد ہے اور جو کہتا ہے کہ نہیں کیا وہ شاہد نہیں ہے۔ اس لئے کہ اس نے کرنے کو یاد نہیں رکھا اور اسی طرح عبداللہ بن زبیر حمیدی نے کہا کہ جیسے دو گواہ ہیں، انہوں نے گواہی دی کی فلاں کے فلاں پر ہزار درہم ہیں، اس کے اقرار سے دوسرے دو گواہوں نے گواہی دی کہ اس نے کسی چیز کا اقرار نہیں کیا تو شاہدین کی بات مان لی جائے گی اور ان کے علاوہ کی بات ساقط ہے اور اسی طرح حضرت بلالؓ نے فرمایا کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کعبہ میں نماز پڑھتے دیکھا اور فضل بن عباسؓ فرماتے ہیں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز نہیں پڑھی اور لوگوں نے حضرت بلالؓ کی بات کو لیا اس لئے کہ وہ شاہد ہے اور اس کے قول کی طرف کوئی توجہ نہیں کی جو نماز نہ پڑھنے کی بات بیان کرتا ہے جب کہ اس نے یاد نہیں رکھا۔ (اس اصول کے تحت سجدوں کی رفع یدین نقل کرنے والا شاہد ہے اور سجدوں کی رفع یدین نقل نہ کرنے والا شاہد نہیں لہذا شاہد کی بات ماننی چاہئے) عبدالرحمٰن بن مہدی نے کہا کہ میں نے سفیان ثوریؒ کے سامنے نہشلی کی حدیث ذکر کی تو انہوں نے کہا کہ منکر ہے (اپنی ناواقفیت کا اظہار کیا قوم منکرون)۔

بحث حدیث علیؓ :۔

حضرت امام بخاریؒ نے نمبر ۱ اور ۹ پر حضرت علیؓ کی رفع یدین کرنے والی روایت ذکر فرمائی، جس پر مکمل بحث نمبر ۱ کے تحت گزر چکی اور وہیں ہم نے ابو بحر النہشلی کی سند سے حضرت علیؓ سے حدیث نقل کی کہ آنحضرت ﷺ تحریمہ کے بعد رفع یدین نہیں کرتے تھے۔ امام بخاریؒ دونوں کو گویا ایسا ہی صحیح مانتے ہیں جیسا کہ یہ دونوں حدیثیں صحیح ہیں کہ حضرت بلالؓ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو خانہ کعبہ میں نماز پڑھتے دیکھا اور حضرت فضل بن عباسؓ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ نے کعبہ میں نماز نہیں پڑھی۔ امام بخاریؒ ان دونوں حدیثوں کو صحیح مانتے ہیں لیکن حدیث

http://mujahid.xtgem.com

بلالؓ کو شاہد قرار دیتے ہیں کہ ان کے پاس نماز پڑھنے کا علم و مشاہدہ ہے اور فضل عدم علم کو بیان کر رہے ہیں اس لئے نماز پڑھنے والی حدیث کو مان لیا جائے گا اور نفی کو عدم علم پر محمول کیا جائے گا۔ اسی طرح رفع یدین والی حدیث شاہد ہے اسے مانا جائے گا اور ترک رفع والی کو عدم علم پر محمول کیا جائے گا، لیکن امام بخاریؒ کا یہ قیاس صحیح نہیں۔ اولاً تو اس لئے کہ نماز کے شاہد حضرت بلالؓ ہیں اور نافی حضرت فضلؓ ہیں اور یہاں دونوں بیان ایک ہی شخص حضرت علیؓ کے ہیں۔ دوسرے یہ کہ یہ تعارض جب ہو گا کہ آنحضرت ﷺ کا داخلہ کعبہ شریف میں ایک ہی دفعہ مانا جائے اور اگر متعدد بار مانا جائے تو ایک دفعہ نماز ادا فرمائی جیسے بلالؓ نے بیان کر دیا اور دوسری دفعہ نماز ادا نہ فرمائی اس کو فضلؓ نے بیان فرما دیا۔ اسی طرح حضرت علیؓ کی ان دو روایات میں تعارض جب ہی ہو گا کہ رسول اقدس ﷺ نے پوری زندگی میں صرف ایک ہی نماز پڑھی ہو اور ایک ہی نماز کے بارے میں حضرت علیؓ کے بیانات مختلف ہوں۔ کبھی فرمائیں کہ اس نماز میں رفع یدین کی تھی اور کبھی فرمائیں کہ اسی نماز میں رفع یدین نہیں کی تھی اور اگر یہ الگ الگ نمازوں کا واقعہ ہو تو تعارض کہاں؟ دونوں طرف قضیہ مہملہ ہے اور مہملہ کی نقیض نہیں ہوتی۔ بات صاف ہے کہ اگر دونوں حدیثیں صحیح ہیں تو ایک زمانہ میں رفع یدین کرتے دیکھا اور ایک وقت میں کرتے نہ دیکھا۔ اب حضرت علیؓ کا حضور ﷺ کے بعد رفع یدین نہ کرنا دلیل ہے کہ یہ ترک آخر میں دیکھا اور اسی پر حضرت علیؓ اور آپ کے اصحاب جمے رہے اور کیا امام بخاریؒ سجدوں کی رفع یدین اور ہر تکبیر کی رفع یدین کو بھی شاہد قرار دیں گے اور سجدوں میں ترک رفع یدین کی احادیث کو ترک فرما دیں گے؟

(۱۲) ..... حدثنا عبد الله بن يوسف انبانا مالك عن ابن شهاب عن سالم عن ابيه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يرفع يديه حذو منكبيه اذا افتتح الصلاة و اذا كبر للركوع و اذا رفع راسه من الركوع

http://mujahid.xtgem.com

رفعهما كذلك و كان لا يفعل ذلك في السجود۔

ترجمہ ..... سالم بن عبد اللہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کندھوں تک ہاتھ اٹھاتے تھے جب نماز شروع فرماتے تھے اور جب رکوع کے لئے تکبیر کہتے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے تو اسی طرح ہاتھ اٹھاتے اور سجدوں کے اندر یہ نہیں کرتے (یعنی حالت سجدہ میں)

یہ حدیث امام مالکؒ سے تقریباً تیس شاگردوں نے روایت کی ہے۔ (التمہید لابن عبد البر ج ۹) امام مالکؒ نے موطا میں اس پر باب افتتاح الصلاۃ باندھا ہے کیونکہ نماز کے شروع کی تکبیر کی رفع یدین معارض سے سالم ہے۔ نہ کوئی نص اس کے معارض ہے اور نہ تعامل اور رکوع کی رفع یدین سے نص بھی متعارض ہے اور تعامل اہل مدینہ بھی۔

(۱)..... موطا میں رفع یدیہ ہے یہی موطا محمد، احمد، دارمی، ابو عوانہ، طحاوی اور ابن حبان میں ہے، مگر امام بخاریؒ نے اس کو کان یرفع یدیہ بنادیا ہے حالانکہ امام بخاریؒ کے نزدیک کتاب زیادہ محفوظ ہے۔

(۲)..... موطا میں اذا کبر للرکوع نہیں ہے اور امام بخاریؒ نے یہ اضافہ کر لیا ہے جس سے چار رکعت میں چار رفع یدین کا اضافہ ہو گیا ہے اور امام بخاریؒ کے ہاں کتاب زیادہ محفوظ سمجھی جاتی ہے۔ جب ابن ادریس کی کتاب جس پر صرف یحییٰ بن آدم کی نظر پڑی وہ محفوظ ہے زبانی روایت سے تو موطا متواتر کتاب ہے اس کو کیوں محفوظ نہ مانا گیا۔

(۳)..... موطا میں اس حدیث کا مرفوع ہونا ہی مشکوک تھا، کیونکہ سالم اسکو مرفوع کرتا ہے اور نافع موقوف۔ سالم کی سند مالک عن زہری عن سالم عن ابن عمر ہے جس میں ابن عمرؓ تک دو واسطے ہیں اور نافع کی سند مالک عن نافع عن ابن عمر ہے اسلئے یہ سند پہلی سے عالی ہے اور امام بخاریؒ کے ہاں یہی سند سنہری ہے، مگر

http://mujahid.xtgem.com

امام بخاریؒ نے صرف اپنے مسلک کی حمایت میں اس سنہری سند کو یہاں نظر انداز فرمادیا۔

فرمان امام مالک :۔

امام مالکؒ فرماتے ہیں : لا اعرف رفع الیدین فی شئ من تکبیر الصلاۃ فی خفض ولا فی رفع الا فی افتتاح الصلاۃ ۔ (المدونۃ الکبریٰ ج ۱/ص ۷۱) "میں نہیں پہچانتا رفع یدین کو نماز کی کسی بھی تکبیر میں، نہ جھکتے ہوئے، نہ اٹھتے ہوئے سوائے ابتداء نماز کے۔" امام مالکؒ کے اس قول سے معلوم ہوا کہ اس سند کے مرکزی راوی زہری ہیں ان کے ۱۴ شاگرد ہیں، امام مالکؒ کے ۳۰ اور امام سفیانؒ کے ۳۲ شاگرد ہیں۔ گویا زہری سمیت یہ ۷۹ راوی ہیں۔ ان میں سے ایک بھی متنازعہ رفع یدین نہیں کرتا تھا ورنہ امام مالکؒ ضرور پہچانتے کیونکہ یہ سب امام مالکؒ کے ہم زمانہ ہیں اور امام مالکؒ کے قول سے یہ بھی واضح ہوا کہ اس دور میں نہ اہل مدینہ میں سے ہی کوئی متنازعہ رفع یدین کرتا تھا نہ کوئی باہر سے آکر ہی کرتا تھا، کیونکہ مدینہ شریف میں تو پوری اسلامی دنیا سے لوگ آتے رہتے ہیں اور نمازیں پڑھتے ہیں۔ اسی لئے اس قوی ترین متواتر تعامل کے مقابلہ میں امام مالکؒ کو رفع یدین کو ضعیف کہنا پڑا جو ایک حقیقت تھی قال ابن القاسم و کان رفع الیدین عن مالك ضعیفاً الا فی تکبیرۃ الاحرام۔ (المدونۃ الکبریٰ ج ۱/ص ۷۱)

کان لا یفعل ذلك فی السجود کا صحیح ترجمہ یہ ہے کہ جب سجدہ میں ہوتے تو ہاتھ اوپر نہ اٹھاتے (بلکہ زمین پر رکھتے) اس سے سجدوں کو جانے سے پہلے اور سجدوں سے اٹھنے کے وقت رفع یدین کی نفی نہیں نکلتی۔ اگر نفی مراد ہو تو پھر اس حدیث پر عمل کرنا امام بخاریؒ کے نزدیک بھی خلاف سنت ہے کیونکہ امام بخاریؒ نے آگے چل کر عبدالرحمٰن بن مہدی سے سجدوں کی رفع یدین کا سنت ہونا نقل کیا ہے۔

(۱۳) .....اخبرنا ایوب بن سلیمان حدثنا ابو بکر بن ابی اویس عن

http://mujahid.xtgem.com

سلیمان بن بلال عن العلاء انه سمع سالم بن عبد الله ان اباه کان اذا رفع راسه من السجود و اذا اراد ان یقوم رفع یدیه۔

ترجمہ..... سالم بن عبداللہ سے روایت ہے کہ ان کے والد جب سجدہ سے سر اٹھاتے اور جب کھڑے ہونے کا ارادہ کرتے تو رفع یدین کرتے (دوسری اور چوتھی رکعت کے شروع میں)

اس سے معلوم ہوا کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ سجدوں کے بعد بھی رفع یدین کرتے تھے، یہ ان کی اپنی اس حدیث کے خلاف ہے جو پیچھے گزر چکی ہے۔

(۱٤) .....حدثنا عبد الله بن صالح حدثنا اللیث اخبرنی نافع ان عبد اللهبن عمر کان اذا استقبل الصلاة رفع یدیه قال و اذا رکع و اذا رفع راسه من الرکوع و اذا قام من السجدتین کبر۔

ترجمہ..... نافع سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ جب نماز شروع کرتے تو رفع یدین کرتے اور کہا کہ جب وہ رکوع کرتے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے اور جب دو سجدوں سے کھڑے ہوتے تو تکبیر کہتے اور رفع یدین کرتے (دوسری اور چوتھی رکعت کے شروع میں)۔

اس سے معلوم ہوا کہ عبداللہ بن عمر دو سجدوں سے کھڑے ہو کر بھی رفع یدین کیا کرتے تھے۔

کنکر مارنا :۔

(۱۵) .....حدثنی الحمیدی انبانا الولید بن مسلم قال سمعت زید بن واقد یحدث عن نافع ان ابن عمر رضی الله عنهما کا اذا رأی رجلاً لا یرفع یدیه اذا رکع و اذا رفع رماه بالحصی۔

ترجمہ..... نافع سے روایت ہے کہ ابن عمرؓ جب کسی کو ہر اونچ نیچ میں رفع یدین کرتے نہ دیکھتے تو اس کو کنکریاں مارتے۔

http://mujahid.xtgem.com

یہ روایت بالکل اسی سند کے ساتھ مسند حمیدی ج ۲ / ص ۲۷۷ پر ہے مگر اسکے الفاظ یہ ہیں : ان ابن عمر کان اذا رای رجلاً لا یرفع یدیه کلما خفض ورفع حصبه حتیٰ یرفع یدیه ۔ ہر اونچ نیچ پر رفع یدین کی جائے تو چار رکعت میں ۲۸ جگہ بنتی ہے جب کہ غیر مقلدین چار رکعت میں دس جگہ رفع یدین کرتے ہیں گویا ہر چار رکعت میں اٹھارہ پتھروں کے حق دار ہیں۔ دار قطنی میں بھی عیسیٰ بن ابی عمران نے ولید بن مسلم سے یہی الفاظ روایت کئے ہیں ۔ (ج ۱ / ص ۲۸۹) البتہ امام بخاریؒ کے دوسرے استاد امام احمدؒ نے ولید بن مسلم سے یہ الفاظ روایت کئے ہیں : کان ابن عمر اذا رای مصلیاً لا یرفع یدیه فی الصلاة حصبه وأمره ان یرفع یدیه ۔(التمهید لا بن عبد البر ج ۹ / ص ۲۲۴ معرفة علوم الحدیث للحاکم ص ۱۲۸، تاریخ جرجان ص ۴۳۳، مناقب أحمد بن الجوزی ص ۸۸) اس سے معلوم ہوا کہ مؤلف نے الفاظ حدیث میں بہت تصرف فرمایا ہے۔ اگر کسی زمانہ میں ابن عمرؓ کا یہ فعل رہا ہے تو اس سے رفع یدین کی غرابت معلوم ہوتی ہے اور انسان پتھر اسی وقت مارتا ہے جب دلیل سے عاجز ہو جائے۔

(۱۶) ..... قال البخاری : ویرویٰ عن ابی بکر بن عیاش عن حصین عن مجاهد انه لم یر ابن عمر رضی الله عنهما رفع یدیه الا فی اول التکبیر رویٰ عنه اهل العلم انه لم یحفظ من ابن عمر الا ان یکون سها کما یسهو الرجل فی الصلاة فی الشیٔ بعد الشیٔ کما ان اصحاب محمد صلی الله علیه وسلم ربما یسهون فی الصلاة فیسلمون فی الرکعتین و فی الثلاث الاتریٰ ان ابن عمر رضی الله عنهما کان یرمی من لا یرفع یدیه بالحصیٰ فکیف یترك ابن عمر شیئا یأمر به غیره و قد رأی النبی صلی الله علیه وسلم فعله ۔ قال البخاری : قال یحییٰ بن معین : حدیث

http://mujahid.xtgem.com

ابی بکر عن حصین انما هو تو هم منه لا اصل له۔

ترجمہ ..... امام بخاریؒ نے فرمایا کہ ابو بکر بن عیاش حصین سے اور وہ مجاہد سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت ابن عمرؓ کو سوائے پہلی تکبیر کے کہیں رفع یدین کرتے نہیں دیکھا تو اہل علم نے مجاہد سے روایت کیا کہ وہ ابن عمرؓ سے محفوظ نہیں کر سکے۔ الا یہ کہ وہ بھول گئے ہیں جیسا کہ انسان نماز میں ایک کے بعد دوسری شے کو بھول جاتا ہے جیسا کہ صحابہ کرامؓ بسا اوقات بھول جاتے تھے تو دو رکعت میں اور تین رکعت میں سلام پھیر دیتے تھے۔ کیا آپ اس بات کو نہیں دیکھتے کہ ابن عمرؓ رفع یدین نہ کرنے والے کو پتھر مارتے تھے تو وہ ایسے کام کو کیسے چھوڑ سکتے ہیں جس کا دوسرے کو حکم دیتے ہوں؟ اور حال یہ ہے کہ انہوں نے خود رسول اللہ ﷺ کو رفع یدین کرتے دیکھا۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ یحییٰ بن معین نے فرمایا کہ ابو بکر کی حدیث جو حصین سے مروی ہے وہ وہم ہے، اس کی کوئی اصل نہیں۔

امام بخاریؒ کے دادا استاد امام محمدؒ نے عبد العزیز بن حکیم سے (موطا ص ۹۰) اور امام بخاریؒ کے استاد ابو بکر بن ابی شیبہؒ نے مجاہد سے (ج ۱/ص ۲۳۷) روایت کیا ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عمرؓ پہلی تکبیر کے بعد نماز میں رفع یدین نہیں کرتے تھے۔ امام محمدؒ نے باقاعدہ اس سے استدلال فرمایا ہے جو صحت کی دلیل ہے اور ابو بکر بن عیاش سے خود بخاریؒ نے ج ۱/ص ۱۸۶، ۲۳۲، ۲۶۳، ۲۷۴، ۴۰۴، ۴۹۶، ج ۲/ص ۶۵۵، ۷۲۵، ۷۴۸، ۸۸۹، ۹۰۳، ۹۵۲، ۹۵۳، ۹۶۳، ۹۸۶، ۱۰۵۲، ۱۱۱۸ پر اپنی صحیح میں حدیث لی ہے تو اس کی صحت میں شک نہیں۔ اس لئے امام بخاریؒ نے اس حدیث کو صحیح مان کر جواب دیا ہے کہ حضرت ابن عمرؓ رفع یدین کو بھول جاتے تھے، مگر یہ عجیب بھول تھی کہ تحریمہ کی رفع یدین کبھی نہ بھولتے اور وہی رفع یدین بھول جاتے جس پر بقول امام بخاریؒ نہ کرنے والوں کو پتھر مارتے۔ ایک متواتر عمل کی موافقت کو بھول نہیں کہا جاتا، بلکہ سب کے خلاف کوئی

http://mujahid.xtgem.com

کام کرے تو لوگ کہتے ہیں کہ بھول گیا۔ ترک رفع یدین پر اہل مدینہ کا تعامل تھا، اس کی موافقت کو اہل مدینہ ہر گز بھول کا نام نہیں دیتے۔ ہاں اس تعامل کے خلاف کرنے کو یقیناً بھول یا وہم کہا جاتا ہے۔ امام بخاریؒ مہملات کو بھی نقیض بنا لیتے ہیں۔ بات صرف اتنی ہے کہ اہل مدینہ کا تعامل ترک رفع یدین پر تھا مگر ابن عمرؓ کے پاس اس متواتر تعامل کے خلاف ایک حدیث تھی۔ انہوں نے چاہا کہ اس پر بھی ایک آدھ دفعہ عمل کر لیں۔ جونہی رفع یدین کی تو سب سے پہلے ان کے صاحبزادہ کو یہ چیز اوپری سی معلوم ہوئی۔ سالم کہتے ہیں: فسالته من ذلك فزعم انه رأى رسول الله صلى الله عليه وسلم يصنعه۔ (مسند احمد ج ۲ / ص ۴۶) کہ میں نے سوال کیا تو ان کا گمان تھا کہ انہوں نے حضرت ﷺ کو ایسا کرتے دیکھا تھا۔ سوال کسی نئے کام پر ہی ہوتا ہے، معلوم ہوا کہ رفع یدین کرنا ابن عمرؓ کا معمول نہ تھا۔ ایک دن خلاف معمول رفع یدین کی تو سب سے پہلے بیٹے نے ہی نئی بات پر سوال کر ڈالا۔ ادھر قاضی محارب بن دثارؒ نے پوچھ لیا ماهذا ؟ یہ رفع یدین کیسی ؟ (مسند احمد ج ۲ / ص ۱۴۶) عین ممکن ہے کہ متواتر تعامل کے خلاف جب ایک حدیث پر عمل کرنے پر اعتراض ہوا تو انہوں نے بھی کچھ تشدد فرمایا ہو اور پتھر مارنے لگ گئے ہوں لیکن بالآخر متواتر تعامل کے سامنے جھکنا پڑا۔ تو الگ الگ اوقات میں الگ الگ کام کرنے میں کوئی تعارض نہیں ہوتا۔ جب پتھر مارنے والا خود ہی رفع یدین چھوڑ بیٹھا تو اب اس پرانی بات کا تذکرہ کوئی مفید نہیں۔ خود امام بخاریؒ کو بھی یہ جواب مسکت معلوم نہ ہوا۔ اس لئے آخری حربہ استعمال فرمایا کہ یحییٰ بن معین نے کہا کہ حدیث ابی بکر عن حصین توهم لا اصل له۔ لیکن امام بخاریؒ نے خود صحیح بخاری ج ۲ / ص ۷۲۵ پر ابو بکر عن حصین کی سند سے حدیث لی ہے۔ وہاں ابن معین کا یہ قول یاد کیوں نہ رہا؟ جب یہ سند صحیح بخاری میں قابل قبول ہے تو اس رسالہ میں قابل قبول کیوں نہیں ؟ اصل بات یہی ہے کہ جو خبر واحد متواتر تعامل کے خلاف ہو، اہل

http://mujahid.xtgem.com

مدینہ اس کو شاذ سمجھتے تھے کہ تواتر کے خلاف شاذ پر عمل جائز نہیں اور عبداللہ بن عمرؓ کا پہلے خیال تھا کہ ایسی حدیث پر بھی کبھی کبھار عمل جائز ہے۔ آخر کار ابن عمرؓ بھی ان کے ساتھ مل گئے۔ یہ بات واضح ہو گئی کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ حدیث رفع یدین کے راوی ضرور تھے مگر رفع یدین کو سنت نہیں سمجھتے تھے ورنہ وہ رفع یدین کو کبھی ترک نہ کرتے۔ بہر حال اس سے سنت رفع یدین کا اثبات حدیث میں نہیں ہے اور فہم صحابی اور تعامل اہل مدینہ کے بھی خلاف ہے۔

عمر بن عبدالعزیزؒ :۔

(۱۷) ..... حدثنا محمد بن یوسف حدثنا عبد الاعلیٰ بن مسهر حدثنا عبد الله بن العلاء بن زبیر وحدثنا عمر بن المهاجر قال: کان عبد الله بن عامر سالنی ان استاذن له علیٰ عمر بن عبد العزیز فاستا ذنت له علیه فقال الذی جلد اخاه فی ان رفع یدیه ان کنالنودب علیه و نحن غلمان فی المدینة فلم یاذن له قال البخاری : وکان زائدة لا یحدث إلا اهل السنة اقتداء بالسلف و لقد رحل قوم من اهل بلخ مرجیة الی محمدبن یوسف بالشام فاراد محمد اخراجهم منها حتیٰ تابوا من ذلك ورجعوا الی السبیل والسنة و لقد رأینا غیر واحد من اهل العلم یستتیبون اهل الخلاف فان تابوا والا اخرجوهم من مجالسهم و لقد کلم عبد الله بن زبیرسلیمان بن حرب وهو یومئذقاضی مکة ان یحجر علیٰ بعض اهل الرای فحجرعنه سلیمان فلم یکن یجترئ بمکة ان یفتی حتیٰ یخرج عنها۔

ترجمہ ..... عمر بن مہاجر سے روایت ہے کہ عبداللہ بن عامر نے مجھ کو کہا کہ میں عمر بن عبدالعزیزؒ سے ان کے پاس آنے کی اجازت حاصل کروں۔ پس میں نے اس کے لئے عمر بن عبدالعزیز سے اجازت مانگی۔ آپ نے کہا : یہ وہ شخص ہے

http://mujahid.xtgem.com

جس نے رفع یدین کرنے پر اپنے بھائی کو کوڑے مارے ہیں، حالانکہ مدینہ میں سختی سے تنبیہ کی جاتی تھی تو انہوں نے اجازت نہیں دی۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ زائدہ سلف کی تقلید میں اہل سنت کے بغیر کسی سے حدیث بیان نہیں کرتے تھے۔ اہل بلخ مرجیہ کی ایک جماعت شام میں محمد بن یوسف کے پاس آئی تو محمد نے شام سے ان کے نکال دینے کا ارادہ کیا حتی کہ انہوں نے توبہ کر لی اس سے اور سیدھے راستے اور سنت کی طرف آگئے اور تحقیق ہم نے بے شمار اہل علم کو دیکھا کہ اپنے مخالف سے توبہ کراتے تھے۔ اگر توبہ کی تو ٹھیک ورنہ ان کو اپنی مجلس سے نکال دیتے تھے اور عبد اللہ بن زبیر نے سلیمان بن حرب سے بات کی جو ان دونوں مکہ کے قاضی تھے کہ بعض اہل الرائے پر پابندی لگائی جائے، پس سلیمان نے پابندی لگا دی۔ چنانچہ وہ مکہ میں فتویٰ دینے کی جرأت نہیں کرتا تھا یہاں تک مکہ سے نکل جاتا۔

حضرت عمر بن عبد العزیزؒ تقریباً ۱۰۰ھ میں خلیفہ بنے۔ اس میں یہ معلوم نہیں کہ کس رفع یدین کا ذکر ہے، جہاں بھی رفع یدین کا لفظ آجائے وہاں متنازعہ فیہ رفع یدین مراد لے لینا ایسی ہی مثال ہے کہ کسی بھوکے سے کسی نے پوچھا دو اور دو، وہ کہنے لگا چار روٹیاں۔ اس کے بعد امام بخاریؒ زائدہ کی تعریف فرماتے ہیں کہ وہ صرف اہل سنت سے حدیث لیتا تھا، مگر کیا کیا جائے کہ امام بخاریؒ نے صحیح بخاری میں کتنے ہی اہل بدعت سے روایات لی ہیں۔ شاید اہل علم جن اہل بدعت کو مجلس سے نکالتے تھے وہ صحیح بخاری میں ہی بھرتی ہو جاتے تھے۔ نیز عمر بن عبد العزیزؒ کے اثر میں عمر بن مہاجر مجہول تھا، غیر مقلدین نے تحریف کر کے عمرو بن مہاجر بنا دیا ہے۔

چار صحابہؓ :۔

(۱۸) .....حدثنا مالك بن اسماعيل حدثناشريك عن ليث بن ابى سليم بن زنيم القرشى عن عطاء قال رأيت ابن عباس و ابن الزبير و ابا سعيد

http://mujahid.xtgem.com

و جابر رضی اللہ عنہم یرفعون ایدیھم اذاافتتحوا الصلاۃ و اذا رکعوا۔

ترجمہ ..... عطاء سے روایت ہے کہ میں نے ابن عباسؓ، ابن زبیر، ابو سعیدؓ، اور جابر کو دیکھا کہ رفع یدین کرتے ہیں جب نماز شروع کرتے ہیں اور جب جھکتے ہیں۔

ابن ابی شیبہ ج ۱/ص ۲۳۵ پر یہ اثر ہے۔ اس میں حضرت جابرؓ کی جگہ ابن عمرؓ ہے اور اس کی سند میں شریک اور لیث دونوں راوی امام بخاریؒ کے ہاں بھی متکلم فیہ ہیں۔ اس لئے صحیح بخاری میں ان دونوں سے کوئی روایت نہیں لی۔ پھر اس اثر میں کوئی وضاحت بھی نہیں۔ اذا رکعوا کا معنی اگر رکوع ہے تو صرف رکوع کرنے کی رفع یدین ہوئی، رکوع سے اٹھنے کی نہ ہوئی اور اگر اس کا معنی "جب جھکتے" ہو تو پھر سجدوں میں جھکتے وقت بھی ثابت ہوگی۔ الغرض مؤلف کو نہ اس بات کا خیال رہتا ہے کہ دلیل دعویٰ کے مطابق ہو، نہ یہ کہ دلیل صحیح ہو اور نہ یہ کہ معارضہ سے خالی ہو۔ غیر مقلدین جو تیسری رکعت کے شروع میں بھی رفع یدین کو سنت کہتے ہیں، ان کے نزدیک تو ان چاروں صحابہؓ کی نماز خلاف سنت ہوئی۔ حضرت عطیہ العوفیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ اور حضرت ابو سعید خدریؓ نماز کے شروع میں رفع یدین کرتے تھے، پھر نہیں کرتے تھے، (نصب الرایہ ج ۱/ص ۴۰۶ بحوالہ بیہقی) اور حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں کہ سات جگہ کے علاوہ ہاتھ نہ اٹھائے جائیں[۱]: ایک جب نماز کے لئے کھڑا ہو باقی چھ حج میں۔ (ابن ابی شیبہ ج ۱/ص ۲۳۷)

حضرت ابو ہریرہؓ:۔

(۱۹) ..... حدثنا محمد بن الصلت حدثنا ابو شھاب عبد ربہ عن محمد بن اسحاق عن عبد الرحمٰن الاعرج عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ انہ کان اذا کبر رفع یدیہ و اذا رکع و اذا رفع رأسہ من الرکوع۔

ترجمہ ..... حضرت عبدالرحمٰن اعرج سے روایت ہے کہ حضرت ابو ہریرہؓ

http://mujahid.xtgem.com

جب تکبیر کہتے تو رفع یدین کرتے اور جب رکوع کرتے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے

اس سند میں محمد بن اسحاق مدلس ہے اور عن سے روایت کر رہا ہے۔ پس یہ روایت ضعیف ہے۔ امام بخاریؒ نمبر ۲۲ پر بھی ابو ہریرہؓ کا اثر لا رہے ہیں، اس میں اذا کبر واذا رفع کے الفاظ ہیں۔ اس کی سند میں قیس بن سعید مجہول تھا۔ غیر مقلدین نے قیس بن سعد بنا ڈالا ہے۔ پھر حضرت ابو ہریرہؓ کی نماز غیر مقلدین کے نزدیک خلاف سنت ہی رہی کیونکہ دسویں رفع یدین نہیں ہے۔

حضرت انسؓ :۔

(۲۰) ..... حدثنا مسدد حدثنا عبد الواحد بن زیاد عن عاصم الاحول قال رأیت انس بن مالك رضی الله عنه اذا افتتح الصلاة و رفع یدیه و یرفع کلما رکع و رفع رأسه من الرکوع۔

ترجمہ ..... عاصم احول سے روایت ہے کہ میں نے حضرت انس بن مالکؓ کو دیکھا کہ جب نماز شروع کرتے تو تکبیر کہتے اور رفع یدین کرتے اور رفع یدین کرتے جب بھی رکوع کرتے اور جب بھی رکوع سے سر اٹھاتے۔

حضرت ابن عباسؓ :۔

(۲۱) ..... حدثنامسدد حدثناهشیم عن ابی جمرة قال رأیت ابن عباس رضی الله عنهما یرفع یدیه حیث کبر و إذا رفع رأسه من الرکوع۔

ترجمہ ..... ابو جمرہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھا کہ وہ رفع یدین کرتے ہیں جب تکبیر کہتے ہیں اور جب رکوع سے سر اٹھاتے ہیں۔

اس کی سند میں ابو جمرہ ("ج" کے ساتھ) مجہول ہے۔ اس لئے سند صحیح نہیں۔ (نسخہ دہلی، اسوہ ص ۲۷) افسوس کہ غیر مقلدین نے تحریف کر کے اس کو

http://mujahid.xtgem.com

ابو حمزہ بنادیا ہے۔ پھر بھی اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباسؓ چار رکعت میں پانچ دفعہ تو رفع یدین کرتے تھے اور پانچ دفعہ نہیں کرتے تھے۔ گویا چار رکعت نماز میں (بقول غیر مقلدین) پانچ سنتیں ترک فرماتے تھے۔

(۲۲).....حدثنا سلیمان بن حرب حدثنا یزید بن ابراھیم عن قیس بن سعید عن عطاء قال صلیت مع ابی ھریرۃ رضی اللّٰہ عنہ فکان یرفع یدیہ اذا کبر واذا رفع۔

ترجمہ..... عطاء نے بیان کیا کہ میں نے حضرت ابو ہریرہؓ کے ساتھ نماز پڑھی تو وہ رفع یدین کرتے جب تکبیر کہتے اور جب اٹھتے۔

حضرت وائلؓ :۔

(۲۳).....حدثنا مسدد حدثنا خالد حدثنا حصین عن عمرو بن مرۃ قال: دخلت مسجد حضرموت فاذا علقمۃ بن وائل یحدث عن ابیہ قال: کان النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم یرفع یدیہ قبل الرکوع۔

ترجمہ..... عمرو بن مرہ نے بیان کیا کہ میں حضرموت کی مسجد میں داخل ہوا تو علقمہ بن وائل اپنے والد سے حدیث بیان کر رہے تھے کہ حضور ﷺ رفع یدین کرتے تھے رکوع سے قبل۔

امام بخاریؒ نے حصین عن عمرو بن مرہ کے طریق سے نہایت نامکمل روایت نقل فرمائی ہے، جب کہ امام بخاریؒ کے دادا استاد امام محمدؒ اس کو نہایت مکمل نقل کر چکے ہیں۔ ''محمدؒ قاضی القضاۃ ابو یوسفؒ کے واسطے سے حصین بن عبدالرحمان سے نقل کرتے ہیں کہ میں اور عمرو بن مرہ حضرت ابراہیم نخعیؒ کے ہاں گئے، تو عمرو بن مرہ نے کہا کہ مجھے علقمہ بن وائل حضرمی نے اپنے باپ سے حدیث سنائی کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی تو دیکھا کہ آپ ﷺ نے جب تکبیر کہی تو ہاتھ اٹھائے اور جب رکوع کیا اور رکوع سے اٹھے۔ امام ابراہیم نخعیؒ نے فرمایا:

http://mujahid.xtgem.com

میں نہیں جانتا کہ شاید وائلؓ نے ایک دن کے علاوہ نبی ﷺ کو کبھی نماز پڑھتے دیکھا ہو۔ اور اس دن کا رفع یدین کرنا یاد رکھا اور اس رفع یدین کو عبداللہ بن مسعودؓ اور دوسرے صحابہؓ نے یاد نہ رکھا۔ میں نے ان میں سے کسی ایک سے بھی یہ حدیث رفع یدین کی نہیں سنی سوائے اس کے نہیں کہ وہ سب صرف نماز کے شروع میں رفع یدین کرتے تھے۔" (موطا ص ۹۰) اور امام طحاویؒ نے اسی سند کے ساتھ جو یہاں امام بخاریؒ نے نقل کی ہے، یہ روایت نقل کی ہے کہ عمرو بن مرہ کہتے ہیں کہ میں موت کی مسجد میں داخل ہوا تو حضرت علقمہؒ اپنے باپ وائلؓ سے حدیث روایت کر رہے تھے کہ رسول اللہ ﷺ رکوع سے پہلے اور رکوع کے بعد رفع یدین کرتے تھے۔ پس میں نے یہ حدیث ابراہیم نخعیؒ کے پاس ذکر کی تو ابراہیم نخعیؒ غصہ میں آگئے اور کہا: وائلؓ نے رفع یدین دیکھ لی اور عبداللہ بن مسعودؓ اور دوسرے صحابہؓ نے نہ دیکھی؟ اور دوسری سند سے ہے اگر وائلؓ نے ایک دفعہ آپ ﷺ کو رفع یدین کرتے دیکھا تو عبداللہؓ نے پچاس مرتبہ دیکھا کہ آپ ﷺ رفع یدین نہ کرتے تھے۔ (طحاوی) دیکھئے اس مفصل روایت میں بات کس قدر واضح ہے کہ رفع یدین کا ثبوت تو ہے لیکن وہ باقی نہ رہی۔ صحابہ کرامؓ میں علمی اور عملی طور پر ترک رفع یدین ہی متواتر رہا۔ لیکن امام بخاریؒ نے اس روایت کا جس طرح اختصار فرمایا ہے اس سے نفس ثبوت تو معلوم ہوا لیکن بقاء و مواظبت کی نفی معلوم ہوئی۔ حالانکہ سنیت کے لئے مواظبت کا ثبوت چاہیئے۔

حضرت ام درداءؓ :۔

(۲۴).....حدثنا خطاب بن اسماعیل عن عبدربه بن سلیمان بن عمیر قال: رأیت ام الدرداءؓ ترفع یدیها فی الصلاة حذو منکبیها۔

ترجمہ..... عبدربہ بن سلیمان سے روایت ہے، انہوں نے بیان کیا کہ میں نے ام درداءؓ کو دیکھا کہ رفع یدین کرتی ہیں نماز میں کندھوں تک۔

http://mujahid.xtgem.com

(۲۵).....حدثنامحمد بن مقاتل حدثناعبداللّٰہ بن المبارك انبانا اسماعیل بن عیاش حدثنی عبدربه بن سلیمان بن عمیر: رأیت ام الدرداء رضی اللّٰہ عنها ترفع یدیها فی الصلاة حذومنکبیها حین تفتتح الصلاة وحین ترکع فاذا قالت: سمع اللّٰہ لمن حمده رفعت یدیها وقالت: ربناولك الحمد. قال البخاری: ونساء بعض اصحاب النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم هن اعلم من هنولآء حین رفعن ایدیهن فی الصلاة۔

ترجمہ..... عبدربہ بن سلیمان سے روایت ہے، انہوں نے کہا کہ میں نے ام درداءؓ کو دیکھا رفع یدین کرتی ہیں کندھوں تک جب نماز شروع کرتی ہیں اور جب رکوع کرتی ہیں۔ پس جب سمع اللّٰہ لمن حمده کہتیں تو ہاتھ اٹھاتیں اور ربنالك الحمد کہتیں۔ امام بخاریؒ نے فرمایا کہ بعض صحابہؓ کی عورتیں ان لوگوں سے زیادہ علم رکھتی تھیں جب کہ وہ رفع یدین کرتی تھیں نماز میں۔

(۲۴، ۲۵) دونوں سندوں میں عبدربہ جو مجہول ہے اور دوسرا راوی اسماعیل بن عیاش ہے جس کی روایت اہل حجاز سے ضعیف ہے۔ پس نہ تو یہ روایات صحیح ہیں اور نہ ہی دعوی کے مطابق ہیں، کیونکہ کسی ایک میں بھی پوری دس جگہ کی رفع یدین مذکور نہیں۔ غیر مقلدین نے دونوں سندوں میں بھی تحریف کی ہے۔ پہلی سند میں مصری نسخوں میں خطاب بن اسماعیل تھا جو مجہول ہے، انہوں نے خطاب عن اسماعیل کر دیا اور بن کو عن سے بدل دیا اور دوسری سند میں حدثنا مقاتل تھا، اس کو ابن المقاتل سے بدل دیا لیکن پھر بھی دلیل دعوی کے مطابق نہ بنی۔

نہ خدا ہی ملا نہ وصال صنم
نہ ادھر کے رہے نہ ادھر کے رہے

جب یہ واضح ہو گیا کہ نہ سند صحیح ہے، نہ دلیل دعوی کے مطابق تو امام بخاریؒ کے اس طنز کا کیا موقع رہا کہ بعض صحابہؓ کی بیویاں ان سے زیادہ عالم تھیں کہ

http://mujahid.xtgem.com

کہ نماز میں رفع یدین کرتی تھیں۔

محارب بن دثارؒ :۔

(۲۶).....حدثنااسحاق بن ابراهيم الحنظلي حدثنا محمد بن فضيل عن عاصم بن كليب عن محارب بن دثار رأيت ابن عمررضي الله عنهما رفع يديه في الركوع فقلت له ماذلك فقال: كان رسول اللهﷺ اذا قام من الركعتين كبروفع يديه۔

ترجمہ..... محارب بن دثارؒ نے بیان کیا کہ میں نے ابن عمرؓ کو دیکھا کہ انہوں نے رفع یدین کی رکوع میں۔ میں نے کہا: یہ کیا چیز ہے؟ توانہوں نے جواب دیا کہ رسول اللہ ﷺ جب دو رکعات سے کھڑے ہوتے تو تکبیر کہتے اور رفع یدین کرتے۔

یہ محارب بن دثارؒ عہد صحابہؓ کے قاضی ہیں۔ انہوں نے رفع یدین کو بالکل اوپری بات سمجھا اور پوچھاماھذا؟ (ابن ابی شیبہ ج۱/ص ۲۳۵، مسند احمد ج ۲/ص ۴۵) اسی طرح سالم نے بھی اس بارے میں سوال کیا۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ مدینہ شریف میں عہد صحابہؓ و تابعین میں رفع یدین والی نماز سے لوگ واقف تک نہ تھے۔ یہی ہمارا مدعا ہے کہ رفع یدین کا ثبوت تو تھا جس طرح جوتے پہن کر نماز پڑھنے کا ہے اور روزہ میں بیوی سے مباشرت کرنے کا ہے یا مچی کو اٹھا کر نماز پڑھنے کا ہے لیکن نہ یہ کام سنت ہیں، نہ مستحب۔ مؤلف نے اس رسالہ میں نہ تو صحت کا خیال رکھا نہ دعوی سے مطابقت کا اور سند اور متن میں بھی لاپرواہی رہی ہے۔ امام ابوبکر بن ابی شیبہؒ اور امام احمدؒ دونوں امام بخاریؒ کے استاد ہیں، دونوں نے لفظ ماھذا؟ روایت کیا ہے لیکن جزء بخاری کے کسی نسخہ میں ماذلك ہے، کسی میں ذلك ہے اور کسی میں قم ذلك ہے۔

(۲۷).....حدثنامسلم بن ابراهيم حدثنا شعبة حدثناعاصم بن كليب عن ابيه عن وائل بن حجر الحضرمي رضي الله عنه انه صلى مع النبي

http://mujahid.xtgem.com

صلی اللّٰہ علیہ وسلم فلماکبرورفع یدیہ فلمااراداان یرکع رفع یدیہ .قال البخاری: ویروی عن عمر بن الخطاب رضی اللّٰہ عنہ عن النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم وعن ابی ہریرۃ رضی اللّٰہ عنہ عن النبی صلی اللّٰہ علہ وسلم وعن جابر بن عبداللّٰہ رضی اللّٰہ عنہ عن النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم وعن عبید بن عمیر عن ابیہ عن النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم .وعن ابن عباس رضی اللّٰہ عنہما عن النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم وعن ابی موسی رضی اللّٰہ عنہ عن النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم کان یرفع یدیہ عندالرکوع واذا رفع راسہ. قال البخاری: وفیماذکرنا کفایۃ لمن یفہمہ ان شاء اللّٰہ تعالی۔

ترجمہ.....وائل بن حجرؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضور ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی پس جب تکبیر کہی تو رفع یدین کی، پھر جب رکوع کا ارادہ کیا تو رفع یدین کی۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ عمر بن خطابؓ نے حضور ﷺ سے اور حضرت ابو ہریرہؓ نے حضور ﷺ سے اور حضرت جابرؓ نے حضور ﷺ سے اور عبید بن عمیر نے اپنے والد سے انہوں نے حضور ﷺ سے اور ابن عباس نے حضور ﷺ سے اور حضرت ابو موسیٰؓ نے حضور ﷺ سے روایت کی ہے کہ حضور ﷺ رکوع کے وقت اور رکوع سے سر اٹھاتے وقت رفع یدین کرتے تھے۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں: جو ہم نے ذکر کیا سمجھنے والے کے لئے یہی کافی ہے انشاء اللہ۔

یہ بھی حضرت وائلؓ والی حدیث ہے جس کی بحث نمبر ۱۰، ۲۳ کے تحت گزر چکی ہے۔ اس روایت سے معلوم ہوا کہ حضور ﷺ نے چار رکعت میں پانچ دفعہ رفع یدین کی اور بقول غیر مقلدین پانچ سنتوں کو چھوڑا۔

بے سند مردم شماری :۔

اس کے بعد امام بخاریؒ نے پھر بے سند مردم شماری شروع کر دی ہے کہ

http://mujahid.xtgem.com

حضرت عمرؓ، حضرت ابو ہریرہؓ، حضرت جابر بن عبداللہؓ، حضرت عبید بن عمیرؓ، حضرت عبداللہ بن عباسؓ، اور حضرت ابو موسیٰؓ چھ صحابہ کرامؓ روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ رکوع جاتے اور رکوع سے اٹھاتے وقت رفع یدین کرتے تھے، اس بے سند مردم شماری میں دسویں رفع یدین جو غیر مقلدین کے ہاں سنت ہے، اس کا ذکر نہیں۔ پہلے نمبر میں امام بخاریؒ نے سترہ صحابہؓ کا ذکر کر کے چودہ نام لکھے تھے، اب چھ کا نام رہ گیا ہے۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ جو لوگ کہتے ہیں کہ رفع یدین کی چار سو احادیث ہیں وہ امام بخاریؒ کو بالکل قلیل الحدیث سمجھتے ہیں اور جو لوگ یہ دعوی کرتے ہیں کہ عشرہ مبشرہ صحابہؓ کرام نے روایت کی ہے کہ آنحضرت ﷺ آخر عمر تک رفع یدین کرتے رہے ان کے خیال میں امام بخاریؒ علم حدیث سے بالکل کورے تھے، کیونکہ امام بخاریؒ کو اس رسالہ میں جو رطب ویابس ملا وہ جمع کر دیا ہے مگر یہ باتیں نہیں لکھیں۔

عاصم بن کلیبؒ :۔

امام بخاریؒ نے اس رسالہ میں عاصم بن کلیبؒ سے آٹھ جگہ روایت لی ہے : نمبر ۱۱، ۲۶، ۲۷، ۳۱، ۳۲، ۳۳، ۷۲، ۷۳ اور کسی ایک جگہ بھی اس کے لئے جرح کا کوئی کلمہ نہ بادلیل ذکر کیا نہ بے دلیل۔

(۲۸).....حدثنا محمد بن مقاتل اخبرنا عبداللّٰہ عن ابن جریح قراءۃ قال: اخبرنی الحسن بن مسلم انہ سمع طاؤسا یسال عن رفع الیدین فی الصلاۃ قال: رأیت عبداللّٰہ و عبداللّٰہ وعبداللّٰہ یرفعون ایدیھم فعبداللّٰہ بن عمر و عبداللّٰہ بن عباس وعبداللّٰہ بن الزبیر قال طاؤس: فی التکبیرۃ الاولی التی للافتتاح بالیدین ارفع مماسواھا من التکبیر قلت لعطاء : ابلغکم ان التکبیرۃ الاولی ارفع مماسواھا من التکبیر قال لا: قال البخاری: ولو تحقق حدیث مجاھد انہ لم یر ابن عمر رفع یدیہ

http://mujahid.xtgem.com

لكان طاؤس وسالم و نافع ومحارب بن دثار وابی الزبير حين روه اولى .لان ابن عمررضى الله عنهما رواه عن رسول الله صلى الله عليه وسلم فلم يكن يخالف الرسول مع مارواه اهل العلم من اهل مكة والمدينة واليمن والعراق انه كان يرفع يديه.

ترجمہ..... حسن بن مسلم سے روایت ہے، انہوں نے بیان کیا کہ طاؤس سے رفع یدین کے متعلق سوال ہوتا تو جواب دیتے کہ میں نے دیکھا ہے عبداللہ، عبداللہ اور عبداللہ کو کہ رفع یدین کرتے ہیں اور ان سے مراد عبداللہ بن عمرؓ، عبداللہ بن عباسؓ اور عبداللہ بن زبیرؓ ہیں۔ طاؤس نے فرمایا کہ تکبیر اولی جو افتتاح کے لئے ہے اس میں دوسری تکبیروں کی نسبت زیادہ ہاتھ اٹھاتے تھے۔ میں نے عطاء سے کہا کہ آپکو یہ خبر پہنچی ہے کہ دوسری تکبیروں کی نسبت پہلی تکبیر میں زیادہ ہاتھ اٹھائے جائیں؟ انہوں نے کہا نہیں۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ اگر مجاہدؒ کی حدیث سے ثابت ہو جائے کہ انہوں نے ابن عمرؓ کو رفع یدین کرتے نہیں دیکھا تب بھی طاؤس، سالم، نافع، محارب بن دثار اور ابو زبیر کی روایت جب کہ انہوں نے دیکھا ہے زیادہ اولی ہے۔ اس لئے ابن عمرؓ نے اس کو آنحضرت ﷺ سے نقل کیا ہے تو وہ رسول اللہ ﷺ کی مخالفت نہیں کر سکتے۔ مزید یہ کہ مکہ، مدینہ، یمن اور عراق کے اہل علم نے رفع کی روایت کی ہے۔

حضرت طاؤسؒ :۔

امام بخاری نے روایت کیا ہے کہ طاؤسؒ (تابعی) یمنی سے رفع یدین کے بارے میں پوچھا گیا۔ یہ عجیب مسئلہ ہے کہ اہل مکہ کو ایک یمنی سے پوچھنے کی ضرورت پڑتی ہے اور وہ فرماتے ہیں کہ میں نے عبداللہ بن عمرؓ، عبداللہ بن عباسؓ، اور عبداللہ بن زبیرؓ کو رفع یدین کرتے دیکھا، لیکن کتنی جگہ رفع یدین کرتے تھے اس کو امام بخاریؒ نے مبہم رکھا، جب کہ امام بخاری کے استاد امام ابو بکر بن ابی شیبہؒ نے

http://mujahid.xtgem.com

طاؤس کی رفع یدین کا ابہام ختم کر دیا تھا۔ ابوبکرنا ابن علیه عن ایوب قال رایت نافعاو طاؤسا یرفعان ایدیهما بین السجدتین۔ (ج ۱/ ص ۲۷۱) یعنی نافع اور طاؤس بخاری کی متفق علیہ حدیث کے خلاف نماز پڑھتے تھے۔ امام بخاری نے یہاں یہ بھی ابہام رکھا کہ طاؤس ہاتھ کہاں تک اٹھاتے تھے۔ امام بخاری کے دادا استاد عبدالرزاق نے یہ ابہام کھول دیا تھا۔ "ابن جریج کہتے ہیں کہ طاؤسؒ پہلی تکبیر میں ہاتھ سے اونچے اٹھاتے تھے۔" (عبدالرزاق ج ۲/ ص ۷۰) البتہ مؤلف نے خود نمبر ۶۸ اور ۶۹ کے تحت طاؤس کی رفع یدین کا ذکر کیا ہے کہ وہ رکوع اور سجود میں بھی رفع یدین کرتے تھے۔

حضرت ابن عمرؓ:۔

امام بخاریؒ نے پھر یہ بات چھیڑ دی ہے کہ مجاہدؒ نے اگر ابن عمرؓ کو رفع یدین کرتے نہیں دیکھا تو اہل مکہ سے ابوزبیرؒ نے، اہل مدینہ سے سالمؒ نے، اہل یمن سے طاؤس نے اور اہل عراق سے محارب بن دثار نے دیکھا ہے اور یہ زیادہ اولی ہے، کیونکہ ابن عمر نے حضور ﷺ کو رفع یدین کرتے دیکھا۔ اس سے ایک تو یہ بات معلوم ہوئی کہ مسئلہ رفع یدین میں امام بخاری کے ہاں اولی اور غیر اولی کا اختلاف ہے نہ کہ ثبوت و عدم ثبوت کا، نیز اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے جو ایک آدھ مرتبہ رفع یدین کی جس کو بقول امام بخاریؒ چار آدمیوں نے دیکھا ایک مدنی نے، ایک مکی نے، ایک عراقی نے اور ایک یمنی نے۔ جن میں سے مدنی سالم نے اور عراقی محارب بن دثارؒ نے فوراً اعتراض کر دیا ماهذا؟ دوسرے دو نے بھی ان دونوں پر اعتراض نہ کر کے گویا تسلیم کر لیا۔ امام بخاریؒ کے نزدیک قابل اعتراض نماز اولی ہے بلکہ امام بخاری نے خود تسلیم فرما لیا کہ اس روایت کا راوی (طاؤس کا شاگرد) حسن بن مسلم، طاؤس اور سالم حدیث ابن عمرؓ کے خلاف سجدوں کے وقت بھی رفع یدین کرتے تھے۔ (دیکھو! نمبر ۶۹، ۷۰) اور نافع بھی بین

http://mujahid.xtgem.com

السجدتین رفع یدین کرتے تھے۔(ابن ابی شیبہ ج ۱/ص ۲۷۱)

تحریف :۔

نمبر ۲۹ کے شروع میں حتی لقد حدثنی ہے۔ محمد صدیق غیر مقلد نے "اسوہ سید الکونین" ترجمہ "جزء رفع یدین" میں اس کو حتی لقی بنادیا اور نمبر ۲۸ کے آخر میں جوڑ کر ترجمہ یوں کر دیا کہ وہ اپنی وفات تک رفع یدین کرتے رہے۔

(۲۹).....حتی لقد حدثنی مسدد قال نایزید بن زریع عن سعید عن قتادة عن الحسن قال کان اصحاب النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم کانها ایدیهم المراوح یرفعونها اذارکعواواذا رفعوا رؤوسهم۔

ترجمہ..... حسن نے بیان کیا ہے کہ آنحضرت ﷺ کے صحابہؓ، ان کے ہاتھ گویا پنکھے تھے، وہ رفع یدین کرتے تھے جب جھکتے اور جب سر اٹھاتے۔

(۳۰).....حدثناموسی بن اسماعیل حدثنا ابوهلال عن حمید بن هلال قال: کان اصحاب النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم اذا صلوا کان ایدیهم حیال اذانهم کانها المراوح قال البخاری: فلم یستثن الحسن وحمید بن هلال احدا من اصحاب النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم دون احد۔

ترجمہ..... حمید بن ہلال سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ کے صحابہ جب نماز پڑھتے تو ان کے ہاتھ کانوں تک ہوتے گویا کہ پنکھے تھے۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ حسن اور حمید بن ہلال نے آنحضرت ﷺ کے صحابہؓ میں سے کسی ایک کا استثناء نہیں کیا۔

(۳۱).....حدثنا محمد بن مقاتل اخبرنا عبداللّٰہ اخبرنا زائدة بن قدامة حدثناعاصم بن کلیب الجرمی حدثنا ابی ان وائل بن حجر اخبره قال: قلت: لانظرن الی صلاة رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کیف یصلی؟ قال: فنظرت الیه قال: فکبر ورفع یدیه ثم لما ارادان یرکع رفع یدیه

http://mujahid.xtgem.com

مثلها ثم رفع راسه فرفع يديه مثلهاثم جئت بعد ذلك فى زمان فيه برد عليهم جل الثياب تحرك ايديهم من تحت الثياب قال البخارى: ولم يستثن وائل من اصحاب النبى صلى الله عليه وسلم احد اذا صلوامع النبى صلى الله عليه وسلم انه لم يرفع يديه۔

ترجمہ..... عاصم بن کلیب نے اپنے والد سے روایت کی ہے، انہوں نے کہا کہ مجھ کو وائل بن حجرؓ نے خبر دی، انہوں نے کہا کہ میں رسول اللہ ﷺ کی نماز کو دیکھوں گا کہ کیسے پڑھتے ہیں؟ تو کہا کہ میں نے دیکھا کہ آپ ﷺ نے تکبیر کہی اور رفع یدین کی، پھر سر اٹھایا تو رفع یدین کی، پھر جب رکوع کا ارادہ کیا تو رفع یدین کی، پھر سر اٹھایا تو رفع یدین کی اسی طرح، پھر اس کے بعد میں ایک زمانہ میں تھا کہ صحابہ کرامؓ پر موٹے کپڑے تھے، کپڑوں کے نیچے سے انکے ہاتھ حرکت کرتے ہیں۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ وائلؓ نے آنحضرت ﷺ کے صحابہ میں سے کسی کا استثناء نہیں کیا کہ جب وہ آنحضرت ﷺ کے ساتھ نماز پڑھتے تو رفع یدین نہیں کی۔

صحابہ کرامؓ اور رفع یدین :۔

(۲۹تا۳۱) امام بخاریؒ نے امام حسن بصریؒ سے روایت کی ہے کہ صحابہ کرامؓ رفع یدین کرتے تھے جب جھکتے اور جب سر اٹھاتے۔ اولاً تو یہ سند سخت ضعیف ہے کیونکہ سند میں سعید بن ابی عروبہ مختلط ہے اور قتادہ مدلس ہے۔ نہ تحدیث ثابت ہے اور نہ ہی متابعت۔ امام بخاریؒ نے خود جزء قرأت میں حدیث اذا قرا فانصتوا میں قتادہ پر یہی اعتراض کیا ہے۔ پھر اس میں ابہام بھی ہے کہ کس سے سر اٹھانا مراد ہے؟ اور یہ ضعیف اور مبہم روایت صحاح ستہ میں سے ابو داؤد کی روایت کے خلاف بھی ہے۔ چنانچہ محمد بن جحادہؒ نے جب حسن بصریؒ کو حضرت وائلؓ کی رفع یدین والی حدیث سنائی کہ آنحضرت ﷺ نے جس طرح رکوع جاتے وقت رفع یدین کی، رکوع سے سر اٹھاتے وقت رفع یدین کی اسی طرح جب سجدہ سے سر اٹھایا تو بھی رفع

http://mujahid.xtgem.com

یدین کی (ایضا رفع یدیه) اس روایت سے ایک تو اس روایت کا ایہام کھل گیا کہ یہاں صرف یہ ہے کہ جب سروں کو اٹھاتے تو رفع یدین کرتے، ابو داؤد کی حدیث میں وضاحت ہو گئی کہ رکوع سے سر اٹھا کر بھی رفع یدین کی اور سجدہ سے سر اٹھا کر بھی، پھر امام حسن بصریؒ نے فرمایا:۔ یہ رسول اللہ ﷺ والی نماز ہے۔ فعله من فعله وترکه من ترکه کہ بصرہ میں سارے رفع یدین کرنے والے نہ تھے بلکہ ترک رفع یدین والے بھی تھے، بلکہ محمد بن جحادہؒ کا امام حسن کو یہ حدیث سنانا تعجب کے طور پر تھا اور تعجب غیر معروف عمل ہوتا ہے اصحاب جمع کا صیغہ ہے جو تین پر بھی بولا جا سکتا ہے اور امام بخاریؒ کا یہ فرمان کہ امام حسنؒ نے استثناء نہیں فرمایا یہ امام حسن کی نص ترکہ من ترکہ کے خلاف ہے۔ اہل کوفہ صحابہؓ کے بارے میں ابراہیم نخعیؒ کا فرمان ما سمعته من احدمنهم سالبہ کلیہ ہے مکہ میں میمون کا فرمانا لو أراحدا یصلیها سالبہ کلیہ ہے۔ بصرہ کے بارے میں امام حسنؒ نے کوئی موجبہ کلیہ بیان نہیں فرمایا بلکہ ترکہ من ترکہ فرما کر موجبہ کلیہ کی نفی کر دی۔ اب بھی امام بخاری کا اس کو موجبہ کلیہ قرار دینا محض سینہ زوری ہے، حمید بن ہلال کی روایت میں بھی سب صحابہؓ کا ذکر نہیں۔ اگر سب مراد لئے جائیں تو یہ ثابت ہو گا کہ سب صحابہؓ ہمیشہ کانوں تک ہاتھ اٹھاتے تھے۔ گویا کندھوں تک ہاتھ اٹھانے والی متفق علیہ حدیث امام بخاریؒ کے ہاں سب صحابہ کرامؓ میں متروک تھی۔ حمید بن ہلال کی روایت میں صرف رفع یدین کا ذکر ہے نہ کہ رکوع کی رفع یدین کا۔ البتہ بعد میں حضرت وائل کی دوسری آمد کا جو ذکر کیا ہے، امام بخاری نے یہاں بھی رفع یدین کا ایہام رکھا ہے جب کہ ابو داؤد میں وائلؓ کی دوسری آمد میں یہ صراحت ہے ثم اتیتهم فرایتهم یرفعون ایدیهم الی صدورهم فی افتتاح الصلاة۔ (ابو داؤد ج ۱ / ص ۱۱۰) یعنی حضرت وائل فرماتے ہیں کہ صحابہؓ پہلی تکبیر کے وقت رفع یدین کرتے تھے اور امت کا بھی اس پر اجماع ہے کہ تکبیر تحریمہ کی رفع یدین مستحب

http://mujahid.xtgem.com

ہے۔(نووی شرح مسلم ج۱/ص۱۶۸)خود امام بخاریؒ کے شاگرد بھی ترمذی میں اہل علم صحابہؓ اور تابعینؒ کو رفع یدین کے تارک گردانتے ہیں۔اس سے معلوم ہوا کہ جو رفع یدین سب صحابہؓ کرتے تھے اور کسی صحابی سے جس رفع یدین کا چھوڑنا ثابت نہیں وہ تکبیر تحریمہ کی رفع یدین ہے۔رکوع یا سجود کی رفع یدین کے بارے میں ایسا بے بنیاد دعوی اجماع امت کے خلاف ہے۔

حدیث عبداللہ بن مسعودؓ :۔

(۳۲).....قال البخاری : ویروی عن سفیان عن عاصم بن کلیب عن عبد الرحمن بن الاسود عن علقمة قال : قال ابن مسعود رضی اللہ عنه: الا اصلی بکم صلاة رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم فصلیٰ ولم یرفع یدیه الا مرة .وقال احمد بن حنبل عن یحییٰ بن آدم : قال : نظرت فی کتاب عبد اللہ بن ادریس عن عاصم بن کلیب لیس فیه ثم لم یعد فهٰذا اصح لان الکتاب احفظ عند اهل العلم لان الرجل یحدث بشئ ثم یرجع الی الکتاب فیکون کما فی الکتاب۔

ترجمہ ..... امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ علقمہ سے روایت ہے، انہوں نے بیان کیا کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا کہ کیا میں تمہیں رسول اللہ ﷺ کی نماز نہ پڑھاؤں ؟ تو نماز پڑھائی اور رفع یدین نہیں کی سوائے پہلی مرتبہ کے۔امام احمد بن حنبلؒ نے یحییٰ بن آدم سے بیان کیا اس نے کہا کہ میں نے عبداللہ بن ادریس کی کتاب کو دیکھا جو اس نے عاصم بن کلیب سے روایت کی ہے، اس میں ثم لم یعد نہیں ہے۔پس یہ زیادہ صحیح ہے اس لئے کہ اہل علم کے نزدیک کتاب میں زیادہ حفاظت ہوتی ہے اس لئے کہ ایک آدمی کسی چیز کو بیان کرتا ہے پھر کتاب کی طرف رجوع کرتا ہے تو ویسا ہی ہوتا جیسا کہ کتاب میں ہے۔

(۳۳) ..... حدثناالحسن بن الربیع حدثناابن ادریس عن عاصم بن کلیب

http://mujahid.xtgem.com

عن عبد الرحمن بن الاسود حدثنا علقمة ان عبد الله رضی الله تعالیٰ عنه قال : علمنا رسول الله صلی الله علیه وسلم الصلاة فقام فکبر و رفع یدیه ثم رکع فطبق یدیه فجعلها بین رکبتیه فبلغ ذلك سعدًا فقال: صدق اخی قدکنا نفعل ذلك فی اول الاسلام ثم امرنا بهٰذا قال البخاری:هٰذا المحفوظ عند أهل النظر من حدیث عبد الله بن مسعود۔

ترجمہ..... علقمہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا کہ ہمیں رسول اللہ ﷺ نے نماز سکھائی۔ پس کھڑے ہوئے۔ تکبیر کہی اور رفع یدین کی پھر رکوع کیا اور تطبیق کی کہ دونوں ہاتھوں کو گھٹنوں کے درمیان رکھ دیا۔ یہ بات حضرت سعدؓ کو پہنچی تو انہوں نے فرمایا کہ میرے بھائی سچ کہا، ہم اول اسلام میں یہ کرتے تھے پھر ہمیں اس کا حکم دیا گیا۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ یہ اہل علم کے نزدیک حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی حدیث سے زیادہ محفوظ ہے۔

(۳۲، ۳۳) حضرت امام بخاریؒ نے ان دونوں نمبروں کے تحت حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی دو حدیثیں ذکر کی ہیں۔ ایک حدیث کا مضمون یہ ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے حضور ﷺ کی نماز کا طریقہ بتایا اور ایک دفعہ رفع یدین کی پھر نہ کی اور دوسری حدیث میں ہے کہ آپ ﷺ نے پہلی تکبیر کے وقت رفع یدین کی اور رکوع میں تطبیق کی۔ تو حضرت سعدؓ نے اعتراض کیا کہ یہ ہم پہلے کرتے تھے پھر گھٹنے پکڑنے کا حکم ہوا۔ ان دونوں حدیثوں کو ملانے سے جو صحیح نتیجہ نکلتا تھا کہ جمہور صحابہؓ کے نزدیک تطبیق خلاف سنت تھی تو حضرت سعد بن ابی وقاصؓ نے فوراً اعتراض کر دیا۔ اگر تحریمہ کے بعد ترک رفع یدین بھی خلاف سنت ہوتی تو حضرت سعدؓ کبھی خاموش نہ رہتے۔ معلوم ہوا کہ تطبیق کے خلاف سنت ہونے میں صحابہ کرامؓ میں اختلاف تھا۔ جمہور اس کو سنت نہیں سمجھتے تھے اگرچہ حضرت علیؓ اور حضرت عبداللہ بن مسعودؓ اس کو بھی سنت سمجھتے تھے مگر تحریمہ کے بعد ترک رفع

http://mujahid.xtgem.com

یدین میں صحابہؓ خصوصاً اہل کوفہ میں قطعاً کوئی اختلاف نہ تھا، سب اہل کوفہ صحابہؓ ترک رفع یدین بعد تحریمہ کو ہی سنت مانتے تھے۔ یہ وہ حقیقت ہے کہ امام بخاریؒ کے شاگرد امام ترمذیؒ نے حدیث ابن مسعودؓ کے بعد یہی لکھا: وھو قول سفیان و اھل الکوفة (ترمذی ج۱/ص ۵۹) امام بخاریؒ بھی انکار نہیں کر سکے۔ ایک حدیث کو اصح فرمایا جو تطبیق والی ہے تو دوسری یقیناً صحیح ہوئی لیکن امام بخاریؒ نہ صحیح پر عمل کرنے کو تیار ہیں نہ اصح پر۔ امام بخاریؒ ان دونوں حدیثوں کی سندوں پر اعتراض نہیں کر سکے۔ صرف یہ لکھا ہے کہ امام احمدؒ یحییٰ بن آدم کا قول نقل کرتے ہیں کہ میں نے عبداللہ بن ادریس کی کتاب میں عبداللہ بن مسعودؓ کی تطبیق والی حدیث دیکھی، اس تطبیق والی حدیث میں لم یعد نہیں تھا۔ یعنی عبداللہ بن مسعودؓ کی ایک حدیث جس میں ترک رفع یدین بعد تحریمہ کا ذکر ہے وہ سفیان ثوریؒ نے عاصم بن کلیب کی سند سے روایت کی ہے اور تطبیق والی حدیث عبداللہ بن ادریس نے عاصم بن کلیب سے روایت کی ہے۔ جب عبداللہ بن ادریس کی کتاب میں سفیان والی حدیث ہی نہیں تو اس میں لم یعد تلاش کرنا ہی فضول ہے۔ دیکھنا تو یہ ہے کہ امام سفیان ثوریؒ اور اس کے شاگرد وکیع کا عمل اور اہل کوفہ کا عمل کیا ہے؟ تو خود بخاریؒ کو تسلیم ہے کہ کان الثوری و وکیع و بعض الکوفیین لا یرفعون أیدیھم۔ (جزء بخاری نمبر ۷۵) یعنی وکیع، ثوری اور بعض اہل کوفہ رفع یدین نہیں کرتے تھے۔ وکیع، ثوری اور اہل کوفہ کے اجماعی عمل کے خلاف یہ کہنا کہ سفیان کی روایت میں لم یعد ثابت نہیں، یہ محض انکار حدیث ہوگا۔ تاہم امام احمدؒ اور امام ابن ابی شیبہؒ دونوں سے حدیث ابن مسعود ترک رفع یدین والی روایت کی اور یہ دونوں امام بخاریؒ کے استاد ہیں۔ ادھر امام بخاریؒ نے پورا زور لگا کر صرف دو صحابہ کرامؓ حضرت ابن عمرؓ اور حضرت مالک بن حویرثؓ سے دو حدیثیں صحیح بخاری میں لا سکے مگر ان کے چہیتے شاگرد امام نسائیؒ نے وہ دونوں حدیثیں لکھ کر حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی حدیث

http://mujahid.xtgem.com

سے ان دونوں کو متروک قرار دے دیا۔ (نسائی ج ۱/ص ۱۴۸) علامہ نوویؒ نے شرح مسلم ج ۱/ص ۱۵۶ پر محدثین کا ایک قاعدہ نقل فرمایا ہے کہ محدثین اختلافی حدیثوں میں منسوخ اور پہلے زمانے کی حدیث پہلے لاتے ہیں اور بعد والی اور ناسخ حدیث بعد میں لاتے ہیں۔ اس اصول پر امام بخاریؒ کے دادا استاد امام عبدالرزاقؒ اور امام بخاریؒ کے استاد امام ابوبکر بن ابی شیبہؒ دونوں حضرت ابن عمرؓ کی رفع یدین والی حدیث پہلے لائے ہیں اور حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی ترک رفع یدین والی حدیث بعد میں لائے ہیں۔ یہی طرز امام ترمذیؒ، امام نسائیؒ اور امام ابوداؤدؒ نے اختیار کیا ہے۔ ان سب کی بات یقیناً اصولی ہے۔ امام بخاریؒ جہاں اپنے اساتذہ اور تلامذہ کے خلاف کوئی رائے رکھیں اور اصول بھی اس کی تائید نہ کرے تو اس کا ماننا ضروری نہیں۔

ایک مثال :۔

کئی سالوں سے یہ ہو رہا ہے کہ سعودیہ میں عید ہوتی ہے اور پاکستان میں روزہ۔ اب چاند کی رؤیت میں سعودیہ والوں کی بات قابل اعتماد ہوگی اور عدم رؤیت میں اہل پاکستان کی۔ اسی طرح جب حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی حدیث کی سند کوفی ہے اور اہل کوفہ میں اس پر متواتر عمل بھی ہے تو یہاں اہل کوفہ کے اجماع کے مقابلہ میں کسی کی شاذ رائے ہرگز قابل اعتماد نہ ہوگی۔

حدیث براء بن عازبؓ :۔

(۳۴) .....وحدثنا الحمیدی حدثنا سفیان عن یزید بن ابی زیاد ههنا عن عبدالرحمن بن ابی لیلیٰ عن البراء رضی الله عنه ان النبی صلی الله علیه وسلم کان یرفع یدیه اذا کبر قال سفیان : لما کبر الشیخ لقنوه ثم لم یعد ۔ قال البخاری : و کذلك روی الحفاظ من سمع یزید بن أبی زیاد قدیما منهم الثوری و شعبة و زهیر لیس فیه ثم لم یعد۔

http://mujahid.xtgem.com

ترجمہ ..... اور حمیدی نے بیان کیا، ان کو سفیان نے یزید بن ابی زیاد سے، اس جگہ اس نے ابن ابی لیلیٰ سے، اس نے حضرت براءؓ سے روایت کی ہے کہ آنحضرت ﷺ رفع یدین کرتے تھے جب تکبیر کہتے، سفیان نے کہا کہ جب شیخ بوڑھے ہوئے تو لوگوں نے ثم لم یعد کی تلقین کی۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ یزید بن ابی زیاد سے جن حفاظ نے پہلے زمانہ میں ان سے حدیث سنی ہے ان میں ثوری، شعبہ اور زہیر ہیں۔ اس میں ثم لم یعد نہیں ہے۔

امام بخاریؒ نے ترک رفع یدین بعد تحریمہ کی دلیل میں حدیث براءؓ کا ذکر کیا ہے۔ اس حدیث میں دو مسئلے ہیں:

(۱)..... ہاتھ کہاں تک اٹھائے جائیں؟ اس بارے میں کانوں تک ہاتھ اٹھانے کا ذکر ہے۔ یہ سند بھی کوئی ہے اور تمام اہل کوفہ کا متواتر اور اجماعی عمل بھی اسی پر ہے۔

(۲)..... ہاتھ کتنی جگہ اٹھانے چاہئیں؟ تو اس میں پہلی تکبیر کی رفع یدین کے بعد لایعود ہے کہ تکبیر کے بعد ہاتھ نہیں اٹھانے چاہئیں۔ محدثین کی عادت ہوتی ہے کہ جب حدیث میں دو مسئلے ہوں تو کبھی ایک ہی مسئلہ روایت کر دیتے ہیں کبھی دونوں۔ اس لئے شاگردوں نے جس طرح سنا اسی طرح روایت کر دیا۔ جس نے صرف کانوں تک ہاتھ اٹھانے کا سنا اس نے اتنا ہی روایت کر دیا اور جس نے دوسرا بھی سنا کہ تحریمہ کے بعد رفع یدین نہیں کرنی چاہئے، انہوں نے دونوں مسئلے روایت کر دیئے۔ یہ عادت محدثین کا روزمرہ کا معمول ہے۔ اس حدیث میں مذکور دونوں مسئلے صحیح بخاری کی حدیث کے خلاف تھے کیونکہ بخاری میں کندھوں تک ہاتھ اٹھانے کی حدیث ہے نہ کہ کانوں تک ہاتھ اٹھانے کی اور شوافع کے ہاتھ بخاری میں اثبات رفع یدین کی حدیث ہے ترک کی نہیں، اس لئے امام بخاریؒ نے یہاں یہ نقطہ آفرینی فرمائی ہے کہ اس حدیث کا مدار یزید بن ابی زیاد پر ہے اور یزید بن ابی زیاد کا حافظہ آخر عمر میں خراب ہو گیا تھا، اس لئے جن شاگردوں نے حافظہ کی

http://mujahid.xtgem.com

کمزوری سے پہلے حدیث روایت کی ہے وہ صحیح ہے اور اس میں صرف پہلا مسئلہ ہے۔ خاص طور پر ان میں سفیان ثوری، شعبہ اور زہیر شامل ہیں اور جن شاگردوں نے بڑھاپے میں ان سے حدیث سنی، ان کی حدیث صحیح نہیں، اس میں لا یعود یعنی رفع یدین نہ کرنا ہے۔ اس ساری کہانی کا مدار امام سفیان بن عیینہ کے قول پر ہے کہ میں نے جب کوفہ میں یزید بن ابی زیاد سے حدیث سنی تو اس نے لا یعود نہ سنایا، بعد میں جب مکہ میں سنی تو لا یعود کہا۔ میرا گمان ہے کہ لوگوں نے اسے تلقین کی ہو گی لیکن امام سفیان کا یہ گمان اس آیت کا مصداق: ان الظن لا یغنی من الحق شیئا کی مد میں شامل ہے کیونکہ:

(الف)..... یہ سمجھنا کہ اس حدیث کا مدار صرف یزید بن ابی زیاد پر ہے یہ بھی غلط ہے بلکہ عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ کے تین شاگرد ہیں:

(۱)..... عیسیٰ بن عبدالرحمٰن۔

(۲)..... حکیم بن عتیبہ (ابن ابی شیبہ ج ۱/ص ۲۳۶، المدونۃ الکبریٰ ج ۲/ص ۷۲، مسند ابی یعلی ج ۳/ص ۲۴۸، طحاوی ج ۱/ص ۱۵۳، ابوداؤد ج ۱/ص ۱۰۹) ابوداؤد میں عیسیٰ اور حکم کے درمیان واؤ سہو کاتب سے رہ گئی ہے۔

(۳)..... یزید بن ابی زیاد۔ پھر یزید بن ابی زیاد سے دس شاگردوں نے اس کو مکمل متن سے روایت کیا ہے۔

(۱)..... شریک ۱۷۷ھ۔ (ابوداؤد ج ۱/ص ۱۰۹)

(۲)..... سفیان ثوری ۱۶۱ھ۔ (طحاوی ج ۱/ص ۱۵۴)

(۳)..... سفیان بن عیینہ ۱۹۸ھ۔ (عبدالرزاق ج ۲/ص ۷۱)

(۴)..... ہیثم ۱۸۳ھ۔ (مسند ابی یعلی ج ۳/ص ۲۴۸)

(۵)..... عبداللہ بن ادریس ۱۹۲ھ۔ (مسند ابی یعلی ج ۳/ص ۲۴۹)

(۶)..... اسماعیل بن زکریا ۱۹۴ھ۔ (دارقطنی ج ۱/ص ۲۹۳)

http://mujahid.xtgem.com

(۷).....محمد بن ابی لیلیٰ ۱۴۸ھ۔(دار قطنی ج ۱/ص ۲۹۴)

(۸).....شعبہ ۱۶۰ھ۔(مسند احمد ج ۴/ص ۳۰۳)

(۹).....اسرائیل۔(عمدۃ القاری بحوالہ خلافیات بیہقی)

(۱۰).....حمزۃ الزیات ۱۵۶ھ(عمدۃ القاری بحوالہ اوسط طبرانی)

اور چھ شاگردوں نے اس کو مختصر روایت کیا ہے۔

(۱).....علی بن عاصم ۲۰۱ھ۔(دار قطنی)

(۲).....خالد بن عبداللہ ۱۸۲ھ۔(دار قطنی)

(۳).....اسباط بن محمد ۲۰۰ھ۔(مسند احمد ج ۴/ص ۳۰۱)

(۴).....جراح بن ملیح ۱۶۵ھ۔(کتاب العلل احمد ج ۱/ص ۱۷)

(۵).....صالح بن عمر ۱۸۶ھ۔(مسند ابی یعلی)

(۶).....زہیر بن معاویہ ۱۳۲ھ یا ۱۷۴ھ۔(جزء بخاری محض بے سند) پس مکمل روایت قبول کی جائے گی۔

(ب).....امام بخاریؒ کا یہ فرمان بھی صحیح نہیں کہ ثوری، شعبہ اور ابن عیینہ نے لایعود یا اس کا ہم معنی روایت نہیں کیا۔ اس کے حوالے گزر چکے ہیں۔ ان کے پاس علم ہے اور امام بخاریؒ کے پاس عدم علم ہے۔ محدث یزید بن ابی زیاد کوفہ میں ہی ۳۶ھ یا ۳۷ھ میں پیدا ہوئے اور کوفہ میں ہی ۱۳۷ھ میں وصال فرمایا۔(تہذیب ج ۱۱/ص ۳۳۰) ان کا مکہ مکرمہ میں قیام پذیر ہونا سرے سے ثابت ہی نہیں۔ امام سفیان بن عیینہ کوفہ میں ۱۰۷ھ میں پیدا ہوئے۔ اور ۱۶۳ھ میں کوفہ سے مکہ مکرمہ منتقل ہو گئے اور وہیں ۱۹۸ھ میں انتقال فرمایا۔(تہذیب ج ۴/ص ۱۲۲) اس سے معلوم ہوا کہ سفیان جب مکہ گئے تو یزید بن ابی زیاد کو فوت ہوئے ۲۶ سال ہو چکے تھے۔ یہ ۲۶ سال بعد قبر سے اٹھ کر کیسے حدیث سنانے آ گئے؟ اور پھر امام سفیان ۱۶۴ھ کے بعد کب اس کی قبر سے حدیث سننے آئے۔

http://mujahid.xtgem.com

نوٹ ..... محمد بن عبد الرحمٰن بن ابی لیلیٰ (۱۴۸ھ) پر امام بخاریؒ نے حافظہ کی جرح کی ہے اولاً تو امام ابو حنیفہؒ نے ان سے حدیث لی ہے۔ (مسند امام اعظم ص ۱۶۳) اور ثانیاً ترمذی نے اس کی حدیث کو حسن کہہ کر بخاری سے تائید نقل کی ہے۔ (باب ما جاء في التطوع في السفر ج ۱ / ص ۱۲۲) الغرض نہ صرف یہ کہ حدیث سنداً صحیح ہے بلکہ اہل کوفہ کے عملی تواتر کی تائید بھی اس کو حاصل ہے۔

(۳۵) .....حدثنا محمد بن یوسف حدثنا سفیان عن یزید بن ابی زیاد عن ابن ابی لیلیٰ عن البراء رضی الله عنه قال کان النبی صلی الله علیه وسلم یرفع یدیه اذا کبر حذاء اذنیه۔

ترجمہ ..... حضرت براءؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ رفع یدین کرتے تھے جب تکبیر کہتے کانوں کے برابر۔

(۳۶) .....قال البخاری : وروىٰ وکیع عن ابن ابی لیلیٰ عن اخیه عیسیٰ والحکم بن عتیبة عن ابن ابی لیلیٰ عن البراء رضی الله عنه قال : رأیت النبی صلی الله علیه وسلم یرفع یدیه اذا کبر ثم لم یرفع. قال البخاری : و انما روىٰ ابن ابی لیلیٰ هٰذا من حفظه فاما من حدث عن ابن ابی لیلیٰ من کتابه فانما حدث عن ابن ابی لیلیٰ عن یزید فرفع الحدیث الی تلقین یزید و المحفوظ ماروىٰ عنه الثوری و شعبة و ابن عیینة قدیماً۔

ترجمہ ..... امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ وکیع نے ابن ابی لیلیٰ سے، اس نے اپنے بھائی عیسیٰ اور حکم بن عتیبہ سے، اس نے ابن ابی لیلیٰ سے، اس نے حضرت براءؓ سے روایت کی ہے، اس نے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ رفع یدین کرتے ہیں جب تکبیر کہتے ہیں، اس کے بعد رفع یدین نہیں کرتے۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ ابن ابی لیلیٰ نے یہ روایت اپنی یادداشت سے بیان کی ہے۔ پس جس

http://mujahid.xtgem.com

نے ابن ابی لیلیٰ کی کتاب سے حدیث بیان کی ہے تو اس نے یزید کے واسطہ سے کی ہے تو پھر حدیث یزید کی تلقین تک پہنچی اور محفوظ وہی ہے جو یزید سے ثوری، شعبہ اور ابن عیینہ نے پہلے زمانہ میں روایت کی ہے۔

حدیث جابر بن سمرہؓ :۔

(۳۷)..... قال البخاری :فمااحتجاج بعض مالایعلم بحدیث؟ وکیع عن الأعمش عن المسیب بن رافع عن تمیم بن طرفة عن جابر بن سمرة رضی الله عنه قال : دخل علینا النبی صلی الله علیه وسلم و نحن رافعوا ایدینا فی الصلاة فقال : ما لی اراکم رافعی ایدیکم کانها اذناب خیل شمس اسکنوا فی الصلاة فانما کان هٰذا فی التشهد لا فی القیام کان یسلم بعضهم علیٰ بعض فنهی النبی صلی الله علیه وسلم عن رفع الایدی فی التشهد ولا یحتج بهٰذا من له حظ من العلم هٰذا معروف مشهور لا اختلاف فیه ولو کان کما ذهب الیه لکان رفع الایدی فی اول التکبیرة وایضا تکبیرات صلاة العید منهیاً عنها لانه یستثن رفعاً دون رفع۔

ترجمہ..... امام بخاریؒ نے فرمایا کہ بعض بے علم لوگوں نے حضرت جابر بن سمرہؓ کی روایت کہ ہمارے پاس رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اس حال میں کہ ہم نماز میں رفع یدین کر رہے تھے تو حضرت ﷺ نے فرمایا کہ مجھے کیا ہو گیا ہے کہ تمہیں رفع یدین کرتے دیکھ رہا ہوں جیسے سرکش گھوڑوں کی دم ہوتی ہے، نماز میں سکون پکڑو، سے استدلال کیا ہے تو حقیقت یہ ہے کہ یہ تشہد میں تھا کہ قیام میں بعض پر سلام کرتے تھے تو رسول اللہ ﷺ نے تشہد میں رفع یدین کرنے سے روک دیا اور جس کو علم سے تھوڑا سا حصہ ملا ہے وہ اس سے استدلال نہیں کرے گا۔ یہ مشہور و معروف بات ہے اس میں کوئی اختلاف نہیں اور اگر ویسا ہی مان لیا

http://mujahid.xtgem.com

جائے جو انہوں نے بیان کیا ہے تو پھر پہلی تکبیر کی رفع یدین اور عید کی نماز کی تکبیرات بھی منع ہونی چاہئیں۔ اسلئے کہ حضرت ﷺ نے کسی رفع یدین کی استثناء نہیں کی ہے۔

(۳۸)..... وقد ثبت حديث حدثناه ابو نعيم حدثنا مسعر عن عبيد الله ابن القبطية قال : سمعت جابر بن سمرة رضى الله عنهما يقول : كنا اذا صلينا خلف النبى صلى الله عليه وسلم قلنا : السلام عليكم ، السلام عليكم فاشار مسعر بيده فقال : ما بال هؤلآء يومنون بايديهم كانها اذناب خيل شمس انما يكفى احد كم ان يضع يده على فخذه ثم يسلم على اخيه من عن يمينه و من عن شماله قال البخارى : فليحذر آمره ان يتقول على رسول الله صلى الله عليه وسلم مالم يقل قال الله عزوجل فليحذر الذين يخالفون عن امره ان تصيبهم فتنة او يصيبهم عذاب اليم۔

ترجمہ ..... اور تحقیق حضرت جابرؓ کی یہ حدیث ثابت ہے کہ جب ہم رسول اللہ ﷺ کے پیچھے نماز پڑھ چکے ہوتے تو ہم کہتے السلام علیکم، السلام علیکم تو مسعر نے اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا تو حضرت ﷺ نے فرمایا: ان لوگوں کو کیا ہو گیا ہے کہ ہاتھوں سے اشارہ کرتے ہیں جیسے سرکش گھوڑوں کی دم ہوتی ہے۔ تم میں سے ہر ایک کے لئے یہ کافی ہے کہ ہاتھوں کو رانوں پر رکھے پھر اپنے بھائی پر سلام کرے جو دائیں طرف ہے اور جو بائیں طرف ہے۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ اس حکم کرنے والے کو ڈرنا چاہئے اس سے کہ رسول اللہ ﷺ پر ایسی بات بولے جو آپ ﷺ نے نہیں فرمائی۔ اللہ عزوجل نے فرمایا: ”پس ڈرنا چاہئے ان لوگوں کو جو اللہ کے حکم کی مخالفت کرتے ہیں کہ پہنچ جائے ان کو کوئی مصیبت یا دردناک عذاب۔“

(۳۷، ۳۸)..... حضرت جابر بن سمرہؓ جو جلیل القدر صحابی ہیں۔ یہ

http://mujahid.xtgem.com

۷۰ھ کے بعد مستقل طور پر کوفہ میں سکونت پذیر ہو گئے تھے۔ امام بخاریؒ نے ان کی دو حدیثیں نقل فرمائی ہیں۔ ایک میں یہ ہے کہ آپ ﷺ نے نماز کے اندر رفع یدین کرنے پر اظہار ناراضگی فرمایا اور اس کو شریر گھوڑوں کی دموں سے تشبیہ دی اور دوسری حدیث میں نماز باجماعت والوں کو سلام کے وقت دائیں بائیں ہاتھ پھیلانے والوں کو بھی شریر گھوڑوں کی دموں سے تشبیہ دی ہے۔ ہم ان دونوں حدیثوں کو مانتے ہیں کہ جس طرح سلام کے وقت دائیں بائیں ہاتھ پھیلانا مکروہ ہے اسی طرح نماز کے اندر رفع یدین جو خالی عن الذکر ہو وہ بھی مکروہ ہے۔ امام بخاریؒ دوسری بات کو تو مکروہ مانتے ہیں لیکن رفع یدین کو نہیں مانتے حالانکہ سلام جو من وجہ داخل نماز ہے اور من وجہ خارج نماز، اس وقت ایک ہاتھ سے اشارہ کرنا مکروہ ہے تو عین نماز کے اندر دو ہاتھ سے رفع یدین بدرجہ اولیٰ مکروہ ہے جیسے جس طرح والدین کے سامنے اف کرنا مکروہ ہے گالی دینا تو بڑا مکروہ ہے۔ اسی طرح السلام علیکم ایک دعا ہے، جب اس دعا کے ساتھ اشارہ مکروہ ہے تو وہ رفع یدین جس کے ساتھ شریعت میں ذکر ثابت نہیں وہ بدرجہ اولیٰ مکروہ ہے بلکہ یہاں یہ تشبیہ زیادہ موزوں ہے کیونکہ گھوڑے بغیر ذکر الٰہی کے دمیں ہلاتے ہیں، اس لئے وہ رفع یدین جو ذکر سے خالی ہو اس کو گھوڑوں کی دموں سے تشبیہ دینا بہت مناسب ہے۔ یہ حدیث جابر بن سمرہؓ طیالسی رقم ۷۸۶، عبد الرزاق رقم ۳۲۵۲، ابن ابی شیبہ ج ۲/ ص ۴۸۶، مسند احمد ج ۵/ ص ۹۳، ۱۰۱، ۱۰۷، مسلم ج ۱/ ص ۱۸۱، ابو داؤد ج ۱/ ص ۱۴۳، نسائی ج ۱/ ص ۱۷۶، ابو عوانہ ج ۲/ ص ۸۵؛ طحاوی ج ۱/ ص ۲۲۱، ابن حبان ج ۳/ ص ۱۷۸، ابو یعلی رقم ۲۳، ۲۴، ۲۵، ۲۶، المحلی ج ۴/ ص ۱۸۷، جامع صحیح حبیب بن ربیع رقم ۳۰، ۳۱ طبرانی کبیر ج ۲/ ص ۲۰۲، بغدادی ج ۶/ ص ۹۶ پر ہے۔ یاد رہے نماز کے اندر رونے کی وضاحت خود حدیث میں ہے کہ تحریمہ کے بعد سلام سے پہلے۔ جب اس حدیث میں نماز کے اندر رفع یدین کو خلاف سکون

http://mujahid.xtgem.com

نماز فرمایا گیا ہے تو جو رفع یدین بلا معارض ثابت ہو گی وہ بوجہ اجماع اس قاعدے سے مستثنیٰ ہو گی اور جہاں رفع یدین کرنے اور نہ کرنے کی دو قسم کی احادیث ہوں گی وہاں ترک کی روایات لی جائیں گی کیونکہ رفتار تشریع نماز میں بالاتفاق حرکت سے سکون کی طرف رہی۔ امام بخاریؒ تحقیقی جواب سے ہٹ کر الزمی جواب کی طرف آئے مگر الزامی جواب کا مسلمات خصم پر مبنی ہونا ضروری ہے۔ پہلا اعتراض یہ فرمایا کہ تم تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین کیوں کرتے ہو؟ تو یاد رہے کہ اولاً تو ہمارے ہاں تکبیر تحریمہ شرط نماز ہے، نماز میں داخل نہیں۔ دوسرے اس رفع یدین کے ساتھ تکبیر ہے ذکر والی رفع یدین عبادت ہے، اس کو اس رفع یدین پر جو ذکر سے خالی ہو قیاس نہیں کیا جا سکتا۔ گھوڑے بلا ذکر ہی دمیں مارتے ہیں۔ تیسرے تحریمہ کی رفع یدین معارض سے سالم ہے جب کہ رکوع، سجود کی رفع یدین دوسری نصوص و تعامل سے متعارض ہیں۔ اسی طرح وتر اور عید کی رفع یدین ذکر والی ہے اور اس کے خلاف وتر اور عید میں رفع یدین نہ کرنے کی کوئی حدیث معارض نہیں اور وتر اور عید کی نماز بالاتفاق عام نمازوں سے مختلف ہے۔ جب فارق پایا گیا تو قیاس باطل ہو گیا۔

اسماء صحابہ کرامؓ :۔

(۱) ابو قتادہؓ، (۲) ابو اسید الساعدیؓ البدری، (۳) محمد بن مسلمہؓ، (۴) سہل بن سعد الساعدیؓ اور (۵) ابو حمید الساعدیؓ۔ ان کی حدیث (نمبر ۳، ۴) میں دس جگہ کی رفع یدین ہے۔ لفظ اذا قام من الرکعتین ہے مگر نمبر ۷، ۱۰ میں اذا قام من السجدتین ہے۔ نمبر ۵ میں پانچ جگہ کی رفع یدین ہے اور نمبر ۶ میں کسی بھی رفع یدین کا ذکر نہیں، گویا کہ ۱۱ سے ۱۰ پھر ۵ اور آخر میں رفع یدین باقی ہی نہ رہی۔ (۶) عبد اللہ بن عمرؓ کی حدیث کا مدار زہری پر ہے۔ زہری کے کئی شاگرد ہیں: ایک شاگرد مکہ مکرمہ کے ہیں جن کا نام سفیان بن عیینہ ہے، نمبر ۲ کے تحت یہ بحث کر

http://mujahid.xtgem.com

دی گئی کہ اہل مکہ کا متواتر عمل اس حدیث کے خلاف ترک رفع یدین پر تھا۔ نمبر ۱۲ میں مالک کی روایت ہے جو فقیہ حرم مدینہ تھے اور وہاں اس پر عث کر دی ہے کہ خیر القرون میں اہل مدینہ کا متواتر عمل اس حدیث کے خلاف تھا۔ نمبر ۱۳ میں سالم کے والد عبداللہ بن عمرؓ کا عمل نقل فرمایا ہے کہ آپ سجدہ سے اٹھ کر بھی رفع یدین کرتے تھے اور ہر رکعت کے قیام کے وقت بھی کرتے تھے۔ ابن عمرؓ کا یہ عمل بھی پہلی دونوں مرفوع حدیثوں کے خلاف ہے۔ نمبر ۴۲ میں شعیب کا طریق، نمبر ۴۸، ۱۰۵ میں یونس، نمبر ۷۸، ۸۲ میں عبید اللہ نمبر ۷۹ میں ہیثم اور نمبر ۸۰ میں عقیل کا طریق استعمال کیا ہے۔ امام بخاریؒ نے نمبر ۷۰ میں یہ تسلیم کیا ہے کہ سالمؒ رکوع کے علاوہ سجدوں میں بھی رفع یدین کر کے اس مرفوع حدیث کی مخالفت کرتے تھے۔

زینت :۔

(۳۹)..... حدثنا محمد بن یوسف حدثنا سفیان عن عبد الملك قال : سألت سعید بن جبیر عن رفع الیدین فی الصلاة فقال : هو شیء تزین به صلوٰتك۔

ترجمہ ..... عبد الملک سے روایت ہے، اس نے کہا کہ میں نے سعید بن جبیرؒ سے نماز میں رفع یدین سے متعلق سوال کیا تو انہوں نے فرمایا: یہ ایسی شے ہے کہ اس سے تیری نماز مزین ہوتی ہے۔

امام بخاریؒ کے استاد ابو بکر ابن ابی شیبہؒ نے سعید بن جبیرؒ کا قول حفص عن عبد الملک نقل کیا ہے، اس میں تکبیرات انتقال کو حضرت سعیدؒ نے زینت فرمایا ہے۔ (ج ۲ / ص ۲۴۱) اس میں رفع یدین کا نشان تک نہیں البتہ امام بخاریؒ نے یہاں سفیان عن عبد الملک سے رفع یدین کا زینت ہونا نقل کیا ہے۔ زینت چونکہ اصل چیز سے خارج ہوتی ہے اس لئے یہاں رفع یدین تحریمہ والی مراد ہو گی۔ البتہ بیہقی میں اس کے بعد ہے کہ صحابہؓ رکوع جاتے اور سر اٹھاتے وقت رفع یدین کرتے

http://mujahid.xtgem.com

تھے مگر سند کے راوی یعقوب بن یوسف الاخرم کی توثیق نہیں مل سکی، پس یہ ضعیف ہے۔

عجیب بے سند مردم شماری :۔

(۴۰)..... حدثنا محمود انبانا عبد الرزاق انبانا ابن جریج اخبرنی نافع عن ابن عمر رضی اللہ عنہما کان یکبر بیدیه حین یستفتح و حین یرکع و حین یقول سمع اللہ لمن حمدہ و حین یرفع راسه من الرکوع و حین یستوی قائما قلت لنافع : کان ابن عمر یجعل الاول ارفعهن قال : لا قال ابو عبد اللہ : ولم یثبت عند اهل النظر ممن ادرکنا من اهل الحجاز و اهل العراق منهم عبد اللہ بن الزبیر وعلی بن عبد اللہ بن جعفر ویحیی بن معین واحمد بن حنبل واسحاق بن راهویه هؤلآء اهل العلم من بین اهل زمانهم فلم یثبت عند احد منهم علم فی ترك رفع الایدی عن النبی صلی اللہ علیه وسلم ولا عن احدمن اصحاب النبی صلی اللہ علیه وسلم انه لم یرفع یدیه۔

ترجمہ..... نافع نے خبر دی کہ ابن عمرؓ دونوں ہاتھوں کے ساتھ تکبیر کہتے تھے جب نماز شروع کرتے اور جب رکوع کرتے اور جب سمع اللہ لمن حمدہ کہتے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے اور جب سیدھے کھڑے ہو جاتے۔ میں نے نافع سے کہا کہ ابن عمرؓ پہلی تکبیر میں ہاتھ زیادہ اونچا کرتے تھے ؟ انہوں نے جواب دیا نہیں۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ اہل نظر جن کو ہم نے پایا اہل حجاز اور اہل عراق میں سے جن کے نام یہ ہیں عبد اللہ بن زبیرؓ، علی بن عبد اللہ بن جعفر، یحییٰ بن معین، احمد بن حنبل اور اسحاق بن راہویہ اور یہ اپنے زمانہ کے اہل علم ہیں تو ان میں سے کسی سے ثابت نہیں کہ اس بارے میں کوئی علم ہو کہ حضور ﷺ نے رفع یدین نہ کی ہو اور نہ کسی صحابی سے ثابت ہے کہ اس نے رفع یدین نہ کی ہو۔

http://mujahid.xtgem.com

ہر رکوع کے ساتھ چار دفعہ رفع یدین کا ذکر ہے جس پر خود امام بخاریؒ کا بھی عمل نہیں ہے۔ اس کے بعد پھر امام بخاریؒ نے بے سند مردم شماری شروع کر دی ہے۔ اس کے بعد لکھا ہے کہ نبی ﷺ اور صحابہؓ سے کسی نے ترک رفع یدین کسی سے روایت نہیں کی حالانکہ اس نمبر ۴۰ میں جو ہر رکوع کے ساتھ چار دفعہ رفع یدین مذکور ہیں ان کا نہ نبی پاک ﷺ سے ثبوت ہے اور نہ کسی صحابی سے۔ ابن عمرؓ کی یہ روایت بھی محمود کی جہالت کی وجہ سے ضعیف ہے۔

حسنؒ اور ابن سیرینؒ :۔

(۴۱).....حدثنا محمد بن مقاتل حدثنا عبد الله انبانا هشام عن الحسن و ابن سيرين انهما كانا يقولان : إذا كبر احدكم للصلاة فليرفع يديه حين يكبر و حين يرفع رأسه من الركوع و كان ابن سيرين يقول : هو من تمام الصلاة۔

ترجمہ ..... ہشام نے بیان کیا ہے کہ حسن اور ابن سیرینؒ دونوں فرمایا کرتے تھے کہ جب تم میں سے کوئی نماز کے لئے تکبیر کہے تو تکبیر کے وقت ہاتھ اٹھائے اور جب رکوع سے سر اٹھائے اور ابن سیرین فرماتے تھے کہ یہ نماز کو تمام کرنے میں سے ہے۔

یہ سند بالکل ضعیف ہے کیونکہ عبد اللہ بن لہیعہ راوی ضعیف ہے اور ہشام بن حسان کا نہ حسن سے سماع ثابت ہے نہ ابن سیرین سے اور رفع یدین بھی پانچ جگہ لی ہے ولم يقل به احدًا۔

(۴۲).....حدثنا ابو اليمان انبانا شعيب عن الزهرى عن سالم بن عبد الله ان عبد الله بن عمر رضى الله عنهما قال : رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا افتتح التكبير فى الصلاة رفع يديه حين يكبر حتىٰ يجعلهما حذو منكبيه و اذا كبر للركوع فعل مثل ذلك واذا قال سمع

http://mujahid.xtgem.com

الله لمن حمده فعل مثل ذلك قال ربنالك الحمد ولا يفعل ذلك حين يسجد ولا حين يرفع رأسه من السجود۔

ترجمہ ..... عبد اللہ بن عمرؓ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ جب نماز شروع کرتے تو بوقت تکبیر رفع یدین کرتے یہاں تک کہ ہاتھوں کو کندھوں کے برابر کر دیتے اور جب رکوع کے لئے تکبیر کہتے تو ایسا ہی کرتے اور جب سمع الله لمن حمده کہتے تو یہی کرتے اور ساتھ ربنا لك الحمد کہتے اور ایسا نہیں کرتے بوقت سجدہ اور جب سجدہ سے سر اٹھاتے۔

یہ ابن عمرؓ کی حدیث کا تیسرا طریق ہے جو طریق سفیان کے بھی خلاف ہے اور طریق مالک کے بھی۔ شعیب کی یہاں کوئی وضاحت نہیں کہ کون ہے؟ البتہ بیہقی میں ایک روایت میں شعیب بن ابی حمزہ ہے اور دوسری میں شعیب بن دینار عن ابی حمزہ ہے۔ شعیب بن دینار کے بارے میں تقریب میں ہے: صدوق سیئ الحفظ اور ابو حمزہ کے بارے میں ہے صدوق له اوهام۔ پھر زہری کا عنعنہ بھی ہے اور خود ابن عمرؓ اس کو سنت نہیں سمجھتے تھے۔

قال البخاری: وكان ابن المبارك يرفع يديه وهو اكبر اهل زمانه علما فيما يعرف فلو لم يكن عند من لم يعلم من السلف علم فاقتدى بابن المبارك فيما اتبع الرسول واصحابه و التابعين لكان اولى به من ان يتبع بقول من لا يعلم والعجب ان يقول احدهم كان ابن عمر صغيرًا فى عهد النبى ﷺ ولقد شهد النبى صلى الله عليه وسلم لا بن عمر بالصلاح۔

ترجمہ ..... امام بخاریؒ فرماتے ہیں: ابن مبارکؒ رفع یدین کرتے تھے اور وہ اپنے زمانے میں علم کے اعتبار سے سب سے بڑے تھے جیسا کہ مشہور ہے۔ پس اگر کسی شخص کو جس کے پاس سلف کی طرف سے کوئی علم نہیں تو وہ ابن مبارکؒ کی ہر

http://mujahid.xtgem.com

مسئلہ میں تقلید کرے جس میں انہوں نے رسول اللہ ﷺ، صحابہؓ اور تابعینؒ کی اتباع کی ہے۔ ایسا کرنا بے علم شخص کی اتباع سے بدرجہا بہتر ہے اور عجیب بات یہ ہے کہ کوئی کہے کہ ابن عمرؓ حضور ﷺ کے زمانہ میں چھوٹے تھے، حالانکہ حضور ﷺ نے ان کے صالح ہونے کی گواہی دی ہے۔

اب امام بخاریؒ بغیر کسی سند کے فرماتے ہیں کہ عبداللہ بن مبارکؒ رفع یدین کرتے تھے۔ جب کہ امام عبداللہ بن مبارکؒ ۱۸۱ھ وصال فرما چکے تھے اور امام بخاریؒ ان کے وصال کے ۱۳ سال بعد ۱۹۴ھ میں پیدا ہوئے۔ اسی طرح امام بخاریؒ نے نہ کسی صحابی کا زمانہ پایا اور نہ تابعین میں سے کسی کا۔ اس لئے صحابہؓ اور تابعینؒ کے بارے میں آپؒ کی بے سند رائے قابل قبول نہیں۔ امام بخاریؒ ابن مبارکؒ کی تقلید کا حکم دے رہے ہیں اور بے علم کی تقلید سے روک رہے ہیں۔ اگر معاذ اللہ یہ لفظ امام صاحبؒ کے بارے میں استعمال کیا ہے تو بہت بڑی جرأت ہے اللہ تعالیٰ معاف فرمائیں۔

امام محمدؒ نے فرمایا تھا کہ رفع یدین راوی بدری صحابہؓ میں سے نہیں ہیں جو حضور ﷺ کے پیچھے پہلی صف میں کھڑے ہوتے ہوں۔ امام بخاریؒ نے بات کو بدل دیا ہے، حالانکہ خود صحیح بخاری ج ۱/ص ۱۷ پر خود حضرت ابن عمرؓ سے نقل کیا ہے فاذاانا باصغر القوم اور بخاری ج ۱/ص ۹۳ پر نقل کرتے ہیں کہ ادھر جماعت کھڑی ہوتی اور ابن عمرؓ کھانا بھی کھاتے رہتے اور امام کی قرأت بھی سنتے رہتے۔ ظاہر ہے کہ مہاجرین، انصار اور اصحاب صفہ کے پیچھے ان کو جگہ ملتی ہوگی۔ امام بخاری فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ابن عمرؓ کو رجل صالح فرمایا ہے لیکن یہ کب فرمایا کہ ہر رجل صالح پہلی ہی صف میں کھڑا ہوتا تھا۔ بہر حال بدری صحابہؓ یقیناً حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے افضل تھے۔ امام بخاریؒ حسرت عبداللہ بن عمرؓ کی فضیلت بیان کر رہے ہیں جس کا کوئی منکر نہیں۔ ہاں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ اور اہل بدر سے ان

http://mujahid.xtgem.com

کی افضلیت کا انکار ہے اور امام بخاریؒ اس افضلیت کا ثبوت پیش نہیں کر سکے۔

(۴۳).....حدثني يحيىٰ بن سليمان ثنا ابن وهب عن يونس عن الزهري عن سالم بن عبد الله عن ابيه عن حفصة رضي الله عنها ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال : ان عبد الله بن عمر رجل صالح۔

ترجمہ..... حضرت حفصہؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا : عبد اللہ بن عمرؓ نیک آدمی ہے۔

(۴۴).....حدثنا علي بن عبد الله ثنا سفيان قال : قال عمرو : قال ابن عمر : انى لاذكر عمر حين اسلم فقالوا صبأ عمر صبأ فجاء العاص بن وائل فقال : صبأ عمر فمه فانا له جار فتر كوه .قال البخاري : وطعن من لا يعلم فقال في وائل بن حجر : ان وائل بن حجر عن ابناء ملوك اليمن و قدم على النبي صلى الله عليه وسلم فاكرمه واقطع له ارضا وبعث معه معاوية بن ابي سفيان۔

ترجمہ..... عمرو سے روایت ہے کہ ابن عمرؓ نے کہا کہ مجھے حضرت عمرؓ کے اسلام لانے کا واقعہ یاد ہے جب وہ اسلام لائے تو لوگوں نے کہنا شروع کر دیا کہ عمر صابی ہو گیا (یعنی اپنا آبائی مذہب چھوڑ گیا)۔ عاص بن وائل آئے تو انہوں نے کہا کہ عمر نے آبائی مذہب چھوڑ دیا تم اس کو چھوڑ دو وہ میری پناہ میں ہے پس لوگوں نے اس کو چھوڑ دیا۔ امام بخاریؒ نے فرمایا کہ بے علموں نے وائل بن حجر پر طعن کیا کہ وائل بن حجر یمن کے شہزادوں میں سے ہے۔ (یہاں بے علم امام ابراہیم نخعی تابعیؒ کو فرما رہے ہیں) حالانکہ وہ حضور ﷺ کے پاس آئے، آپ ﷺ نے ان کا اکرام و اعزاز کیا اور ان کو زمین عطا کی اور ان کے ساتھ حضرت معاویہ بن ابی سفیانؓ کو بھیجا۔

(۴۵)..... اخبرنا حفص بن عمر حدثنا جامع بن مطر عن علقمة بن وائل عن ابيه ان النبي صلى الله عليه وسلم اقطع له ارضا بحضر موت.قال البخاري :

http://mujahid.xtgem.com

وقصة وائل مشهورعند اهل العلم و ما ذكر النبي صلى الله عليه وسلم في امره وما اعطاه معروف بذهابه الى النبي صلى الله عليه وسلم مرة بعد مرة.ولو ثبت عن ابن مسعود و البراء و جابر رضي الله عنهم عن النبي صلى الله عليه وسلم شئ لكان في علل هؤلآء الذين لا يعلمون انهم يقولون اذا ثبت الشئ عن النبي صلى الله عليه وسلم ان رؤساء نا لم ياخذوابهٰذاوليس هٰذابماخوذلمايريدون الحديث للالغاء برأيهم ولقدقال وكيع:من طلب الحديث كما جاء فهوصاحب سنة ومن طلب الحديث ليقوى هواه فهو صاحب بدعة يعني ان الانسان ينبغي ان يلغي رأيه لحديث النبي صلى الله عليه وسلم حيث ثبت الحديث ولا يعلل بعلل لا يصح ليقوى هواه۔

ترجمہ ..... حضرت وائلؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے حضر موت میں ان کو ایک ٹکڑا زمین بخشی۔ امام بخاریؒ نے فرمایا کہ حضرت وائلؓ کا قصہ اہل علم کے نزدیک مشہور ہے اور جو کچھ حضور ﷺ نے ان کے بارے میں ذکر کیا اور جو کچھ ان کو دیا اور ان کا یکے بعد دیگرے آنحضرت ﷺ کے پاس آنا مشہور ہے اور اگر ثابت ہو جائے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ، حضرت براءؓ اور حضرت جابرؓ سے کہ انہوں نے حضور ﷺ سے نقل کیا ہو تو ان لاعلموں کی تاویلات کی زد میں ہیں جو یہ کہتے ہیں کہ جب آنحضرت ﷺ سے کچھ ثابت ہو جائے اور ہمارے بڑوں نے اس کو نہ لیا ہو تو یہ قابل عمل نہیں ہے۔ اسلئے کہ وہ حدیث کو اپنے بڑوں کی رائے سے لغو کرتے ہیں اور تحقیق کہ امام وکیع نے فرمایا: جو شخص حدیث کو اسی طرح طلب کرے جیسا کہ وہ آئی ہے تو وہ اہل سنت ہے اور جو حدیث کو اسلئے طلب کرے کہ اس سے اپنی خواہشات کو تقویت پہنچائے تو وہ اہل بدعت ہے۔ یعنی انسان کو چاہئے کہ اپنی رائے کو چھوڑ دے اور حضور ﷺ کی حدیث کے مقابلہ میں جب وہ حدیث

http://mujahid.xtgem.com

ثابت ہو جائے اور حدیث میں غلط تاویلیں کر کے اپنی خواہشات کو تقویت نہ پہنچائے۔

(۴۴، ۴۵)..... حضرت وائل بن حجرؓ کے شرف صحابیت کا کسی نے انکار نہیں کیا ان کو جاگیر مل جانا، ان کو مہاجرین انصار اور اہل بدر سے افضل ثابت نہیں کر سکتا۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ مہاجر بھی ہیں اور اہل بدر سے بھی، قرآن کے اول درجہ کے معلم بھی۔ آپؓ کی حدیث کو مضبوط پکڑنے کا حکم رسول اللہ ﷺ نے دیا اور حضرت براء بن عازبؓ اور حضرت جابر بن عبداللہؓ انصار صحابہ میں سے ہیں اور مہاجرین وانصار کی افضلیت کتاب وسنت سے آفتاب نیمروز کی طرح ثابت ہے۔ آنحضرت ﷺ فرمایا کرتے تھے: لیلنی منکم اولوا الاحلام و النھیٰ۔ (مسلم ج ۱/ص ۱۸۱) حضرت ابی بن کعبؓ نے پہلی صف میں کھڑے ایک آدمی کو پیچھے کر دیا اور فرمایا: انما اخرتك ان رسول الله صلى الله عليه وسلم امرنا ان يصلى فى الصف الاول المهاجرون و الانصار فعرفت انك لست منهم فاخرتك (نسائی ج ۱/ص ۱۳۰) اور حضرت انسؓ فرماتے ہیں: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يعجبه ان يليه فى الصلاة المهاجرون و الانصار۔ (عبدالرزاق ج ۲/رقم ۵ ۲۴) اور حضرت سمرہؓ فرماتے ہیں: ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: ليقوم الاعراب خلف المهاجرين والانصار ليقتدوا بهم فى الصلاة (رواہ الطبرانی کذافی مجمع الزوائد ج ۲/ص ۹۴) اور دوسری حدیث میں ہے: ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يامر المهاجرين ان يتقدموا وان يكونوا فى مقدم الصفوف ويقول: وهم اعلم بالصلاة من السفهاء والاعراب ولا احب ان يكون الاعراب امامهم ولايدرون كيف الصلاة۔ رواه البزار والطبرانى فى الكبير واسناده ضعيف۔ (مجمع الزوائد ج ۲/ص ۹۴) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ

http://mujahid.xtgem.com

مہاجرین کی پہلی صفیں ہوتی تھیں اور ظاہر ہے کہ ان میں اہل بدر افضل تھے اور ان کی تعداد بھی ۳۰۰ سے زائد تھی۔ پہلے صفیں ان کی ہوں گی۔ آنحضرت ﷺ کے اس اصول کے مطابق ہم نماز کے بارے میں اہل بدر اور مہاجرین وانصار کی احادیث کو دوسروں کی احادیث سے راجح کہتے ہیں۔ لیکن حضرت امام بخاریؒ اس پر ناراض ہیں اور غصے میں عجیب بات لکھ گئے ہیں کہ جو شخص اہل بدر، مہاجرین اور انصار کی روایت کردہ احادیث پر عمل کرے وہ اہل الرائے اور اہل بدعت ہے اور جو شخص ان حاضر باش صحابہؓ کے مقابلہ میں حضرت وائلؓ جیسے مسافر صحابہؓ کی روایت کردہ احادیث عمل کرے وہ اہل سنت ہے۔ اپنی اس رائے کی تائید میں نہ آیت قرآنی، نہ حدیث نبوی ﷺ بلکہ صرف وکیع کا قول پیش کیا ہے، حالانکہ خود وکیع رفع یدین نہیں کرتے تھے۔ (دیکھو نمبر ۷۵)

(۴۶).....وقد ذکر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا یومن احد کم حتیٰ یکون تبعاً لما جئت به فاوقد قال معمر : اهل العلم کان الاول قالاول اعلم وهولآء الآخر فالآخر عندهم اعلم .ولقد قال ابن المبارك کنت اصلی الیٰ جنب النعمان بن ثابت فرفعت یدی فقال : انما حشیت ان تطیر فقلت : ان لم اطر فی اوله لم اطرفی الثانیة قال وکیع : رحمه الله علی بن المبارك کان حاضر الجواب فتحیر الآخروهٰذا اشبه من الذین عادون فی غیهم اذا لم ینصروا۔

ترجمہ..... رسول اللہ ﷺ سے منقول ہے کہ تم میں سے کوئی اس وقت تک (کامل) مومن نہیں ہو سکتا یہاں تک کہ اس کی خواہشات میرے لائے ہوئے دین کے تابع ہو جائیں اور تحقیق معمر نے کہا کہ اہل علم تو پہلے والے لوگ تھے اور ان لوگوں کے نزدیک ہر بعد میں آنے والا بڑا عالم ہے۔ عبداللہ بن مبارکؒ نے فرمایا کہ میں امام ابو حنیفہؒ کے پہلو میں نماز پڑھ رہا تھا، میں نے ہاتھ اٹھائے تو امام صاحبؒ

http://mujahid.xtgem.com

نے فرمایا: میں ڈرا کہ آپ اڑ جائیں گے۔ میں نے کہا کہ اگر میں نماز کے شروع میں نہیں اڑا تو دوسری جگہ بھی نہیں اڑوں گا۔ وکیع نے فرمایا: اللہ رحم کرے ابن مبارک پر کہ وہ حاضر جواب تھے، مقابل حیران و ششدر رہ گیا۔ یہ حال ان لوگوں کا ہے جو اپنی سرکشی میں تجاوز کرنے والے ہوتے ہیں جب ان کی تائید نہیں ہوتی۔

اصول :۔

امام بخاریؒ معمر کے حوالہ سے لکھتے ہیں کہ اہل سنت پہلوں کو اعلم مانتے ہیں اور اہل بدعت پچھلوں کو۔ اب آپ ہی فیصلہ فرمائیں کہ ہم عشرہ مبشرہ، اہل بدر، مہاجرین اور انصار کو بعد والوں سے اعلم مانتے ہیں ار امام بخاریؒ بعد والوں کو اہل بدر مہاجرین و انصار سے اعلم مانتے ہیں۔ اس کے بعد حضرت عبد اللہ بن مبارکؒ اور حضرت امام اعظمؒ کے بارے میں جو بے سند اور فرضی کہانی لکھی ہے اور امام صاحبؒ پر جن الفاظ میں تبصرہ فرمایا ہے، یہ امام بخاریؒ کی شان سے بہت ہی فروتر ہے۔ امام بیہقیؒ نے اگرچہ اس واقعہ کی سند تلاش کی ہے مگر اس کے کئی راوی مجہول ہیں۔ اتنے جلیل القدر امام کے بارے میں فرضی کہانیوں یا مجہول سندوں سے توہین آمیز تبصرے نقل کرنا اہل علم کی شان نہیں۔ پھر یہ بچے بھی جانتے ہیں کہ پرندہ جب اڑتا ہے تو اس کا پورا جسم حرکت میں آجاتا ہے جیسے رفع یدین کر کے جسم کو جھکا دینا یا جسم کا اٹھنا۔ اس لئے یہ رفع یدین تو پرندوں کے اڑنے سے مشابہ ہے۔ پہلی تکبیر کی رفع یدین میں پورا جسم حرکت میں نہیں آتا، اس لئے اس کو پرندوں کے اڑنے سے تشبیہ نہیں دی جا سکتی۔ امام عبد اللہ بن مبارکؒ جیسے فقیہ اس قسم کی بے تکی بات نہیں فرما سکتے تھے۔

(۴۷) حدثنا عبد الله بن صالح حدثني الليث حدثني يونس عن ابن شهاب اخبرني سالم بن عبدالله ان عبدالله يعني ابن عمر رضي الله عنهما قال : رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا قام الى الصلاة

http://mujahid.xtgem.com

رفع یدیه حتیٰ یکونا حذو منکبیه ثم یکبر و یفعل حین یرفع رأسه من الرکوع ویقول: سمع الله لمن حمده ولا یرفع حین یرفع رأسه من السجود۔

ترجمہ ..... حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا جب نماز کے لئے کھڑے ہوتے تو رفع یدین کرتے یہاں تک کہ کندھوں کے برابر تک اٹھاتے پھر تکبیر کہتے اور رفع یدین کرتے جب رکوع سے سر اٹھاتے اور سمع اللہ لمن حمدہ کہتے اور رفع یدین نہیں کرتے جب سجدوں سے سر اٹھاتے۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ کی حدیث کا مکی طریق نمبر ۲ کے تحت گزرا، مدنی طریق نمبر ۱۲ کے تحت، شعیب کا طریق نمبر ۴۲ کے تحت اور یہ یونس کا طریق نمبر ۴۷ کے تحت ہے۔ یونس کو زہری کی روایت میں کچھ وہم ہو جاتا تھا۔ اس حدیث کے کسی ایک راوی کا عمل بھی اس کے مطابق ثابت نہیں اور اہل مدینہ کا تعامل بھی اس کے خلاف تھا۔ ان چاروں طریقوں کے الفاظ میں بھی فرق ہے۔

(۴۸)..... حدثنا ابو النعمان حدثنا عبد الواحد بن زیاد حدثنا محارب بن دثار قال : رأیت عبد الله بن عمر اذا افتتح الصلاة کبر و رفع یدیه و اذا اراد ان یرکع رفع یدیه و اذا رفع راسه من الرکوع۔

ترجمہ ..... محارب بن دثار نے بیان کیا کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمرؓ کو دیکھا کہ جب نماز شروع کرتے تو تکبیر کہتے اور رفع یدین کرتے اور جب رکوع کا ارادہ کرتے تو رفع یدین کرتے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے۔

یہ محارب بن دثار قاضی کوفہ کا طریق ہے۔ انہوں نے جب ابن عمرؓ کو نو جگہ رفع یدین کرتے دیکھا تو پوچھا ماھٰذا ؟ جس سے معلوم ہوا کہ رفع یدین والی نماز مدینہ منورہ میں معروف نہ تھی، اس حدیث پر عمل باقی نہ تھا۔ یہ سوال کے الفاظ امام

http://mujahid.xtgem.com

بخاریؒ کے استاد امام ابو بکر بن ابی شیبہؒ اور دوسرے استاد امام احمدؒ نے بھی لکھے ہیں۔ (حوالہ گزر چکا) مگر امام بخاریؒ نے ایسا اختصار فرمایا کہ جس سے اس کا متروک العمل ہونا نہ سمجھا جا سکے اور یہ اثر ضعیف بھی ہے کیونکہ ابو نعمان عارم کا حافظہ آخر عمر میں بہت بگڑ گیا تھا۔

(۴۹)..... حدثنا العباس بن الوليد حدثنا عبد الاعلیٰ حدثنا عبيد الله بن نافع عن ابن عمر رضی الله عنهما انه كبر ورفع يديه و اذا ركع رفع يديه و اذا قال : سمع الله لمن حمده رفع يديه و يرفع ذلك ابن عمر الىٰ النبی صلی الله عليه وسلم۔

ترجمہ..... عبید اللہ بن نافع نے حضرت ابن عمرؓ سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے تکبیر کہی اور رفع یدین کی اور جب رکوع کیا تو رفع یدین کی اور جب سمع اللہ لمن حمدہ کہا تو رفع یدین کی اور حضرت ابن عمرؓ اس کو حضور ﷺ کی طرف مرفوع کرتے تھے۔

یہ روایت بخاری ج ۱/ص ۱۰۲ پر ہے۔ پہلا راوی عیاش بن ولید ہے اور حدیث میں اذا قام من الرکعتین کی رفع یدین بھی ہے اور یہاں راوی عباس بن ولید ہے اور حدیث میں اذا قام من الرکعتین بھی نہیں ہے اور یہ راوی عباس بن ولید مجہول ہے۔ امام ابو داؤدؒ نے پورے زور سے فرمایا ہے : لیس بمرفوع انما هو قول ابن عمر۔ یعنی یہ مرفوع نہیں بلکہ حضرت ابن عمرؓ کا قول ہے۔

(۵۰)..... حدثنا ابراهيم بن المنذر حدثنا معمر حدثنا ابراهيم بن طهمان عن ابی الزبير قال رأيت ابن عمر رضی الله عنهما حين قال الى الصلاة رفع يديه حتىٰ يحاذی باذنيه وحين يرفع رأسه من الركوع فاستوىٰ قائماً فعل مثل ذلك۔

ترجمہ..... ابو زبیر سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عبد اللہ بن عمرؓ کو

http://mujahid.xtgem.com

دیکھا کہ جب نماز کے لئے کھڑے ہوئے تو رفع یدین کی کانوں کے برابر تک اور جب رکوع سے سر اٹھایا، سیدھے کھڑے ہوئے اور اسی طرح کیا۔

ابو زبیر اس کو ابن عمرؓ پر موقوف بھی کرتے ہیں اور رفع یدین بھی صرف پانچ جگہ ہے اور وہ بھی کانوں تک۔

(۵۱)..... حدثنا عبد الله بن صالح حدثنا الليث حدثني نافع ان عبد الله بن عمر رضي الله عنه كان اذا استقبل الصلاة يرفع يديه و اذا ركع واذا رفع راسه من الركوع و اذا قام من السجدتين كبر و رفع يديه۔

ترجمہ ..... نافع سے روایت ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عمرؓ جب نماز شروع کرتے تو رفع یدین کرتے اور جب رکوع کرتے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے اور جب دو سجدوں کے بعد کھڑے ہوتے (دوسری اور چوتھی رکعت کے شروع میں) تکبیر کہتے اور رفع یدین کرتے۔

یہ پہلے نمبر ۱۴ کے تحت بھی گزر چکا ہے۔ لیث بھی اس کو موقوف کرتے ہیں اور رفع یدین بھی گیارہ جگہ ہے۔ اس کا راوی عبد اللہ بن صالح کاتب اللیث کثیر الغلط ہے۔

(۵۲).....حدثنا موسىٰ بن اسماعيل حدثنا حماد بن سلمة عن ايوب عن نافع عن ابن عمر رضي الله عنهما ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان اذا كبر رفع يديه و اذا رفع رأسه من الركوع۔

ترجمہ ..... نافع نے حضرت ابن عمرؓ سے نقل کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب تکبیر کہتے تو رفع یدین کرتے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے۔

اس کی سند میں حماد بن سلمہ ہے، جس کا حافظہ آخر عمر میں خراب ہو گیا تھا اور یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ موسیٰ بن اسماعیل کا سماع اس سے حافظہ کی خرابی سے پہلے کا ہے۔ پس یہ سند کیسے صحیح ہو سکتی ہے؟ (ابکار المنن ص ۲۰۸ جز ص ۱۳ عبد الرحمٰن

http://mujahid.xtgem.com

مبارک پوری) اور اس میں رفع یدین بھی پانچ جگہ ہے۔

(۵۳)..... حدثنا موسی بن اسماعیل حدثنا حماد بن سلمة عن ایوب عن نافع عن ابن عمر رضی اللہ عنہما ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا کبر رفع یدیہ و اذا رکع و اذا رفع رأسہ من الرکوع۔

ترجمہ..... حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب تکبیر کہتے تو رفع یدین کرتے اور جب رکوع کرتے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے۔

اس پر بھی جرح مثل نمبر ۵۲ کے ہے اور اس میں رفع یدین نو جگہ ہے۔

(۵۴)..... حدثنا موسیٰ بن اسماعیل حدثنا حماد بن سلمة انا قتادة عن نصر بن عاصم عن مالك بن الحویرث رضی اللہ عنہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا دخل فی الصلاة رفع یدیہ الی فروع اذنیہ و اذا رفع راسہ من الرکوع فعل مثلہ۔

ترجمہ..... حضرت مالک بن حویرثؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب نماز شروع کرتے تو ہاتھوں کو کانوں تک اٹھاتے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے تو ایسا ہی کرتے۔

اس پر جرح مثل نمبر ۵۲ کے ہے اور رفع یدین پانچ جگہ ہے۔ یہ واضح دلیل ہے کہ موسیٰ بن اسماعیل کا سماع حماد بن سلمہ کے اختلاط کے بعد کا ہے، اسی لئے کبھی ابن عمرؓ کا نام لیتا ہے اور کبھی مالک بن حویرثؓ کا اور کبھی پانچ جگہ رفع یدین کا ذکر کرتا ہے اور کبھی نو جگہ کا۔

(۵۵)..... حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال ابن علیہ : انا خالد ان ابا قلابة کان یرفع یدیہ اذا رکع و اذا رفع راسہ من الرکوع و کان اذا سجد بدأ برکبتیہ وکان اذا قام ارم علیٰ یدیہ قال : و کان یطمئن فی الرکعة الاولی ثم یقوم۔ و ذکر عن مالك بن الحویرث رضی اللہ عنہ۔

http://mujahid.xtgem.com

ترجمہ ..... خالد نے بیان کیا کہ ابو قلابہ رفع یدین کرتے تھے جب رکوع کرتے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے اور جب سجدہ کرتے تو پہلے گھٹنے رکھتے اور جب کھڑے ہوتے، ہاتھوں پر ٹیک لگاتے اور رکعت میں خوب اطمینان پکڑتے پھر کھڑے ہوتے اور مالک بن حویرثؓ سے نقل کیا گیا ہے۔

مالک بن حویرثؓ :۔

حدثنا محمود یہ مجہول ہے۔ اس کے بعد قال ابن علیة ہے، اس سے محمود کی ملاقات ہی نہیں۔ اس لئے پیر بدیع الدین نے جلاء العینین میں حدثنا محمود قال حدثنا البخاری قال ابن علیة کر دیا ہے اور ابن علیہ کی وفات ۱۹۳ھ میں ہے جب کہ امام بخاریؒ کی پیدائش ۱۹۴ھ میں ہے۔ اس سے آگے خالد عن ابی قلابة ہے۔ یہ ابو قلابہ ناصبیت کی طرف مائل تھا۔ (تقریب ص ۱۷۴) اس کے دو شاگرد ہیں: (۱) ایوب سختیانی جو ثقہ و ثبت ہے۔ اس کی روایت میں رفع یدین کا اشارہ تک نہیں۔ (صحیح بخاری ج ۱/ ص ۱۱۳)۔ (۲) خالد بن مہران، جس کا حافظہ آخر عمر میں خراب ہو گیا تھا اس لئے اس کی حدیث میں اضطراب ہے۔ پھر اس کے تین شاگرد ہیں: (۱) ھیثم بن بشیر، اس کی روایت میں رفع یدین کا نشان تک نہیں۔ (بخاری ج ۱/ ص ۱۱۳) (۲) ابن علیہ یہ نو جگہ رفع کا نشان تک نہیں۔ (بخاری ج ۱/ ص ۱۱۳) (۲) ابن علیہ یہ نو جگہ رفع یدین کا ذکر کرتا ہے مگر اس رفع یدین کو ابو قلابہ ناصبی کا فعل قرار دیتا ہے۔ (ابن ابی شیبہ ج ۱/ ص ۲۳۵) بخاری نے محض بلا سند اس جگہ اس کو مالک بن حویرثؓ سے متعلق کر دیا ہے۔ (۳) خالد الخذاء یہ خود بھی متغیر الحفظ ہے، اس نے اس کو مالک بن حویرثؓ سے بھی آگے بڑھا کر نبی ﷺ کی طرف مرفوع کر دیا ہے۔ (بخاری ج ۱/ ص ۱۰۲) یہ حضرت مالک بن حویرث صرف بیس رات حضور ﷺ کی خدمت میں رہے۔ (بخاری ج ۱/ ص ۸۷) یہ بصرہ میں مقیم تھے لیکن رفع یدین کی حدیث انہوں نے کسی سنی کو

http://mujahid.xtgem.com

نہیں سنائی بلکہ ایک خارجی نصر بن عاصم کو سنائی جو بخاری کے نزدیک تدلیس قتادہ کی وجہ سے بھی ضعیف ہے اور دوسرے ابو قلابہ ناصبی کو سنائی جو خالد کے حافظہ کی خرابی کی وجہ سے ضعیف ہے۔

(۵۶)..... اخبرنا عبد الله بن محمد انا ابو عامر حدثنا ابراهيم بن طهمان عن ابی الزبير عن طاؤس ان ابن عباس رضی الله عنهما كان اذا قام الی الصلاة رفع يديه حتیٰ يحاذی اذانيه واذا رفع رأسه من الركوع و استویٰ قائماً فعل مثل ذلك۔

ترجمہ ..... طاؤس سے روایت ہے کہ ابن عباسؓ جب نماز کے لئے کھڑے ہوتے تو کانوں کے برابر تک رفع یدین کرتے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے اور سیدھے کھڑے ہو جاتے تو اسی طرح کرتے۔

یہ حدیث سنداً (سند کے اعتبار سے) ضعیف ہے کیونکہ ابو زبیر مدلس ہے اور عن سے روایت کر رہا ہے اور ویسے بھی اس میں پانچ دفعہ رفع یدین کا ذکر ہے وہ بھی کانوں کے برابر تک۔

(۵۷)..... حدثنا محمد بن مقاتل انا عافية انا اسماعيل حدثنی صالح بن كيسان عن الاعرج عن ابی هريرة رضی الله عنه قال: كان رسول الله صلی الله عليه ولم يرفع يديه حذو منكبيه حين يكبر يفتتح الصلاة و حين يركع۔

ترجمہ ..... حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کندھوں تک رفع یدین کرتے تھے جب نماز شروع کرنے کے لئے تکبیر کہتے اور جب رکوع کرتے۔

یہ حدیث سنداً ضعیف ہے کیونکہ اسماعیل بن عیاش کی روایت اہل حجاز سے صحیح نہیں اور متن کے اعتبار سے امام بخاریؒ کے استاد امام احمدؒ نے حین یرکع کے

http://mujahid.xtgem.com

ساتھ حین یسجد بھی روایت کیا ہے۔ (مسند احمد ج ۲ / ص ۱۳۲) نا معلوم امام بخاریؒ نے کس مصلحت سے اس کو اڑا دیا، حالانکہ وہ کتاب کو زیادہ محفوظ سمجھتے ہیں۔ اور طیالسی میں صرف تحریمہ کی رفع یدین ہے اور بس۔

(۵۸).....حدثنا اسماعیل عن نافع ان عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کان اذا افتتح الصلاۃ رفع یدیہ حذو منکبیہ و اذا رفع رأسہ من الرکوع۔

ترجمہ..... نافع سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب نماز شروع کرتے تو کندھوں کے برابر تک رفع یدین کرتے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے۔

نمبر ۵۷ کی سند دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں دو واسطے سند سے غائب ہیں مگر امام بخاریؒ پھر بھی حدثنا فرما رہے ہیں جب کہ یہ ۱۸۱ھ میں امام بخاریؒ کی پیدائش سے ۱۳ سال قبل فوت ہو چکے ہیں۔ معلوم ہوا کہ یہ تحدیث کا صیغہ لا کر بھی تدلیس کر لیتے ہیں اور پھر اسماعیل کا نافع سے سماع ثابت نہیں۔ اگر درمیان میں واسطہ نمبر ۵۷ کی طرح صالح ہی ہے تو اسماعیل کی اہل حجاز سے روایت صحیح نہیں۔

(۵۹).....حدثنا محمد بن مقاتل ابانا عبد اللہ بن عجلان قال : سمعت النعمان بن ابی عیاش یقول : لکل شئ زینۃ و زینۃ الصلاۃ ان ترفع یدیك اذا کبرت و اذا رکعت و اذا رفعت رأسك من الرکوع۔

ترجمہ..... عبد اللہ بن عجلان نے بیان کیا کہ میں نے نعمان بن ابی عیاش سے سنا فرماتے تھے: ہر چیز کی زینت ہوتی ہے اور نماز کی زینت یہ ہے کہ آپ رفع یدین کریں جب آپ تکبیر کہیں اور جب رکوع کریں اور جب رکوع سے سر اٹھائیں۔

http://mujahid.xtgem.com

مطبوعہ نسخوں میں سند کا راوی عبد اللہ بن عجلان ہے جو مجہول ہے اب غیر مقلدین نے عبد اللہ عن ابن عجلان کر دیا ہے لیکن سند پھر بھی صحیح نہ ہو سکی کیونکہ عبد اللہ بن لہیعہ کے بارے میں صدوق خلط بعد احراق کتبہ (تقریب ص ۱۸۶) اور ابن عجلان کو بعض مختلط کہتے ہیں۔ پھر یہاں ہر تکبیر کے ساتھ رفع یدین ہے۔ الغرض دس کا اثبات اور اٹھارہ کی نفی کی کوئی صراحت نہیں ہے۔ پھر یہ نہ حدیث رسول ﷺ ہے، نہ قول صحابی۔

(۶۰)..... حدثنا محمد بن مقاتل اناعبد الله انا الاوزاعی حدثنی حسان بن عطیة عن القاسم بن مخیمرة قال : رفع الایدی للتکبیر قال : اراه حین ینحنی۔

ترجمہ ..... قاسم بن مخیمرہ نے بیان کیا کہ تکبیر کے لئے رفع یدین اس وقت ہے جب جھکے۔

نہ آیت، نہ حدیث، نہ قول صحابی، نہ اس میں دس کا اثبات، نہ دوام، نہ، اٹھارہ کی نفی ہے۔ پھر مصری اور ہندی نسخہ میں حیان بن عطیہ تھا جو مجہول تھا۔ اب غیر مقلدین نے حیان کو حسان سے بدل دیا ہے۔

(۶۱)..... حدثنا محمد بن مقاتل عن عبدالله انبانا شریك عن لیث عن عطاء قال : رایت جابر بن عبد الله وابا سعید الخدری و ابن عباس و ابن الزبیر یرفعون ایدیهم حین یفتتحون الصلاة و اذا رکعوا و اذا رفعوا رؤسهم من الرکوع۔

ترجمہ ..... عطاء سے روایت ہے کہ میں نے جابر بن عبد اللہؓ، ابو سعید خدریؓ ابن عباسؓ اور ابن زبیرؓ کو دیکھا کہ رفع یدین کرتے ہیں جب نماز شروع کرتے ہیں اور جب رکوع کرتے ہیں اور جب رکوع سے سر اٹھاتے ہیں۔

سند بھی ضعیف ہے۔ حدثنا مقاتل محض جھوٹ ہے، مقاتل سے امام

http://mujahid.xtgem.com

بخاریؒ کا سماع ثابت نہیں کیونکہ اس کی وفات ۱۵۰ھ میں امام بخاریؒ کی پیدائش سے ۴۴ سال پہلے ہو چکی تھی، حدثنا کہنا عجیب ہے۔ اس لئے اب غیر مقلدین نے حدثنا محمد بن مقاتل بنا ڈالا ہے۔ پھر عبد اللہ بن لہیعہ کے بارے میں ہے صدوق اختلط بعد إقراق کتبه (تقریب ص ۱۸۶)

انبانا شریك صدوق یخطی کثیر تغیر حفظه ۔ (تقریب ص ۱۴۵) عن لیث ، صدوق اختلط اخیرا ولم یتمیز حدیثه فترك ۔ (تقریب ص ۱۹۷) اس میں نو جگہ رفع یدین کا اثبات ہے، دوام نہیں اور دس کا تو اثبات بھی نہیں اور نہ ہی اٹھارہ کی نفی ہے۔ یہ اثر نمبر ۱۸ میں بھی گزرا ہے۔

(۶۲)..... حدثنا محمد بن مقاتل انا عبد الله انبانا عکرمة بن عمار قال : رأیت سالم بن عبد الله والقاسم بن محمد وعطاء و مکحولاً یرفعون ایدیهم فی الصلاة اذا رکعوا و اذا رفعوا۔

ترجمہ ..... عکرمہ بن عمار کہتے ہیں کہ میں نے سالم بن عبد اللہ، قاسم بن محمد، عطاء اور مکحول کو دیکھا کہ نماز میں رفع یدین کرتے ہر جھکتے اور اٹھتے وقت۔

نہ آیت، نہ حدیث رسول اللہ ﷺ بعض تابعین کا مبہم عمل وہ بھی سنداً ضعیف ہے کیونکہ ابن لہیعہ ضعیف ہے اور عکرمہ بن عمار صدوق یغلط " سچا تھا مگر غلطی لگ جاتی ہے۔" (تقریب ص ۲۴۲)

(۶۳)..... وقال جریر عن لیث عن عطاء و مجاهد انهما کانا یرفعان ایدیهما فی الصلاة و کان نافع و طاؤس یفعلانه۔

ترجمہ ..... جریر نے لیث سے انہوں نے عطاء اور مجاہد سے بیان کیا ہے کہ وہ دونوں نماز میں رفع یدین کرتے تھے اور نافع اور طاؤس بھی کرتے تھے۔ جریر کی وفات ۱۷۰ھ میں ہے اور وہ آخر میں مختلط بھی ہو گیا تھا جب کہ امام بخاریؒ کی پیدائش ۱۹۴ھ میں اس کی وفات کے ۲۴ سال بعد ہے۔ پھر لیث بھی ضعیف ہے، دنیا بھر کی

http://mujahid.xtgem.com

کسی کتاب میں اس کی سند نہیں جو متصل اور صحیح ہو۔ پھر یہ نہ آیت، نہ حدیث رسول اللہ ﷺ نہ قول صحابہؓ، نہ دس کا دوام، نہ اٹھارہ کی نفی۔

(۶۴)..... وعن ليث عن ابن عمر و سعيد بن جبير و طاؤس واصحابه انهم كانوا يرفعون ايديهم اذا ركعوا۔

ترجمہ..... لیث نے حضرت ابن عمرؓ سعید بن جبیر اور طاؤس اور ان کے ساتھیوں سے روایت کی ہے کہ وہ رفع یدین کرتے تھے جب جھکتے۔

امام بخاریؒ کا لیث سے سماع نہیں کیونکہ لیث ۱۴۸ھ میں فوت ہو گئے تھے جب کہ امام بخاریؒ ۱۹۴ھ میں پیدا ہوئے اور نہ ہی لیث نے ابن عمرؓ کو دیکھا اور لیث سے بخاریؒ نے صحیح میں کوئی حدیث نہیں لی۔ اس میں نہ دس کا دوام، نہ اٹھارہ کی نفی، محض خانہ پری ہے۔

(۶۵).....حدثنا موسىٰ بن اسماعيل حدثنا عبد الواحد بن زياد حدثنا عاصم قال : رأيت انس بن مالك رضى الله عنه اذا افتتح الصلاة كبر ورفع يديه و يرفع يديه كلما ركع و رفع رأسه من الركوع۔

ترجمہ..... عاصم نے بیان کیا ہے کہ میں نے انس بن مالکؓ کو دیکھا کہ جب نماز شروع کرتے تو تکبیر کہتے اور رفع یدین کرتے اور رفع یدین کرتے جب بھی رکوع کرتے اور رکوع سے سر اٹھاتے۔

یہ پہلے بھی گزر چکی۔ (دیکھو نمبر ۸)

(۶۶)..... حدثنا خليفة بن خياط حدثنا يزيد بن زريع حدثنا سعيد عن قتادة ان نصر بن عاصم حدثهم عن مالك بن الحويرث رضى الله عنه قال رأيت النبى صلى الله عليه وسلم يرفع يديه اذا ركع واذا رفع رأسه من الركوع حتى يحاذى بهما فروع اذنيه۔

ترجمہ..... نصر بن عاصم سے روایت ہے کہ مالک بن حویرثؓ نے بیان کیا

http://mujahid.xtgem.com

کہ میں نے نبی اکرم ﷺ کو دیکھا کہ رفع یدین کرتے جب رکوع کرتے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے حتیٰ کہ ہاتھوں کو کانوں کی لو تک لے جاتے۔

یہ پہلے نمبر ۷ کے تحت گزر چکا ہے۔

(۶۷)..... وقال عبد الرحمٰن بن مهدی عن الربیع بن صبیح قال : رأیت محمدًا و الحسن و ابانضرة و القاسم بن محمد و عطاء و طاؤسا و مجاهدا و الحسن بن مسلم و نافعاً و ابن ابی نجیح اذا افتتحوا الصلاة رفعوا ایدیهم و اذا رکعوا و اذا رفعوا رؤوسهم من الرکوع . قال البخاری: وهؤلآء اهل مکة واهل المدینةواهل الیمن واهل العراق قد تواطؤا علی رفع الایدی۔

ترجمہ ..... عبدالرحمٰن بن مہدی نے ربیع بن صبیح سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے کہا کہ میں نے محمد، حسن، ابو نضرہ، قاسم بن محمد، عطا، طاؤس، مجاہد، حسن بن مسلم، نافع اور ابن ابی نجیح کو دیکھا کہ جب نماز شروع کرتے تو رفع یدین کرتے اور جب رکوع کرتے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں: یہ اہل مکہ، اہل مدینہ، اہل یمن اور اہل عراق سب نے رفع یدین پر اتفاق کیا ہے۔

عبدالرحمٰن بن مہدی کی پیدائش ۱۶۵ھ میں اور وفات ۱۹۸ھ میں ہے جبکہ امام بخاریؒ ۱۹۴ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۳ سال کی عمر میں ۲۰۶ھ میں پہلی دفعہ اپنے ملک سے باہر نکلے تو عبدالرحمٰن بن مہدی سے ان کا سماع ناممکن بلکہ محال ہے۔ پھر ربیع بن صبیح کے بارے میں تقریب میں ہے: صدوق سیء الحفظ اور خود بخاری تاریخ صغیر میں فرماتے ہیں: کان یحییٰ القطان لا یحدث عنه (ص ۲۶۰) امام بخاریؒ نے چار شہروں سے دس آدمی بیان کئے ہیں وہ بھی بے مسند۔ ان میں بھی نہ دس کا اثبات، نہ اٹھارہ کی نفی ہے مگر پھر بھی بہت خوش ہیں کہ تیر مار لیا ہے، رفع یدین متواتر ہو گئی ہے۔

http://mujahid.xtgem.com

(۶۸)..... وقال وکیع عن الربیع قال : رأیت الحسن و مجاھداً و عطاء و طاؤساً وقیس بن سعد و الحسن بن مسلم یرفعون ایدیھم اذا رکعوا واذا سجدوا وقال عبد الرحمٰن بن مھدی : ھٰذا من السنۃ۔

ترجمہ .....وکیع نے ربیع سے نقل کیا ہے، انہوں نے کہا کہ میں نے حسن، مجاہد عطاء، طاؤس، قیس بن سعد اور حسن بن مسلم کو دیکھا کہ رفع یدین کرتے ہیں جب رکوع کرتے اور جب سجدہ کرتے اور عبد الرحمٰن بن مہدی نے فرمایا کہ یہ سنت ہے۔

امام وکیع کی وفات ۱۹۶ھ میں ہے جب کہ امام بخاری کی پیدائش ۱۹۴ھ میں ہے لیکن ۲۰۶ھ سے پہلے وہ اپنے وطن سے نہیں نکلے جب کہ وکیع کوفی ہیں اور ربیع کا حال گزر چکا (نمبر ۶۷) پھر اس سے معلوم ہوا کہ یہ سات حضرات رکوع کی طرح سجدوں کی بھی رفع یدین کرتے تھے اور امام عبد الرحمٰن بن مہدی نے تو اس کو سنت فرمایا ہے۔ اس سے تو معلوم ہوا کہ بخاری، مسلم بلکہ صحاح ستہ والوں نے جو حضور ﷺ کی نماز کا طریقہ روایت کیا ہے کہ آپ ﷺ سجدوں میں رفع یدین نہیں کرتے تھے، یہ خلاف سنت نماز ہے۔ امام بخاری اس میں بہت پریشان ہیں، یہاں سجدوں کی رفع یدین کا سنت ہونا نقل فرما رہے ہیں لیکن نمبر ۱۰۳ میں جہاں حضرت انسؓ سے سجدوں کی رفع یدین کرنا روایت کیا ہے وہاں اس کو خلاف سنت قرار دے کر فرما رہے ہیں : ایک عمل سنت بھی ہو اور خلاف سنت بھی۔ معلوم ہوتا ہے کہ امام بخاریؒ اجتہاد کے اس مقام پر نہیں تھے کہ کوئی ایک فیصلہ فرما سکتے۔ یہ بھی یاد رہے کہ امام بخاریؒ کو اعتراف ہے کہ وکیع خود رفع یدین نہیں کرتے تھے۔

(۶۹)..... وقال عمر بن یونس حدثنا عکرمۃ بن عمار قال رأیت القاسم و طاؤساً و مکحولاً و عبد اللہ بن دینار و سالماً یرفعون ایدیھم اذا استقبل احدھم الصلاۃ و عند الرکوع و السجود۔

http://mujahid.xtgem.com

ترجمہ ..... عکرمہ بن عمار نے بیان کیا کہ میں نے قاسم، طاؤس، مکحول، عبداللہ بن دینار اور سالم کو دیکھا کہ رفع یدین کرتے ہیں جب نماز شروع کرتے اور رکوع اور سجدوں کے وقت۔

مطبوعہ نسخوں میں عمرو بن یونس تھا جو مجہول ہے۔ غیر مقلدوں نے اس کو عمر بن یونس بنالیا، لیکن امام بخاریؒ کا ان سے بھی سماع نہیں اور عکرمہ بن عمار بھی صدوق یغلط ہے۔ پھر اس میں یہ ہے کہ یہ لوگ رکوع کے ساتھ سجدوں کی رفع یدین بھی کرتے تھے۔ ہم تو ان سندوں کو صحیح متصل نہیں مانتے البتہ امام بخاریؒ کے ہاں یہ لوگ سجدوں کے وقت بھی رفع یدین کرتے تھے۔ (۱) امام حسن، (۲) مجاہد (۳) طاؤس، (۴) قیس بن سعد، (۵) حسن بن مسلم، (۶) قاسم، (۷) مکحول، (۸) عبداللہ بن دینار (۹) سالم اور (۱۰) عبدالرحمٰن بن مہدی، سب اس کو سنت کہتے تھے۔ اس سے نمبر ۶۸ کی بھی تشریح ہوگئی اور یہ بھی معلوم ہوا کہ امام ترمذیؒ نے حدیث: لا یرفع بین السجدتین کے تحت جن تابعینؒ کا نام لیا ہے اور بے سند ذکر کیا ہے، وہ صحیح نہیں کیونکہ وہاں سے ظاہر ایسا سمجھ آتا ہے کہ یہ لوگ سجدوں کے وقت رفع یدین نہیں کرتے تھے جب کہ ان کے استاد امام بخاریؒ ثابت کر رہے ہیں کہ یہ سجدوں کے وقت رفع یدین کرتے تھے۔

(۷۰) ..... وقال وکیع عن الاعمش عن ابراهیم انه ذکر له حدیث وائل بن حجر رضی الله عنه ان النبی صلی الله علیه وسلم کان یرفع یدیه اذا رکع و اذا سجد قال ابراهیم : لعله کان فعله مرة و هٰذا ظن منه لقوله فعله مرة مع ان و ائلاً ذکر انه رأی النبی صلی الله علیه وسلم واصحابه غیر مرة یرفعون ایدیهم ولا یحتاج وائل الی الظنون لان معاینته اکثر من حسبان غیره۔

ترجمہ ..... وکیع نے اعمش سے، اس نے ابراہیم سے نقل کیا کہ ان کے

http://mujahid.xtgem.com

سامنے حضرت وائل بن حجرؓ کی حدیث کا تذکرہ کیا گیا تو ابراہیم نے فرمایا: ہو سکتا ہے کہ حضور ﷺ نے یہ ایک مرتبہ کیا ہو اور ان کا یہ ظن فعلہ مرۃ کی وجہ سے ہے حالانکہ حضرت وائلؓ نے بیان کیا کہ انہوں نے حضور ﷺ اور آپ ﷺ کے صحابہؓ کو کئی بار دیکھا کہ رفع یدین کرتے ہیں اور حضرت وائلؓ ظن کے محتاج نہیں اس لئے کہ ان کی مشاہدہ وغیر کے گمان سے زیادہ ہے۔

(۷۱).....قال البخاری : قدبینہ زائدۃ :فقال حدثنا عاصم حدثنا ابی ان وائل بن حجر اخبرہ قال : قلت : لأنظرن الی صلاۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیف یصلی فکبر و رفع یدیہ فلما رکع رفع یدیہ فلما رفع رأسہ رفع یدیہ بمثلھا ثم رأیتھم بعد ذلك فی زمان فیہ برد فرأیت الناس علیھم جل الثیاب تحرك ایدیھم تحت الثیاب فھذا وائل بین فی حدیثہ انہ رای النبی صلی اللہ علیہ وسلم واصحابہ یرفعون ایدیھم مرۃ بعد مرۃ۔

ترجمہ.....امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ ان کو زائدہ نے بیان کیا ہے کہ ہمیں عاصم نے اپنے والد سے نقل کیا ہے کہ وائل بن حجرؓ نے خبر دی کہ میں نے کہا کہ حضور ﷺ کی نماز ضرور دیکھوں گا کہ کس طرح پڑھتے ہیں؟ تو تکبیر کہی اور رفع یدین کی، جب جھکے تو رفع یدین کی، جب سر اٹھایا تو اسی طرح رفع یدین کی، پھر میں نے کچھ زمانہ بعد دیکھا، سردی تھی لوگوں پر بڑے بڑے کپڑے تھے اور ان کے ہاتھ کپڑوں کے نیچے سے حرکت کر رہے تھے۔ تو یہ وائل بیان کر رہے ہیں کہ انہوں نے حضور ﷺ اور صحابہؓ کو یکے بعد دیگرے رفع یدین کرتے دیکھا۔

(۷۲).....حدثنا عبد اللہ بن محمد حدثنا ابن ادریس حدثنا عاصم بن کلیب عن ابیہ انہ سمعہ یقول : سمعت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ یقول قدمت المدینۃ لا نظرن الی صلاۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

http://mujahid.xtgem.com

فافتتح الصلاة فکبر و رفع یدیه فلما رفع رأسه رفع یدیه۔

ترجمہ..... عاصم بن کلیب نے اپنے والد سے سنا، فرماتے ہیں کہ میں نے وائل بن حجرؓ سے سنا، فرماتے ہیں کہ میں مدینہ آیا تاکہ حضور ﷺ کی نماز دیکھوں۔ پس آپ ﷺ نے نماز شروع کی تو تکبیر کہی اور رفع یدین کی، پھر جب سر اٹھایا تو رفع یدین کی۔

(۷۰ تا ۷۲)..... امام بخاریؒ مسئلہ رفع یدین میں بار بار ابراہیم نخعی تابعیؒ پر ناراض ہو جاتے ہیں کہ انہوں نے یہ کیوں فرمایا کہ حضرت وائلؓ نے ایک دفعہ حضور ﷺ کو رفع یدین کرتے دیکھا لیکن امام ابراہیم نخعیؒ نے کس بنیاد پر یہ فرمایا، اس کو امام بخاریؒ ذکر نہیں فرماتے۔ امام ابراہیم نخعیؒ کے ہاں ترک رفع یدین سنداً بھی متواتر ہے: حدثنی من لا احصی عن ابن مسعود۔ (مسند امام اعظم) اور عملاً بھی متواتر ہے: ما سمعته من احد منهم انما كانوا يرفعون ايديهم فی بدء الصلاة حين يكبرون۔ (موطا محمد ص ۹۰) ان دونوں تواتروں کے خلاف جب حضرت وائلؓ کی حدیث سنی تو بھی حدیث کا انکار نہیں فرمایا بلکہ یہ فرمادیا کہ ایک دفعہ انہوں نے رفع یدین کرتے دیکھا اور یاد رکھا۔ امام بخاریؒ اس پر ناراض ہیں لیکن بات علامہ نخعیؒ ہی کی صحیح ہے کیونکہ مؤرخین اور احادیث سے بھی پتہ چلتا ہے کہ حضرت وائلؓ دو دفعہ خدمت نبوی میں حاضر ہوئے ہیں۔ پہلی دفعہ تو آپ نے نہ صرف رکوع بلکہ سجدہ کی رفع یدین بھی دیکھی۔ (نمبر ۷۰) اور دوسری آمد میں بھی رفع یدین دیکھی۔ امام بخاریؒ نے اس کو مبہم رکھا ہے لیکن ابو داؤد میں افتتاح الصلاۃ کی صراحت ہے۔ الغرض حضرت وائلؓ کی دوسری آمد میں رکوع کی رفع یدین کی صراحت کہیں مذکور نہیں۔ اس لئے امام ابراہیم نخعیؒ کی بات بالکل صحیح ہے اور امام بخاریؒ کی ناراضگی بلاوجہ ہے۔

(۷۳)..... حدثنا اسماعيل بن ابی اويس حدثنا مالك عن نافع ان عبد

http://mujahid.xtgem.com

الله بن عمر رضی الله عنهما کان اذا افتتح الصلاة رفع یدیه و اذا رفع راسه من الرکوع۔

ترجمہ ..... نافع نے بیان کیا کہ عبداللہ بن عمرؓ جب نماز شروع کرتے تو رفع یدین کرتے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے۔

امام بخاریؒ کے نزدیک سنہری سند یہ ہے۔ **مالك عن نافع عن ابن عمر۔** اس سنہری سند سے موطا امام مالک میں روایت ہے: **ان عبد الله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما کان اذا افتتح الصلاة رفع یدیه حذو منکبیه و اذا رفع راسه من الرکوع رفع دون ذلك۔** (موطا مالک ص ۶۱، موطا محمد ص ۸۷) امام بخاریؒ نے اس کو نقل کیا تو یہاں: **حذو منکبیه** اور **دون ذلك** دونوں لفظ چھوڑ گئے، کیونکہ اس کا مطلب تھا کہ تحریمہ کی رفع یدین میں وہ ہاتھ کندھوں تک اٹھاتے باقی چار جگہوں میں اس سے بھی کم۔ یہ امام بخاریؒ کا مذہب نہیں اس لئے اس سنہری سند سے یہ الفاظ چھوڑ دیئے البتہ رفع یدین کی گنتی بھی حال رکھی یعنی پانچ جگہ اور اس کو موقوف ہی رکھا لیکن جب اس حدیث کو سنہری سند چھوڑ کر بخاری ص ۱۰۲ پر روایت کیا تو یہ دونوں الفاظ تو وہاں بھی چھوڑ دیئے لیکن رفع یدین پانچ جگہ کی بجائے دس جگہ کر دی اور حضرت ابن عمرؓ کے فعل کو حضور ﷺ کا فعل قرار دے دیا۔ سند میں امام مالک کو چھوڑ کر عبید اللہ العمری کو لے لیا۔ پھر اس کو مرفوع ثابت کرنے کے لئے ایوب عن نافع کا حوالہ دے دیا جس کی سند کا حال نمبر ۵۳ اور ۵۴ کے تحت گزر چکا ہے۔ نمبر ۵۳ میں پانچ جگہ کی رفع یدین ہے اور ۵۴ میں نو جگہ کی، حالانکہ دس جگہ کی متابعت پیش کرنی تھی، لیکن دس جگہ نہیں بلکہ نمبر ۵۰ میں تو عبید اللہ کی سند میں بھی **اذا قام من الرکعتین** نہیں ہے اور دوسرا حوالہ موسیٰ بن عقبہ کا دیا۔ وہ روایت بیہقی ج ۲/ص ۷۱ پر ہے، اس میں بھی **اذا قال من الرکعتین** نہیں ہے۔ اب باب تو

http://mujahid.xtgem.com

یہ باندھا تھا: رفع الیدین اذا قام من الرکعتین اسی کی تائید متابعات میں چاہئے تھی لیکن وہاں دس جگہ کا نشان بھی نہیں۔ اس لئے اس بات کو رواہ مختصراً کے مبہم لفظ میں چھپانے کی کوشش کی جو ان کی شان عالی کے مناسب نہیں تھا۔ اگر کوئی کہے کہ موقوف کو مرفوع کرنا زیادت ہے اور پانچ کو دس کرنا بھی زیادت ہے اسلئے اس کو قبول کر لیا گیا، تو سوال یہ ہے حذو منکبیہ اوردون ذلك بھی تو زیادت ہی تھی اس کو کیوں چھوڑ دیا گیا؟ اسی لئے امام ابو داؤدؒ نے اس کے خلاف آواز اٹھائی اور بخاری ج ۱/ص ۱۰۲ والی حدیث کے بارے میں بلا خوف تردید فرمادیا: لیس بمرفوع انما هو قول ابن عمر اور اگر زیادت مقبول ہے تو کیفیت رفع یدین میں حذو منکبیہ اوردون ذلك کو بھی قبول کرنا چاہئے اور کمیت میں سجدوں کی رفع یدین کو بھی قبول کرنا چاہئے جو کہ اسی العمری کی سند میں ہے اور امام بخاریؒ نے نمبر ۸۳ میں اس کو قبول کر لیا ہے مگر اس کو صحیح بخاری میں نقل نہیں کیا ورنہ وہاں تعارض صاف نظر آجاتا کہ سالم کی روایت میں سجدوں کی رفع یدین کی نفی ہے اور اس میں اثبات۔ اب اگر امام بخاری اس کو قبول کریں تو سالم کی روایت رد ہو جاتی اور اگر اس کو رد کرتے تو اذا قام من الرکعتین بھی ہاتھ سے جاتا۔

(۷۴)..... حدثنا عیاش حدثنا عبد الاعلیٰ حدثنا حمید عن انس رضی اللہ عنہ انہ کان یرفع یدیہ عند الرکوع۔

ترجمہ..... حمید نے حضرت انسؓ سے نقل کیا کہ وہ رکوع کے وقت رفع یدین کرتے تھے۔

حضرت انسؓ تو سجدوں کے درمیان بھی رفع یدین کرتے تھے جیسا کہ نمبر ۱۰۳ پر آرہا ہے۔

(۷۵)..... حدثنا آدم شعبة حدثنا الحکم بن عتیبة قال رأیت طاؤساً یرفع یدیہ اذا کبر و اذا رفع رأسہ من الرکوع. قال البخاری: من زعم

http://mujahid.xtgem.com

ان رفع الایدی بدعة فقد طعن فی اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم و السلف و من بعد هم واهل الحجاز و اهل المدینه و اهل مکة و عدة من اهل عراق و اهل الشام واهل الیمن وعلماء اهل خراسان منهم ابن المبارك حتیٰ شیوخنا عیسیٰ بن موسیٰ وابواحمد و کعب بن سعید و الحسن بن جعفر ومحمد بن سلام الا اهل الرأی منهم و علی بن الحسن و عبد الله بن عثمان و یحییٰ بن یحییٰ وصدقة و اسحاق و عامة اصحاب ابن المبارك و کان الثوری ووکیع وبعض الکوفیین لا یرفعون ایدیهم .وقد رووا فی ذلك احادیث کثیرة ولم یعتبوا علیٰ من رفع یدیه ولو لاانها حق ما رووا ذلك الاحادیث لانه لیس لاحد ان یقول علیٰ رسول الله صلی الله علیه وسلم مالم یقل ولم یفعل نمبر؟ لقول النبی صلی الله علیه وسلم من تقول علیٰ ما لم اقل فلیتبوأ مقعده من النار ولم یثبت عن احد من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم انه لا یرفع یدیه ولیس اسانیده اصح من رفع الایدی۔

ترجمہ ..... حکیم بن عتیبہ نے بیان کیا کہ میں نے طاؤس کو دیکھا کہ رفع یدین کرتے جب نماز شروع کرتے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ جس نے یہ کہا کہ رفع یدین بدعت ہے تو درحقیقت اس کا یہ اعتراض حضور ﷺ کے صحابہؓ، سلف اور ان کے بعد اور اہل حجاز، اہل مدینہ، اہل مکہ، چند اہل عراق، اہل شام، اہل یمن اور خراسان کے علماء جن میں ابن مبارک ہیں حتیٰ کہ ہمارے شیوخ عیسیٰ بن موسیٰ، ابو احمد، کعب بن سعید، حسن بن جعفر اور محمد بن سلام سوائے ان میں چند اہل الرائے کے اور علی بن حسن، عبد اللہ بن عثمان، یحییٰ بن یحییٰ، صدقہ، اسحاق اور ابن مبارک کے عام شاگردوں پر ہے اور ثوری، وکیع اور بعض کوفی حضرات رفع یدین نہیں کرتے تھے اور اس بارے میں کثیر احادیث نقل کی ہیں

http://mujahid.xtgem.com

اور رفع یدین کرنے والے کو ڈانٹا نہیں۔ اگر یہ (ترک رفع) حق نہ ہوتا تو وہ ان احادیث کو نقل نہ کرتے۔ اس لئے کہ کسی کو یہ حق نہیں ہے کہ حضور ﷺ کی طرف ایسی بات منسوب کرے جو نہ حضور ﷺ نے فرمائی ہو اور نہ آپ ﷺ نے وہ کام کیا ہو۔ اس لئے کہ حضور ﷺ کا فرمان ہے جس نے میری طرف ایسی بات منسوب کی جو میں نے نہیں کہی تو وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے اور حضور ﷺ کے صحابہؓ میں کسی سے ثابت نہیں کہ وہ رفع یدین نہ کرتا ہو اور اس کی اسانید (ترک کی مرفوعاً و موقوفاً) رفع یدین کی اسانید سے زیادہ صحیح نہیں۔

طاؤس یمن کے تابعی ہیں۔ یہ یمن سے حج کے لئے مکہ مکرمہ تشریف لائے اور انہوں نے رفع یدین کی۔ امام حکم بن عتیبہ کوفہ کے جلیل القدر محدث اور فقیہ تھے۔ انہوں نے نماز کا یہ نیا طریقہ دیکھا تو حیران ہوئے، کہتے ہیں: فسالت رجلاً من اصحابه (مسند احمد ج ۲/ ص ۴۴) امام بخاریؒ نے اختصار فرمایا اور یہ الفاظ چھوڑ دیئے، جس سے معلوم ہوتا تھا کہ دور تابعین میں رفع یدین شاذ تھی اور عملی تواتر ترک رفع یدین پر تھا اور غصہ میں پھر بے سند مردم شماری اور قصبہ شماری شروع کر دی ہے۔

اعتراف حق :۔

البتہ آخر میں یہ تسلیم فرمالیا ہے کہ وکیع اور ثوری رفع یدین نہیں کرتے تھے اور انہوں نے ترک رفع یدین کی بہت سی حدیثیں روایت کی ہیں اور وہ حدیثیں رفع یدین کی حدیثوں سے زیادہ صحیح نہیں ہیں۔ یعنی دونوں قسم کی حدیثیں امام بخاریؒ کے ہاں صحیح ہیں اور یہ پیچھے تحقیق ہو چکی ہے کہ وہ رفع یدین جو کسی صحابی نے ترک نہیں کی وہ صرف تحریمہ کی رفع یدین ہے۔

(۷۶)..... حدثنا محمد بن ابی بکر المقدمی حدثنا معتمر عن عبید الله بن عمر عن ابن شهاب عن سالم بن عبد الله عن ابیه عن النبی صلی الله

http://mujahid.xtgem.com

علیه وسلم انه کان یرفع یدیه اذا دخل فی الصلاة و اذا اراد ان یرکع و اذا رفع رأسه و اذا قام من الرکعتین یرفع یدیه فی ذلك کله و کان عبد الله یفعله۔

ترجمہ ..... سالمؒ نے اپنے والد سے نقل کیا ہے کہ حضور ﷺ رفع یدین کرتے تھے جب نماز شروع کرتے اور جب جھکتے اور جب اٹھتے اور جب دو رکعات کھڑے ہوتے، سب میں رفع یدین کرتے تھے اور حضرت عبد اللہ بھی ایسا ہی کرتے تھے۔

امام بخاریؒ نے سالمؒ کا طریق نقل کیا ہے۔ اس میں اذا قام من الرکعتین بھی ہے۔ اس حدیث میں زہری کے شاگرد ۱۵ یا ۱۶ ہیں۔

(۱).....سفیان بن عیینہ۔ (مسلم ج ۱/ص ۱۶۸)

(۲).....مالک۔ (موطا ص ۶۱)

(۳).....یونس۔ (بخاری ج ۱/ص ۱۰۲)

(۴).....شعیب۔ (بخاری ج ۱/ص ۱۰۲)

(۵).....ابن جریج۔ (مسلم ج ۱)

(۶).....ابن اخی الزہری۔ (مسند احمد)

(۷).....معمر۔ (مسند احمد)

(۸).....الزبیدی۔ (ابو داؤد ج ۱/ص ۱۰۹)

(۹).....عقیل۔ (بیہقی)

(۱۰).....محمد بن ابی حفصہ۔ (ابو عوانہ)

(۱۱).....لیث۔ (جزء بخاری)

(۱۲).....اوزاعی۔ (تمہید لابن عبد البر)

(۱۳).....یحییٰ بن سعید انصاری۔

http://mujahid.xtgem.com

(۱۴).....سفیان بن حسین۔(معرفۃ الصحابہ)

ان چودہ میں سے کسی نے اذا قام من الرکعتین کا اضافہ بیان نہیں کیا۔ البتہ امام بخاریؒ کے دادا استاد عبد الرزاقؒ نے عبد اللہ العمری کے واسطہ سے اذا قام من الرکعتین روایت کیا ہے۔ (عبد الرزاق ج ۲/ص ۶۷) یہ راوی نہایت ضعیف ہے۔ بخاریؒ نے اس سند میں عبد اللہ العمری ضعیف راوی کی بجائے عبید اللہ کر دیا ہے۔ نسائی کے ایک نسخہ میں عبد اللہ اور دوسرے میں عبید اللہ ہے۔ ابو عوانہ میں اگرچہ عبید اللہ ہے مگر اس میں اذا قام من الرکعتین نہیں ہے۔ لہٰذا سند کے اعتبار سے اذا قام من الرکعتین کا جملہ بالکل شاذ ہے بلکہ اگر ساتھ سفیان کے ۳۲ شاگرد اور مالک کے تین شاگرد بھی ملا لئے جائیں تو تقریباً ۷۵ سندوں میں اذا قام من الرکعتین نہیں ہے اور ایک میں بھی اختلاف ہے اب اگر اس کا راوی عبید اللہ ہے تو یہ حدیث شاذ ہے اور اگر عبد اللہ ہو تو منکر ہے اور بخاریؒ نے بھی نمبر ۷۹، ۸۰ میں عبد اللہ ہی روایت کیا ہے، جو کہ دلیل ہے کہ عبد اللہ ہی ہے نہ کہ عبید اللہ۔ جز ۱۵۵ ص ؟۔

(۷۷)..... حدثنا قتیبة حدثنا هشیم عن الزهری عن سالم عن ابیه قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یرفع یدیه اذا استفتح و اذا رکع رفع یدیه و اذا رفع رأسه من الرکوع۔

ترجمہ ..... سالم نے اپنے والد سے نقل کیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز شروع کرتے تو رفع یدین کرتے تھے اور جب رکوع کرتے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے۔

اس سند میں ہشیم بھی مدلس ہے اور زہری بھی، پس اصول شوافع پر ضعیف ہے اور اس میں نہ دس کا اثبات، نہ دوام، نہ اٹھارہ کی نفی۔

(۷۸)..... حدثنا عبد الله بن صالح حدثنی اللیث عن عقیل عن ابن

http://mujahid.xtgem.com

شهاب قال اخبرنی سالم بن عبد الله ان عبد الله بن عمر رضی الله عنهما قال : کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا افتتح الصلاة رفع یدیه حتیٰ یحاذی بهمامنکبیه و اذا اراد ان یرکع و بعدما رفع رأسه من الرکوع۔

ترجمہ ..... سالمؒ نے اپنے والد حضرت عبداللہؓ سے نقل کیا ہے، انہوں نے فرمایا کہ حضور ﷺ جب نماز شروع کرتے تو کندھوں تک ہاتھ اٹھاتے اور جب رکوع کرتے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے۔

اس سند میں عبداللہ بن صالح کاتب لیث ہے جو ضعیف ہے۔ نہ دس کا اثبات، نہ دوام اور نہ اٹھارہ کی نفی۔

(۷۹) .....حدثنا محمد بن عبد الله بن حوشب حدثنا عبد الوهاب حدثنا عبید الله عن نافع عن ابن عمر رضی الله عنهما انه کان یرفع یدیه اذا دخل فی الصلاة و اذا رکع و اذا قال سمع الله لمن حمده و اذا قام من الرکعتین یرفعهما۔

ترجمہ ..... نافع نے حضرت ابن عمرؓ سے نقل کیا ہے کہ وہ رفع یدین کرتے تھے جب نماز شروع کرتے اور جب رکوع کرتے اور جب سمع اللہ لمن حمدہ کہتے اور جب دو رکعات سے کھڑے ہوتے تو رفع یدین کرتے۔

(۸۰).....عن الزهری عن سالم عن عبد الله بن عمر رضی الله عنهما مثله۔

ترجمہ .....اور زہری نے سالم سے، انہوں نے حضرت عبداللہؓ سے اسی طرح نقل کیا ہے۔

(۷۹، ۸۰).....اس کی بحث نمبر ۷۶ کے تحت گزر چکی ہے۔

(۸۱)..... وزاد وکیع عن العمری عن نافع عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما عن النبی صلی الله علیه وسلم انه کان یرفع یدیه اذا رکع و اذا

http://mujahid.xtgem.com

سجد .قال البخاری : والمحفوظ ما روی عبید اللہ و ایوب و مالك و ابن جریج و اللیث و عدة من اهل الحجاز و اهل العراق عن نافع عن ابن عمر رضی اللہ عنهما فی رفع الایدی عند الرکوع و اذا رفع رأسه من الرکوع ولو صح حدیث العمری عن نافع عن ابن عمر رضی اللہ عنهما لم یکن مخالفاً للاول لان اولئك قالوا : اذا رفع رأسه من الرکوع فلو ثبت لا ستعملنا کلیهما ولیس هذا من الخلاف الذی یخالف بعضهم بعضاً لان هذه زیادة فی الفعل و الزیادة مقبولة اذا ثبت۔

ترجمہ ..... وکیع نے العمری سے ، انہوں نے نافع سے انہوں نے حضرت ابن عمرؓ سے یہ زیادتی نقل کی ہے کہ حضور ﷺ رفع یدین کرتے تھے جب رکوع کرتے اور جب سجدہ کرتے۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں : اور محفوظ وہ ہے جو عبید اللہ ، ایوب ، مالک ابن جریج ، لیث اور چند اہل حجاز اور اہل عراق نے نافع سے ، انہوں نے حضرت ابن عمرؓ سے نقل کیا ہے : رکوع کے وقت اور رکوع سے سر اٹھانے کے بعد کی رفع یدین کے بارے میں اور اگر العمری کی حدیث جو انہوں نے نافع سے ، انہوں نے حضرت ابن عمرؓ سے نقل کی ہے صحیح ہو جائے تو وہ پہلے کے مخالف نہیں۔ اس لئے کہ ان لوگوں نے کہا کہ جب رکوع سے سر اٹھاتے تو اگر وہ ثابت ہو جائے تو ہم دونوں کو استعمال کریں گے اور یہ وہ اختلاف نہیں جو بعض بعض سے کرتے ہیں۔ اس لئے کہ یہ فعل میں زیادتی ہے اور زیادتی جب ثابت ہو جائے تو مقبول ہوتی ہے۔

یہاں امام بخاریؒ نے تسلیم کر لیا ہے کہ نافع کی سند میں العمری سے سجدوں کی رفع یدین بھی مذکور ہے اور یہ ثقہ کی زیادت ہے ، اس لئے مقبول ہے۔ ہاں فرماتے ہیں : محفوظ یہ ہے کہ عبید اللہ نے روایت کی۔ نمبر ۸۱ میں دس جگہ اور ایوب نمبر ۵۳ ، ۵۴ میں ۵ یا ۹ جگہ یا مالک ۵ جگہ (موطا) یا ابن جریج نمبر ۴۰

http://mujahid.xtgem.com

میں ہر رکوع کے ساتھ چار جگہ یا لیث گیارہ جگہ، یہ ہے امام کے ہاں محفوظ ہونے کا مطلب، ان میں اتفاق ہی نہیں کہ رفع یدین کتنی جگہ تھی؟

(۸۲)..... قال وکیع عن ابن ابی لیلیٰ عن نافع عن ابن عمر رضی اللہ عنہما و عن ابن ابی لیلیٰ عن الحکم عن مقسم عن ابن عباس رضی اللہ عنہما عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال : لا ترفع الایدی الا فی سبعة مواطن فی افتتاح الصلاة و استقبال القبلة و علیٰ الصفا و المروة و بعرفات وبجمع وفی المقامین و عند الجمرتین۔

ترجمہ..... وکیع نے ابن ابی لیلیٰ سے، انہوں نے نافع سے انہوں نے ابن عمرؓ سے نقل کیا ہے اور ابن ابی لیلیٰ نے حکم سے، انہوں نے مقسم سے، انہوں نے ابن عباسؓ سے نقل کیا ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: رفع یدین نہ کی جائے مگر سات جگہوں میں۔ نماز کے شروع میں اور استقبال قبلہ کے وقت اور صفا و مروہ پر اور عرفات اور مزدلفہ میں، مقامین اور جمروں کے وقت۔

(۸۳).....وقال علی بن مسهر و المحاربی عن ابن ابی لیلیٰ عن الحکم عن مقسم عن ابن عباس رضی اللہ عنہما و قال شعبة ان الحکم لم یسمع من مقسم الاربعة احادیث لیس فیها هذا الحدیث و لیس هذا من المحفوظ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم لان اصحاب نافع خالفوا و حدیث الحکم عن مقسم مرسل و قد روی طاؤس و ابو جمرة و عطاء انهم رأوا ابن عباس رضی اللہ عنہما رفع یدیه عند الرکوع و اذا رفع راسه من الرکوع مع ان حدیث ابن ابی لیلیٰ لو صح یرفع یدیه فی سبعة مواطن لم یقل فی حدیث وکیع لا یرفع الافی هذه المواطن فترفع فی هذه المواطن وعندالرکوع واذارفع رأسه حتیٰ یستعمل هذه الاحادیث کلها ولیس هذا من التضاد و قد قال هؤلآء ان الایدی ترفع

http://mujahid.xtgem.com

فی تکبیرات العیدین الفطر والاضحیٰ وھی اربع عشرة تکبیرة فی قولھم ولیس ھٰذا فی حدیث ابن ابی لیلیٰ وقدقال بعض الکوفیین : یرفع یدیه فی تکبیرة الجنازة وھی اربع تکبیرات وھٰذا کلھازیادة علی حدیث ابن ابی لیلیٰ وقد روی عن النبی صلی اللہ علیه وسلم من غیر وجه فی سویٰ ھٰذه السبعة۔

ترجمہ ..... علی بن مسہر اور محاربی نے بیان کیا کہ انہوں نے ابن ابی لیلیٰ سے، انہوں نے حکم سے، انہوں نے مقسم سے، انہوں نے ابن عباسؓ سے اور شعبہ نے کہا کہ حکم نے مقسم سے چار احادیث سنی ہیں اور ان میں یہ حدیث نہیں ہے اور یہ حضور ﷺ سے محفوظ نہیں ہے، اس لئے کہ نافع کے ساتھیوں سے مخالفت کی ہے اور حدیث حکم کی مقسم سے مرسل ہے اور طاؤس اور ابو جمرہ اور عطاء نے بیان کیا کہ انہوں نے حضرت ابن عباسؓ کو دیکھا کہ رفع یدین کرتے ہیں رکوع کے وقت اور رکوع سے سر اٹھانے کے بعد اور اس کے ساتھ یہ ہے کہ ابن ابی لیلیٰ کی حدیث اگر صحیح ہو کہ ہاتھ ساتھ اٹھائے جائیں تو وکیع کی حدیث میں نہیں ہے کہ صرف انہی جگہوں میں رفع یدین کی جائے، اس لئے رکوع کے وقت اور رکوع سے اٹھ کر بھی رفع یدین کی جائے تاکہ تمام احادیث پر عمل ہو جائے اور یہ تضاد کے قبیل سے نہیں ہے اور انہی لوگوں نے فرمایا ہے کہ تکبیرات عیدین یعنی عید الفطر اور عید الضحیٰ اور یہ ان کے قول کے مطابق ۱۴ بنتی ہیں اور ابن ابی لیلیٰ کی حدیث میں یہ نہیں ہے اور بعض کوفیین نے کہا کہ جنازہ کی تکبیرات میں رفع یدین کی جائے اور یہ تمام ابن ابی لیلیٰ کی حدیث پر زیادتی ہے اور حضور ﷺ سے کئی طریقوں سے ان سات کے علاوہ بھی رفع یدین ثابت ہے۔

(۸۲، ۸۳) امام بخاریؒ نے حضرت عبداللہ بن عمرؓ اور حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے حدیث نقل فرمائی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے دو عبادتوں نماز اور حج کا

http://mujahid.xtgem.com

ذکر فرمایا، نماز میں تحریمہ کے علاوہ رفع یدین کرنے سے منع فرمایا اور حج میں چھ جگہ کے علاوہ رفع یدین سے منع فرمایا۔ یہ حدیث بڑی واضح دلیل ہے کہ نماز میں تکبیر تحریمہ کے علاوہ رفع یدین منع ہے۔ چونکہ یہ حدیث امام بخاریؒ کے مسلک کے خلاف ہے اس لئے اس پر پہلا اعتراض یہ کیا ہے کہ حکم نے مقسم سے صرف چار حدیثیں سنی ہیں، یہ حدیث ان میں سے نہیں۔ یہ ایک دعویٰ ہے جس کی کوئی دلیل نہیں۔ یہ کس کا دعویٰ ہے بعض نسخوں میں شعبہ کا نام ہے، بعض میں بخاری کا نام ہے۔ حکم کی تاریخ وفات ۱۱۳ھ ہے اور مقسم کی ۱۰۱ھ ہے جب یہ دونوں ہم عصر ہیں تو سماع میں کیا رکاوٹ؟ یا تو شعبہ (۱۶۰ھ) یہ فرماتے کہ مجھے خود حکم نے بتایا کہ میں نے مقسم سے صرف چار حدیثیں سنی ہیں تو دلیل بنتی اور امام بخاریؒ نے ان تینوں میں سے کسی کا بھی زمانہ نہیں پایا کیونکہ مقسم کی وفات ۱۰۱ھ حکم کی ۱۱۳ھ اور شعبہ کی ۱۶۰ھ میں ہے جب کہ بخاری کی پیدائش ۱۹۴ھ اور ۲۰۶ھ سے پہلے آپ اپنے وطن سے نہیں نکلے اور ان میں سے ایک بھی امام بخاریؒ کا ہم وطن نہیں ہے اگر بالفرض والمحال مان ہی لیا جائے کہ یہ مرسل ہے تو خیر القرون کا ارسال احناف کے ہاں کوئی جرح ہی نہیں اور اگر یہ مرسل ہے تو ابن عباسؓ کے فتویٰ سے معتضد ہے اور مرسل معتضد بالاجماع حجت ہے۔ چنانچہ امام بخاریؒ کے استاد امام ابو بکر بن ابی شیبہؒ فرماتے ہیں: حدثنا ابن فضیل عن عطاء عن سعید بن جبیر عن ابن عباس قال لا ترفع الایدی الافی سبع مواطن اذا قام الی الصلاۃ و اذا رأی البیت و علی الصفا و المروۃ و فی عرفات و فی جمع و عند الجمار۔ (مصنف ابن ابی شیبہ ج ۱/ص ۲۳۷) یہ بھی نہایت صحیح السند اور واضح فتویٰ ہے کہ نماز میں پہلی تکبیر کے بعد ہاتھ نہ اٹھائے۔ امام بخاریؒ نے دوسرا اعتراض یہ فرمایا ہے کہ طاؤس ابو جمرہ اور عطاء نے ابن عباسؓ کو رفع یدین کرتے دیکھا ہے، طاؤس کی روایت نمبر ۷۵ پر ہے جو ضعیف ہے کیونکہ ابو زبیر مدلس ہے

http://mujahid.xtgem.com

اور عن سے روایت کر رہا ہے اور ابو جمرہ کی نمبر ۲۱ پر ہے۔ پہلے تو یہی زیر بحث ہے کہ یہ کیا ہے؟ بعض نسخوں میں ابو جمرہ ہے جو مجہول ہے اور بعض میں ابو حمزہ ہے۔ نیز اس سند میں بھی ہشیم مدلس ہے اور اس کا عنعنہ ہے پس اس لئے بھی یہ ضعیف ہے۔ عطاء کی روایت نمبر ۱۸ اور ۶۲ پر ہے۔ اس سند میں عبد اللہ بن لہیعہ، شریک اور لیث تینوں ضعیف ہیں۔ پھر طاؤس اور ابو جمرہ کی روایت میں پانچ جگہ کی رفع یدین ہے اور عطاء کی روایت میں ایک میں پانچ اور ایک میں نو جگہ کی۔ نہ دس جگہ کا اثبات، نہ دوام، نہ اٹھارہ جگہ کی نفی۔ تیسرا اعتراض الزامی کیا ہے کہ یہ لوگ عیدین میں ۱۴ زائد تکبیریں کہتے ہیں اور ان کے ساتھ رفع یدین کرتے ہیں۔ اس سے معلوم ہوا کہ امام بخاریؒ کو فقہ حنفی سے واقفیت نہیں۔ عیدین میں ہمارے نزدیک بارہ زائد تکبیریں ہیں نہ کہ چودہ۔ حدیث میں مطلق نماز مراد ہے جو بغیر قید کے ہو۔ نماز عید بالاجماع دوسری نمازوں سے بعض احکام میں مختلف ہے، اس لئے اس کو مطلق نماز پر قیاس وہی کر سکتا ہے جو اتنا بھی نہ جانتا ہو کہ فارق پائے جانے کے بعد قیاس نہیں چل سکتا۔ چوتھا اعتراض یہ فرمایا ہے کہ تم جنازہ کی چار تکبیروں میں چار دفعہ رفع یدین کرتے ہو۔ یہاں بھی امام بخاریؒ حنفی مذہب کے مفتی بہ اور معمول بہ قول سے واقف نہیں۔ ہم پہلی ہی تکبیر میں رفع یدین کرتے ہیں پھر امام بخاریؒ نے نمبر ۸۴ تا ۹۶ میں ایسی احادیث جمع فرمائی ہیں جن میں دعاء استسقاء یا قنوت وتر کی رفع یدین کا ذکر ہے، حالانکہ پوری امت کا اتفاق ہے کہ نماز وتر بھی مطلق نماز سے مختلف ہے۔ جب احکام میں فرق ہے تو فارق کی موجودگی میں قیاس باطل ہے۔ ہم نے مطلق نمازوں میں اسی فرمان نبوی ﷺ پر عمل کیا اور جہاں فارق تھا ان روایات کو مانا اور ان احادیث کے خلاف قیاس کر کے ان کو مطلق کے ساتھ نہ ملایا لیکن امام بخاریؒ کے ہاں اس حدیث کے انکار کے بغیر چارہ نہیں اور اس پر کوئی معقول اعتراض نہیں۔ آپ پیچھے پڑھتے آرہے ہیں کہ ان کا رسالہ نصف سے زائد مرسلات اور منقطعات

http://mujahid.xtgem.com

سے پر ہے۔ وہاں انقطاع وارسال و تدلیس جرح نہیں تو یہاں ارسال جرح کیوں جب کہ اس کا اعتضاد بھی پایا گیا یہ حدیث لا ترفع الایدی طبرانی کبیر ج ۱۱ / ص ۳۸۵ اس کے معنوی متابعات کشف الاستار ج ۱ / ص ۵۱ و طحاوی شرح معانی الاثار ج ۱ / ص ۵۴ اور طبرانی کبیر ج ۱۱ / ص ۴۵۲ پر موجود ہیں۔

ضروری نوٹ ..... یہ سند ابن ابی لیلیٰ عن الحکم عن مقسم مسند امام اعظم ص ۱۶۲ پر موجود ہے۔ امام صاحبؒ کے نزدیک یہ سند بالکل صحیح ہے۔

(۸۴) ..... حدثنا موسیٰ بن اسماعیل حدثنا مسددحدثنا حماد بن سلمة عن ثابت عن انس رضی الله عنه ان النبی صلی الله علیه وسلم کان یرفع یدیه فی الاستسقاء۔

ترجمہ ..... حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ استسقاء میں رفع یدین کرتے ہیں۔

امام بخاریؒ نے استسقاء میں بوقت دعاء رفع یدین کی حدیث لکھی ہے پھر نمبر ۸۵، ۸۶، ۸۷، ۸۸، ۸۹، ۹۰، ۹۱، ۹۲ اور ۹۳ یہ نو احادیث اس بارے لکھی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ دعاء ہاتھ اٹھا کر مانگا کرتے تھے۔ پھر ۹۴، ۹۵ اور ۹۶ میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ اور حضرت عمرؓ سے دعاء قنوت کی رفع یدین روایت کی ہے اور پھر لکھا ہے: هٰذه الاحادیث کلها صحیحة عن رسول الله صلی الله علیه وسلم واصحابه لایخالف بعضها بعضاً ولیس فیها متضاد لانها فی مواطن مختلفة۔ یہاں امام بخاریؒ نے مختلف احادیث صحیحہ کا تضاد ختم کرنے کا فطری طریقہ تسلیم کر لیا ہے کہ ان کو مواطن مختلفہ پر محمول کیا جائے تو کوئی تضاد نہیں لیکن حیرانی ہے کہ امام بخاریؒ کو اس حدیث میں کہ نماز میں پہلی تکبیر کے بعد رفع یدین نہ کرو اور اس حدیث میں کہ حضور ﷺ نے نماز کے باہر ہاتھ اٹھا کر دعاء

http://mujahid.xtgem.com

مانگی میں کیا تضاد نظر آرہا ہے ؟ کبھی دعاء قنوت والی رفع یدین کو اس حدیث سے ٹکرا رہے ہیں کہ نماز میں پہلی تکبیر کے بعد رفع یدین نہ کرو حالانکہ نماز وتر کے احکام دوسری نمازوں سے باجماع امت مختلف ہیں ہم نے الحمد للہ اس فرمان رسول اللہ ﷺ پر بھی عمل کر لیا کہ نماز میں پہلی تکبیر کے وقت رفع یدین کرو اور ان سب کو مانا جو دعاء اور قنوت وتر سے متعلق ہیں اور نماز جنازہ میں ہم صرف پہلی تکبیر کے وقت رفع یدین کرتے ہیں، اگر کوئی جنازہ کو بھی مطلق نماز سے الگ سمجھے تو بوجہ اختلاف احکام کے اس حدیث پر کچھ اثر نہ پڑے گا۔

(۸۵)..... حدثنا مسدد حدثنا ابو عوانة عن سماك بن حرب عن عكرمة عن عائشة رضى الله عنها زعم انه سمع منها انها رأت النبى صلى الله عليه وسلم يدعو رافعاً يديه يقول : انما انا بشر فلا تعاقبنى ايما رجل من المؤمنين آذيته و شتمته فلا تعاقبنى فيه۔

ترجمہ ..... عکرمہ نے حضرت عائشہؓ سے سنا، فرماتی تھیں کہ انہوں نے حضور ﷺ کو دیکھا کہ رفع یدین کئے ہوئے دعاء کر رہے ہیں اور فرمارہے ہیں کہ میں بشر ہوں پس مجھے سزا نہ دے مسلمانوں میں سے جس کو میں نے تکلیف پہنچائی ہو یا گالی دی ہو پس اس کی وجہ سے مجھے سزا مت دے۔

(۸۶).....حدثنا على حدثنا سفيان عن ابن ابى الزناد عن الاعرج عن ابى هريرة رضى الله عنه قال : استقبل رسول الله صلى الله عليه وسلم القبلة و تهيأ ورفع يديه وقال اللهم اهد دوساً وأت بهم۔

ترجمہ ..... حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ قبلہ رو ہو کر تیار ہوئے اور ہاتھ اٹھا کر فرمایا : اے اللہ دوس قبیلہ کو ہدایت دے اور ان کو یہاں لے آؤ۔

(۸۷) ..... حدثنا ابو النعمان حدثنا حماد بن زيد حدثنا الحجاج

http://mujahid.xtgem.com

الصواف عن ابی الزبیر بن جابر عن عبد الله رضی الله عنهم ان الطفیل ابن عمرو قال للنبی صلی الله علیه وسلم هل لك فی حصن ومنعة حفن دوس فابی رسول الله صلی الله علیه وسلم لما ذکر الله للانصار و هاجر الطفیل و هاجر معه رجل من قومه فمرض فجاء الی قرن فاخذ مشقصا فقطع و دجه فمات فرآه الطفیل فی المنام فقال : ما فعل الله بك!قال : غفرلی بهجرتی الی النبی صلی الله علیه وسلم قال : ماشان یدك !قال : قیل انا لن نصلح منك ما افسدت من نفسك فقصها الطفیل علی النبی صلی الله علیه وسلم وقال لیدیه فقال : اللهم ولیدیه فاغفر فرفع یدیه۔

ترجمہ ..... عبد اللہ نے بیان کیا کہ طفیل بن عمروؓ نے حضور ﷺ سے عرض کی کہ آپ کو قلعہ اور دوس کے قلعے کی قوت کی ضرورت ہے۔آپ نے انکار کیااس لئے کہ اللہ نے انصار کاذکر فرمایا تھااور طفیل نے اور ان کے ساتھ ان کی قوم کے ایک آدمی نے ہجرت کی پس وہ بیمار ہو گیا تو ترکش کے قریب پہنچااور تیر کا پھل لے کراس نے اپنی رگ کاٹ لی اور مر گیا۔ طفیل نے اس کو خواب میں دیکھا تو کہا کہ اللہ تعالیٰ نے تیرے ساتھ کیا سلوک کیا ؟اس نے کہا کہ حضور ﷺ کی طرف ہجرت کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے میری مغفرت کر دی۔ طفیل نے کہا کہ تیرے ہاتھوں کو کیا ہوا ؟اس نے جواب دیا کہ یہ کہا گیا کہ ہم نہیں ٹھیک کریں گے وہ جس کو تو نے خود خراب کیا۔ طفیل نے پورا واقعہ حضور ﷺ کے سامنے بیان کیااور اس کے دونوں ہاتھوں کے بارے میں کہا، توآپ ﷺ نے دعا فرمائی اے اللہ !اس کے دونوں ہاتھوں کو بخش دے،آپ ﷺ نے دونوں ہاتھ اٹھائے۔

(۸۸) ..... حدثنا قتیبة عن عبد العزیز بن محمد عن علقمة بن ابی علقمة عن امه عن عائشة رضی الله عنها انها قالت : خرج رسول الله صلی الله علیه وسلم ذات لیلة فارسلت بریرة فی اثره لتنظره این

http://mujahid.xtgem.com

یذهب فسلك نحوالبقیع الغرقد فوقف موقف فی ادنی البقیع ثم رفع یدیه ثم انصرف فرجعت بریرة فاخبرتنی فلما اصبحت سالته فقلت : یا رسول الله این خرجت اللیلة اقال : بعثت الی اهل البقیع لأ صلی علیهم.

ترجمہ ..... حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک رات نکلے تو میں (حضرت عائشہؓ) نے بریرہؓ کو آپ کے پیچھے بھیجا تاکہ وہ دیکھے کہ آپ ﷺ کہاں جاتے ہیں ؟ تو آپ ﷺ کی طرف چلے اور بقیع کے قریب جاکر کھڑے ہوئے، پھر ہاتھ اٹھائے، پھر واپس ہوئے، تو بریرہؓ واپس آئی اور مجھے خبر دی۔ جب میں نے صبح کی تو آپ ﷺ سے پوچھا کہ یارسول اللہ ﷺ! آپ رات کو کہاں نکل گئے تھے ؟ آپ ﷺ نے فرمایا : اہل بقیع کی طرف بھیجا گیا تاکہ ان کے لئے دعاء کروں۔

(۸۹)..... حدثنا مسلم حدثنا شعبة عن عبد ربه بن سعید عن محمد بن ابراهیم التیمی قال : اخبرنی من رأی النبی صلی الله علیه وسلم یدعو عند احجار الزیت باسطا کفیه۔

ترجمہ ..... ابراہیم تیمی نے بیان کیا کہ مجھے اس آدمی نے خبر دی جس نے حضور ﷺ کو احجار زیت کے پاس دعا کرتے دیکھا۔ آپ ﷺ نے دونوں ہاتھ پھیلائے تھے۔

(۹۰)..... حدثنا یحیی بن موسیٰ حدثنا عبد الحمید حدثنا اسماعیل هو ابن عبد الملك عن ابن ابی ملیکة عن عائشة رضی الله عنها قالت رأیت رسول الله صلی الله علیه وسلم رافعاً یدیه حتیٰ بداضبعیه یدعوفرد عثمان رضی الله عنه۔

ترجمہ ..... حضرت عائشہؓ سے روایت ہے۔ فرماتی ہیں کہ میں نے رسول

http://mujahid.xtgem.com

اللہ ﷺ کو ہاتھ اٹھاتے ہوئے دیکھا حتیٰ کہ آپ ﷺ کے بازو ظاہر ہوئے، آپ ﷺ دعا مانگ رہے تھے تو حضرت عثمانؓ واپس آگئے۔

(۹۱).....حدثنا ابو نعیم حدثنا الفضیل بن مرزوق عن عدی بن ثابت عن ابی حازم عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال : ذکر النبی ﷺ الرجل یطیل السفر اشعث اغبریمدیدیہ الی عزوجل یارب یا رب و مطعمہ حرام ومشربہ حرام وملبسہ حرام وغذی بالحرام فانی یستجاب لذلك.

ترجمہ..... حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے، انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک آدمی کا تذکرہ کیا کہ لمبے لمبے اسفار کرتا ہے، پراگندہ غبار آلود اللہ کی طرف اپنے ہاتھ پھیلاتا ہے، یارب یارب کہتا ہے، حال یہ ہے کہ اس کا کھانا حرام ہے اس کا پینا حرام ہے اس کا لباس حرام ہے اور حرام ہی سے پلا ہے تو کیسے اس کی دعاء قبول ہوگی؟

(۹۲)..... اخبرنا مسلم انبانا عبد اللہ بن داؤد عن نعیم بن حکیم عن ابی مریم عن علی رضی اللہ عنہ قال : رأیت امرأۃ الولید جاء ت الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم تشکو الیہ زوجھا یضربھا فقال لھا اذھبی فقولی لہ کیت وکیت فذھبت ثم رجعت فقالت لہ عاد یضر بنی فقال لھا : اذھبی فقولی لہ : ان النبی ﷺ یقول لك فذھبت ثم عادت فقالت : انہ یضربنی فقال :اذھبی فتقولی لہ:کیت وکیت فقالت لہ یضربنی فرفع رسول اللہ علیہ وسلم یدہٗ وقال : اللھم علیك بالولید۔

ترجمہ..... حضرت علیؓ سے روایت ہے، انہوں نے کہا کہ میں نے ولید کی بیوی کو دیکھا کہ حضور ﷺ کے پاس آئی اپنے شوہر کی شکایت کر رہی تھی کہ وہ مارتے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا : تو چلی جا اور اس کو اس طرح اس طرح کہہ

http://mujahid.xtgem.com

دے۔ وہ گئی پھر واپس آئی اور کہنے لگی کہ وہ پھر مارنے لگا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا جاؤ اس کو کہہ دو کہ نبی کریم ﷺ تجھے فرمارہے ہیں وہ گئی پھر واپس آئی اور کہا کہ وہ مارتا ہے حضور ﷺ نے فرمایا: جاؤ اس کو اس طرح اس طرح کہہ دو۔ وہ کہنے لگی کہ وہ مجھے مارتا ہے۔ حضور ﷺ نے ہاتھ اٹھائے اور فرمایا: اے اللہ ولید کو پکڑنا تیری ذمہ داری ہے۔

(۹۳)..... حدثنا محمد بن سلام حدثنا اسماعیل بن جعفر عن حمید عن انس رضی اللہ عنہ قال: قحط المطر عاماً فقام بعض المسلمین الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم یوم الجمعة فقال: یا رسول اللہ قحط المطر واجدبت الارض وھلك المال فرفع یدیه وما رأی فی السمآء سحابة فمد یدیه حتیٰ رأیت بیاض ابطیه یستسقی اللہ عزوجل فما صلینا الجمعة حتیٰ اھم الشاب القریب الدار بالرجوع الیٰ اھله فدامت جمعة حتیٰ کانت الجمعة التی تلیھا قال: یا رسول اللہ! تھدمت البیوت وجلس الرکبان فتبسم لعله لسرعة ملالة ابن آدم وقال بیدیه: اللّٰھم حوالینا ولا علینا فتکشطت عن المدینة۔

ترجمہ ..... حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ ایک سال بارش کا قحط پڑ گیا، بعض مسلمان حضور ﷺ کی خدمت میں جمعہ کے دن حاضر ہوئے اور عرض کی اے اللہ کے رسول! بارش بند ہے، زمینیں خشک ہوگئیں، مال ہلاک ہوگئے، تو حضور ﷺ نے ہاتھ بلند فرمائے، آسمان میں بادل دکھائی نہیں دیتے تھے۔ حضور ﷺ نے ہاتھ پھیلائے یہاں تک کہ بغلوں کی سفیدی ظاہر ہوئی، اللہ سے پانی طلب کر رہے تھے۔ ہم جمعہ کی نماز پڑھنے نہ پائے تھے حتیٰ کہ وہ جوان جس کا گھر قریب تھا وہ گھر نہ جاسکا۔ یہ بارش مسلسل ایک ہفتہ چلتی رہی حتیٰ کہ دوسرا جمعہ آیا۔ اس نے کہا اے اللہ کے رسول! گھر منہدم ہوگئے، سوار بیٹھ گئے۔ تو حضور ﷺ نے

http://mujahid.xtgem.com

ابن آدم کی جلد اکتاہٹ پر تبسم فرمایا اور ہاتھ سے اشارہ کر کے فرمایا :۔اے اللہ ہمارے اردگرد پر، نہ ہمارے اوپر تو مدینہ کے اوپر سے بادل چھٹ گیا۔

(۹۴) ..... حدثنا مسدد حدثنا یحیی بن سعید عن جعفر حدثنی ابو عثمان قال: کنا نحن وعمر یؤم الناس ثم یقنت بنا عند الرکوع یرفع یدیه حتیٰ یبدو کفاه ویخرج ضبعیه.

ترجمہ ..... ابو عثمان نے بیان کیا کہ ہماری موجودگی میں حضرت عمرؓ لوگوں کو نماز پڑھاتے، پھر رکوع کے وقت دعاء قنوت پڑھتے اور ہاتھ اٹھاتے حتیٰ کہ ہتھیلیاں ظاہر ہو جاتیں اور بازو ننگے ہو جاتے۔

(۹۵) ..... حدثنا قبیصة حدثنا سفیان عن ابی علی هو جعفر بن میمون بیاع للانماط قال:. سمعت ابا عثمان قال! کان عمر یرفع یدیه فی القنوت.

ترجمہ ..... جعفر بن میمون (جو چادروں کا بیچنے والا تھا) نے بیان کیا کہ میں نے ابو عثمان سے سنا، وہ کہتے تھے کہ حضرت عمرؓ قنوت میں رفع یدین کرتے تھے۔

(۹۶) .....حدثناعبدالرحیم المحاربی حدثنازائدة عن لیث عن عبدالرحمن بن الاسود عن ابیه عن عبدالله انه کان یقرأ فی آخر رکعة من الوترقل هوالله ثم یرفع یدیه فیقنت قبل الرکعة.قال البخاری: وهذه الاحادیث کلها صحیحة عن رسول اللہ ﷺ واصحابه لا یخالف بعضها بعضاً ولیس فیها متضاد لانهاً فی مواطن مختلفة.

ترجمہ ..... عبدالرحمٰن بن اسود نے اپنے والد سے، انہوں نے حضرت عبداللہؓ سے نقل کیا کہ وتر کی آخری رکعت میں قل هو الله احد (پوری سورۃ) پڑھتے پھر رفع یدین کرتے اور رکوع سے قبل قنوت پڑھتے۔امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ یہ تمام احادیث آنحضرت ﷺ سے صحیح ثابت ہیں اور صحابہ سے ثابت ہیں اور

http://mujahid.xtgem.com

بعض بعض کے مخالف نہیں ہیں اور ان میں تضاد نہیں ہے، اس لئے کہ یہ مختلف جگہوں میں ہے۔

(۹۷)..... قال ثابت عن انس رضی الله عنه: مارأیت النبی ﷺ یرفع یدیه فی الدعاء الا فی الاستسقاء فاخبر انس رضی الله عنه بماکان عنده مارای من النبی ﷺ ولیس هٰذا بمخالف لرفع الایدی فی اول تکبیرة وقد ذکر انس ؓ ایضًا ان النبی ﷺ کان یرفع یدیه اذا کبر واذا رکع قوله فی الدعاء سوی الصلاة وسوٰی رفع الایدی فی القنوت.

ترجمہ..... حضرت انس ؓ سے روایت ہے، فرماتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم ﷺ کو سوائے استسقاء کے کہیں رفع یدین کرتے نہیں دیکھا، تو حضرت انس ؓ نے اپنے علم کی بنا پر خبر دی اور یہ تکبیر تحریمہ میں رفع یدین کے مخالف نہیں ہے اور حضرت انس ؓ سے یہ بھی نقل کیا ہے کہ حضور ﷺ رفع یدین کرتے تھے جب تکبیر کہتے اور جب جھکتے اور ان کا قول دعا میں نماز اور قنوت میں رفع یدین کے علاوہ ہے۔

(۹۸)..... حدثنا محمدبن بشار عن یحیی بن سعید عن حمید عن انس رضی الله عنه انه کان یرفع یدیه عند الرکوع.

ترجمہ..... حضرت انس ؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ رکوع کے وقت رفع یدین کرتے تھے۔

(۹۹)..... حدثنا آدم بن ابی ایاس حدثنا شعبة حدثنا قتادة عن نصربن عاصم عن مالك بن الحویرث رضی الله عنه قال: کان النبی ﷺ یرفع یدیه عند الرکوع واذا رفع رأسه من الرکوع حذاء اذنیه قال البخاری: والذی یقول کان النبی ﷺ یرفع یدیه عند الرکوع واذا رفع راسه من الرکوع وما زاد علیٰ ذلك ابوحمید فی عشرة من اصحاب النبی ﷺ کان یرفع یدیه اذا قام من السجدتین کله صحیح لانهم لم یحکوا صلاة

http://mujahid.xtgem.com

واحدة فيختلفوا في تلك الصلاة بعينها مع انه لااختلاف في ذلك انما زاد بعضهم علىٰ بعض والزيادة مقبولة من اهل العلم.

ترجمہ ..... حضرت مالک بن حویرثؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ رکوع کے وقت اور رکوع سے اٹھ کر رفع یدین کرتے تھے کانوں کے برابر۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ جو یہ کہے کہ حضور ﷺ رکوع کے وقت اور رکوع سے اٹھ کر رفع یدین کرتے تھے اور اس سے زیادہ جو ابو حمیدؓ نے حضور ﷺ کے دس صحابہؓ کے درمیان بیان کیا کہ حضور ﷺ جب دو سجدوں سے کھڑے ہوتے (دوسری اور چوتھی رکعت کے شروع میں) تو رفع یدین کرتے تھے۔ یہ تمام صحیح ہے اس لئے کہ انہوں نے ایک نماز کے متعلق نقل نہیں کیا تاکہ پھر اسی ایک معین نماز میں اختلاف واقع ہو جائے۔ علاوہ ازیں یہ ہے کہ اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے بلکہ بعض نے بعض سے زیادہ نقل کیا ہے اور اہل علم سے زیادتی مقبول ہوتی ہے۔

(۹۷ تا ۹۹) امام بخاریؒ نے نمبر ۹۶ اور ۹۹ پر ایک اہم حقیقت کا اعتراف فرمایا ہے کہ یہ سب مختلف حدیثیں صحیح ہیں کیونکہ ان سب مختلف حدیثوں میں ایک ہی نماز کا حال نہیں ہے کہ ایک ہی نماز کو مختلف راویوں نے مختلف انداز میں بیان فرمایا ہے بلکہ یہ مختلف اوقات کی مختلف نمازوں کا بیان ہے۔ اس لئے ان میں کوئی اختلاف نہیں۔ اس کو مثال سے سمجھیں کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام بھی برحق نبی ہیں، حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی برحق نبی ہیں، اور حضرت محمد رسول اللہ ﷺ بھی برحق نبی ہیں، یہ سب مختلف اوقات میں اپنی نبوت کے احکام نافذ فرماتے رہے اس لئے موسیٰ علیہ السلام کے بعد عیسیٰ علیہ السلام کو اور عیسیٰ علیہ السلام کے بعد آنحضرت ﷺ کو مان لینے میں نہ اختلاف ہے اور نہ مخالفت۔ ہاں اگر کوئی یہ کہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام آخری نبی ہیں تو اب عیسیٰ علیہ السلام کو ماننا مشکل ہے کیونکہ اگر موسیٰ علیہ السلام کو آخری نبی مانا جائے تو عیسیٰ علیہ السلام کو معاذ اللہ جھوٹا

http://mujahid.xtgem.com

نبی ماننا ہوگا اور اگر عیسیٰ علیہ السلام کو سچا نبی ماننا ہے تو اس جملہ کو جھوٹا کہنا پڑے گا کہ موسیٰ علیہ السلام آخری نبی ہیں۔ جس طرح دونوں کو دو مختلف زمانوں میں نبی ماننے میں کوئی جھگڑا نہیں ہے، اسی طرح یہ ماننا کہ ایک زمانہ میں آپ ﷺ نے سجدوں کے وقت بھی رفع یدین کی، ایک وقت میں رکوع کی بھی کی اور ایک وقت میں صرف تحریمہ کی کی۔ یہ مختلف اوقات کی مختلف احادیث ہیں۔ ان میں کوئی حقیقی اختلاف نہیں۔ ہاں جب کوئی یہ کہے گا کہ حضرت ﷺ نے آخری نماز بھی رفع یدین کے ساتھ پڑھی اور اس کو موجبہ کلیہ بنائے گا تو سالبہ جزئیہ بھی اس کی نقیض ہوگا، اس لئے سب حدیثوں کو سچا ماننا ہے تو اس جھوٹ کو چھوڑنا پڑے گا اور اگر کوئی ضدی اس جھوٹ پر جم جائے تو اسے ایک پہلو کے علاوہ سب حدیثوں کو جھوٹا کہنا پڑے گا۔ امام بخاریؒ نے اس حقیقت کا اعتراف فرمایا ہے کہ یہ سب احادیث صحیح ہیں اور ان میں تطبیق یوں بیان فرمائی ہے کہ زیادت اہل علم کے ہاں مقبول ہے اس لئے جس حدیث میں زیادہ رفع یدین آئے گی اس پر عمل کرنا چاہیئے۔ مثلاً چار رکعت نماز میں ایک تحریمہ کی رفع یدین ہو، بعض میں رکوع سے اٹھنے کی چار شامل ہو کر پانچ ہو گئیں، بعض میں رکوع میں جانے کی چار شامل ہو کر نو ہو گئیں اور بعض میں تیسری رکعت کے شروع کی شامل ہو کر دس ہو گئیں، بعض میں سجدوں کی سولہ رفع یدین شامل ہو کر ۲۶ ہو گئیں اور بعض میں إذا قام من السجدتين کے موافق دوسری اور چوتھی رکعت کے شروع کی رفع یدین شامل ہو کر ۲۸ ہو گئیں۔ اب اگر امام بخاریؒ اصول پر قائم ہیں تو ان کو ہر چار رکعت میں ۲۸ دفعہ رفع یدین کو سنت کہنا ہوگا مگر امام بخاریؒ اس اصول پر قائم نہیں رہے۔ (ملاحظہ ہو نمبر ۱۰۳) ہاں اگر سب کو صحیح مان کر یوں کہا جائے کہ چونکہ رفع یدین کو خلاف سکوت کہا گیا ہے، اس لئے جہاں جہاں کرنے اور نہ کرنے کی دو طرح کی حدیثیں ہوں، وہاں نہ کرنے کی حدیث پر عمل کیا جائے کیونکہ جتنا سکون کا عمل ہوگا اتنا ہی نماز کامل ہوگی تو تحریمہ کی رفع یدین ہی

http://mujahid.xtgem.com

متفق علیہ نکلی اور ویسے بھی تحریمہ کے شرط نماز ہونے کی وجہ سے نماز کے سکون میں خلل انداز نہیں اور تحریمہ کے علاوہ باقی سب متعارضات میں ترک کو اختیار کرنا گویا نماز کے سکون کا کامل کرنا ہے۔ ہم نے اسی پہلو کو اختیار کیا ہے۔

(۱۰۰) ..... والذی قال ابوبکربن عیاش عن حصین عن مجاهد قال مارأیت ابن عمر رضی الله عنهما یرفع یدیه فی شئ من الصلاة الا فی التکبیرة الاولیٰ فقد خولف فی ذلك عن مجاهد قال وکیع عن الربیع بن صبیح قال: رأیت مجاهداً یرفع یدیه اذا رکع واذارفع رأسه من الرکوع وقال جریر عن لیث عن مجاهد انه کان یرفع یدیه وهٰذا احفظ عند اهل العلم. قال صدقة: ان الذی یروی حدیث مجاهد عن ابن عمر رضی الله عنهما انه لم یرفع یدیه الا فی اول التکبیرة کان صاحبه قدتغیر بآخره والذی رواه الربیع ولیث اولیٰ مع ان طاؤساً وسالماً ونافعاً وابا الزبیر ومحارب بن دثار وغیرهم قالوا: رأینا ابن عمر یرفع یدیه اذا کبر واذا رفع۔

ترجمہ ..... جو روایت ابوبکر بن عیاش نے حصین سے، انہوں نے مجاہد سے نقل کی، انہوں نے فرمایا کہ میں نے ابن عمرؓ کو سوائے تکبیر تحریمہ کے کہیں رفع یدین کرتے نہیں دیکھا تو اس بارے میں مجاہد سے مختلف روایات آئی ہیں۔ وکیع نے ربیع بن صبیح سے نقل کیا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے مجاہد کو دیکھا کہ رفع یدین کرتے ہیں رکوع کے وقت اور رکوع سے اٹھ کر اور جریر نے لیث سے، انہوں نے مجاہد سے نقل کیا کہ وہ رفع یدین کرتے تھے اور یہ اہل علم کے نزدیک زیادہ محفوظ ہے۔ صدقہ نے کہا کہ جو مجاہد کی وہ حدیث نقل کرے جس میں ہے کہ حضرت ابن عمرؓ سوائے تکبیر تحریمہ کے رفع یدین نہیں کرتے تھے تو صاحب روایت کا حافظہ آخر عمر میں خراب ہو گیا تھا اور جو ربیع اور لیث نے روایت کی وہ زیادہ اولیٰ ہے۔ علاوہ

http://mujahid.xtgem.com

ازیں یہ ہے کہ طاؤس، سالم، نافع اور ابو الزبیر اور محارب بن دثار وغیرہ نے نقل کیا ہے، انہوں نے کہا کہ ہم نے ابن عمرؓ کو دیکھا کہ رفع یدین کرتے ہیں جب تکبیر کہتے اور جب جھکتے۔

امام بخاریؒ اب پھر پریشان ہیں کہ میں نے سارا زور رفع یدین پر صرف کر دیا ہے۔ لیکن رفع یدین کی اول نمبر کی حدیث حضرت عبداللہ بن عمرؓ کی ہے لیکن خود رفع یدین کی اول نمبر کی حدیث کا راوی (ابن عمرؓ) اس پر عمل نہیں کرتا اور یہ واقعی بڑی پریشان کن بات ہے۔ امام بخاریؒ کے دادا استاد امام محمدؒ نے کتاب الحجہ میں اس نقطہ کو خاص طور پر اٹھایا تھا۔ اب امام بخاریؒ اس کا تو نام بھی نہیں لے رہے کہ عبدالعزیز بن حکیم نے فرمایا کہ ابن عمرؓ پہلی تکبیر کے بعد نماز میں کسی جگہ رفع یدین نہیں کرتے تھے۔ (کتاب الحجہ) اور امام محمدؒ کا اس سے استدلال فرمانا اس کی صحت کی ضمانت ہے۔ البتہ مجاہد کا ذکر کیا کہ مجاہد جو حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے ترک رفع یدین کے راوی ہیں وہ تو خود رفع یدین کرتے تھے۔ یہاں امام بخاریؒ محدثانہ اصول کہ راوی کے عمل کا نہیں روایت کا اعتبار ہوتا ہے کو چھوڑ گئے ہیں لیکن یہ یاد رہے کہ مجاہد کا متنازعہ رفع یدین کرنا کسی ایک بھی صحیح متصل سند سے ثابت نہیں۔ (دیکھو نمبر ۶۳، ۶۴، ۶۸، ۶۹) ہاں اگر امام بخاریؒ کے ہاں یہ ثابت ہے تو مجاہد تو سجدوں کے وقت بھی رفع یدین کرتے تھے۔ (دیکھو! نمبر ۶۸) تو کیا امام بخاریؒ سے اس انصاف کی توقع ہے کہ بخاری و مسلم کی متفق علیہ حدیث کو ترک کر دو کیونکہ مجاہد بلکہ سالم جو اس حدیث کا راوی ہے اس متفق علیہ حدیث کے خلاف عمل کرتا تھا۔ پھر یہ اعتراض کیا ہے کہ اس کی سند کے ایک راوی کا حافظہ آخر عمر میں خراب ہو گیا تھا مگر اس راوی کا نام نہیں لیا کیونکہ وہ صحیح بخاری کا راوی ہے۔ (دیکھو! نمبر ۱۶ کا حاشیہ) پھر یہ فرماتے ہیں کہ طاؤس، سالم، نافع، ابو الزبیر اور محارب بن دثار نے ابن عمرؓ کو رفع یدین کرتے دیکھا۔ ان میں سے طاؤس کی روایت نمبر ۲۸ میں گزری جس

http://mujahid.xtgem.com

کی سند میں عبداللہ بن لہیعہ ضعیف ہے اور کتنی جگہ رفع یدین کرتے تھے اس کی کوئی تفریح نہیں ہاں نمبر ۲۸۰ میں ہے کہ طاؤس پہلی رفع یدین میں ہاتھ سر سے اونچے لے جاتا تھا اور یہ کہ طاؤس سجدوں کے وقت بھی رفع یدین کرتا تھا۔ (نمبر ۶۹، ۷۰) اور سالم کی روایت نمبر ۱۳ پر گزری کہ عبداللہ بن عمرؓ سجدوں سے سر اٹھا کر بھی رفع یدین کرتے تھے۔ اور خود سالم بھی سجدوں کے وقت رفع یدین کرتے تھے۔ (نمبر ۷۰) اور نافع کی روایت نمبر ۴۰ پر ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ ایک رفع یدین رکوع جاتے وقت کرتے، دوسری رفع یدین سمع اللہ لمن حمدہ کے ساتھ کرتے، تیسری رفع یدین رکوع سے سر اٹھا کر کرتے اور چوتھی رفع یدین رکوع کے بعد سیدھے کھڑے ہو کر کرتے اور ابوالزبیر کی روایت نمبر ۵۱ پر گزری کہ ابن عمرؓ تحریمہ کے وقت ہاتھ کانوں تک اٹھاتے اور پھر رکوع سے اٹھ کر رفع یدین کرتے (رکوع سے پہلے کرنے کا ذکر نہیں۔) محارب بن دثار کی روایت نمبر ۲۶ پر گزری کہ ابن عمرؓ حالت رکوع میں رفع یدین کرتے تھے اور نمبر ۴۸ میں ہے کہ رکوع سے سر اٹھاتے وقت کرتے تھے۔ جب سب نے ان کی مختلف اوقات کی مختلف نمازوں کا حال بیان کیا ہے تو مجاہد اور عبدالعزیز بن حکیم نے بھی طریقہ بیان کر دیا۔ البتہ سالم اور محارب دثار کا رفع یدین کے بارے میں ماھذا؟ کا سوال کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ رفع یدین کرنا نہ دیگر صحابہؓ کا معروف طریقہ تھا، نہ ابن عمرؓ کا۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ مجاہد اور عبدالعزیز بن حکیم نے جو روایت کی یعنی ترک رفع یدین، یہ عبداللہ بن عمرؓ کی معروف نماز تھی اور دیگر صحابہ کی بھی۔

(۱۰۱)..... قال مبشرا بن اسماعیل حدثنا تمام بن نجیح قال: نزل عمر بن عبدالعزیز علیٰ باب خلف فقال: انطلقوا بنا نشهد الصلاة مع امیر المومنین فصلیٰ بنا الظهر والعصر ورأیته رفع یدیه حین رکع

ترجمہ ..... تمام بن نجیح نے بیان کیا کہ عمر بن عبدالعزیز باب خلف پر

http://mujahid.xtgem.com

اترے، تمام نے کہا ہمیں لے چلو تاکہ ہم امیر المومنین کی نماز دیکھیں۔ پس انہوں نے ظہر اور عصر کی نماز پڑھائی اور میں نے ان کو دیکھا کہ رفع یدین کی جب جھکے۔

(۱۰۲) ..... حدثنا محمد بن مقاتل أنبأنا عبدالله حدثنايونس عن الزهری حدثنا سالم عن عبدالله بن عمرؓ قال: رأيت رسول الله ﷺ اذا قام فی الصلاة رفع يديه حتیٰ يكونا حذو منكبيه وكان يفعل ذلك اذا رفع رأسه من الركوع فيقول: سمع الله لمن حمده ولا يفعل ذالك فی السجود.

ترجمہ ..... حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے۔ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ جب نماز میں کھڑے ہوتے تو رفع یدین کرتے یہاں تک کہ وہ کندھوں کے برابر ہو جاتے اور یہی کرتے تھے جب رکوع سے سر اٹھاتے اور سمع اللہ لمن حمدہ کہتے اور سجدوں میں ایسا نہیں کرتے۔

(۱۰۳).....حدثنا موسیٰ بن اسماعيل حدثنا حماد بن سلمةعن يحيٰی بن ابی إسحاق قال رأيت انس بن مالك رضی الله عنه يرفع يديه بين السجدتين قال البخاری: وحديث النبی ﷺ اولی.

ترجمہ ..... یحییٰ بن ابی اسحاق کہتے ہیں کہ میں نے انس بن مالکؓ کو دیکھا کہ دونوں سجدوں کے درمیان رفع یدین کرتے تھے۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں: اور حضور ﷺ کی حدیث زیادہ اولیٰ ہے۔

یہاں امام بخاریؒ حضرت انسؓ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ دو سجدوں کے درمیان رفع یدین کرتے تھے۔ یہ روایت صحیح سند سے ابن ابی شیبہ ج ۱/ص ۲۷۱ پر بھی ہے۔ یہاں امام بخاریؒ حضرت انسؓ کی اس نماز کو نبی پاک ﷺ کی نماز کے خلاف قرار دے کر فرماتے ہیں کہ نبی کی حدیث اولی ہے یہاں سجدوں کی رفع یدین کو خلاف سنت قرار دیتے ہیں اور نمبر ۶۹ کے تحت سجدوں کی رفع یدین کو عبدالرحمٰن

http://mujahid.xtgem.com

بن مہدی سے ھذا من السنة لکھ آئے ہیں اور نمبر ۱۰۴ میں سالم بن عبداللہ سے نقل کرتے ہیں کہ سنت رسول اللہ ﷺ زیادہ حق دار ہے کہ اس کی اتباع کی جائے۔ گویا حضرت انسؓ کی نماز جس میں سجدوں کی رفع یدین ہے خلاف سنت ہے مگر امام بخاریؒ نمبر ۶۹ کے تحت سجدوں کی رفع یدین کو سنت لکھ آئے ہیں اور نمبر ۷۰ میں لکھا ہے کہ سالم بھی سجدوں کے وقت رفع یدین کرتے تھے۔ پھر نمبر ۱۰۵ میں مجاہد کا قول نقل کرتے ہیں کہ نبی ﷺ کا قول نہیں چھوڑا جاسکتا، باقی سب کا چھوڑا جاسکتا ہے گویا یہاں نبی ﷺ کا طریقہ نہیں چھوڑنا چاہیئے، حضرت انسؓ کا طریقہ سجدوں کے وقت رفع یدین کرنے کا چھوڑ دینا چاہیئے مگر نمبر ۶۸ پر امام بخاریؒ ثابت کر آئے ہیں کہ مجاہد خود سجدوں کے وقت رفع یدین کرتا تھا۔ نمبر ۸۱ پر امام بخاریؒ نے تسلیم کیا ہے کہ سجدوں کے وقت رفع یدین کی زیادت مقبول ہے، اب اس کو خلاف سنت فرمارہے ہیں اور نمبر ۹۹ پر جو اصول لکھا تھا کہ زیادت اہل علم کے ہاں مقبول ہے، اب اس کو خلاف سنت فرمارہے ہیں۔

(۱۰۴)..... حدثنا علی بن عبداللہ حدثنا سفیان حدثنا عمرو بن دینار عن سالم بن عبداللہ قال: سنة رسول اللہ ﷺ احق ان تتبع.

ترجمہ ..... حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ کی سنت زیادہ مستحق ہے کہ اس کی اتباع کی جائے۔

(۱۰۵)..... حدثنا قتیبة حدثنا سفیان عن عبدالکریم عن مجاھد قال: لیس احد بعد النبی ﷺ الا یوخذ من قولہ ویترک الا النبی ﷺ.

ترجمہ ..... مجاہد نے کہا کہ نبی پاک ﷺ کے سوا ہر شخص کا قول ترک کیا جاسکتا ہے۔

(۱۰۶)..... حدثنا فدیک بن سلیمان ابوعیسیٰ قال: سالت الاوزاعی قلت: یا ابا عمرو ماتقول فی رفع الایدی مع کل تکبیرة وھو قائم فی

http://mujahid.xtgem.com

الصلاة قال: ذالك الامر الاول وسئل الاوزاعی عن الایمان وانا اسمع یزید فقال الایمان وینقص فمن زعم ان الایمان لایزید ولا ینقص فهو صاحب بدعة فاحذروه.

ترجمہ..... فدیک بن سلیمان ابو عیسیٰ کہتے ہیں کہ میں نے امام اوزاعی سے پوچھا، اے ابو عمرو! آپ رفع یدین کے بارے میں کیا کہتے ہیں جب قیام کی حالت میں ہوں؟ امام اوزاعیؒ نے جواب دیا کہ یہ پہلے کی بات ہے۔ امام اوزاعیؒ سے پوچھا گیا۔ میں سن رہا تھا ایمان کے بارے میں انہوں نے جواب دیا کہ بڑھتا گھٹتا ہے تو جو یہ کہے کہ نہیں بڑھتا گھٹتا ہے، وہ بدعتی ہے، اس سے بچو۔

امام بخاریؒ نے اس رسالہ میں پہلے رکوع کی رفع یدین کو ثابت کرنے پر پورا زور لگادیا پھر سجدوں کی رفع یدین کو بھی ثابت تسلیم کرلیا۔ (نمبر ۸۱) بلکہ اس کو سنت مان لیا۔ (نمبر ۶۸، ۶۹، ۷۰) اب رسالہ اختتام کو پہنچ رہا ہے تو نمبر ۱۰۳، ۱۰۴ اور ۱۰۵ میں پورا زور لگادیا کہ سجدوں کی رفع یدین خلاف سنت ہے اور اب ۱۰۶ میں نماز کے اندر قیام کی ہر رفع یدین کو امر اول یعنی منسوخ قرار دے دیا ہے۔ یاد رہے کہ تحریمہ تو شرط نماز ہے اور نماز سے خارج ہے۔ رکوع سے پہلے قیام میں رفع یدین کرنا رکوع کے بعد قومہ میں کھڑے ہو کر رفع یدین کرنا اور تیسری رکعت کے شروع میں کھڑے ہو کر رفع یدین کرنا یہ سب نماز کے اندر حالت قیام کی رفع یدین نہیں ہے۔ امام بخاریؒ نے امام اوزاعیؒ سے نقل فرمادیا کہ ذلك الامر الاول جب رفع یدین دور اول کی بات ثابت ہوگئی تو ترک رفع یدین کی احادیث یقیناً آخری دور سے متعلق ہیں اور امام بخاریؒ نے صحیح بخاری ج ۱/ ص ۹۶ پر خود اصول تحریر فرمایا ہے :۔ انما یوخذ بالآخر فالآخر من فعل النبی ﷺ ۔ اس سے یہ بات روز روشن کی طرح واضح ہوگئی کہ بخاری، مسلم یا باقی صحاح ستہ میں جس قدر احادیث رفع یدین کی ہیں، وہ دور اول سے متعلق اور منسوخ ہیں۔

http://mujahid.xtgem.com

ہوا ہے مدعی کا فیصلہ اچھا میرے حق میں
زلیخا نے کیا خود چاک دامن ماہ کنعاں کا

(۱۰۷)..... حدثنا محمدبن عرعرة حدثنا جریر بن حازم قال: سمعت نافعاً قال: کان ابن عمر رضی اللہ عنہما اذا کبر علی الجنازة رفع یدیه.

ترجمہ ..... جریر بن حازم کہتے ہیں کہ میں نے نافع سے سنا۔ فرماتے تھے کہ ابن عمرؓ جب جنازے پر تکبیر کہتے تو رفع یدین کرتے۔

(۱۰۸)..... حدثنا علی بن عبداللہ حدثنا عبد اللہ بن ادریس قال سمعت عبیداللہ عن نافع عن ابن عمر رضی اللہ عنہما انه قال : یرفع یدیه فی کل تکبیرة علی الجنازة و اذا قام من الرکعتین۔

ترجمہ ..... عبد اللہ بن ادریس نے بیان کیا کہ میں نے عبید اللہ سے سنا انہوں نے نافع سے، انہوں نے ابن عمرؓ سے نقل کیا ہے، انہوں نے فرمایا کہ رفع یدین کی جائے جنازہ کی ہر تکبیر پر اور جب دو رکعات سے کھڑا ہو جائے۔

اس کی سند میں عبداللہ العمری ضعیف ہے۔ (میزان الاعتدال)

(۱۰۹)..... قال احمد بن یونس حدثنا زهیر حدثنا یحیی بن سعید ان نافعاً اخبره ان عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کان اذا صلی علی الجنازة رفع یدیه۔

ترجمہ ..... نافع نے خبر دی کہ عبداللہ بن عمرؓ جب جنازہ کی نماز پڑھتے تو رفع یدین کرتے۔

احمد بن یونس سے بخاری کا سماع نہیں۔

(۱۱۰)..... حدثنا ابو الولید حدثنا عمر بن ابی زائده قال : رایت قیس بن ابی حازم کبر علی جنازة فرفع یدیه فی کل تکبیرة۔

ترجمہ ..... عمر بن ابی زائدہ نے کہا کہ میں نے قیس بن ابی حازم کو دیکھا کہ

http://mujahid.xtgem.com

جنازہ پر تکبیر کہی تو ہر تکبیر پر رفع یدین کی۔

(۱۱۱)..... حدثنا محمد بن ابی بکر المقدمی حدثنا ابو معشر یوسف البراء عن موسیٰ بن دھقان قال: رایت ابان بن عثمان یصلی علی الجنازۃ یرفع یدیه فی اول التکبیرۃ۔

ترجمہ..... موسیٰ بن دہقان نے کہا کہ میں نے ابان بن عثمان کو دیکھا جنازہ کی نماز پڑھ رہے تھے، پہلی تکبیر میں رفع یدین کرتے تھے۔

(۱۱۲)..... حدثنا علی بن عبد اللہ و ابراھیم بن المنذر قالا حدثنا معن بن عیسیٰ حدثنا ابو الغصن قال: رأیت نافع بن جبیر یرفع یدیه فی کل تکبیرۃ علی الجنازۃ۔

ترجمہ..... ابو الغصن نے بیان کیا کہ میں نے نافع بن جبیر کو دیکھا کہ جنازہ کی ہر تکبیر پر رفع یدین کرتے ہیں۔

(۱۱۳)..... حدثنا محمد بن المثنی حدثنا الولید بن مسلم قال سمعت الاوزاعی عن غیلان بن انس قال: رأیت عمر بن عبد العزیز یرفع یدیه مع کل تکبیرۃ یعني علی الجنازۃ۔

ترجمہ..... ولید بن مسلم نے بیان کیا کہ میں نے اوزاعی سے سنا، انہوں نے غیلان بن انس سے، انہوں نے کہا میں نے عمر بن عبد العزیز کو دیکھا کہ رفع یدین کرتے ہیں جنازہ کی ہر تکبیر کے ساتھ۔

(۱۱۴)..... حدثنا علی بن عبد اللہ حدثنا زید بن الحباب حدثنا عبد اللہ بن العلاء قال رأیت مکحولا یصلی علی الجنازۃ یکبر علیھا اربعا ویرفع یدیه مع کل تکبیرۃ۔

ترجمہ..... عبد اللہ ابن علاء نے کہا کہ میں نے مکحول کو دیکھا کہ جنازہ کی نماز پڑھ رہے تھے، چار تکبیریں کہیں اور ہر تکبیر کے ساتھ رفع یدین کی۔

http://mujahid.xtgem.com

(۱۱۵)..... حدثنا علی بن عبد اللہ حدثنا ابو مصعب صالح بن عبید قال : رأیت وھب بن منبہ یمشی مع جنازۃ فکبر اربعاً یرفع یدیہ مع کل تکبیرۃ۔

ترجمہ ..... ابو مصعب صالح بن عبید کہتے ہیں کہ میں نے وہب بن منبہ کو دیکھا کہ جنازہ کے ساتھ چل رہے ہیں، اس پر چار تکبیریں کہیں، ہر تکبیر کے ساتھ رفع یدین کرتے تھے۔

(۱۱۶)..... حدثنا علی بن عبد اللہ حدثنا عبد الرزاق انا معمر عن الزھری انہ کان یرفع یدیہ مع کل تکبیرۃ علی الجنازۃ۔

ترجمہ ..... معمر نے زہری سے نقل کیا ہے کہ وہ جنازہ پر ہر تکبیر کے ساتھ رفع یدین کرتے تھے۔

(۱۱۷)..... قال وکیع عن سفیان عن حماد سألت ابراھیم فقال : یرفع یدیہ مع اول تکبیرۃ۔

ترجمہ ..... حماد کہتے ہیں کہ میں نے ابراہیم سے پوچھا تو انہوں نے کہا کہ پہلی تکبیر کے ساتھ رفع یدین کی جائے۔

(۱۱۸)..... وخالفہ محمد بن جابر عن حماد عن ابراھیم عن علقمۃ عن عبد اللہ عن ابی بکر و عمر رضی اللہ عنھما. قال البخاری : وحدیث الثوری اصح عند اھل العلم مع انہ قد روی عن عمر رضی اللہ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم من غیر وجہ انہ رفع۔

ترجمہ ..... اس کے خلاف محمد بن جابر کی روایت حماد سے، انہوں نے ابراہیم سے، انہوں نے علقمہ سے، انہوں نے حضرت عبد اللہ سے، انہوں نے حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ سے نقل کی ہے۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ ثوری کی حدیث زیادہ صحیح ہے اہل علم کے نزدیک حالانکہ انہوں نے حضرت عمرؓ کے واسطہ سے حضور ﷺ سے کئی طرق سے رفع نقل کیا ہے۔

http://mujahid.xtgem.com

اخرج ابو یعلیٰ نا اسحاق بن ابی اسرائیل نا محمد بن جابر عن حماد عن ابراهیم عن علقمة عن عبد الله قال صلیت مع النبی صلی الله علیه وسلم ومع ابی بکر ومع عمر رضی الله عنهما فلم یرفعوا ایدیهم الا عند التکبیرة الاولیٰ فی افتتاح الصلاة وقد قال محمد : فلم یرفعوا ایدیهم بعد التکبیرة الاولی ۔ (مسند ابی یعلی ج ۸ / ص ۳۵۳) وفی الدار قطنی قال اسحاق : به نأخذ فی الصلاة کلها ۔ (دار قطنی ج ۱ / ص ۲۹۵) قال ابن الترکمانی : سند جید ۔ (ج ۲ / ص ۷۹) علامہ زیلعی فرماتے ہیں : واحسن منه قول ابن عدی کان اسحاق بن ابی اسرائیل یفضل محمد بن جابر علیٰ جماعة شیوخ هم افضل منه و اوثق و قد روی عنه الکبار ایوب و ابن عون و هشام بن حسان و الثوری و شعبة و ابن عیینة و غیرهم ۔ (نصب الرایہ ج ۱ / ص ۳۹۷) اس حدیث پر امام بخاریؒ اور کوئی اعتراض نہیں کر سکے کہ پہلی روایت کے خلاف ہے حالانکہ پہلی روایت مستقل روایت ہے۔ اس کا اس کے ساتھ کوئی تعلق نہیں اور یہ مستقل روایت ہے، اس کا پہلی کے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔ جب اسحاق بن ابی اسرائیل محمد بن جابر کو فضیلت بھی دیتے ہیں اور یہ بھی بیان کرتے ہیں کہ ہم اس حدیث پر عامل ہیں تو صحت سند بھی ثابت ہو گئی اور تعامل کی تائید مزید شامل ہو گئی۔ ان دونوں روایات نمبر ۱۷، ۱۸ میں سرے سے کوئی مخالفت ہی نہیں کہ صحیح اور اصح کی بحث ہو اور حضرت عمرؓ سے کسی بھی صحیح سند سے رفع یدین ثابت نہیں ہے۔

(۱۱۹)..... حدثنا محمد بن یحییٰ قال قال علی ما رأیت احدا من شائخنا الا یرفع یدیه فی الصلاة. قال البخاری : قلت له : سفیان کان یرفع یدیه قال: نعم قال البخاری : قال احمد بن حنبل : رأیت معتمرا ویحییٰ بن سعید و عبد الرحمن و اسماعیل یرفعون ایدیهم عند الرکوع و اذا

http://mujahid.xtgem.com

رفعوا رؤسهم۔

ترجمہ ..... علی بن مدینی نے کہا کہ میں نے اپنے مشائخ میں سے کسی کو نہیں دیکھا مگر وہ نماز میں رفع یدین کرتے تھے۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں: میں نے کہا کہ سفیان رفع یدین کرتے تھے؟ انہوں نے کہا: ہاں۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ امام احمد بن حنبلؒ نے فرمایا میں نے معتمر، یحییٰ بن سعید، عبدالرحمٰن اور اسماعیل کو دیکھا کہ رکوع کے وقت اور رکوع سے سر اٹھاتے وقت رفع یدین کرتے۔

(۱۲۰).....حدثنا علی بن عبد اللہ حدثنا ابن ابی عدی عن الاشعث قال: کان الحسن یرفع یدیه فی کل تکبیرة علی الجنازة۔

اشعث سے روایت ہے کہ حسن جنازہ میں ہر تکبیر کے ساتھ رفع یدین کرتے تھے۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔

http://mujahid.xtgem.com

تجلیاتِ صفدر

جلد اوّل جلد دوم جلد سوم جلد چہارم

ترجمہ وتشریح

مناظرِ اسلام ترجمانِ اہلسنّت وکیلِ احناف

حضرت مولانا محمد امین صفدر اوکاڑوی

ملحدین ومبتدعین کے مکائد اور مکر وفریب کو

طشت از بام کیا گیا ہے اور مسلک حقہ کی صحیح ترجمانی کی گئی ہے

ترتیب تسہیل وتصحیح

مولانا نعیم احمد

مدرس: جامعہ خیر المدارس ملتان شہر

http://mujahid.xtgem.com